# درود النبی ﷺ سے متعلق قرآنی آیات کا تجزیاتی مطالعہ


مقالہ نگار

**کامران یوسف**

01-259222-008

نگران مقالہ

**ڈاکٹر رضوان حیدر**

**اسسٹنٹ پروفیسر، ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک سٹڈیز**

**بحریہ یونیورسٹی اسلام آباد**

**ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک سٹڈیز بحریہ یونیورسٹی اسلام آباد**


**خزاں۔2025**

# Analytical Study of Quranic Verses Related to Salutations upon the Prophet Muhammad (ﷺ)

Submitted by
**KAMRAN YOUSAF**
01-259222-008

Supervised by
**DR. RIZWAN HAIDER**

*Department of Islamic Studies*
*School of Humanities and Social Sciences*
*Bahria University Islamabad Campus E-8*
*Fall-2025*

بسم الله الرحمن الرحيم

# تصدیق نامہ

تصدیق کی جاتی ہے کہ محقق **کامران یوسف**، آئی ڈی نمبر(**01-259222-008**) ۔(ایم ایس اسلامک سٹڈیز) نے مجوزہ خاکہ تحقیق بعنوان (**درود النبی ﷺ سے متعلق قرآنی آیات کا تجزیاتی مطالعہ**) ترتیب دیا ہے۔ بحیثیت نگران اس موضوع اور اس کے خاکہ تحقیق سے مکمل اتفاق و اطمینان کا اظہار کرتا ہوں۔ یہ موضوع قابل تحقیق ہے اور اس پر باقاعدہ کام نہیں ہوا لہذا اس موضوع پر (ایم ایس اسلامک سٹڈیز) کی سطح کا ایک معیاری مقالہ لکھا جا سکتا ہے۔

**ڈاکٹر رضوان حیدر**

**اسسٹنٹ پروفیسر**

**ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک سٹڈیز**

**Bahria University**
Discovering Knowledge

# Thesis Approval Sheet

Topic of research: درود النبی ﷺ سے متعلق قرآنی آیات کا تجزیاتی مطالعہ

**Name of Student:** KAMRAN YOUSAF

| | |
|---|---|
| Enrolment No: | 01-259222-008 |
| Programme: | M.S. Islamic Studies |

Approved by:

__________________________

DR RIZWAN HAIDER
Thesis Supervisor

__________________________

DR RAHIM ULLAH
Internal Examiner

__________________________

DR MUHAMMAD SHAH FAISAL
External Examiner

__________________________

DR RAHIM ULLAH
Programe Coordinator

__________________________

DR SYED MUHAMMAD SHAHID TIRMAZI
Head, Department of Islamic Studies

## Supervisor's Statement

This is certified that the work contained in this thesis, entitled:

**درود النبی ﷺ سے متعلق قرآنی آیات کا تجزیاتی مطالعہ**

**An Analytical Study of Quranic Verses Related to Durood on the Prophet ﷺ**

has been carried out under my supervision by KAMRAN YOUSAF. It is approved for submission in partial fulfilment of the requirement for the degree of MS Islamic Studies.

DR RIZWAN HAIDER
Assitant Professor
Department of Islamic Studies
Bahria University
E-8 Campus

# Author's Declaration

I, **Kamran Yousaf**, hereby declare that the MS thesis entitled:

**”درود النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے متعلق قرآنی آیات کا تجزیاتی مطالعہ“**

## An Analytical Study of Quranic Verses Related to Durood on the Prophet ﷺ

is my original work and has not been submitted previously by me for the award of any degree or diploma at **Bahria University, E-8 Islamabad Campus** or any other institution in Pakistan or abroad.

I understand that if, at any stage,even after the award of my degree,this declaration is found to be false, the university reserves the right to withdraw or cancel my **MS** degree.

**Name of Student:**

**KAMRAN YOUSAF**

Student/ Author's Singuature:____________

Date: ________________

# Thesis Completion Certificate

**Student's Name: Kamran Yousaf**

**Registration No.: 01-259222-008**

**Programme of Study: MS Islamic Studies (Islam & Life)**

**Thesis Title : "درودالنبی ﷺ سے متعلق قرآنی آیات کا تجزیاتی مطالعہ"**
**An Analytical Study of Quranic Verses Related to Durood on the Prophet ﷺ**

It is to certify that the above students's thesis has been completed to my satisfaction and to my belief its standard is appropriate for submission for Evaluation.I have also conducted a plagiarism test using the software prescribed by the Higher Education Commission (HEC) of Pakistan and found similarity index at _____ **%**, which is within the permissible limit set by the HEC for the MS/MPhil degree thesis. I have also found the thesis in a format recognized by **Bahria University** for MS/M.Phil. thesis.

Principal Supervisor's Name:
DR RIZWAN HAIDER

Signature: _____________

Date: _______________

# Plagiarism Undertaking

I, **Kamran Yousaf** solemnly declare that the research work presented in the thesis entitled:

''درود النبی ﷺ سے متعلق قرآنی آیات کا تجزیاتی مطالعہ''

An Analytical Study of Quranic Verses Related to Durood on the Prophet ﷺ

is entirely my own original research work no significant contribution any other person.Minor assistance or contributions received during the course of this research have been duly acknowledged and the entire thesis has been written by me.

I understand the zero tolerance policy of the (HEC) and Bahria University regarding plagiarism. Therefore, I declare that this thesis is free from any form of plagiarism and all sources used or cited have been properly referenced in accordance with academic standards.

I undertake that, if at any point,even after the conferment of my MS Degree, it is proven that plagiarism has occurred in this thesis, the university reserves the right to withdraw or revoke my degree. I also understand that the HEC and Bahria University have the authority to publish my name on their official websites in the list of students who have submitted plagiarized work.

**Name of Student:Kamran Yousaf**

Signature: ____________________

Date: ____________________

# <u>Acknowledgment</u>

All praise is due to Allah Almighty, whose boundless mercy, strength, and divine guidance have enabled me to bring this research thesis to completion.

I am sincerely and deeply grateful to my respected supervisor, **Dr. Rizwan Haider**, for his outstanding mentorship, unwavering support, and insightful academic expertise throughout the course of this study. His consistent encouragement, scholarly acumen and constructive critiques have been central to my intellectual growth and the successful realization of this work.

I also wish to extend my heartfelt thanks to the Head of the Islamic Studies Department, **Dr. Shahid Tirmazi**, whose vast knowledge, timely guidance and discerning suggestions significantly enriched the scholarly depth and analytical precision of this research. His mentorship has served as a constant source of motivation and inspiration throughout every stage of this academic pursuit.

On a personal note, I owe an immeasurable debt of gratitude to **my Father**, whose unshakeable belief in my abilities, continuous support and personal sacrifices have underpinned both my academic and personal journey. His quiet strength and steadfast encouragement have been a driving force throughout this endeavor.

I am equally thankful to my family and friends, whose unconditional love, patience and moral support have been a source of immense strength. Their faith in my potential has sustained me in times of difficulty and has enabled me to navigate the many challenges along the way.

To all those directly or indirectly who have contributed to the success of this work, I extend my deepest appreciation and heartfelt thanks.

**Kamran Yousaf**

# انتساب

**بسم اللہ الرحمٰن الرحیم**

تمام تعریفیں اُس ذات کے لیے، جو رب العالمین ہے اور بے شمار درود النبی ﷺ اُس ہستی پر، جس کے صدقے ہمیں قرآن جیسی عظیم نعمت عطا ہوئی۔

یہ تحقیقی کاوش میں اُس رحمتِ مجسم ﷺ کے نام معنون کرتا ہوں، جن پر درود النبی ﷺ بھیجنے کا حکم خود خالقِ کائنات نے قرآنِ حکیم میں فرمایا: **إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا** (الأحزاب: 56)

اور اسی نسبت سے چند اشعار محبت و عقیدت کے ساتھ:

مصطفیٰ ﷺ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

شمعِ بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام

درود اُن پر جن کا ہے ہر دَم وظیفہ

کہ اُن کے صدقے ملی ہے شفاعت کی دولت

اور یہ محنت اپنے والدینِ محترمین، اساتذہ کرام اور رفقائے علم کے نام، جن کی دعائیں اور رہنمائی ہمیشہ میرا سرمایۂ حیات رہی۔

اللہ تعالیٰ اس ادنیٰ خدمت کو اپنی بارگاہِ قبولیت میں جگہ عطا فرمائے اور اس کے ذریعے درود النبی ﷺ کی برکتوں سے ہمیں مالا مال فرمائے۔ آمین۔

# Abstract

This research investigates the multidimensional concept of Durud al Nabiﷺ sending blessings and salutations upon the Prophet Muhammad ﷺthrough a rigorous linguistic, exegetical and contemporary lens. The first chapter delves into the etymology, lexical origins, and terminological nuances of Salaah and salaam upon the Prophet ﷺ, tracing their meanings from classical Arabic roots to their formulation in Islamic theology. It further establishes the juridical status of Durud, grounding its obligatory nature and spiritual necessity through Quranic injunctions, Prophetic traditions and scholarly consensus across Islamic jurisprudential schools.

The second chapter offers an in-depth exegetical analysis of Quranic verses related to Durud, with special focus on Surat al Ahzab (33:56). Through a comparative study of Tafsir al Quran al Aẓim by Ibn Kathir and Tafsir Al Tahrir wa Altanvir by Ibn e Ashur (d. 1393 AH), the study unravels the theological and spiritual implications embedded in these verses. It brings to light the interpretive richness of classical scholarship and its relevance in understanding the divinely mandated veneration of the Prophet ﷺ, as emphasized by both exegetes in their unique yet complementary methodologies.

The third and final chapter focuses on the textual formulations of Durud, their documented virtues in Hadith literature and their transformative influence on the believer's soul and society. This chapter also reflects on the contemporary spiritual crisis and argues for the revival of Durud as a powerful means of reconnecting with Prophetic love, ethical conduct and divine proximity. Thus, this study not only contributes to Quranic studies and Prophetic veneration but also offers practical insights for reintegrating Durud into modern Muslim consciousness and education.

**Keywords:**
Durud al Nabiﷺ, Ṣalaah, Quranic Exegesis, Ibn Kathir, Ibne Ashur, Surat al Aḥzab, Prophetic Veneration, Islamic Spirituality, Contemporary Muslim Discourse, Quranic Hermeneutics.

# فہرست

مقدمہ ........ 14
تعارف موضوع(Introduction of the Topic) ........ 14
موضوع کی ضرورت واہمیت(Importance of the Topic) ........ 14
وجہ انتخاب(Rationale of the Study) ........ 15
موضوع سے متعلق سابقہ تحقیقی کام کا جائزہ(Literature Review) ........ 16
تحقیقی خلاء(Research Gap) ........ 20
بیانِ مسئلہ(Researcg Question Statement) ........ 20
مقاصدِ تحقیق(Reseach Objectives) ........ 21
سوالاتِ تحقیق (Research Questions) ........ 21
تحقیق کادائرہ کار(Delimitation of the study) ........ 21
منہجِ تحقیق (Research Methodology) ........ 21
اسلوبِ تحقیق(Research Format) ........ 21
باب اول: درود النبی ﷺ کا مفہوم، اشتقاق اور بنیادی مباحث ........ 23
فصلِ اول: درود النبی ﷺ کا لغوی واصطلاحی مفہوم ........ 23
صلاۃ کی نسبت جب اللہ تعالیٰ کی طرف ہو ........ 25
صلاۃ کی نسبت جب فرشتوں کی طرف ہو ........ 27
صلاۃ کی نسبت جب مومنین کی طرف ہو ........ 30
"سلام" کا اشتقاق، مادہ اور لغوی بنیادیں ........ 33
لفظِ سلام کا اصطلاحی معنی ........ 35
فصل دوم: درود النبی ﷺ کا شرعی حکم اور اس کی اہمیت ........ 40

درود النبی ﷺ پڑھنے کا شرعی حکم ........................................................................ 40
درود النبی ﷺ کا وجوب قرآنِ مجید کی روشنی میں ........................................................... 40
درود النبی ﷺ کا وجوب احادیثِ مبارکہ کی روشنی میں ........................................................ 42
درود النبی ﷺ پڑھنے کی اہمیت ............................................................................ 43
باب دوم: درود النبی ﷺ سے متعلق قرآنی آیات کا ابن کثیر اور ابن عاشور کی تفاسیر کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ .................... 52
فصلِ اول: ابن کثیرؒ اور ابن عاشورؒ کے تفسیری مناہج ........................................................ 52
مبحث اول: علامہ ابن کثیر کا تفسیری منہج ................................................................. 52
مبحث دوم: شیخ طاہر بن عاشور کا تفسیری منہج ........................................................... 57
فصل دوم: سورۃ الاحزاب: آیت نمبر 56 میں درود النبی ﷺ کی تفسیری جہات ........................................ 63
مبحث اول: علامہ ابن عاشور اور حافظ ابن کثیر کے نزدیک درود النبی ﷺ کے مفاہیم ................................. 64
مبحث دوم: درود کے کلمات ................................................................................ 68
درود کے احکام و مسائل .................................................................................. 71
غیر نبی پر درود (صلاۃ) بھیجنے کا حکم .................................................................... 74
صلاۃ اور سلام کو جمع کرنا ................................................................................. 75
مبحث سوم: درود کے مواقع اور مقامات ..................................................................... 76
فصل سوم: دیگر آیات قرآنی میں درود النبی ﷺ کی تفسیری جہات .............................................. 78
سورۃ البقرۃ: آیت نمبر 157 ................................................................................. 78
سورۃ التوبۃ: آیت نمبر 103 ................................................................................. 79
سورۃ الاحزاب: آیت 43 .................................................................................... 83
سورۃ الفتح: آیت نمبر 9 ................................................................................... 85
باب سوم: درود النبی ﷺ کے کلمات، فضائل، اثرات اور معاصر تقاضے ............................................ 88
فصل اول: درود النبی ﷺ کے کلمات اور فضائل ............................................................... 88

مبحث اول: درود کی کیفیت اور مسنون کلمات ........ 88

مبحث دوم: درود النبی ﷺ کے فضائل ........ 93

مبحث سوم: سلف صالحین کا درودِ نبوی ﷺ پڑھنے کا معمول ........ 96

مبحث چہارم: سلفِ صالحین کے اقوال و آثار کی روشنی میں درود النبی ﷺ کے فضائل ........ 98

فصل دوم: درود النبی ﷺ کی عصری معنویت ........ 101

مبحث اوّل: سماجی و اخلاقی نظام کی بحالی اور بہتری میں درود النبی ﷺ کا کردار ........ 101

مبحث دوم: امت اور نبی اُمت ﷺ کے مابین بہترین تعلق کا سبب ........ 103

مبحث سوم: جدید دور کی پریشانیوں اور مسائل کا بہترین حل ........ 104

مبحث چہارم: مادیت کے خلاف مؤثر حربہ ........ 105

مبحث پنجم: دعوت و تبلیغ کے لئے معاون ہتھیار ........ 107

مبحث ششم: تعلیمی و تربیتی نظام کی بہتری کا ضامن ........ 108

مبحث ہفتم: درودِ پاک ﷺ کے پیغام کی ترویج کے جدید ذرائع ........ 110

مبحث ہشتم: امنِ عالم کے فروغ میں کردار ........ 111

مبحث نہم: درودُ النبی ﷺ کے ذریعے فکری و عملی تجدید ........ 113

مبحث دہم: شخصیت کی تشکیل کا بنیادی عنصر ........ 114

نتائجِ تحقیق ........ 116

سفارشات ........ 117

فہارس ........ 118

قرآنی آیات ........ 118

فہرست احادیث ........ 119

فہرست اعلام ........ 120

فہرستِ مصادر و مراجع ........ 127

# مقدمہ

## تعارف موضوع(Introduction of the Topic)

نبی کریم ﷺ پر درود و سلام بھیجنا اسلامی تعلیمات میں وہ بے مثال عبادت ہے جس کے ذریعے ایک مسلمان کو اپنے کریم آقا ﷺ سے محبت اور قرب حاصل ہوتا ہے۔ اسلامی تعلیمات میں نبی کریم ﷺ کی ذاتِ اقدس کو ایک خاص مقام دیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کی عظمت و فضیلت، احترام اور حقوق کو مختلف مقامات پر بیان فرمایا ہے، جن میں سے ایک اہم مقام سورۃ الاحزاب، آیت 56 ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: "**إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا**[1]۔ ''بیشک اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود بھیجتے ہیں۔ اے ایمان والو! تم بھی ان پر درود بھیجو اور خوب سلام بھیجا کرو''۔

اس آیتِ مبارکہ میں نبی کریم ﷺ پر اللہ تعالیٰ اور اُس کے فرشتوں کا درود بھیجنا اور ایمان والوں کو بھی آپ ﷺ پر درود و سلام بھیجنے کا حکم، ایک ایسی آسمانی پکار ہے جو اپنے بلیغ اندازِ بیان میں امتِ مسلمہ کو زمان و مکان کی قید سے آزاد ہو کر نبی مکرم ﷺ کی محبت اور اطاعت میں سرشار ہونے کا درس دیتی ہے۔ یہ آیت اس حقیقت کی گواہی ہے کہ اللہ تعالیٰ خود بھی نبی کریم ﷺ پر صلاۃ بھیجتا ہے اور اس کے ملائکہ بھی اور ہمیں بھی اس بات کا حکم دیا گیا ہے کہ ہم کامل اطاعت و محبت کے ساتھ آپ ﷺ پر درود و سلام بھیجیں۔ اللہ ربّ العالمین نے رسول اللہ ﷺ پر درود بھیجنے کے عمل کو جو عظمت، اہمیت اور شرف عطا فرمایا ہے، وہ اس بات کا مظہر ہے کہ نبی کریم ﷺ کی عظمت کو دل سے تسلیم کرنا اور اس کا عملی اظہار کرنا ایمان کا لازمی تقاضا ہے۔ چنانچہ امتِ مسلمہ پر فرض ہے کہ وہ اس قرآنی حکم کو اپنی زندگیوں میں عملی طور پر نافذ کرے۔ اس آیت کی تفسیر کے ذیل میں ہر دور کے مفسرین نے بڑی خوبی اور محبت کے ساتھ رسول اکرم ﷺ سے اپنی قلبی وابستگی کا اظہار کرتے ہوئے، آیتِ مبارکہ کے مفاہیم کو اپنی تفاسیر میں نہایت شرح و بسط سے بیان کیا ہے۔ بہت سے خوش نصیب مصنفین نے اس بابرکت اور سدا بہار موضوع پر الگ سے کتب بھی تصنیف کی ہیں۔ صلاۃ و سلام کی فضیلت اور اہمیت کے پیشِ نظر، اس مقالے میں نبی اکرم ﷺ پر درود و سلام سے متعلق قرآنی آیات کا تجزیاتی مطالعہ پیش کیا جائے گا۔ اس مطالعے میں ان آیات کی تفسیری تشریحات میں موجود اسرار و رموز، لغوی و بلاغی نکات، فضائل و اثرات اور آداب و احکام کو بیانیہ اور تجزیاتی اسلوبِ تحقیق کے ساتھ، جدید علمی عنوانات کے تحت مرتب کیا جائے گا۔

## موضوع کی ضرورت واہمیت(Importance of the Topic)

حضور نبی کریم ﷺ پر درود النبی ﷺ پڑھنے کا حکم قرآنِ کریم میں دیا گیا ہے۔ سورۃ الاحزاب میں اللہ تعالیٰ نے "صلاۃ" کی نسبت سب سے پہلے اپنی ذاتِ مقدس کی طرف فرمائی، پھر اپنی نورانی مخلوق یعنی فرشتوں کی طرف نسبت دی اور اس کے بعد اہلِ ایمان کو

[1] الاحزاب:56

مخاطب کر کے حکم دیا کہ: "اے مومنو! تم بھی نبی کریم ﷺ پر درود بھیجو"[1]۔ قرآن وسنت کی روشنی میں درود النبی ﷺ در حقیقت ایک ایسا مبارک عمل ہے جو فرد کے دل کو سکون، روح کو پاکیزہ اور زندگی کو برکت عطا کرتا ہے۔ یہ ایک ایسا ذریعہ ہے جو ایک مسلمان کے دل کو رسولِ کریم ﷺ کی محبت سے بھر دیتا ہے اور اسے اللہ کے قریب ہونے کی توفیق بخشتا ہے۔ اس مبارک عمل کے ذریعے بندہ نہ صرف اپنی دنیاوی مشکلات کے حل کی راہیں تلاش کرتا ہے بلکہ آخرت کی کامیابی کا بھی یقین پاتا ہے۔ درود النبی ﷺ ایک ایسا مقدس عمل ہے جو انسان کے دل ودماغ کو روشنی عطا کرتا ہے اور اس کی زندگی میں بے شمار روحانی، اخلاقی اور عملی برکتیں لاتا ہے۔ یہ وہ عمل ہے جو مومن کے دل میں نبی کریم ﷺ کی محبت کو اجاگر کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے قرب کا ذریعہ بنتا ہے۔ درود النبی ﷺ صرف ایک عبادت نہیں بلکہ ایک ایسا روحانی سفر ہے جو انسان کی روح کو گناہوں کی زنگ آلودگی سے پاک کر کے اسے اعلیٰ مقام عطا کرتا ہے۔

## وجہ انتخاب (Rationale of the Study)

نبی کریم ﷺ کی ذات پر درود بھیجنے کا عمل قرآنِ کریم کا براہِ راست حکم ہے، جسے سورۃ الاحزاب کی آیت 56 میں نہایت شان وعظمت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس حکم کا نزول محض ایک عبادت کی دعوت نہیں، بلکہ رسولِ کریم ﷺ کی ذاتِ اقدس کے ساتھ اُمت کے تعلقِ محبت، اطاعت، ادب اور روحانی وابستگی کا ایک دائمی اور آسمانی منشور ہے۔ تاہم، موجودہ علمی تناظر میں یہ بات شدت سے محسوس کی گئی ہے کہ ہماری جامعات اور علمی حلقوں میں درود النبی ﷺ سے متعلق قرآنی آیات کا تجزیاتی، تفسیراتی اور مفہومی انداز میں مستقل مطالعہ ایک تشنہ پہلو ہے۔ خاص طور پر ایسی کوئی مربوط اور جامع تحقیق بظاہر موجود نہیں، جس میں درود النبی ﷺ سے متعلق قرآنی آیات کو منتخب تفاسیر (مثلاً تفسیر ابنِ کثیر اور تفسیر التحریر والتنویر از ابن عاشور) کی روشنی میں تفصیل سے زیرِ بحث لایا گیا ہو۔

اس موضوع کو منتخب کرنے کے پسِ پشت چند اہم محرکات کارفرما ہیں:

**روحانی اور ایمانی ضرورت:** نبی کریم ﷺ سے محبت اور ان پر درود بھیجنے کا عمل ایک ایمانی تقاضا ہے۔ اس محبت کو قرآنی بنیادوں پر سمجھنا عصرِ حاضر کے مسلمان کی روحانی تربیت کے لیے ناگزیر ہے۔

**علمی و تفسیری خلاء کی تکمیل:** درود سے متعلق قرآنی آیات کی تفاسیر میں موجود لغوی، بلاغی، روحانی اور فقہی نکات کو منظم انداز میں یکجا کرنا اور ان کا تقابلی مطالعہ کرنا، اس موضوع سے متعلق نئی جہات کا سامنے آنا ایک علمی خلا کو پُر کرنے کی کوشش ہے۔

**ابن کثیر اور ابن عاشور کا تقابلی مطالعہ:** یہ دونوں تفاسیر مختلف اسالیب کی نمائندہ ہیں۔ ابن کثیر (۷۷۴ھ) محدثانہ واثری اسلوب کے امام ہیں، جبکہ ابن عاشور (۱۳۹۳ھ) عقلی واستنباطی تفسیر کے ماہر ہیں۔ ان دونوں کے نزدیک درودِ نبی ﷺ کی تفسیر میں پائے جانے والے فرق کو واضح کرنا علمی افق کو وسعت دیتا ہے۔

**عصری معنویت اور اطلاقی پہلو:** درودِ نبی ﷺ کی قرآنی تعلیمات کا عصرِ حاضر میں عملی اطلاق اور ترویج کے جدید ذرائع پر گفتگو کرنا وقت کی ایک اہم ضرورت ہے، تاکہ نئی نسلوں تک اس عظیم عبادت کا شعور اور اس کا مقصد مؤثر انداز میں پہنچایا جا سکے۔

---

[1] الاحزاب:56

**اسلامی روحانیات کا تحقیقی منظر نامہ:** موجودہ تحقیقی لٹریچر میں اسلامی روحانیات پر کام بڑھ رہا ہے، لیکن درود النبی ﷺ جیسے اہم موضوعات پر تحقیقی مطالعہ نسبتاً کم ہے۔ یہ تحقیق اس خلا کو پر کرنے کی ایک کوشش ہے۔

خلاصے کے طور پر یہ بات بجا طور پر کہی جاسکتی ہے کہ یہ تحقیق ایک دینی فریضے کو علمی اسلوب میں واضح کرنے کی سعی ہے، تاکہ نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنے کی تعلیمات کو قرآن، تفسیر، لغت، بلاغت اور فقہ کی روشنی میں گہرائی سے سمجھا جاسکے اور ان تعلیمات کی ترویج کو عصرِ حاضر کے تقاضوں کے مطابق مؤثر اور کارآمد انداز میں ممکن بنایا جاسکے۔

## موضوع سے متعلق سابقہ تحقیقی کام کا جائزہ (Literature Review)

درود النبی ﷺ کی اہمیت، فضائل، اثرات اور آداب پر زمانہ خیر القرون سے لیکر اب تک مختلف جہات اور عناوین کے تحت متعدد کتابیں اور رسائل لکھے گئے ہیں۔ ذیل میں اس موضوع پر لکھے گئے چند آرٹیکلز، مقالہ جات اور چند اہم کتب کا تعارف پیش خدمت ہے:

### مقالہ جات

- **"نبی کریم ﷺ پر صلاۃ اور سلام سے متعلق سورۃ الاحزاب کی آیت نمبر 56 کا تفسیری و تجزیاتی مطالعہ"، مقالہ ایم فل، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، 2019ء**

شاہد خان نے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں "نبی کریم ﷺ پر صلاۃ و سلام سے متعلق سورۃ الاحزاب کی آیت نمبر 56 کا تفسیری و تجزیاتی مطالعہ" کے عنوان سے یہ مقالہ پیش کیا گیا ہے تاہم، یہ مقالہ صرف تین تفاسیر، یعنی معارف القرآن، ضیاء القرآن اور تبیان القرآن تک محدود ہے جسکی صراحت فاضل محقق نے اپنے مقالے میں کی ہے۔

- **درود و سلام، تفسیری ادب کا مطالعہ، ادارہ علوم اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی لاہور، 2010ء**

ندا منیر نے ایم اے اسلامیات کی ڈگری کے حصول کیلئے یہ مقالہ لکھا ہے۔ اس مقالے میں منتخب تفسیری ادب کی روشنی میں درود و سلام سے متعلق مباحث پر داد تحقیق دی گئی ہے۔

- **محمد اسماعیل، قرآن وحدیث کی روشنی میں درود وسلام کے فضائل واحکام اور انکے اثرات، یونیورسٹی آف بلوچستان**

محمد اسماعیل نے یہ مقالہ ایم اے اسلامیات کی ڈگری کے حصول کیلئے یونیورسٹی آف بلوچستان میں لکھا ہے۔

### ریسرچ آرٹیکلز

- **الصلاة على النبي محمد ﷺ وأثرها في تهذيب النفس الإنسانية: دراسة تأصيلية"- مجلة جامعة حضر موت للعلوم الإنسانية، جامعة حضرموت، اليمن، جلد:20، شمارہ:1، سن اشاعت:2023، صفحات:367–398**

یہ ریسرچ آرٹیکل، ڈاکٹر ناصر عبدہ ناصر ناجی الفقیہ (پروفیسر، کلیۃ الآداب، جامعہ حضر موت، یمن) کا تحریر کردہ ہے۔ یہ مقالہ نبی کریم ﷺ پر صلاۃ و سلام کے روحانی اثرات اور نفسیاتی تربیت سے متعلق گراں قدر علمی کاوش ہے، جس میں "صلاۃ" کے اخلاقی اور نفسیاتی پہلوؤں پر مدلل اور عالمانہ بحث کی گئی ہے۔ مصنف نے اس آرٹیکل میں قرآن مجید کی آیات، احادیثِ نبویہ اور اقوالِ سلف کی روشنی میں درود شریف کے روحانی فوائد اور اس کی تہذیبی و معاشرتی تاثیرات پر روشنی ڈالی ہے۔ یہ آرٹیکل جدید انسانی نفسیات کے

تناظر میں درودِ نبوی ﷺ کو تزکیۂ نفس کا ایک مستقل اور مؤثر ذریعہ قرار دیتا ہے، جو فرد کے روحانی ارتقاء اور سیرت کی تعمیر میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔

- الدرر المضيئة في الصلاة والسلام على خير البرية ﷺ للإمام محمد بن محمد الغماري (ت 1380ھ): دراسة وتحقيق"- مجلة الدراسات الإسلامية، جامعة الأزهر، قاهره، مصر، جلد: 53، شماره: 2، سنِ اشاعت: 2017ء، صفحات: 245–302

یہ تحقیقی مضمون ڈاکٹر محمد بن الطاہر بن عمر بن حامد (کلیۃ الشریعۃ، جامعہ الازہر، مصر) کا تحریر کردہ ہے۔ یہ مضمون مشہور محدّث اور صوفی عالم امام محمد بن محمد الغماریؒ کی مایہ ناز کتاب الدرر المضیئۃ پر ایک تحقیقی و تنقیدی جائزہ پیش کرتا ہے، جو نبی کریم ﷺ پر صلاۃ و سلام کے موضوع پر ہے۔ مصنف نے اس نادر رسالے کے علمی مصادر، اسلوبِ نگارش اور فقہی اصولوں کا گہرائی سے تجزیہ کیا ہے اور پہلی مرتبہ اس کتاب کے علمی متن کو تحقیق کے مستند اصولوں کے مطابق مرتب اور شائع کیا گیا ہے۔ یہ مضمون درودِ نبوی ﷺ سے متعلق فقہی، روحانی اور صوفیانہ نکات کو محدثانہ اسلوب میں پیش کرتا ہے اور سلفی و اشعری مکاتبِ فکر کے امتزاج کی ایک درخشاں مثال فراہم کرتا ہے۔

- الصلاة على النبي ﷺ: دراسة تحليلية في ضوء القرآن والسنة"-مجلة العلوم الإسلامية، الجزائر، جلد:12، شماره: 3، سنِ اشاعت: 2019ء، صفحات: 45–67

یہ آرٹیکل عبد اللہ بن سعید بن عبد اللہ نے لکھا ہے جو کہ نبی کریم ﷺ پر درود و سلام کی مشروعیت، فضائل، اور اس کے روحانی اثرات کا قرآن و سنت کی روشنی میں تجزیہ پیش کرتا ہے۔ مصنف نے مختلف قرآنی آیات اور احادیث کی روشنی میں درود کے مفہوم، اس کی اہمیت اور اس کے ذریعے حاصل ہونے والے روحانی فوائد پر تفصیلی بحث کی ہے۔ آرٹیکل میں درودِ نبوی ﷺ کی ادائیگی کے آداب اور اس کے مستحب اوقات اور اس کے ذریعے حاصل ہونے والی روحانی ترقی پر بھی تفصیلی روشنی ڈالی گئی ہے۔

- شرح الصلاة على النبي ﷺ المنسوبة إلى حجة الإسلام الغزالي، دراسة وتحقيق"، مجله كلية التربية الأساسية للبحوث التربوية والإنسانية، جامعة الموصل، عراق، جلد: 17، شماره: 4، سنِ اشاعت: 2021ء

یہ آرٹیکل کریم ذنون داود سل نے لکھا ہے جو امام الغزالی کی طرف منسوب ایک رسالہ "شرح الصلاۃ علی النبي ﷺ" پر ایک علمی و تحقیقی مطالعہ اور تدوین پیش کرتا ہے۔ مصنف نے قدیم مخطوطات کی مدد سے اس رسالے کی تحقیق، تقابل اور تشریحی جائزہ لیا ہے جس میں حدیث، فقہ اور صوفیانہ مضامین کا امتزاج نظر آتا ہے۔ یہ آرٹیکل نہ صرف درود النبی ﷺ کے صیغوں کی شرح فراہم کرتا ہے بلکہ اس کی اسناد، اثرات اور تاریخی سیاق و سباق کو بھی مفصل انداز میں پیش کرتا ہے۔

- الصلاة على النبي محمد ﷺ بين المشروعية والمبالغة: دراسة تحليلية"- مجلة كلية أصول الدين والدعوة، جامعة الازهر – فرع المنصورة- جلد: 19، شماره: 38، سنِ اشاعت: 2021ء، صفحات: 551–595

رمضان عبد العاطي علی کا یہ آرٹیکل نبی کریم ﷺ پر صلاۃ و سلام کے شرعی احکام اور حدِ اعتدال سے تجاوز کے مظاہر پر علمی و تحقیقی تجزیہ پیش کرتا ہے۔ مصنف نے درود کی مشروعیت کو قرآن و سنت کے دلائل سے ثابت کرتے ہوئے صوفیانہ روایات میں پائی جانے والی غلو

آمیز تعبیرات پر علمی تنقید کی ہے۔ یہ مطالعہ توازن، اعتدال اور سنتِ نبویہ کی روشنی میں درود کی ادائیگی کے درست طریقوں کو واضح کرتا ہے اور بدعات سے اجتناب کی دعوت دیتا ہے۔

- إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ: دراسة تحليلية"- ، مجلة كلية أصول الدين والدعوة، جامعة الأزهر – فرع المنصورة۔ **جلد:9، شمارہ:3، سن اشاعت:2021۔**

یہ آرٹیکل ڈاکٹر محمد بن عبد اللہ بن عبد الرحمن آل عبد اللہ نے تحریر کیا ہے۔ اس میں سورۃ الاحزاب کی آیت 56: "**إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ**" کی تفسیری و بلاغی تجزیہ شامل ہے۔ مصنف نے اس آیت کی لغوی، نحوی اور بلاغی پہلوؤں کا گہرائی سے مطالعہ کیا ہے، جس میں "الصلاۃ" کا مفہوم، "النداء" کی اہمیت اور "التوکید" کے استعمال کو واضح کیا گیا ہے۔ یہ تحقیق درودِ نبوی کی مشروعیت، اس کے فضائل اور امت مسلمہ پر اس کے اثرات کو اجاگر کرتی ہے اور اس آیت کے ذریعے نبی کریم ﷺ کی عظمت و مقام کو نمایاں کرتی ہے۔

- الأحاديث الموضوعة الواردة في الصلاة على النبي ﷺ: دراسة نقدية"-مجلة كلية أصول الدين والدعوة، جامعة الأزهر – فرع المنصورة، **جلد:19، شمارہ:38، سن اشاعت:2021ء، صفحات:100–104**

احمد حمود عبد اللہ محمد کا یہ تحقیقی آرٹیکل ان احادیث کا تنقیدی جائزہ پیش کرتا ہے جو نبی کریم ﷺ پر درود سے متعلق ہیں اور جنہیں موضوع (من گھڑت) قرار دیا گیا ہے۔ مصنف نے ان احادیث کی اسناد، متون اور مضامین کا تجزیہ کرتے ہوئے ان کی صحت و سقم کا تعین کیا ہے۔ مقالے میں ان احادیث کے پھیلاؤ کے اسباب، ان کے اثرات، اور ان سے اجتناب کی ضرورت پر زور دیا گیا ہے۔

- الصلاة على النبي ﷺ في ضوء القرآن والسنة: دراسة تحليلية"، (TUJHSS)، جامعة تعز، يمن، **جلد:15، شمارہ:2، سن اشاعت:2022ء، صفحات:150–175**

یہ آرٹیکل عبد اللہ محمد احمد القاضي، استاذ علوم القرآن، کلیۃ الشریعۃ، جامعہ تعز، یمن نے لکھا ہے جو کہ قرآن و سنت کی روشنی میں نبی کریم ﷺ پر درود و سلام کی مشروعیت، فضائل، اور اس کے روحانی و اخلاقی اثرات کا تجزیہ پیش کرتا ہے۔ مصنف نے درود کے مختلف صیغوں، ان کے معانی اور ان کے اثرات پر تفصیلی بحث کی ہے۔ آرٹیکل میں درود کی ادائیگی کے آداب، اس کے اوقات اور اس کے ذریعے حاصل ہونے والے روحانی فوائد کو بھی اجاگر کیا گیا ہے۔

- **ڈاکٹر فیض احمد چشتی، فضائل درود النبی ﷺ قرآن وحدیث کی روشنی میں، سہ ماہی الدعوۃ، شمارہ 23، اپریل 2024ء**

اس آرٹیکل میں درود النبی ﷺ کے فضائل، برکات، اور اس سے متعلقہ احکام و مسائل پر تفصیلی بحث کی گئی ہے۔ مصنف نے صحیح احادیث کی روشنی میں درود النبی ﷺ کی اہمیت اور اس کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ پیش کیا ہے۔

- **مولوی عبداللہ گل احمد دیوان، "جمعہ کے دن عصر کے بعد پڑھا جانے والا درود النبی ﷺ (ثبوت و تحقیق)"، ماہنامہ "بینات"، مئی 2016ء.**

اس آرٹیکل میں جمعہ کے دن عصر کے بعد مخصوص درود النبی ﷺ پڑھنے کی فضیلت اور اس کے ثبوت پر تحقیق پیش کی گئی ہے۔ مصنف نے احادیث کی روشنی میں اس عمل کی حیثیت کا جائزہ لیا ہے۔

- **The Philosophy of Sending Prayers upon the Prophet Muhammad (PBUH): A Maqasidic Perspective". Journal of Islamic Philosophy and Spirituality, Japan, (Japan Association of Islamic Philosophy), Book 12, Volume 1, 2020, Pages:89-110. Authered by Mohammed Farid Ali Al-Khoei, Research Scholar, (Department of Islamic Thought, Al-Mustafa International University, Iran)**

یہ آرٹیکل درود النبی کے مقاصد پر گہری نگاہ فراہم کرتا ہے اور اس کی حکمت و مصلحت کو فلسفۂ تشریع کی بنیاد پر بیان کرتا ہے۔ مصنف نے درود کو "تعبد"، "تزکیہ" اور "امت کی وحدت" کے اصولوں سے جوڑ کر اس کے جامع روحانی و عمرانی پہلوؤں کی وضاحت کی ہے۔ یہ تحقیق اسلامی فکری روایت کو عصرِ حاضر کے دینی و فلسفی سوالات کے جواب کے طور پر پیش کرتی ہے اور درود کو صرف عمل نہیں بلکہ ایک مقاصدی اصول ثابت کرتی ہے۔

**اہم کتب**

- **امام ابن قیم الجوزیہ،"جلاء الأفهام فی فضل الصلاة علی خیر الانام"، دار عالم الفوائد، 1996ء.**

یہ کتاب درود النبی ﷺ کے فضائل پر ایک جامع تصنیف ہے، جس میں درود النبی ﷺ کی اہمیت اور مختلف پہلوؤں پر تفصیلی بحث کی گئی ہے۔

- **امام محمد بن عبدالرحمن السخاوی،"القول البدیع فی الصلاة علی الحبیب الشفیع"، دار الکتب العلمیة، 1986ء**

اس کتاب میں درود النبی ﷺ کے فضائل، اس کے مختلف صیغوں اور اس سے متعلقہ احادیث کا ذکر موجود ہے۔

- **امام محمد بن سلیمان الجزولی،"دلائل الخیرات"، دار الفکر،1998ء**

یہ کتاب درود النبی ﷺ کے مختلف صیغوں کا مجموعہ ہے۔

- **قاضی اسماعیل بن اسحاق،فضل الصلاة علی النبی ﷺ"، مکتبة اسلامیة، 2014ء**

اس کتاب میں درود النبی ﷺ کے فضائل اور ان سے متعلقہ احادیث کا مجموعہ پیش کیا گیا ہے۔

- **يوسف بن اسماعيل النبهاني، "سعادة الدارين فى الصلاة على سيد الكونين"، دار الكتب العلمية، 2004.**

یہ کتاب درود النبی ﷺ کے فضائل اور اس کی اہمیت پر مشتمل ہے، جس میں مختلف احادیث اور آثار کا ذکر موجود ہے۔

- **عبد اللطیف بن موسى، الكبريت الاحمر فى الصلاة على من انزل عليه انا اعطینک الکوثر، یمن (900ھ 1495ء)**

اس کتاب میں درود کے فضائل اور اس کے برکات پر بات کی گئی ہے۔

- **ابن حجر الهيثمي، الدر المنضود فى الصلاة والسلام على صاحب المقام المحمودﷺ، مصر (909ھ 1504ء)**

اس کتاب میں نبی ﷺ پر درود بھیجنے کی فضیلت واہمیت بیان کی گئی ہے۔

- **عبد الجليل، تنبيه الأنام في بيان علو مقام نبينا عليه السلام، تیونس(960ھ1553ء)**

اس کتاب میں نبی کریم ﷺ کے مقام کی علمی اور روحانی اہمیت بیان کی گئی ہے۔

## تحقیقی خلاء(Research Gap)

نبی کریم ﷺ پر درود وسلام بھیجنے کے حوالے سے زمانہ خیر القرون سے لیکر اب تک مسلسل مختلف زاویوں سے علمی و تحقیقی کام ہو رہا ہے جس میں محققین اور مصنفین اپنے اپنے ذوق، پسِ منظر، علمی حیثیت اور قلبی و روحانی تعلق کے مطابق نبی کریم ﷺ کیساتھ اپنی محبتوں کا اظہار کر رہے ہیں اور سعادت مندوں میں شامل ہو رہے ہیں لیکن مقالہ نگار کے علم کے مطابق ہماری جامعات میں تاحال درود النبی ﷺ سے متعلق آیات کے تفسیری پہلوؤں پر ایسا تحقیقی کام نہیں ہوا، جس میں منتخب تفاسیر کی روشنی میں درود النبی ﷺ کے لغوی واصطلاحی مفاہیم، فضائل اور درود النبی کے کلمات نیز فقہی مسائل واحکام کو جامع اور ترتیب وار انداز میں پیش کیا گیا ہو۔ تفسیر بالماثور میں ابن کثیر کو جو درجہ حاصل ہے اس کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں۔ دوسری طرف علوم بلاغت پر تفسیر التحریر والتنویر کو علمی حلقوں میں ایک موسوعہ کا درجہ دیا جاتا ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ مذکورہ بالا دونوں ہی تفاسیر کی روشنی میں قرآن حکیم کی درود النبی سے متعلق آیات کا تجزیاتی مطالعہ کیا جائے۔

درود النبی ﷺ سے متعلق مقالہ جات، آرٹیکلز اور کتب کی دستیابی سے یہ واضح ہوتا ہے کہ اس موضوع پر مقالہ جات کی تعداد انتہائی کم (محض تین) ہے، جبکہ ریسرچ آرٹیکلز اور موضوعاتی کتب کافی زیادہ مقدار میں ہیں۔ ان تمام مقالہ جات، آرٹیکلز اور کتب میں مقالہ نگار کے اختیار کردہ موضوع کا پہلو تشنہ ہے، یہی وجہ ہے کہ مقالہ نگار نے اس موضوع کو منتخب کیا ہے۔

## بیانِ مسئلہ(Researcg Question Statement)

درود النبی ﷺ وہ ازلی وابدی نغمہ ہے جو عرش سے لیکر فرش تک آپ ﷺ کی شان رفعتِ ذکر بیان کرتا ہے۔ درود النبی ﷺ سے متعلق قرآنی آیات بالخصوص سورۃ الاحزاب آیت: 56 کے تحت صلاۃ وسلام کے لغوی مفاہیم ومصداق، فضیلت واہمیت اور ان کے متعلق احکام ومسائل کے بارے میں ابن کثیر اور ابن عاشور نے اپنی تفاسیر میں قابل قدر تشریحی نکات پیش کیے ہیں۔ ان تفسیری نکات سے

قارئین کو متعارف کرانے کیلئے ایک ایسی تحقیق کی ضرورت ہے جو درود النبی ﷺ سے متعلق آیات کے تفسیری پہلوؤں کو یکجا کر کے منظم انداز میں پیش کرے تاکہ آج کے قارئین اس علمی ذخیرے سے مستفید ہو سکیں۔

## مقاصدِ تحقیق(Reseach Objectives)

1. درود النبی ﷺ کے لغوی، اصطلاحی، اشتقاقی اور شرعی مفہوم کی تحقیق کرنا اور قرآن و حدیث میں اس کی اہمیت کو واضح کرنا۔
2. درود النبی ﷺ سے متعلق آیات میں ابن کثیر و ابن عاشور کے تفسیری رجحانات کا تجزیہ پیش کرنا۔
3. درود النبی ﷺ کے فضائل و اثرات کا علمی تجزیہ کرنا اور جدید دور میں اس کی ترویج و اشاعت کے ذرائع کا مطالعہ کرنا۔

## سوالاتِ تحقیق (Research Questions)

1. درود النبی ﷺ کا لغوی، اصطلاحی اور شرعی مفہوم کیا ہے اور قرآن و حدیث میں اس کی کیا اہمیت بیان کی گئی ہے؟
2. درود النبی ﷺ سے متعلق آیات میں ابن کثیر و ابن عاشور کے تفسیری رجحانات میں کیا فرق پایا جاتا ہے؟
3. درود النبی ﷺ کے فضائل، اثرات اور عصرِ حاضر میں اس کی ترویج و اشاعت کے ذرائع کیا ہیں؟

## تحقیق کا دائرہ کار (Delimitation of the study)

اس تحقیق کو طوالت سے بچانے کیلئے سورۃ البقرۃ آیت 157، سورۃ التوبۃ آیت 103 اور سورۃ الاحزاب کی آیات 43 اور 56 کو ابن کثیر کی 'تفسیر القرآن العظیم' اور ابن عاشور کی 'التحریر والتنویر' کی روشنی میں مطالعہ کیا جائے گا تاکہ ان آیات کے روحانی پیغام کی مکمل تفہیم حاصل کی جاسکے اور درود النبی ﷺ کے پیغام کی حقیقت اور اس کی فکری و روحانی اہمیت کو ان تفاسیر کی روشنی میں دریافت کیا جاسکے۔

## منہجِ تحقیق (Research Methodology)

یہ مقالہ درود النبی ﷺ سے متعلق آیاتِ قرآنی کی تفسیر میں منتخب مفسرین کی آراء کے تجزیاتی، بیانیہ اور استقرائی طریقہ کار پر مبنی ہو گا۔ تجزیاتی اسلوب میں درود النبی ﷺ سے متعلق آیات کے مفاہیم کو اصولِ لغت اور علومِ عربیہ کی روشنی میں متعین کیا جائے گا۔ درودِ النبی ﷺ کے فضائل و اثرات اور اُس کی عصری معنویت کو بیانیہ اور تجزیاتی اسلوب میں مقالے کا حصہ بنایا جائے گا، جب کہ استقرائی تحقیق کے ذریعے درودِ النبی ﷺ کے کلمات کو جمع کیا جائے گا۔

## اسلوبِ تحقیق(Research Format)

معلومات اور استدلالات کی ترتیب و تدوین میں بنیادی مصادر یعنی منتخب تفاسیر کی طرف رجوع کیا جائے گا البتہ بوقت ضرورت ثانوی مصادر سے بھی استفادہ کیا جائے گا۔ مقالہ ہذا کی تکمیل کے لیے آرکائیو ڈاٹ کام، محدث ڈاٹ کام، مکتبہ وقفیہ، مکتبہ شاملہ، مکتبہ جبریل اور دیگر مختلف ویب سائٹس وغیرہ سے مدد لی جائے گی۔ مقالہ ہذا میں حوالہ جات اور کتابیات کے لیے بحریہ یونیورسٹی کا مقالہ نگاری کے لیے طے کردہ فارمیٹ استعمال کیا جائے گا۔

## باب اول

# درود النبی ﷺ کا مفہوم، اشتقاق اور بنیادی مباحث

### فصل اول

درود النبی ﷺ کا لغوی، اصطلاحی اور اشتقاقی جائزہ

### فصل دوم

درود النبی ﷺ کا شرعی حکم اور اس کی اہمیت

# باب اول: درود النبی ﷺ کا مفہوم، اشتقاق اور بنیادی مباحث

## فصلِ اول: درود النبی ﷺ کا لغوی و اصطلاحی مفہوم

حضور نبی کریم ﷺ کی محبت کو دل میں بسانا اور آپ ﷺ پر درود و سلام بھیجنا اسلامی عقائد و اعمال میں اہم مقام رکھتا ہے۔ قرآن و حدیث میں درود النبی ﷺ کو خاص اہمیت دی گئی ہے اور امتِ مسلمہ کے تمام مکاتبِ فکر درود النبی ﷺ کی اس اہمیت کے قائل ہیں۔ فقہ، حدیث اور تصوف میں بھی درود النبی ﷺ کی شرعی اور علمی حیثیت پر مباحث ملتی ہیں۔

### لفظِ "درود" کا لغوی مفہوم

درود فارسی زبان کا لفظ ہے، جس کے لغوی معنی صلوات، رحمت، تحسین و آفرین، شاباش، استغفار تعریف، سلام، دعا اور تسبیح کے آتے ہیں۔ اصطلاح میں ہر وہ دعا اور سلام جو حضور نبی کریم محمد مصطفی ﷺ پر پڑھا جائے درود کہلاتا ہے"[1]۔

### "صلاۃ" کا لغوی مفہوم

لفظ "صلاۃ" عربی لغت میں نہایت گہرے مفاہیم کا حامل ہے، جو نہ صرف عبادت بلکہ دعا، جھکاؤ، وابستگی اور رحمت جیسے مفاہیم پر دلالت کرتا ہے۔ مشاہیر لغویین جیسے امام راغب اصفہانی (م 502ھ)، ابن فارس (م 395ھ)، علامہ جرجانی اور ابن منظور (م 711ھ) نے اس کے متعدد معانی بیان کیے، جن میں آگ، دعا اور دائمی تعلق قابل ذکر ہیں۔ یہ لفظ قرآنی آیات میں متنوع معنوی جہات کے ساتھ آیا ہے، خصوصاً درود کے سیاق میں۔ چنانچہ "صلاۃ" نہ صرف ایک عبادت ہے بلکہ نبی اکرم ﷺ سے دائمی نسبت و محبت کا اعلان بھی ہے۔

امام راغب اصفہانی[2] (م 502ھ) اپنی کتاب "المفردات فی غریب القرآن" میں لکھتے ہیں: "أَصْلُ الصَّلْيِ الإِيقَادُ بِالنَّارِ، وَيُقَالُ: صَلِيَ بِالنَّارِ"[3]۔ یعنی اس لفظ کے اصل معنی آگ میں جلنے کے آتے ہیں جیسا کہ قرآن کریم میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"**يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرَى**[4]"۔ "جو سب سے بڑی آگ میں داخل ہوگا"۔ امام اصفہانی کے مطابق: "(صلی) کا ایک معنی دعا کرنے اور پاک کرنے کے آتے ہیں اور (صلاۃ) یعنی نماز کو یہ نام اس لئے دیا گیا ہے کہ اس میں دعا و استغفار بھی کیا جاتا ہے۔ اگر اس لفظ کو پہلے معنی میں لیا جائے تو نماز کو صلاۃ کہنے کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ اس عبادت کے ذریعے نمازی آگ کا ایندھن بننے سے خود کو محفوظ کر لیتا ہے"[5]۔

---

[1] فیروز الدین، فیروز اللغات اردو جامع (لاہور: فیروز سنز پرائیویٹ لمیٹڈ 2010ء)، ص660

[2] راغب اصفہانی، حسین بن محمد بن المفضل (430ھ/1038ء تا 502ھ/1108ء) وہ قرآن کے الفاظ و معانی کے لغوی ماہر اور المفردات فی غریب القرآن کے مؤلف تھے۔ انہیں علم لغت اور اخلاقیات پر عبور حاصل تھا۔ (حاجي خليفة، مصطفى بن عبد الله، كشف الظنون: ج ٢، ص ١٦٨٢)

[3] الأصفهاني، حسين بن محمد راغب، المفردات في غريب القرآن (بيروت: الطبعة الأولى، ١٤١٢ھ)، ج ١، ص

[4] الاعلیٰ: 12

[5] الأصفهاني، المفردات في غريب القرآن: ١:٤٩١

علامہ جرجانی[1] کے مطابق:''الصَّلَاةُ: فِي اللُّغَةِ، الدُّعَاءُ، وَالصَّلَاةُ أَيْضًا، طَلَبُ التَّعْظِيمِ لِجَانِبِ الرَّسُولِ ﷺ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ''[2]۔''صلاۃ کا لغوی معنی "دعا" ہے۔صلاۃ کا ایک معنی یہ بھی ہے کہ رسول ﷺ کے لیے دنیا و آخرت میں عظمتِ شان طلب کی جائے''۔اسی طرح ابن منظور[3](م 711ھ)"لسان العرب "میں لکھتے ہیں:''وَالصَّلَاةُ: الدُّعَاءُ وَالِاسْتِغْفَارُ. وَالصَّلَاةُ مِنَ اللَّهِ تَعَالَى: الرَّحْمَةُ''[4]۔یعنی صلاۃ کا معنی دعا مانگنے اور مغفرت طلب کرنے کے ہیں اور اس لفظ کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ہو تو اس سے مراد رحمت ہوتی ہے۔عربی زبان میں "صلاۃ "کا مادہ (ص،ل،و) ہے۔اس مادہ سے نکلنے والے الفاظ میں جھکاؤ، وابستگی اور برکت جیسے مفاہیم پائے جاتے ہیں۔"(صَلَى) الصَّادُ وَاللَّامُ وَالْحَرْفُ الْمُعْتَلُّ أَصْلَانِ: أَحَدُهُمَا النَّارُ وَمَا أَشْبَهَهَا مِنَ الْحُمَّى، وَالْآخِرُ جِنْسٌ مِنَ الْعِبَادَةِ.فَأَمَّا الْأَوَّلُ فَقَوْلُهُمْ: صَلَيْتُ الْعُودَ بِالنَّارِ.وَأَمَّا الثَّانِي: فَالصَّلَاةُ وَهِيَ الدُّعَاءُ. الصَّادُ وَاللَّامُ وَالْوَاوُ أَصْلٌ يَدُلُّ عَلَى تَعَهُّدِ الشَّيْءِ وَدَوَامِهِ''[5]۔

یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ لفظ "صَلَّى "کا ایک معنی گرمی، آگ اور تپش ہے، جبکہ دوسرے معنی کے لحاظ سے یہ لفظ دعا کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔اس لفظ کے بنیادی مفہوم میں کسی چیز کو اپنانا اور اس پر دوام اختیار کرنا بھی شامل ہے۔قرآن حکیم میں درود بھیجنے سے متعلق واضح ترین آیت یہ ہے:''إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا''[6]۔''بیشک اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود بھیجتے ہیں۔اے ایمان والو! تم بھی ان پر درود بھیجو اور خوب سلام بھیجا کرو''۔

اس آیتِ مبارکہ کی تفسیر کے ضمن میں مختلف مفسرین نے "صلاۃ" کے الگ الگ معانی بیان کیے ہیں۔درود کے لیے استعمال ہونے والے لفظ "صلاۃ" کے معانی، نسبت کے اعتبار سے بدلتے رہتے ہیں۔ذیل میں اس کی تفصیل پیش کی جا رہی ہے۔

---

[1] جرجانی(علی بن محمد بن علی الحسینی الجرجانی)(740ھ–816ھ) متکلم، منطقی، اور فلسفی تھے۔ان کی مشہور تصنیف کتاب التعریفات علومِ عقلیہ و نقلیہ کی جامع اصطلاحات پر مشتمل ہے، جو فلسفہ، منطق، کلام، تصوف، فقہ و اصول کی تعریفات کا مرتب خزانہ ہے۔( الزركلي، خير الدين، الأعلام(بيروت: دار العلم للملايين ٢٠٠٢م)، ج ٤، ص ٢٥٣)

[2] الجرجاني، علي بن محمد بن علي، كتاب التعريفات (بيروت: دار الكتب العلمية، ١٤٠٣ھ)، ج ١، ص ١٣٤

[3] ابنِ منظور(محمد بن مکرّم بن علی بن منظور الافریقی المصری)(630ھ–711ھ/1232ء–1311ء) عربی زبان کے عظیم لغوی، ادیب، مورخ اور محدث تھے۔ان کی تصنیف لسان العرب عربی زبان کا سب سے جامع اور معتبر لغت ہے، جس میں انہوں نے متعدد لغات کو یکجا کر کے ایک مستند اور مربوط لغت مرتب کی۔یہ کتاب قرآنی، ادبی اور لغوی مطالعات کے لیے ایک بنیادی ماخذ ہے۔(الزركلي، الأعلام : ج ٦، ص ١٢٦

[4] ابن منظور، محمد بن مكرم، لسان العرب (بيروت: دار صادر، ١٤١٤ھ)، ج ١٤، ص ٤٦٤

[5] ابنِ فارس،احمد بن فارس بن زكريا، معجم مقاييس اللغة (بيروت: دار الفكر، ١٣٩٩ھ/١٩٧٩ء)، ج ٣، ص٣٠٠

[6] الاحزاب:56

## صلاۃ کی نسبت جب اللہ تعالٰی کی طرف ہو

لفظ ''صلاۃ'' جب اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب ہو تو اس کے معانی محض عبادت یا دعا تک محدود نہیں رہتے، بلکہ وہ روحانی رفعت، کمالِ عقیدت اور مقامِ نبوت کی عظمت کو اجاگر کرتے ہیں۔ یہ لفظ قرآن کریم اور سنت میں نبی اکرم ﷺ کی شانِ اقدس کے سیاق میں بار بار استعمال ہوا ہے۔ جلیل القدر مفسرین و لغویین مثلاً امام مجاہد (تابعی)، محمد بن جریر طبری (310ھ)، امام قرطبیؒ (671ھ)، ابو اللیث السمرقندی (373ھ) اور اخفش نے اس کی گہرائی سے وضاحت کی ہے۔ ان کے مطابق "صلاۃ من اللہ" میں ثناء، برکت، رحمت، رضا، مغفرت اور ذکرِ خیر کی اشاعت جیسے بلند اور متنوع معانی شامل ہیں۔ گویا اللہ تعالیٰ کا نبی کریم ﷺ پر "صلاۃ" بھیجنا محض ایک دُعائی عمل نہیں بلکہ آپ ﷺ کا مقامِ محمود پر فائز ہونے، آپ ﷺ کے ذکر کو عالمگیر بنانے اور آپ ﷺ پر ربانی عنایات کے تسلسل کا اظہار ہے۔ یہ معانی نہ صرف لغت میں گہرائی رکھتے ہیں بلکہ سیرت النبی ﷺ اور عقیدۂ ختم نبوت کی بنیادوں میں بھی پیوست ہیں۔ لفظ صلاۃ کی نسبت جب اللہ تعالیٰ کی طرف ہو، تو یہ لفظ درج ذیل معانی پر دلالت کرتا ہے۔

### 1۔ ثنا اور تعریف

مشہور تابعی امام مجاہدؒ[1] اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں: ''صَلَاةُ اللَّهِ عَلَيْهِ ثَنَاؤُهُ عَلَيْهِ عِنْدَ الْمَلَائِكَ[2]۔'' یعنی نبی کریم ﷺ پر اللہ کی طرف سے صلاۃ کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ فرشتوں کے سامنے آپ ﷺ کی تعریف بیان کرتے ہیں''۔ یہی معنی علی بن احمد واحدیؒ[3] نے اپنی مشہور تفسیر ''الوجیز فی تفسیر الکتاب العزیز'' میں بھی بیان کیے ہیں''[4]۔

### 2۔ برکت

امام طبریؒ[5] لکھتے ہیں: ''إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُبَرِّكُونَ عَلَى النَّبِيِّ مُحَمَّدٍ ﷺ''[6]۔ ''اللہ اور اُس کے فرشتے نبی ﷺ پر برکت نازل کرتے ہیں''۔

---

[1] مجاہد، مجاہد بن جبر (22ھ /642ء تا 104ھ/723ء)۔ کنیت ابو الحجاج حضرت ابن عباسؓ، ابن عمرؓ اور حضرت علیؓ سے احادیث روایت کرتے ہیں۔ آپ کے تفسیری اقوال زیادہ مستند ہوتے ہیں۔ (البخاري، محمد بن إسماعيل، التاريخ الكبير (دائرة المعارف)، ج ٧، ص ٤١١

[2] مجاهد بن جبر التابعي، تفسير مجاهد (مصر: دار الفكر الإسلامي الحديثة، ١٤١٠هـ/١٩٨٩م)، ص ٥٥٢

[3] واحدی (علی بن احمد واحدی نیشاپوری 1003ء (393ھ) 1075ء (468ھ) علمِ تفسیر، اسبابِ نزول اور عربی زبان کے مایہ ناز عالم تھے۔ انھوں نے اپنی مشہور تصنیف "الوجیز فی التفسیر" میں قرآن کی تفسیر کو آسان اور مختصر انداز میں پیش کیا۔ (عادل نويهض، معجم المفسرين: من صدر الإسلام وحتى العصر الحاضر (بيروت: مؤسسة نويهض الثقافية للتأليف والترجمة والنشر، ١٩٨٨)، ج ١، ص ٣٥٢

[4] الواحدي، علي بن أحمد، الوجيز في تفسير الكتاب العزيز (دمشق/بيروت: دار القلم، ١٤١٥هـ)، ص ٨٧٣

[5] محمد بن جریر طبری (224ھ/839ء– 310ھ/923ء) اسلامی تاریخ کے عظیم مفسر، محدث، فقیہ اور مورخ تھے۔ ( الداوودي، محمد بن علي، طبقات المفسرين، تحقيق: علي محمد عمر (بيروت: دار الكتب العلمية، ١٤٢٣هـ)، ج ٢، ص ١٠٤

[6] الطبري، محمد بن جرير، جامع البيان عن تأويل آي القرآن )مكة المكرمة: دار التربية والتراث)، ج ٢٠، ص ٣٢٠

### 3۔رحمت

ابو اللیث نصر بن محمد السمر قندي[1] بحر العلوم میں لکھتے ہیں کہ صلاۃ کی نسبت اللہ کی طرف ہو تو اس سے مراد رحمت اور مغفرت ہوتا ہے۔ ''وَالصَّلَاةُ مِنَ اللّٰہِ الرَّحْمَۃُ وَالْمَغْفِرَۃُ''[2]۔''اور صلاۃ کی نسبت اللہ کی طرف ہو تو اس سے مراد رحمت اور مغفرت ہے''۔

### 4۔رضامندی

امام قرطبیؒ[3] نے اپنی مشہور تفسیر "الجامع لأحکام القرآن "میں لکھا ہے کہ :''وَالصَّلَاۃُ مِنَ اللّٰہِ رَحْمَتُہُ وَرِضْوَانُہُ[4]''۔''اللہ کے لیے جب صلاۃ کا لفظ بولا جائے تو اس سے مراد اُس کی رحمت، اُس کی خوشنودی اور رضامندی بھی شامل ہوتی ہے''۔

### 5۔مغفرت

مقاتل بن سلیمانؒ[5] فرماتے ہیں: ''أَمَّا صَلَاۃُ الرَّبِّ عَزَّ وَجَلَّ فَالْمَغْفِرَۃُ لِلنَّبِيِّ ﷺ''[6]۔اسی معنی کو یحییٰ بن سلام[7] نے بھی اپنی تفسیر میں بیان کیا ہے، یعنی اللہ تبارک و تعالیٰ نبی کریم ﷺ کی مغفرت فرماتے ہیں، تو معلوم ہوا کہ جب لفظ "صلاۃ" کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی جائے تو اس سے مراد یہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نبی ﷺ کے لیے خصوصی مغفرت اور عنایت ہے۔ مقاتل بن سلیمان کے مطابق صلاۃ، مغفرت کا اظہار ہے، جو ہمیں اس اہم حقیقت کی طرف متوجہ کرتا ہے کہ نبی کریم ﷺ کی ذات نہ صرف ہدایت کا سرچشمہ ہے بلکہ وہ مغفرتِ ربانی کا بھی ذریعہ اور واسطہ ہیں۔ یہ تعبیر اس بات کی علامت ہے کہ نبی ﷺ کا مقام اللہ کے ہاں بے حد بلند ہے اور ان پر صلاۃ بھیجنا دراصل رحمت، مغفرت، رضا اور قربِ الٰہی کی ایک جامع تعبیر ہے۔

### 6۔نبی ﷺ کے ذکرِ خیر کی اشاعت

صلاۃ کا ایک معنی یہ بھی ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ پیارے نبی ﷺ کے ذکرِ خیر کو خوب بڑھاتے اور پھیلاتے ہیں۔ ''وَصَلَاۃُ

---

[1] سمرقندی، ابو اللیث نصر بن محمد (302ھ/ 910ء–375ھ/ 983ء) مفسر، فقیہ، محدث، واعظ اور صوفی بزرگ تھے۔ لقب امام الھدیٰ تھا۔( الذهبي، محمد بن أحمد، سير أعلام النبلاء )القاهرة: دار الحديث)، ج ١٨، ص ٣٥٢

[2] السمرقندي، نصر بن محمد، بحر العلوم )بيروت: دار الكتب العلمية)، ج ٣، ص ٧٢

[3] قرطبیؒ، ابو عبد اللہ محمد بن احمد بن محمد بن ابی بکر القرطبیؒ (610ھ– 671ھ) آپ کی تفسیر الجامع لأحکام القرآن فقہی و ادبی اعتبار سے معروف ہے۔(الداوودي، طبقات المفسرين، ج ٢، ص ١٧٤

[4] القرطبي، محمد بن أحمد، الجامع لأحكام القرآن )القاهرة: دار الكتب المصرية، ١٣٨٤ھ)، ج ١٤، ص ٢٣٢

[5] مقاتل بن سلیمان (80ھ/699ء –وفات150ھ/767ء) قاتل سلیمان کا پورا نام ابو الحسن مقاتل بن سلیمان بن بشیر ہے بلخ میں پیدا ہوئے کبار مفسرین میں انکا شمار ہوتا تھا ان کی تفسیر 'تفسیرِ مقاتل' کے نام سے مشہور ہے۔( ابن خلكان، وفيات الأعيان وأنباء أبناء الزمان، ج ٤، ص ٣٤١

[6] مقاتل بن سليمان، تفسير مقاتل بن سليمان )بيروت: دار إحياء التراث، ١٤٢٣ھ)، ج ٣، ص ٥٠٦

[7] یحییٰ بن سلام بن ابو ثعلبہ التیمی البصری القیروانی (124ھ تا200ھ) فقیہ، مفسر اور حدیث اور گرامر کے ماہر تھے انہوں نے الحسن بن دینار اور قرہ بن خالد سے تعلیم حاصل کی، جو کہ حسن بصری کے شاگرد تھے۔(يحيى بن سلام، تفسير يحيى بن سلام )بيروت: دار الكتب العلمية، ٢٠٠٤م)، ج ١، ص ١٠

اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ إِشَاعَةُ الْخَيْرِ عَنْهُ"[1]۔"اور اللہ عزّوجلّ کی صلاۃ کا مطلب ہے اُس (نبی ﷺ) کی خیر و برکت کو پھیلانا"۔

سابقہ اقوال اور تفسیری شروحات کی روشنی میں یہ مفہوم اخذ کیا جا سکتا ہے کہ جب 'صلاۃ' کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ہو تو اس سے مراد درج ذیل معانی ہوتے ہیں:

تعریف: اللہ تعالیٰ اپنے محبوب نبی ﷺ کی ثناء و مدح فرماتا ہے۔

برکت: نبی ﷺ کی ذات اور ان کے اعمال میں برکت عطا فرماتا ہے۔

رحمت: اللہ اپنی خاص رحمت نازل فرماتا ہے۔

رضامندی: اللہ تعالیٰ نبی کریم ﷺ سے راضی ہوتا ہے۔

مغفرت: اللہ تعالیٰ نبی ﷺ کے لیے خصوصی مغفرت کا اعلان فرماتا ہے۔

ذکرِ خیر کی اشاعت: اللہ تعالیٰ نبی ﷺ کے ذکر کو بلند کرتا ہے اور دنیا میں اسے عام فرماتا ہے۔

یہ تمام معانی نبی اکرم ﷺ کے بلند مقام، ربانی قرب، اور عظمت و شان کے آئینہ دار ہیں۔

امام اخفش کے نزدیک اللہ کی صلاۃ کا مطلب نبی کریم ﷺ کے ذکرِ خیر کی اشاعت ہے، جو قرآن کے معجزاتی پہلو سے جُڑا ہوا ایک مسلسل جاری پیغام ہے۔ اس طرح صلاۃ، اللہ اور اس کے محبوب ﷺ کے درمیان وہ نہ ٹوٹنے والا رشتہ ہے جو ثنا، برکت، مغفرت، رضا اور ذکر کے نور سے جگمگا رہا ہے اور امت کو نبی ﷺ سے جڑنے کا راستہ دکھا رہا ہے۔

مندرجہ بالا چھ معانی پر غور کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ جب قرآن کریم میں لفظ "صلاۃ" اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب ہوتا ہے تو یہ محض ظاہری دعائیہ کیفیت کا بیان نہیں رہتا بلکہ اس کے اندر کئی لطیف، گہرے اور روحانی معانی پوشیدہ ہوتے ہیں، جو نبی کریم ﷺ کی شانِ اقدس، مقامِ نبوت اور مرتبۂ قربِ الٰہی کی مختلف جہات کو نمایاں کرتے ہیں۔ جلیل القدر مفسرین نے اس لفظ کے تنوعِ معانی کو تفصیل سے بیان کیا ہے، جس سے یہ حقیقت منکشف ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کا نبی ﷺ پر "صلاۃ" بھیجنا نہ صرف ایک الٰہی اعلانِ ثنا ہے بلکہ ایک مربوط و مسلسل نظامِ فضیلت بھی ہے۔

## صلاۃ کی نسبت جب فرشتوں کی طرف ہو

جب "صلاۃ" کی نسبت اللہ کے فرشتوں کی طرف کی جاتی ہے تو اس کا مفہوم صرف عبادت یا رسمی دعا نہیں رہتا، بلکہ یہ نبی کریم ﷺ کی ذاتِ اقدس سے فرشتوں کے گہرے تعلق، عقیدت اور اطاعت کی جھلک بن کر سامنے آتا ہے۔ مفسرین و محدثین کے نزدیک فرشتوں کی صلاۃ، نبی اکرم ﷺ کے لیے دعا، تعظیم، ثنا، تزکیہ اور مغفرت طلب کرنے جیسے معانی کو اپنے اندر سموئے ہوتی ہے۔ یہ مفہوم صرف لغوی بنیاد پر نہیں بلکہ قرآنی سیاق، تفسیری روایت اور صحابہ و تابعین کے اقوال سے بھی تقویت پاتا ہے۔ اس میں الٰہی رحمت اور ملائکہ

---

[1] الأخفش، الحسن المجاشعي، معاني القرآن )القاهرة: مكتبة الخانجي، ١٤١١هـ)، ج ٢، ص ٤٨

کی دعائیں دونوں مجتمع ہو جاتی ہیں جو نبی ﷺ کی رفعتِ شان، مرکزیتِ رسالت اور مقام محمود کی واضح دلیل بنتی ہیں۔ لفظ صلاۃ کی نسبت جب فرشتوں کی طرف کی جائے تو اس سے مراد نبی کریم ﷺ کے حق میں مختلف معانی ہوتے ہیں، جو درج ذیل معانی پر دلالت کرتا ہے۔

## 1۔ نبی کریم ﷺ کی تعریف و توصیف

لفظ صلاۃ کا سب سے متبادر اور پہلا معنی ذکر خیر اور تعریف و توصیف ہی کا آتا ہے ابو اسحاق احمد بن ابراہیم ثعلبی[1] (**الكشف والبيان عن تفسير القرآن**) میں لکھتے ہیں: "**يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ، أَيْ: يُثْنُونَ**"[2]۔ یعنی فرشتے بھی نبی کریم ﷺ کی تعریف و توصیف کرتے اور ان کی اچھی صفات کو بیان کرتے ہیں۔

## 2۔ نبی کریم ﷺ کی تعظیم بیان کرنا

جب لفظ صلاۃ فرشتوں کے لیے بولا جائے تو اس سے مراد یہ ہوتا ہے کہ اللہ کے فرشتے حضور نبی کریم ﷺ کی تعظیم و تکریم کرتے ہیں، ان کے لیے دعا کرتے ہیں، اور اللہ سے ان کے مقام کی بلندی طلب کرتے ہیں۔

یعنی: وہ نبی اکرم ﷺ کے حق میں دعائے رحمت و مغفرت کرتے ہیں، ان پر درود و سلام بھیجتے ہیں اور ان کی شان و عظمت کا اعتراف کرتے ہوئے ادب و احترام کے ساتھ یاد کرتے ہیں۔ یہ تعظیم اس بات کی دلیل ہے کہ نبی کریم ﷺ نہ صرف انسانوں کے لیے بلکہ آپ ﷺ ملائکہ کے درمیان بھی واجب التعظیم و واجب التکریم ہستی ہیں۔ "**إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ: يَتَرَحَّمُونَهُ وَيُعَظِّمُونَهُ**"[3]۔

## 3۔ نبی کریم ﷺ کے لیے دعا کرنا

صلاۃ کا ایک معنی دعا کا بھی آتا ہے: مشہور تابعی مجاہد اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں: "**صَلَاةُ الْمَلَائِكَةِ عَلَيْهِ الدُّعَاءُ لَه**"[4]۔ محمد بن جریر طبری اپنی تفسیر میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا قول نقل فرماتے ہیں: "**عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَوْلُهُ: (إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ)، يَقُولُ: يُبَارِكُونَ عَلَى النَّبِيِّ. وَقَدْ يَحْتَمِلُ أَنْ يُقَالَ: تَدْعُوَ لَهُ مَلَائِكَتُهُ وَيَسْتَغْفِرُونَ، وَذَلِكَ أَنَّ الصَّلَاةَ فِي كَلَامِ الْعَرَبِ مِنْ غَيْرِ اللَّهِ إِنَّمَا هِيَ دُعَاءٌ**"[5]۔

یہاں سے پتہ چلتا ہے کہ فرشتوں کی طرف صلاۃ کی نسبت کے وقت آیت کا معنی یہ ہوگا کہ فرشتے حضور ﷺ کے لیے برکت کی دعا کرتے ہیں کیونکہ کلام عرب میں جب اللہ کے علاوہ کے لیے صلاۃ کا لفظ استعمال ہو تو اس کا بنیادی معنی دعا ہی کا ہوتا ہے۔ ابو الحسن علی بن

---

[1] ثعلبی، ابو اسحاق احمد بن محمد بن ابراہیم الثعلبی (350 ہجری (960ء) 427 ہجری (1035ء) مفسر اور مورخ تھے۔ ان کی تالیفات میں 'الکشف والبیان عن تفسیر القرآن' شامل ہے۔ (ابن خلكان، وفيات الأعيان وأنباء أبناء الزمان، ج ١، ص ٧٩

[2] الثعلبي، أحمد بن إبراهيم، الكشف والبيان عن تفسير القرآن )جدّة: دار التفسير، ١٤٣٦ھ)، ج ٢١، ص ٥٥١

[3] الآيجي، محمد بن عبد الرحمن، جامع البيان في تفسير القرآن )بيروت: دار الكتب العلمية، ١٤٢٤ھ)، ج ٣، ص ٣٦٦

[4] مجاهد، تفسير مجاهد، ص ٥٥٢

[5] الطبري، جامع البيان، ج ٢٠، ص ٣٢٢

احمد الواحدی نے التفسیر البسیط میں اس آیت کے ضمن میں ابن عباس رضی اللہ عنہ کا قول لکھا ہے: "الْمَلَائِكَةُ يَدْعُونَ لَهُ بِالرَّحْمَةِ"[1]۔

یہاں سے پتہ چلتا ہے کہ فرشتے جہاں برکت کی دعا کرتے ہیں وہاں نبی ﷺ پر رحمت کے نزول کی دعا بھی کرتے ہیں۔ اسی طرح ابو الحسن علی بن محمد سخاوی[2] نے اسی سے ملتا جلتا ایک معنی اس آیت کے ضمن میں لکھا ہے: "صَلُّوا عَلَيْهِ مَعْنَاهُ: إِنَّ ٱللَّهَ يَأْمُرُكُمْ وَيَأْمُرُ مَلَائِكَتَهُ أَنْ تَسْأَلُوا لِلنَّبِيِّ ﷺ ٱلرَّحْمَةَ"[3]۔ یعنی اللہ تبارک و تعالی تمہیں بھی اور فرشتوں کو بھی حکم دیتے ہیں کہ تم نبی ﷺ کے لیے رحمت کی دعا کرو۔

## 4۔ پاکیزگی اور تزکیہ کا بیان کرنا

ابو حفص سراج الدین عمر بن علی[4] نے اللباب فی علوم الکتاب میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہ سے اس آیت کی تفسیر میں ایک قول یہ بھی ذکر کیا ہے کہ فرشتے حضور نبی کریم ﷺ کا تزکیہ کرتے (پاکیزگی بیان کرتے) اور انہیں بہترین انسان گردانتے ہیں:

"عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ أَيْضًا: يُصَلُّونَ يَزَكُّونَ"[5]۔

## 5۔ نبی کریم ﷺ کے لیے مغفرت طلب کرنا

صلاۃ کا ایک معنی مغفرت و بخشش کی دعا بھی ہے اور مقاتل بن سلیمانؒ اپنی تفسیر میں اس مفہوم کی وضاحت کرتے ہیں: "وَأَمَّا صَلَاةُ الْمَلَائِكَةِ فَالِاسْتِغْفَارُ لِلنَّبِيِّ ﷺ"[6]۔ "جہاں تک فرشتوں کی صلاۃ (درود) کا تعلق ہے، تو اس سے مراد نبی کریم ﷺ کے حق میں اُن کا طلبِ مغفرت (یعنی استغفار کرنا) ہے"۔

یہی معنی محمد سہل بن عبد اللہ تستری[7] میں بھی اپنی تفسیر میں مراد لیا ہے"[8]۔

---

[1] الواحدي، التفسير البسيط، ج ١٨، ص ٢٨٩

[2] سخاوی، ابو الحسن علی بن محمد بن عبد اللہ بن علی، الشافعی، المعروف السخاوی، (831ھ/1427ء 902ھ/1497ء) جلیل القدر محدث اور مورخ تھے۔ (الزركلي، الأعلام، ج ٦، ص ٥٧

[3] السخاوي، علي بن محمد، تفسير القرآن العظيم )القاهرة: دار النشر للجامعات، ١٤٣٠هـ)، ج ٢، ص ١٢٧

[4] ابن ملقن، ابو حفص، عمر بن علی بن احمد الانصاری الزبیدی (723ھ/1323ء تا 804ھ/1401ء) میں اندلس یا قاہرہ میں پیدا ہوئے۔ محدث، فقیہ اور مورخ تھے۔ حدیث کے معتبر شارحین میں آپ کا شمار ہوتا ہے۔( الزركلي، الأعلام، ج ٥، ص ٤٦

[5] عمر بن علي بن عادل، اللباب في علوم الكتاب )بيروت: دار الكتب العلمية، ١٤١٩هـ)، ج ١٥، ص ٥٨٧

[6] مقاتل بن سليمان، تفسير مقاتل بن سليمان: ج ٣، ص ٥٠٦

[7] تستری، سہل بن عبد اللہ، کنیت ابو محمد اور لقب التستری (200ھ تا 283ھ) زاہد، عارف، صوفی اور مفسر قرآن تھے۔ اوائل صوفیہ میں شمار ہوتے ہیں اور رمزی و اشاری تفسیر کے بانیوں میں شامل ہیں۔ ان کی تفسیر تفسیر التستري تصوف کے نکات اور ایمانی معانی پر مشتمل تفسیر ہے۔(الزركلي، الأعلام، ج ٣، ص ٩٨

[8] التستري، سهل بن عبد الله، تفسير التستري )بيروت: دار الكتب العلمية، ١٤٢٣هـ)، ص ٣٣

## 6۔ برکت حاصل کرنا

لفظ صلاۃ کی نسبت جب فرشتوں کی طرف کی جائے تو اس کے معنی بیان کرتے ہوئے امام بغوی[1] ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہ کا ایک قول نقل کرتے ہیں: ''وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَيْضًا: يُصَلُّونَ يَتَبَرَّكُونَ''[2]۔ تبرک کا مطلب برکت حاصل کرنا ہوتا ہے۔ گویا فرشتے حضور نبی کریم ﷺ کے ذکر سے برکت حاصل کرتے ہیں۔

مندرجہ بالا تمام تفصیل پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ فرشتوں کی طرف صلاۃ کی نسبت کرنے سے مراد، جیسا کہ مفسرین نے واضح کیا ہے، نبی اکرم ﷺ کے لیے مدح و ثناء، دعا، مغفرت اور روحانی تعظیم کے متعدد مفاہیم ہیں، جو ایک جامع عقیدۂ نبوت کی تعبیر بھی ہیں۔ امام ثعلبی کے مطابق فرشتے نبی ﷺ کی تعریف و توصیف کرتے ہیں۔ یہ تعریف محض رسمی نہیں بلکہ صفاتِ نبویہ کو تسلیم اور اجاگر کرنے کا ایک مسلسل عمل ہے، جو اللہ کے مقرب بندوں (ملائکہ) کی طرف سے ہوتا ہے۔ اس سے نبی کریم ﷺ کی اخلاقی اور روحانی عظمت کا پہلو ظاہر ہوتا ہے۔ دوسری اہم جہت یہ ہے کہ فرشتے نبی ﷺ کے لیے دعائے رحمت و مغفرت کرتے ہیں، جیسا کہ مجاہد، طبری اور واحدی کی تفاسیر سے معلوم ہوتا ہے۔ عربی میں "صلاۃ" جب مخلوق کے لیے آئے تو اس کا بنیادی مفہوم دعا ہوتا ہے۔ اس بناپر فرشتوں کی صلاۃ دراصل رحمت کی درخواست اور نبی ﷺ کے مقامِ محمود کے استحقاق کا اقرار ہے۔ تیسری قابلِ غور بات یہ ہے کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کے مطابق فرشتے نبی ﷺ کا تزکیہ کرتے ہیں یعنی آپ کو پاک و طیب اور برگزیدہ قرار دیتے ہیں۔ یہ معنی نبی ﷺ کی طہارتِ سیرت اور عصمت پر روشنی ڈالتا ہے۔ مقاتل بن سلیمان اور سہل تستری کے نزدیک فرشتوں کی صلاۃ کا ایک مفہوم مغفرت طلبی ہے، جو نبی ﷺ کی امت کے لیے بالواسطہ رحمت کا وسیلہ بھی بنتی ہے۔ امام بغوی کے مطابق فرشتے نبی کریم ﷺ کے ذکر سے تبرک حاصل کرتے ہیں، جو اس بات کی علامت ہے کہ نبی ﷺ کا ذکر فیض رساں اور خیرِ مطلق کا سرچشمہ ہے۔

## صلاۃ کی نسبت جب مومنین کی طرف ہو

جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا ہے کہ لفظ صلاۃ کی نسبت جب اللہ تعالی کی طرف کی جائے تو اس سے مراد رحمت کا نزول ہوتا ہے اور جب اللہ کے غیر کی طرف کی جائے تو اس لفظ کا بنیادی معنی دعا کا ہوتا ہے۔ قرآن مجید کی سورۃ الاحزاب کی وہ عظیم آیت جس میں اللہ تعالیٰ، فرشتوں اور مومنین کے نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنے کا ذکر ہے، اس میں لفظ ''صلّوا عليه'' کی نسبت مومنین کی طرف کی گئی ہے۔ لغوی اور تفسیری رو سے جب "صلاۃ" کی نسبت اللہ کے غیر کی طرف ہو، تو اس کا بنیادی معنی دعا ہوتا ہے۔ لہذا مفسرین نے وضاحت کی ہے کہ مومنین کی طرف صلاۃ کی نسبت سے مراد یہ ہے کہ وہ نبی اکرم ﷺ کے لیے دعائے رحمت، برکت اور مغفرت کریں، آپ ﷺ کی تعظیم بیان

---

[1] بغوی، حسین بن مسعود بن محمد الفراء البغوی الشافعی رحمہ اللہ، (433ھ/1041ء تا 516ھ/ 1122ء)۔ ان کی تفسیر معالم التنزیل اہلِ علم میں معتبر شمار کی جاتی ہے۔ (الداوودي، طبقات المفسرين: ج ١، ص ١١١

[2] البغوي، حسين بن مسعود، معالم التنزيل في تفسير القرآن )الرياض: دار طيبة، ١٤١٧هـ)، ج ٦، ص ٣٧٢

کریں اور درود کے مخصوص الفاظ ادا کریں۔ چونکہ نبی اکرم ﷺ کی ذات امت کے لیے مرکزِ ایمان ہے، اس لیے مؤمنین کی صلاۃ صرف زبانی دعاؤں تک محدود نہیں، بلکہ دل میں تعظیم، توجہ اور محبت کی کیفیت پیدا کرنا اور اپنی زندگی میں سنتِ نبوی کی پیروی کرنا بھی اس عمل میں شامل ہے۔ امام بیضاوی نے اس روحانی نسبت کو "الاعتناء بشرفه" کے بلیغ مفہوم سے تعبیر کیا، جو اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ صلاۃ نبی ﷺ کے ساتھ محبت بھرے تعلق اور شعوری وابستگی کا عملی اظہار ہے اس کی تفصیل آگے آرہی ہے۔ چنانچہ صلاۃ مؤمنین ایک جامع عمل ہے جو عقیدت، دعا، تبرک، استغفار اور تعظیم شان کو جمع کرتا ہے۔ ذیل میں مختلف مفسرین کے حوالے سے یہ بات بیان کی گئی ہے کہ جب لفظ صلاۃ کی نسبت مومنین کی طرف کی جائے تو اس سے کیا معانی مراد ہوتے ہیں۔

## 1۔ تعظیم بیان کرنا

حضور نبی کریم ﷺ کی عظمت شان کو دل میں محسوس کرنا اور زبان سے بیان کرنا مومنین کا خاصہ ہے۔ محمد عبد الحق بن غالب اندلسی[1] کے مطابق: "**وَصَلَاةُ الْمُؤْمِنِينَ دُعَاءٌ وَتَعْظِيمٌ**"[2]۔ اسی سے ملتا جلتا معنی امام قرطبیؒ نے بھی اپنی تفسیر میں لکھا ہے۔ آپ فرماتے ہیں: "**وَمِنَ الْأُمَّةِ الدُّعَاءُ وَالتَّعْظِيمُ لِأَمْرِهِ**"[3]۔

یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ جہاں حضور نبی کریم ﷺ کی ذاتِ اقدس تعظیم کی مستحق ہے، وہیں آپ کا کلام، آپ کا فرمان، اور آپ کی سنت بھی مکمل تعظیم وادب کی حقدار ہے۔ کیونکہ جس ہستی پر خود اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں، جس کے لیے اللہ تعالیٰ مغفرت اور رحمت عطا فرماتا ہے اور جس کا ذکر خود ربِّ کائنات بلند فرماتا ہے، تو ایسی ہستی کا ہر قول، ہر فعل اور ہر اشارہ بھی ادب واحترام سے لیا جانا چاہیے یہی ایمان کا تقاضا ہے۔

## 2۔ دعا کرنا

حضور نبی کریم ﷺ پر صلاۃ کا ایک معنی یہ ہے کہ لوگ آپ ﷺ کے لیے دعا کرتے ہیں[4]۔ اسی بات کو امام محمد بن جریر طبریؒ اپنی مشہور تفسیر "**جامع البيان عن تأويل آى القرآن**" میں یوں ذکر کرتے ہیں کہ: "**يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ۔ يَقُولُ تَعَالَى ذِكْرُهُ: يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا ادْعُوا لِنَبِيِّ اللهِ مُحَمَّدٍ**" ﷺ[5]۔ "اے ایمان والو! اللہ کے نبی حضرت محمد ﷺ کے لئے دعا کرو"۔

یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ جب لفظ "صلاۃ" کی نسبت مؤمنین کی طرف کی جائے تو اس سے مراد دعا کرنا ہوتا ہے، چاہے

---

[1] ابن عطیہ، ابو محمد عبد الحق بن غالب بن عبد الرحمن بن عطیہ الاندلسی الغرناطی (481ھ/1088ء تا 546ھ/1151ء ایک فقیہ، مفسر، احادیث کے عالم اور زبان، ادب اور شاعری میں بھی ماہر تھے (الذهبي، محمد حسين، التفسير والمفسرون )القاهرة: مكتبة وهبة، ٢٠٠٠م)، ج ١، ص ٢٣٨

[2] ابن عطية، عبد الحق بن غالب، المحرر الوجيز في تفسير الكتاب العزيز )بيروت: دار الكتب العلمية، ١٤٢٢ھ)، ج ٤، ص ٣٩٨

[3] القرطبي، الجامع لأحكام القرآن: ج ١٤، ص ٢٣٢

[4] الأخفش، معاني القرآن، ج ٢، ص ٤٨

[5] الطبري، جامع البيان عن تأويل آي القرآن: ج ٢٠، ص ٣٢٢

وہ: رحمت کے نزول کی دعا ہو، برکت کے حصول کی دعا ہو، یا نبی کریم ﷺ کے درجات کی بلندی، مغفرت اور سلامتی جیسی دیگر دعائیں ہوں۔ یعنی مؤمنین جب نبی اکرم ﷺ پر صلاۃ بھیجتے ہیں تو دراصل وہ اللہ تعالیٰ سے التجا کرتے ہیں کہ :

وہ نبی ﷺ پر رحمت نازل فرمائے، ان کی شان کو مزید بلند کرے، ان پر برکتیں، سکون اور سلامتی نازل فرمائے۔

یہ دعا محبت، عقیدت اور ایمان کا عملی اظہار ہے اور مؤمن کا دل نبی کریم ﷺ کی تعظیم و محبت سے لبریز ہوتا ہے، جس کا مظہر درود و صلاۃ کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ نبی کریم ﷺ پر رحمت کے نزول کی دعا کرنے سے متعلق امام سمعانی[1] لکھتے ہیں: "**قَولُ الْقَائِلِ: اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ أَي: زِدْهُ بَرَكَةً وَرَحْمَةً، وَأَصْلُ الصَّلَاةِ فِي اللُّغَةِ: الدُّعَاءُ**"[2]۔

## 3۔ درود النبی ﷺ کے مخصوص الفاظ پڑھنا

سورۃ الاحزاب کی مذکورہ بالا آیت کی تفسیر میں امام نسفی[3] لکھتے ہیں: "**صَلُّوا عَلَيْهِ، أَي: قُولُوا! اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ، أَوْ صَلَّى اللَّهُ عَلَى مُحَمَّدٍ**"[4]۔

یعنی حضور نبی کریم ﷺ پر صلاۃ کا معنی یہ ہے کہ مخصوص الفاظ کے ساتھ اللہ تبارک و تعالیٰ سے التجا کی جائے اور حضور نبی کریم ﷺ پر رحمت، برکت، اور مغفرت کے نزول کی دعا کی جائے۔ یہ درود دراصل: اللہ کی بارگاہ میں ایک عاجزانہ دعا ہے، جس کے ذریعے مؤمن، نبی کریم ﷺ کے لیے بلند مرتبہ، دائمی برکت اور ربانی قرب کی التجا کرتا ہے اور اپنی محبت و عقیدت کا اظہار بھی کرتا ہے۔ یہی درود و صلاۃ ایمان کی علامت، اطاعتِ رسول ﷺ کا ذریعہ اور اللہ کی رضا کے حصول کا راستہ ہے۔

## 4۔ عظمتِ شان کے لائق معاملہ کرنا

اس کے لیے عربی میں **الاعتناء بشرفہ** اور **الاعتناء بشانہ** کی اصطلاح استعمال ہوتی ہے۔ امام بیضاوی[5] اپنی تفسیر (**انوار التنزیل و اسرار التاویل**) میں لکھتے ہیں: "**إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ، يَعْتَنُونَ بِإِظْهَارِ شَرَفِهِ وَتَعْظِيمِ شَأْنِهِ. يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ، اعْتَنُوا أَنْتُمْ أَيْضًا**"[6]۔

---

[1] سمعانی، منصور بن محمد بن عبد الجبار بن احمد تمیمی، سمعانی، مروزی، حنفی المسلک تھے (426ھ تا 489ھ) بعد میں شافعی مسلک اختیار کر لیا تھا۔ (السبكي، تاج الدين عبد الوهاب بن علي، طبقات الشافعية الكبرى )القاهرة: دار إحياء الكتب العربية)، ج ٥، ص ٣٣٥

[2] السمعاني، منصور بن محمد، تفسير القرآن (تفسير السمعاني) (الرياض: دار الوطن، ١٤١٨هـ)، ج ٤، ص ٣٠٤

[3] نسفی، جن کا پورا نام عبداللہ بن احمد بن محمود نسفی (661 ہجری/1263 تا 710ھ / 1310ء) متکلم اور مفسر تھے (الزركلي، الأعلام: ج ٤، ص ٨٨

[4] النسفي، عبد الله بن أحمد، مدارك التنزيل وحقائق التأويل )بيروت: دار الكلم الطيب، ١٤١٩هـ)، ج ٣، ص ٤٣

[5] بیضاوی، عبداللہ بن عمر، کنیت ابو سعید، اور لقب ناصر الدین البیضاوی، تقریباً 630ھ میں بیضاء (فارس، ایران) میں پیدا ہوئے اور تقریباً 685ھ میں تبریز میں وفات پائے۔ وہ مفسر، متکلم اور فقیہ شافعی تھے۔ ان کی مشہور تصنیف انوار التنزیل و اسرار التأویل ایک مختصر مگر جامع تفسیر ہے جو کلامی، نحوی اور بلاغی نکات سے مزین ہے (الزركلي، خير الدين، الأعلام، ج ٤، ص ٩٥

[6] البيضاوي، عبد الله بن عمر، أنوار التنزيل وأسرار التأويل )بيروت: دار إحياء التراث العربي، ١٤١٨هـ)، ج ٤، ص ٢٣٨

یہ ایسا مشترک معنی ہے کہ جس میں اللہ تبارک وتعالی، فرشتے اور مومنین تینوں ہی حضور نبی کریم ﷺ کی شان کے مطابق ان کے ساتھ توجہ کا برتاؤ رکھتے ہیں۔ اللہ کی طرف سے توجہ رحمت اور برکت کا نزول ہے اور ملائکہ اور مومنین کی طرف سے توجہ کی صورت یہ ہے کہ وہ ہر وقت نبی کریم ﷺ کے لیے دعا کرتے ہیں۔

## 5۔ مغفرت طلب کرنا

امام تستری نے اپنی تفسیر میں اس آیت کے ضمن میں لکھا ہے: "صَلُّوا عَلَيْهِ: أَيْ اسْتَغْفِرُوا لَهُ"[1]۔ یہی معنی ابو ثعلبہ یحیی بن سلام کی تفسیر میں بھی ملتا ہے۔

صلاۃ کی نسبت جب مومنین کی طرف ہو تو اس سے مراد معانی کو جامع طور پر یوں بیان کیا جاسکتا ہے کہ اس نسبت کے ذریعے نبی کریم ﷺ سے ایک شعوری اور عقیدت سے بھرپور عملی تعلق کا اظہار کیا جاتا ہے۔ مفسرین کے مطابق اس نسبت کے متعدد پہلو ہیں جو نبی اکرم ﷺ کی ذاتِ اقدس سے گہری محبت اور وفاداری کا مظہر ہیں۔ سب سے بنیادی مفہوم "صلاۃ" کا دعا ہے، جیسا کہ امام طبری، اخفش اور نسفی نے بیان کیا ہے کہ مؤمنین نبی کریم ﷺ کے لیے اللہ تعالیٰ سے رحمت، برکت اور مغفرت کی دعا کرتے ہیں۔ امام سمعانیؒ نے اس دعا کو درود کے مخصوص الفاظ کے ذریعے ادا کرنے کی ترغیب دی ہے، جیسے: "اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَعَلَىٰ آلِ مُحَمَّدٍ"۔ یہ الفاظ صرف رسمی یا زبانی جملے نہیں بلکہ: نبی کریم ﷺ کی عظمت کو دل سے تسلیم کرنے کا اظہار ہیں اور آپ کے لیے اللہ تعالیٰ سے ربانی رحمت، مقام بلند اور برکت طلب کرنے کا ذریعہ ہیں۔ یہی درود، محبت و وفاداری کا اعلان، عقیدت کا عملی اظہار اور ایمان کی گہرائی کا مظہر ہے، جو بندے کو نبی کریم ﷺ کے قرب اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے قریب لے جاتا ہے۔

دوسرا اہم پہلو تعظیم کا ہے جیسا کہ امام اندلسی اور بیضاوی نے ذکر کیا کہ مؤمن نبی ﷺ کی شانِ اقدس کو دل سے تسلیم کرتا ہے، ان کی اطاعت کو فرض جانتا ہے اور ان کی سیرت کو معیارِ حیات سمجھتا ہے۔ یہ تعظیم صرف زبانی نہیں بلکہ عملی اور جذباتی سطح پر ہوتی ہے۔

تیسری اہم جہت "الاعتناء بشرفه " ہے، یعنی نبی ﷺ کی ذاتِ مبارکہ کے ساتھ خصوصی توجہ، عقیدت اور اہتمام۔ امام بیضاوی نے یہ تعبیر اختیار کرکے نبی ﷺ سے مؤمن کے تعلق کو محض دعا یا تعظیم سے آگے بڑھا کر شعوری تعلق اور سنتِ نبوی کی پیروی سے جوڑ دیا۔ چوتھی جہت مغفرت طلبی کی ہے، جیسا کہ امام تستری اور مقاتل بن سلیمان نے کہا کہ مومنین نبی ﷺ کے لیے بخشش و مغفرت کی دعا کرتے ہیں، گویا درود نہ صرف عقیدت بلکہ قبولیت اور شفاعت کی طلب بھی ہے۔

### "سلام" کا اشتقاق، مادہ اور لغوی بنیادیں

لفظ "سلام" عربی زبان کا ایک نہایت بلند اور جامع مفہوم رکھنے والا لفظ ہے، جو مادہ: س، ل، م (سلم) سے مشتق ہے۔ اس کے اندر بنیادی طور پر سلامتی، امن، خیر اور آفات سے حفاظت جیسے معانی پوشیدہ ہیں۔ السلام (سلم) فعل سے اس پہ مصدر رہے اس لفظ کا اصل مادہ

[1] التستري، سهل بن عبد الله، تفسير التستري )بيروت: دار الكتب العلمية، ١٤٢٣هـ)، ص ٣٣

ہر شخص سلامتی پر دلالت کرتا ہے ابن فارس فرماتے ہیں: "السّينُ واللامُ مُعْظَمُ بابهِ من الصِّحَّةِ والعَافِيَةِ"[1]۔ "یعنی سین اور لام سے جتنے بھی ابواب آتے ہیں ان میں صحت اور عافیت کے معنی اکثر پائے جاتے ہیں"۔ امام راغب اصفہانی کے مطابق: "السِّلْمُ وَالسَّلَامَةُ التَّعَرِّي مِنَ الآفَاتِ الظَّاهِرَةِ وَالْبَاطِنَةِ"[2]۔ "یعنی اس لفظ کا مطلب یہ ہے کہ ظاہری اور باطنی آفات سے محفوظ ہونا"۔ قرآن حکیم میں (سلم) کا مادہ 140 دفعہ استعمال ہوا ہے"[3]۔

قرآن مجید میں اس لفظ کے معنی سے متعلق ابن جوزی[4] بتاتے ہیں کہ قرآنی استعمال میں پانچ طرح سے لفظ سلام آیا ہے"[5]۔

1۔ خود اللہ تعالی کی ذات کو السلام کہا جاتا ہے:

"هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوسُ السَّلَامُ"[6]۔

"وہ اللہ وہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، جو بادشاہ ہے، تقدس کا مالک ہے، سلامتی دینے والا ہے"۔

2۔ خیر اور اچھائی کی بات جیسا کہ اللہ تبارک و تعالی کا ارشاد ہے:

"فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلَامٌ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ"[7]۔

"لہذا (اے پیغمبر) تم ان کی پروانہ کرو، اور کہہ دو: سلام۔ کیونکہ عنقریب انھیں خود سب پتہ چل جائے گا"۔

3۔ لفظ سلام بول کر خوبصورت تعریف اور کسی کا اچھا تذکرہ بھی مراد لیا جاتا ہے۔

"سَلَامٌ عَلَىٰ نُوحٍ فِي الْعَالَمِينَ"[8]۔

"(کہ وہ یہ کہا کریں کہ) سلام ہو نوح پر دنیا جہان کے لوگوں میں"۔

4۔ ہر شر سے حفاظت جیسا کہ سورہ ہود میں حضرت نوح علیہ السلام کو اللہ تبارک و تعالی کی طرف سے بطور انعام فرمایا جارہا ہے۔

"قِيلَ يَا نُوحُ اهْبِطْ بِسَلَامٍ مِّنَّا وَبَرَكَاتٍ عَلَيْكَ"[9]۔

---

[1] ابن فارس، معجم مقاييس اللغة: ج ٣، ص ٩٠

[2] الأصفهاني، المفردات في غريب القرآن: ص ٤٢١

[3] عبد الله جلغوم، المعجم المفهرس الشامل لألفاظ القرآن الكريم: ص ٦٣١

[4] ابن جوزی، عبدالرحمن بن علی بن محمد بن علی الجوزی (510–597ھ) بغداد کے مشہور حنبلی عالم، واعظ، محدث اور مؤرخ تھے۔ ان کی 300 سے زائد تصانیف ہیں۔ (الذهبي، سير أعلام النبلاء : ج ٢١، ص ٣٦٥

[5] ابن الجوزي، عبد الرحمن بن علي، نزهة الأعين النواظر، ص ٣٥٨

[6] الحشر: 23

[7] الزخرف: 89

[8] الصافات: 79

[9] هود: 48

"فرمایا گیا کہ: اے نوح اب (کشتی سے) اتر جاؤ، ہماری طرف سے وہ سلامتی اور برکتیں لے کر جو تمہارے لیے بھی ہیں"۔
یعنی آپ کشتی سے اتریں اور آپ ہر طرح کے شر اور ڈوبنے کے خطرے سے محفوظ ہیں۔

5۔ دو مسلمانوں کے ملتے وقت وہ مخصوص الفاظ جو وہ بطور تحفے کے ایک دوسرے کے لیے بولتے ہیں یہ بھی سلام کا معروف معنی ہے اور اہل جنت کے تحیہ کو بھی سلام کہا جاتا ہے ارشاد باری تعالی ہے: "**فَإِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوتًا فَسَلِّمُوا عَلَىٰ أَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِنْ عِنْدِ اللَّهِ مُبَارَكَةً طَيِّبَةً**"[1]۔ "چنانچہ جب تم گھروں میں داخل ہو تو اپنے لوگوں کو سلام کیا کرو، کہ یہ ملاقات کی وہ بابرکت پاکیزہ دعا ہے جو اللہ کی طرف سے آئی ہے"۔

مندرجہ بالا تفصیل کو خلاصے کے طور پر یوں بیان کیا جا سکتا ہے کہ لفظ "سلام" قرآن و سنت میں صرف ایک رسمی کلمہ نہیں بلکہ اسلامی تہذیب کا بنیادی تصور ہے، جس کے ذریعے اللہ، انسان اور کائنات کے درمیان باہمی تعلقات میں امن، احترام اور خیر کی فضا قائم ہوتی ہے۔

قرآن کریم میں پہلا اور سب سے بلند مفہوم "سلام" کا وہ ہے جو اللہ تعالی کی ذاتِ مقدس کے لیے سورۃ الحشر میں استعمال ہوا، یہاں "السلام" کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ ہر عیب اور نقص سے پاک ہے اور وہ اپنے بندوں کے لیے امن و عافیت کا مصدر ہے۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اسلام میں سلام صرف امن کا مطالبہ نہیں، بلکہ الٰہی صفت کا عکس ہے۔

دوسرا اہم مفہوم وہ ہے جس میں "سلام" کو خیر اور حسنِ کلام کے لیے استعمال کیا گیا، جیسا کہ سورۃ زخرف میں آیا ہے، یہاں "سلام" نرم گفتاری، چشم پوشی اور دشمنی سے گریز کا پیغام ہے، جو دعوتِ اسلامی کے اخلاقی اسلوب کو ظاہر کرتا ہے۔

تیسرا استعمال وہ ہے جہاں "سلام" کسی نبی یا صالح شخصیت کے لیے بطور تعریف اور یادگار کے آتا ہے، جیسے حضرت نوح علیہ السلام کی تحسین میں خدائی فرمان اوپر ذکر کیا گیا ہے یہاں یہ کلمہ خدا کی طرف سے تحسین اور دائمی قبولیت کی علامت ہے۔

چوتھا پہلو "سلام" کا وہ استعمال ہے جو شر، عذاب یا ہلاکت سے حفاظت کے مفہوم میں آتا ہے۔

پانچواں اور سب سے معروف استعمال ہے تحیہ کے طور پر "السلام علیکم" کا، جو مسلمانوں کے باہمی تعلقات، اخوت اور اخلاقی سلامتی کا مظہر ہے۔ قرآن نے اسے "**تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُبَارَكَةً طَيِّبَةً**" قرار دیا، جو یہ ظاہر کرتا ہے کہ سلام کہنا محض معاشرتی ادب نہیں بلکہ عبادت اور سنت ہے۔

## لفظِ سلام کا اصطلاحی معنی

لفظ "سلام" قرآن مجید کی مختلف آیات میں مختلف معانی کے ساتھ استعمال ہوا ہے اور اس پر مفسرین نے گہرے غور و فکر کے ساتھ متعدد آرا پیش کی ہیں۔ "سلام" کا بنیادی تصور امن، خیر، تسلیم اور ادب پر قائم ہے، لیکن اس کا استعمال محض رسمی دعا یا تحیہ تک محدود نہیں بلکہ عقیدت، اطاعت اور رسولِ اکرم ﷺ سے تعلق کی مختلف صورتوں کو شامل کرتا ہے۔

---

[1] النور: 61

مفسرین کرام نے اس لفظ کو نبی کریم ﷺ کے ساتھ تعلق کے مختلف پہلوؤں سے جوڑا ہے، جیسے کہ ان پر دعا بھیجنا، ان کے احکام کو تسلیم کرنا، ان کی قبرِ مبارک پر سلام عرض کرنا اور نماز میں آپ ﷺ کے لیے دعائے سلامتی کرنا۔ ان تفاسیر سے اندازہ ہوتا ہے کہ قرآن کا حکم **"سَلِّمُوا تَسْلِيمًا"** ایک ہمہ گیر پیغام ہے جو صرف زبانی سلام پر نہیں بلکہ ایمانی اطاعت، ظاہری آداب اور عملی وفاداری کا تقاضا بھی کرتا ہے۔ قرآن حکیم کی مختلف آیات سے استدلال کرتے ہوئے لفظ سلام کے مختلف معانی مفسرین نے بیان کیے ہیں جن کو ذیل میں مختصراً بیان کیا جاتا ہے۔

## 1۔ تحیہ کرنا

محمد بن جریر طبری نے اپنی تفسیر جامع البیان میں لکھا ہے کہ یہاں تسلیما کا لفظ دلالت کرتا ہے کہ سلام سے مراد وہ آداب اور تسلیمات بجالانا ہے جو مسلمان آپس میں ملتے وقت ایک دوسرے کو کلمات کی صورت میں ادا کرتے ہیں۔ جیسے **ٱلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ ٱللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ** وغیرہ۔ آپ فرماتے ہیں: **"وَ سَلِّمُوا تَسْلِيمًا، يَقُولُ: وَحَيُّوهُ تَحِيَّةَ الإِسْلَامِ"**[1]۔

## 2۔ سلامتی کی دعا کرنا

**"وَقَوْلُهُ تَعَالَى: وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا، يَحْتَمِلُ وَجْهَيْنِ: وَسَلِّمُوا عَلَيْهِ بِالدُّعَاءِ لَهُ تَسْلِيمًا، أَيْ: سَلَامًا"**[2]۔

یعنی اس آیت میں حکم دیا گیا ہے کہ مومنوں کو کہ نبی ﷺ کے لیے سلامتی کی دعا کرتے رہیں۔

## 3۔ حکم بجالانا اور سرِ تسلیم خم کردینا

اس آیت کے پہلے حصے میں نبی ﷺ کے لیے **(صلوا عليه)** کے الفاظ کے ذریعے دعائے رحمت کا تذکرہ تو ہو چکا، اگلے حصے سے مراد یہ ہے کہ اس کی ہر بات پر سر تسلیم خم کردو اور اس کا حکم بجالاؤ۔

**"وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا، يَعْنِي: اخْضَعُوا لَهُ خُضُوعًا"**[3]۔ علامہ ماوردی[4] نے اس آیت کے معنی میں لکھا ہے کہ یہاں اس سے مراد نبی ﷺ کے حکم کو پوری طرح ماننا مراد ہے[5]۔ اسی سے متعلق علامہ نجم الدین النسفی لکھتے ہیں: **"وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا، وَقِيلَ: أَيِ: انْقَادُوا لِأَمْرِهِ وَحُكْمِهِ انْقِيَادًا"**[6]۔

---

[1] الطبري، جامع البيان عن تأويل آي القرآن: ج ٢٠، ص ٣٢٢

[2] الماوردي، علي بن محمد، تفسير الماوردي (النكت والعيون) (بيروت: دار الكتب العلمية)، ج ٤، ص ٤٢٢

[3] السمرقندي، بحر العلوم: ج ٣، ص ٧٢

[4] ماوردی، علی بن محمد کنیت (972ء تا 1058) ابوالحسن اور نسبت ماوردی ہے۔ آپ بصرہ میں درس و تدریس کیا کرتے تھے۔ (الزركلي، الأعلام، ج ١٨، ص ٦٤

[5] الماوردي، النكت والعيون: ج ٤، ص ٤٢٢

[6] النسفي، عمر بن محمد، التيسير في التفسير )تركيا: دار اللباب، ١٤٤٠ھ)، ج ١٢، ص ٢٠٠

## 4۔ نماز میں سلام کے کلمات کی ادائیگی

آیت مبارکہ میں جو( سلموا تسليما )کا حکم ہے اس سے مراد یہ ہے کہ اپنی نماز میں بھی نبی کریم ﷺ کے لیے سلامتی کی دعا مانگی جائے اور مخصوص الفاظ ادا کیے جائیں، ابن جوزی لکھتے ہیں:"وَمَعْنَى قَوْلِهِ: قَدْ عَلِمْنَا التَّسْلِيمَ عَلَيْكَ: مَا يُقَالُ فِي التَّشَهُّدِ: السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ"[1]۔یہی بات علامہ ابن کثیر نے بھی لکھی ہے جس کی مکمل تفصیل اپنے مقام پر باب دوم میں آئے گی۔

## 5۔روزہ مبارک پر حاضری کے وقت سلام کہنا

چونکہ خطاب عام ہے اور تمام مومنین کو شامل ہے اس لیے یہاں پر یہ معنی بھی مراد ہو سکتا ہے کہ صحابہ کرام تو رسول کریم ﷺ کے پاس جائیں آداب وتسلیمات بجالائیں اور ان کے احکامات کی خوب پیروی کریں اور جو زمانہ نبوت کو نہ پاسکیں انہیں بھی یہ حکم ہے کہ وہ حضور نبی کریم ﷺ کی قبر مبارک پر حاضر ہو کر سلام پیش کریں اور جب آپ کا ذکر مبارک کیا جائے تب بھی سلام پیش کریں۔امام قرطبیؒ لکھتے ہیں:"قوله تعالى:(وَسَلِّمُوا تَسْلِيماً) قَالَ الْقَاضِي أَبُو بَكْرِ بْنُ بُكَيْرٍ:" نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ فَأَمَرَ اللَّهُ أَصْحَابَهُ أَنْ يُسَلِّمُوا عَلَيْهِ. وَكَذَلِكَ مَنْ بَعْدَهُمْ أُمِرُوا أَنْ يُسَلِّمُوا عَلَيْهِ عِنْدَ حُضُورِهِمْ قَبْرَهُ وَعِنْدَ ذِكْرِهِ"[2]۔

یہاں یہ بحث بھی مفید ہے کہ نبی کریم ﷺ پر سلام بھیجنے کے مواقع کون کون سے ہیں؟ اس سے متعلق علامہ ابن جزی[3] لکھتے ہیں:"وَقَدِ اخْتَلَفَتِ الرِّوَايَاتُ فِي ذَلِكَ اخْتِلَافًا كَثِيرًا، أَمَّا السَّلَامُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ فَيَحْتَمِلُ أَنْ يُرِيدَ السَّلَامَ عَلَيْهِ فِي التَّشَهُّدِ فِي الصَّلَاةِ، أَوِ السَّلَامَ عَلَيْهِ حِينَ لِقَائِهِ، وَأَمَّا السَّلَامُ عَلَيْهِ بَعْدَ مَوْتِهِ، فَقَدْ قَالَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:مَنْ سَلَّمَ عَلَيَّ قَرِيبًا سَمِعْتُهُ، وَمَنْ سَلَّمَ عَلَيَّ بَعِيدًا أُبْلِغْتُهُ، فَإِنَّ اللَّهَ حَرَّمَ عَلَى الْأَرْضِ أَنْ تَأْكُلَ أَجْسَادَ الْأَنْبِيَاءِ"[4]۔

یعنی نبی کریم ﷺ پر سلام بھیجنے کا ایک موقع یہ ہے کہ جب نماز میں تشہد پڑھی جائے تو آپ پر سلام بھیجا جائے اور جب آپ سے کہیں بھی ملاقات ہو تب بھی آپ کو سلام کیا جائے اور آپ کے اس دنیا سے پردہ فرمانے کے بعد جب آپ کی قبر مبارک پر حاضری ہو تب بھی سلام پیش کیا جائے اور جب رسول کریم ﷺ کا تذکرہ کیا جائے تب بھی آپ ﷺ پر سلام بھیجا جائے۔اس کے علاوہ نبی ﷺ کے ہر حکم پر سر تسلیم خم کر دینا بھی سلام بجالانے ہی کی ایک صورت ہے۔قرآن مجید کے حکم "**سَلِّمُوا تَسْلِيمًا**" پر مفسرین نے جس تفصیل سے بحث کی ہے، وہ اس بات کو واضح کرتی ہے کہ لفظ "سلام" صرف زبانی دعا نہیں بلکہ نبی کریم ﷺ سے تعلق کے مختلف عملی اور قلبی پہلوؤں کا نمائندہ ہے۔دیکھا جائے تو سب سے بنیادی معنی جو اکثر مفسرین جیسے امام طبری اور ابن جوزی نے ذکر کیا، وہ نبی کریم ﷺ پر زبان سے

---

[1] ابن الجوزي، عبد الرحمن بن علي، زاد المسير في علم التفسير )بيروت: دار الكتاب العربي، الطبعة الأولى، ١٤٢٢ھ)، ج ٣، ص ٤٨١

[2] القرطبي، الجامع لأحكام القرآن: ج ١٤، ص ٢٣٢

[3] ابن جُزَی، جن کا پورا نام محمد بن احمد بن جُزَی الکلبی الغرناطی تھا (693ھ / 1294ء تا 741ھ 1340ء)۔وہ ایک جلیل القدر مفسر، فقیہ، اور قاضی تھے۔ اور اندلس کے مالکی اشعری عالم اور عرب نسب کے مشہور شاعر تھے۔(عادل نويهض، مُعجم المفسّرين:من صدر الإسلام وحتّى العصر الحاضر، ص ٤٧

[4] ابن جُزَي، محمد بن أحمد الغرناطي، التسهيل لعلوم التنزيل)بيروت:شركة دار الأرقم بن أبي الأرقم، ١٤١٦ھ)، ج ٢، ص ١٥٨

سلام پیش کرنا ہے۔ یہ تحیہ ایک مسلمان کا اخلاص کا اظہار ہے، جو باہمی ادب، عزت اور رحمت کی فضا کو جنم دیتا ہے۔

دوسرا بڑا مفہوم نبی ﷺ کے لیے سلامتی کی دعا کرنا ہے، جس میں دعا گوئی کے ساتھ ساتھ قلبی تعلق اور خیر خواہی بھی شامل ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ سلام، رسول ﷺ سے ایک زندہ تعلق کو استوار کرنے کا ذریعہ ہے۔

تیسرا نکتہ جو علامہ ماوردی، نسفی اور بیضاوی جیسے مفسرین نے بیان کیا، وہ "سلام" کو اطاعت، انقیاد اور تسلیم کے معنوں میں لیتا ہے۔ یعنی مومن صرف زبانی دعا پر اکتفا نہیں کرتا، بلکہ نبی ﷺ کے ہر حکم کو پوری دلجمعی کے ساتھ قبول کرتا ہے۔ یہ سلام دراصل عقیدت کے ساتھ عملی پیروی کی علامت بن جاتا ہے۔ مزید برآں، سلام کو نماز کے تشہد میں شامل کر کے اس کو عبادت کا مستقل جز قرار دینا اس بات کی دلیل ہے کہ سلام دینِ اسلام میں صرف تعلق یا محبت نہیں بلکہ عقیدے اور عبادت کا حصہ بھی ہے۔

قبرِ انور پر حاضری کے وقت سلام کہنا یا نبی کریم ﷺ کے تذکرے کے وقت درود و سلام پیش کرنا اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ اسلام میں رسول اللہ ﷺ کی ذات سے تعلق محض زمانی نہیں بلکہ دائمی اور زندہ تعلق ہے۔

## خلاصہ بحث

لفظ صلاۃ کے اشتقاقی معانی میں امام راغب اصفہانی، ابن فارس اور ابن منظور جیسے معتبر لغوی علماء نے "دعا، جھکاؤ، وابستگی، تداوم اور آگ سے حفاظت" جیسے معانی ذکر کیے ہیں۔ جب صلاۃ کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی جاتی ہے تو مختلف مفسرین جیسے مجاہد، طبری، قرطبیؒ، واحدی اور سمرقندی نے اس سے مراد ثناء، رحمت، برکت، مغفرت، رضامندی اور ذکرِ خیر کی اشاعت لی ہے۔ سی طرح جب "صلاۃ" کی نسبت فرشتوں کی طرف کی جاتی ہے تو مفسرین نے اس کا مطلب لیا ہے کہ فرشتے نبی کریم ﷺ کے لیے: دعا کرتے ہیں، تعظیم اور تکریم کا اظہار کرتے ہیں، نبی کریم ﷺ کی تعریف و ثناء بیان کرتے ہیں، تزکیہ (پاکیزگی کی گواہی) دیتے ہیں، استغفار (اللہ سے مغفرت کی دعا) کرتے ہیں اور برکت کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں۔ لفظ "صلاۃ" جب مختلف نسبتوں کے ساتھ آتا ہے تو اس کے معانی بھی فاعل کے مطابق بدل جاتے ہیں، لیکن سب کی روح یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ کے مقام و مرتبہ کو تسلیم کیا جائے، ان پر رحمت و برکت نازل ہو، اور ان کی شان کو بلند کیا جائے۔ یہ در حقیقت ایمان، ادبِ رسالت، اور محبتِ مصطفی ﷺ کا عملی اور قلبی اظہار ہے۔ امام ثعلبی، نسفی، طبری، سمرقندی اور دیگر مفسرین کی تفاسیر سے بھی یہ مفہوم واضح ہوتا ہے۔ ان تفسیری آراء سے یہ حقیقت ابھرتی ہے کہ صلاۃ دراصل زبان، دل اور عمل کا وہ جامع تعلق ہے جو اللہ تعالیٰ، ملائکہ اور مومنین تینوں ہی کو نبی کریم ﷺ کی ذات اقدس سے جوڑتا ہے اور اس کے اندر دعا، ادب، توجہ اور اطاعت کے تمام عناصر جمع ہو جاتے ہیں۔

لفظ سلام بھی عربی زبان کے اس مادہ (س-ل-م) سے ہے جو امن، عافیت اور آفات سے حفاظت پر دلالت کرتا ہے جیسا کہ ابن فارس، راغب اور دیگر لغویین نے بیان کیا۔ قرآن کریم میں اس کا استعمال مختلف سیاق میں ہوا ہے، جن کی تفصیل ابن جوزی اور دیگر مفسرین کی آرا میں ملتی ہے۔ سلام کو قرآن میں اللہ تعالیٰ کا وصف، نبیوں کی مدح، خیر کی بات، شر سے حفاظت اور مومنین کا باہمی تحیہ قرار دیا گیا ہے۔ اس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ سلام محض کلمات نہیں بلکہ اسلام کے پورے فکری اور اخلاقی نظام کا مرکزی عنصر ہے۔ "سلام" کی قرآنی آیات پر مفسرین کی آرا کو دیکھا جائے تو امام طبری، نسفی، ماوردی، قرطبیؒ، ابن جزی اور ابن جوزی وغیرہ نے اس کے اندر تحیہ، دعائے سلامتی،

اطاعت، سرِ تسلیم خم کرنا، نماز میں شامل دعا اور نبی کریم ﷺ کی قبر پر یا تذ کرے کے وقت سلام پیش کرنا جیسے مختلف معانی کو جمع کیا ہے۔ ان تمام معانی کو یکجا کیا جائے تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ "سلام" نبی کریم ﷺ کی ذات سے قلبی، زبانی اور عملی تعلق کو ظاہر کرتا ہے اور اس کے اندر اخلاص، تواضع، وفاداری اور حسنِ عقیدت کی جھلک موجود ہے۔

صلاۃ اور سلام دونوں کا تعلق صرف الفاظ یا شعائر تک محدود نہیں بلکہ یہ دونوں الفاظ مومن کی شخصیت، نبی سے تعلق اور اسلامی معاشرتی رویوں کی جامع نمائندگی کرتے ہیں۔ ان کے ذریعے ایک طرف اللہ تعالیٰ، ملائکہ، اور مومنین نبی کریم ﷺ پر محبت، عقیدت اور اطاعت کا اظہار کرتے ہیں، تو دوسری طرف ان الفاظ کے ذریعے ایک روحانی نظام ارتباط قائم ہوتا ہے، جو دنیا و آخرت میں نبی کریم ﷺ کی عظمت و رفعت کو برقرار رکھنے کا ذریعہ بنتا ہے۔ ان تفسیری و لغوی تجزیات سے یہ بات بھی واضح ہوتی ہے کہ "صلاۃ و سلام" صرف عباداتی وظائف نہیں، بلکہ عقیدت، اطاعت، دعا، ادب اور تعلقِ رسالت کا مکمل اظہار ہیں، جو ہر مومن کے لیے زندگی بھر کا روحانی وظیفہ اور ایمانی شعار بننا چاہیے۔

## فصل دوم: درود النبی ﷺ کا شرعی حکم اور اس کی اہمیت

درود النبی ﷺ پڑھنا اسلامی تعلیمات کے مطابق ایک مستحب اور افضل عبادت ہے، اور بعض مواقع پر اس کا پڑھنا واجب یا فرض کے قریب ہو جاتا ہے۔ یہ عمل نہ صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کا ذریعہ ہے بلکہ رسول کریم ﷺ سے محبت و عقیدت کے اظہار کا بھی ایک خاص طریقہ ہے۔ درود النبی ﷺ کے ذریعے اللہ کی رحمت حاصل ہوتی ہے اور انسان کے دل میں نبی کریم ﷺ کی محبت مزید بڑھتی ہے۔ یہ دعا کی قبولیت کا اہم ذریعہ بھی ہے، کیونکہ اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی رحمت متوجہ ہوتی ہے اور حاجات پوری ہونے میں مدد ملتی ہے۔ درود النبی ﷺ گناہوں کی معافی اور درجات کی بلندی کا باعث ہے، یہ عمل انسان کے دل کو پاکیزگی عطا کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی قربت کا ذریعہ بنتا ہے۔ درود النبی ﷺ پڑھنے والا اللہ اور رسول کریم ﷺ کے قریب ہو جاتا ہے اور اس کی زندگی میں برکت اور سکون پیدا ہوتا ہے۔ قیامت کے دن درود النبی ﷺ پڑھنے والوں کے لیے آسانی اور نبی کریم ﷺ کی شفاعت کی امید رکھی گئی ہے۔ درود النبی ﷺ نہ صرف ایک بابرکت عبادت ہے بلکہ ایمان کی زیادتی کا سبب بھی ہے۔ اس کے ذریعے اللہ کی رحمت حاصل کی جاسکتی ہے، دعا کی قبولیت میں اضافہ ہوتا ہے اور آخرت میں کامیابی کی راہ ہموار ہوتی ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم درود النبی ﷺ کو اپنی زندگی کا مستقل وظیفہ بنالیں تاکہ دنیا اور آخرت میں کامیابی حاصل کر سکیں۔

### درود النبی ﷺ پڑھنے کا شرعی حکم

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں نبی کریم ﷺ کی عظمت اور شان کو بلند کرنے کے متعدد انداز اختیار فرمائے ہیں۔ ان میں سے ایک عظیم الشان مقام وہ ہے جہاں اللہ تعالیٰ خود اپنے محبوب نبی ﷺ پر درود بھیجنے کا ذکر فرماتا ہے اور فرشتوں کو بھی اس کا حکم دیتا ہے، پھر اہل ایمان کو بھی اس بابرکت عمل کا مکلف بنا کر انہیں یہ تاکید کی جاتی ہے کہ وہ نبی اکرم ﷺ کی شان میں صلاۃ و سلام بجالائیں۔ یہ حقیقت اس بات کی واضح دلیل ہے کہ نبی کریم ﷺ کا مقام و مرتبہ تمام مخلوقات میں سب سے بلند ہے اور ان پر درود و سلام بھیجنا درحقیقت ایک عظیم سعادت اور ایمان کا تقاضا ہے۔

ذیل میں مستند حوالہ جات کے ساتھ یہ بات ذکر کی گئی ہے کہ آیتِ مبارکہ کے مقتضیٰ کو دیکھتے ہوئے زندگی میں کم از کم ایک بار درود النبی ﷺ پڑھنا فرض ہے۔ نماز میں التحیات کے بعد درود پڑھنا فقہاء کے اختلاف کے مطابق واجب یا سنت مؤکدہ ہے، اسی طرح نبی کریم ﷺ کا نام سننے پر درود پڑھنا ضروری ہے۔ زیادہ سے زیادہ درود النبی ﷺ پڑھنا مستحب اور باعثِ مغفرت و قربِ الٰہی ہے۔

### درود النبی ﷺ کا وجوب قرآنِ مجید کی روشنی میں

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: **"إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا"**[1]۔ "بیشک اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود بھیجتے ہیں۔ اے ایمان والو! تم بھی ان پر درود بھیجو، اور خوب سلام بھیجا کرو"۔

[1] الاحزاب:56

اس آیت کے دوسرے حصے میں ایمان والوں کو صریح حکم دیا جارہا ہے کہ وہ نبی اکرم ﷺ پر صلاۃ وسلام بھیجا کریں اور اس کے لئے صیغہ امر کا استعمال کیا گیا ہے جو کہ اس کے واجب ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ یہ آیت مبارکہ رسول اللہ ﷺ کے بلند مقام اور عظمت کی ایک واضح دلیل ہے، جس میں اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ پر درود وسلام بھیجنے کا ذکر کیا اور مومنین کو بھی اس عمل کی ترغیب دی۔ یہاں "**يُصَلُّونَ**" کا مفہوم اہم ہے:

اللہ تعالیٰ کے درود بھیجنے سے مراد نبی کریم ﷺ کی تعظیم، مدح و ثنا اور ان کے درجات کی بلندی ہے۔

فرشتوں کے درود بھیجنے سے مراد نبی کریم ﷺ کے لیے دعائے رحمت اور مغفرت کرنا ہے۔

"**صلُّوا عَلَيهِ**" کا مطلب یہ ہے کہ ہم نبی کریم ﷺ کے لیے اللہ تعالیٰ سے رحمت اور برکت کی دعا کریں۔

"**وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا**" یعنی نبی کریم ﷺ کو سلام بھیجیں، جس میں ادب، تعظیم اور مکمل اطاعت شامل ہے۔

امام قرطبیؒ نے لکھا ہے: "**اَلصَّلَاةُ عَلَى اَلنَّبِيِّ ﷺ تَعْنِي اَلدُّعَاءَ لَهُ بِأَنْ يَرْفَعَ اَللَّهُ دَرَجَاتِهِ وَيَزِيدَهُ عِزًّا وَشَرَفًا**"۔ "درود بھیجنے کا مطلب یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ کی شان میں اللہ تعالیٰ سے دعا کی جائے کہ وہ آپ کے درجات بلند کرے اور آپ کو مزید عزت و شرف عطا فرمائے"[1]۔

علامہ آلوسیؒ[2] لکھتے ہیں: "**هٰذِهِ الآيَةُ تَدُلُّ عَلَى عَظَمَةِ النَّبِيِّ ﷺ الْبَالِغَةِ، حَيْثُ إِنَّ اللهَ تَعَالَى صَلَّى عَلَيْهِ بِنَفْسِهِ، وَأَمَرَ الْمَلَائِكَةَ بِذَلِكَ، ثُمَّ كَلَّفَ الْمُؤْمِنِينَ أَيْضًا بِهٰذَا الْعَمَلِ**"[3]۔ "یہ آیت نبی کریم ﷺ کی بے پناہ عظمت پر دلالت کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے خود بھی نبی کریم ﷺ پر درود بھیجا اور فرشتوں کو بھی اس کا حکم دیا، پھر اہل ایمان کو بھی اس عمل کا مکلف بنایا"۔

مندرجہ بالا تصریحات پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن مجید کی سورۃ الاحزاب کی آیت "**إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ**..." نبی کریم ﷺ کے بلند مقام کی دلیل ہے۔ اس آیت میں "**يُصَلُّونَ**" کے مفہوم کو واضح کیا گیا کہ اللہ کا درود بھیجنا نبی کریم ﷺ کی تعظیم، مدح و ثنا اور درجات کی بلندی کا اظہار ہے، جبکہ فرشتوں کا درود ان کے لیے دعائے رحمت ہے۔ اسی طرح، اہل ایمان کو بھی نبی کریم ﷺ پر درود و سلام بھیجنے کا باقاعدہ صیغہ امر کے ساتھ حکم دیا گیا ہے جس سے اس عمل کے تمام عمر میں کم از کم ایک بار واجب ہونے پر واضح استدلال کیا جاسکتا ہے۔ امام ابن کثیرؒ، امام قرطبیؒ اور علامہ آلوسیؒ جیسے جلیل القدر مفسرین نے اس آیت کی تفسیر میں نبی کریم ﷺ کے مقام و مرتبے کو اجاگر کیا ہے۔ امام قرطبیؒ کے مطابق درود بھیجنے کا مطلب نبی کریم ﷺ کے درجات کی بلندی کی دعا کرنا ہے، جبکہ علامہ آلوسیؒ اسے نبی کریم ﷺ کی بے پناہ عظمت کی دلیل قرار دیتے ہیں۔ یہ آیت ہمیں اس حقیقت کی طرف متوجہ کرتی ہے

---

[1] القرطبي، الجامع لأحكام القرآن: ج ١٤، ص ٢٣٣

[2] آلوسی، شہاب الدین سید محمود بن عبد اللہ الحسینی آلوسی بغدادی (1802ء1217ھ تا 1854ء1270ھ) مفسر، فقیہ، متکلم اور عراقی عالم تھے۔ ان کی تفسیر روح المعانی ادبی و عقلی تفاسیر میں اہم مقام رکھتی ہے۔ الزرکلی، الأعلام: ج ٧، ص ١٧٢

[3] الآلوسي، محمود بن عبد الله، روح المعاني )بيروت: دار إحياء التراث العربي، ١٩٩٤م)، ج ٢٢، ص ٣٦

کہ نبی کریم ﷺ پر درود و سلام بھیجنا نہ صرف اللہ اور اس کے فرشتوں کا عمل ہے، بلکہ یہ ایک ایمانی تقاضا بھی ہے جو ہمیں ادب، تعظیم اور اتباعِ رسول ﷺ کی عملی ترغیب دیتا ہے۔

## درود النبی ﷺ کا وجوب احادیثِ مبارکہ کی روشنی میں

رسول اللہ ﷺ پر درود و سلام بھیجنا دینِ اسلام کا ایک نہایت اہم اور مبارک عمل ہے، جو نہ صرف محبت و عقیدت کا تقاضا ہے بلکہ ایک عظیم سعادت اور اجر و ثواب کا ذریعہ بھی ہے۔ احادیث مبارکہ میں ایسے افراد کے بارے میں سخت وعید آئی ہے جو نبی کریم ﷺ کا ذکر سن کر درود نہیں بھیجتے۔ جب کسی عمل کے ترک پر شدید وعید آ جائے تو یہ بھی اس کے واجب ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ درج ذیل احادیث سے یہ واضح ہوتا ہے کہ درود نہ پڑھنا ایک بڑا نقصان اور محرومی کا سبب ہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ[1] سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "رَغِمَ أَنْفُ رَجُلٍ ذُكِرْتُ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ"[2]۔ "وہ شخص ہلاک ہو جائے جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے"۔

یہ حدیث دراصل ایک نہایت شدید وعید اور سخت بددعا پر مشتمل ہے۔ عربی زبان میں "رَغِمَ أَنْفُ" کا مطلب ہے "ناک خاک آلود ہو جائے"، جو شدید محرومی، ذلت اور ہلاکت کی علامت ہے۔ یعنی جو شخص نبی کریم ﷺ کا ذکر سن کر بھی درود نہ بھیجے، وہ محرومی و ہلاکت کے دہانے پر کھڑا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "البَخِيلُ مَن ذُكِرْتُ عِندَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ"[3]۔ "وہ شخص بخیل ہے جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے"۔ درود النبی ﷺ پڑھنا اللہ کی رحمت کو اپنی جانب متوجہ کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ جو شخص نبی کریم ﷺ پر درود بھیجتا ہے، اس پر اللہ کی خاص عنایات ہوتی ہیں۔ درود پڑھنے والے پر اللہ کی رحمت نازل ہوتی ہے۔

مذکورہ احادیث سے ملتی جلتی احادیث، جنہیں باب سوم میں ذکر کیا گیا ہے، ان کی روشنی میں چند اہم نکات سامنے آتے ہیں:

1. درود نہ پڑھنا محرومی و ہلاکت کا سبب ہے: رسول اللہ ﷺ نے ایسے شخص کے لیے سخت الفاظ استعمال کیے، جو اس کے انجام کی سنگینی کو ظاہر کرتے ہیں۔

---

[1] ابو ہریرہ (عبد الرحمٰن بن صخر (602ء تا 679ء)۔ ایک روایت میں یہ بھی آتا ہے کہ اسلام لانے سے پہلے ان کا نام عبد الشمس تھا اور کنیت ابو الاسود تھی، لیکن اسلام لانے کے بعد رسول اللہ ﷺ نے ان کا نام تبدیل کر کے عبد اللہ رکھ دیا اور کنیت ابو ہریرہ رکھ دی۔( الذهبي، سير أعلام النبلاء، ج ٢، ص ٥٧٨

[2] الترمذي، محمد بن عيسى، سنن الترمذي (القاهرة: دار الحديث، ٢٠٠٠م)، كتاب الدعوات عن رسول الله ﷺ، باب قول رسول الله ﷺ: "رغم أنف رجل"، حديث رقم ٣٥٤٥

تخريج: تفرد به المؤلف، والجملة الأخيرة عند مسلم في البر والصلة 3 (2551) (تحفة الأشراف: 12977)، ومسند أحمد (254/2)(حسن صحيح)قال الشيخ الألباني: حسن صحيح، المشكاة (927)، التعليق الرغيب (283/2)، فضل الصلاة على النبي ﷺ

[3] الترمذي، سنن الترمذي، كتاب الدعوات عن رسول الله ﷺ، باب قول رسول الله ﷺ: "رغم أنف رجل"، حديث ٣٥٤٦

تخريج: تفرد به المؤلف (أخرجه النسائي في الكبرى) (تحفة الأشراف: 3412) (صحيح)

2. درود نہ پڑھنا بد بختی کی علامت ہے: کیونکہ یہ نبی کریم ﷺ کی محبت سے محرومی کا نتیجہ ہوتا ہے۔
3. درود نہ بھیجنے والے کو بخل کی صفت سے تعبیر کیا گیا ہے: جو ظاہر کرتا ہے کہ یہ عمل درحقیقت ایک روحانی کمزوری ہے۔
4. جبریلؑ کی بد دعا اور نبی کریم ﷺ کا اس پر آمین کہنا: اس بات کی دلیل ہے کہ ایسا شخص اللہ کی رحمت سے محروم ہے۔
5. وجوبیت کا پہلو، جب کسی عمل کو ترک کرنے پر شدید وعیدیں دی جائیں، تو فقہاء کے نزدیک اس کے وجوب کا مفہوم نکلتا ہے، یعنی درود پڑھنا لازم ہے اور اس سے غفلت کرنا ایک بڑا نقصان ہے۔

درود النبی ﷺ پڑھنا ہر مسلمان کی محبت، عقیدت، ایمان اور سعادت کا عملی ثبوت ہے۔ جو شخص رسول اللہ ﷺ پر درود بھیجنے سے غفلت برتتا ہے، وہ سخت نقصان میں ہے اور نبی کریم ﷺ کی شفاعت سے محروم رہ سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ محدثین، اولیاء کرام اور تمام اہل علم نے درود کی کثرت پر زور دیا ہے اور اسے ایک اہم عبادت قرار دیا ہے۔

نبی کریم ﷺ پر درود و سلام بھیجنا ایک عظیم الشان عبادت اور ایمان کا اہم جز ہے۔ درود صرف ایک دعا نہیں بلکہ محبت، تعظیم اور اتباعِ رسول ﷺ کا مظہر ہے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے خود نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنے کا ذکر کیا اور اہلِ ایمان کو بھی اس کا حکم دیا۔ احادیثِ مبارکہ میں درودِ نبی ﷺ کے بے شمار فضائل بیان کیے گئے ہیں، جو اس کی عظمت، برکات اور روحانی و دنیوی اثرات کو مزید واضح کرتے ہیں۔

## درود النبی ﷺ پڑھنے کی اہمیت

درود النبی ﷺ کی سب سے بڑی اہمیت یہ ہے کہ یہ عبادت ہے اور عبادت مقصودہ ہے یعنی اس عمل کے سرانجام دینے پر براہ راست ثواب حاصل ہوتا ہے اور اس کی تاکید قرآن و حدیث میں کثرت سے کی گئی ہے۔ درود النبی ﷺ پڑھنے سے نہ صرف اللہ کی رحمت حاصل ہوتی ہے بلکہ اس سے گناہوں کی مغفرت، درجات کی بلندی اور نبی کریم ﷺ کی شفاعت نصیب ہوتی ہے۔ نبی کریم ﷺ نے خود درود پڑھنے کی تاکید کی ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمروؓ[1] سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مَن صَلَّى عَلَيَّ صَلَاةً صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ بِهَا عَشْرًا"[2]۔ "جو شخص مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے، اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے"۔ نبی کریم ﷺ نے خود امت کو درود النبی ﷺ پڑھنے کی تاکید فرمائی ہے۔ احادیث مبارکہ میں درود کی عظمت اور برکات واضح کی گئی ہیں۔ حضرت عبداللہ بن عمروؓ اور حضرت انسؓ سے مروی احادیث کے مطابق جو شخص نبی کریم ﷺ پر درود بھیجتا ہے، اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے، اس کے دس گناہ معاف کرتا ہے اور اس کے دس درجات بلند کرتا ہے۔ یہ احادیث درود النبی ﷺ کی فضیلت، اس کے روحانی اور عملی فوائد کو اجاگر کرتی ہیں، جو ہر مسلمان کے لیے سعادت اور اجر و مغفرت کا ذریعہ ہیں۔ درود النبی ﷺ گناہوں کی مغفرت کا ذریعہ ہے۔ حضرت انسؓ بیان

---

[1] عبداللہ بن عمروؓ (616ء تا 684ء) قریش کے معزز خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ عبداللہ بن عمروؓ، مشہور صحابی اور صحافتی روایت کے بانیوں میں شمار ہوتے ہیں۔ یہ حضرت عمرو بن العاصؓ کے صاحبزادے تھے اور نبی کریم ﷺ سے احادیث لکھنے کی اجازت حاصل کرنے والے قلیل صحابہ میں شامل تھے۔( الذهبي، سير أعلام النبلاء، ج ٣، ص ٨٦

[2] مسلم، صحيح مسلم، كتاب الصلاة، باب الصلاة على النبي ﷺ بعد التشهد، حديث ٩١٢

کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''مَن صَلَّى عَلَيَّ صَلاَةً وَاحِدَةً، صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ عَشْرَ صَلَوَاتٍ، وَحُطَّتْ عَنْهُ عَشْرُ خَطِيئَاتٍ، وَرُفِعَتْ لَهُ عَشْرُ دَرَجَاتٍ''[1]۔''جو مجھ پر ایک بار درود بھیجے گا، اللہ اس پر دس رحمتیں نازل کرے گا، اس کے دس گناہ معاف ہوں گے اور اس کے دس درجات بلند ہوں گے''۔

یہ حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ درود النبی ﷺ پڑھنے سے نہ صرف درجات بلند ہوتے ہیں بلکہ گناہوں کی مغفرت بھی نصیب ہوتی ہے، جو ہر مسلمان کے لیے بہت بڑی سعادت ہے۔ اس حدیث مبارکہ میں درود النبی ﷺ پڑھنے کی عظمت کو تین پہلوؤں سے بیان کیا گیا ہے: اللہ تعالیٰ کی رحمت، گناہوں کی معافی اور درجات کی بلندی۔

1. پہلا پہلو یہ ہے کہ جو شخص نبی کریم ﷺ پر درود بھیجتا ہے، اس پر اللہ تعالیٰ کی رحمت نازل ہوتی ہے۔ رحمت کا مطلب یہ ہے کہ اللہ اس کے حالات میں بہتری فرماتا ہے، اس کی پریشانیوں کو دور کرتا ہے اور اسے اپنی خاص عنایت میں لے لیتا ہے۔ یہ اللہ کی بے پایاں محبت اور فضل کا مظہر ہے کہ محض درود پڑھنے سے بندہ اللہ کی خاص رحمت کا مستحق بن جاتا ہے۔
2. دوسرا پہلو گناہوں کی مغفرت ہے۔ انسان اپنی فطرت کے مطابق زندگی میں بہت سی لغزشوں کا شکار ہوتا ہے، اور ان لغزشوں کی وجہ سے اس کا نامہ اعمال بوجھل ہو جاتا ہے۔ درود النبی ﷺ کا عمل اس کے لیے ایک نعمت ہے جو اس کے گناہوں کو مٹاتا ہے اور اسے پاک صاف کر دیتا ہے۔ جب بندہ نبی کریم ﷺ کی محبت میں درود پڑھتا ہے تو اللہ اس کے گناہوں کو بخش دیتا ہے، کیونکہ نبی کریم ﷺ کی ذات سراپا رحمت ہے، اور ان پر درود بھیجنے والا بھی اس رحمت میں حصہ پاتا ہے۔
3. تیسرا پہلو درجات کی بلندی ہے۔ ہر انسان کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ دنیا و آخرت میں عزت اور بلندی حاصل کرے۔ درود النبی ﷺ ایک ایسا عمل ہے جو نہ صرف دنیا میں بلکہ آخرت میں بھی درجات کی بلندی کا سبب بنتا ہے۔ جب بندہ درود پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے بلند مقام عطا کرتا ہے، اس کی عزت میں اضافہ ہوتا ہے اور اسے نیک اعمال کرنے کی توفیق نصیب ہوتی ہے۔

درود النبی ﷺ کی اہمیت کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ یہ گناہوں کی مغفرت کا ذریعہ بنتا ہے۔ جب کوئی شخص درود النبی ﷺ پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو معاف فرما دیتا ہے اور اس کی نیکیوں میں اضافہ کر دیتا ہے۔ درود النبی ﷺ کے ذریعے ایک انسان کی زندگی میں پاکیزگی آتی ہے اور اس کے اعمال کی اصلاح ہوتی ہے۔ درود النبی ﷺ پڑھنے سے انسان کی روحانی صفائی ہوتی ہے اور اس کے دلی سکون میں اضافہ ہوتا ہے۔ جب بندہ اللہ کے محبوب نبی ﷺ پر درود بھیجتا ہے، تو اللہ تعالیٰ اس کے سابقہ گناہوں کو مٹا دیتا ہے اور اس کی توبہ کو قبول فرما لیتا ہے۔ مغفرت کا یہ پہلو درود النبی ﷺ کو دیگر اذکار اور عبادات سے ممتاز کرتا ہے۔ عام طور پر عبادات میں مغفرت کی دعا کرنی

---

[1] النسائي، احمد بن شعيب، السنن النسائي ) بيروت: دار الكتب العلمية)، كتاب السهو، باب الفضل في الصلاة علي النبي ﷺ، حديث ١٢٩٨

تخريج: تفرد به النسائي، مسند أحمد ١٠٢/٣، ٢٦١، (تحفة الأشراف: ٢٤٤) (صحيح)

قال الشيخ الألباني: صحيح.قال الشيخ زبير علي زئي: إسناده صحيح

پڑتی ہے، لیکن درود النبی ﷺ ایسی عبادت ہے جس میں مغفرت کا وعدہ براہِ راست کیا گیا ہے۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ[1] فرماتے ہیں: "فَإِنَّ الصَّلَاةَ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ سَبَبٌ لِمَغْفِرَةِ الذُّنُوبِ وَرَفْعِ الدَّرَجَاتِ، فَإِنَّ الدَّاعِيَ إِذَا صَلَّى عَلَى النَّبِيِّ ﷺ، انْفَتَحَ لَهُ بَابُ الرَّحْمَةِ وَالْمَغْفِرَةِ"[2]۔ "درود النبی ﷺ انسان کی بخشش اور درجات کی بلندی کا سبب بنتا ہے، کیونکہ جب بندہ نبی کریم ﷺ پر درود بھیجتا ہے، تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے رحمت اور مغفرت کے دروازے کھول دیتا ہے"۔

اسی طرح امام ابن قیمؒ[3] لکھتے ہیں: "وَمَنْ أَكْثَرَ مِنَ الصَّلَاةِ عَلَيْهِ ﷺ، تَنَزَّلَتْ عَلَيْهِ الرَّحْمَاتُ، وَزَالَتْ هُمُومُهُ وَغُمُومُهُ، وَخَفَّتْ ذُنُوبُهُ، وَصَارَ حَقِيقًا بِمَغْفِرَةِ اللَّهِ[4]۔ "درود النبی ﷺ کی کثرت کرنے والا شخص اللہ کی خاص رحمتوں میں آجاتا ہے، اس کے دل سے غم، پریشانی اور گناہوں کا بوجھ ہلکا ہو جاتا ہے اور وہ اللہ کی مغفرت کا مستحق بن جاتا ہے"۔

درود النبی ﷺ ایک ایسا عمل ہے جو انسان کو دنیا و آخرت میں کامیابی کی طرف لے جاتا ہے۔ جو شخص اس عمل کو اپناتا ہے، اس کے لیے گناہوں کی معافی، درجات کی بلندی اور اللہ تعالیٰ کی خاص عنایات کے دروازے کھل جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اولیاء کرام اور بزرگانِ دین ہمیشہ درود النبی ﷺ کی کثرت کیا کرتے تھے اور اسے اپنے معمولات کا لازمی حصہ بناتے تھے۔

درود النبی ﷺ کا حکم قرآن و حدیث سے واضح ہوتا ہے کہ یہ نہ صرف مستحب بلکہ بعض مواقع پر واجب بھی ہے، خاص طور پر جب رسول اللہ ﷺ کا نام لیا جائے، لہٰذا ہر مسلمان کو چاہیے کہ وہ نبی کریم ﷺ پر کثرت سے درود بھیجے تاکہ اللہ کی رحمتوں کا مستحق بنے اور دنیا و آخرت میں کامیاب ہو۔

## درود النبی ﷺ دعا کی قبولیت کا ذریعہ ہے

درودِ نبی ﷺ کی اہمیت کا ایک نمایاں اور بابرکت پہلو یہ بھی ہے کہ یہ دعا کی قبولیت کا نہایت مؤثر اور آسان ترین ذریعہ ہے۔ دعا بذاتِ خود ایک طاقتور اور بامقصد عمل ہے، جو بندے کو اپنے رب سے جوڑتا ہے، اس کے دل کی باتوں کو آسمان تک پہنچاتا ہے، اور اس کی حاجات و مشکلات کے حل کا ذریعہ بنتا ہے۔ تاہم، جب اس دعا کے آغاز اور اختتام میں نبی کریم ﷺ پر درود شامل کیا جائے، تو یہ دعا نہ صرف حسنِ ترتیب اختیار کر لیتی ہے بلکہ اس کی قبولیت کے دروازے بھی مزید کھل جاتے ہیں۔ محدثین اور اولیائے کرام کی تصریحات سے معلوم ہوتا ہے کہ درود شریف دعا کو وہ روح عطا کرتا ہے جو اُسے بارگاہِ الٰہی میں شرفِ قبولیت دلاتی ہے۔ امام شافعیؒ سے منقول ہے کہ جس نے

---

[1] ابن تیمیہؒ (661ھ (1263ء/728ھ (1328ء) تقی الدین احمد بن عبدالحلیم بن عبدالسلام بن تیمیہ۔ اسلامی تاریخ کے ممتاز عالم، مجتہد، مفسر، محدث اور فلسفہ و تصوف کے ناقد تھے۔ (الذهبي، سير أعلام النبلاء: ج ٢٢، ص ٣٢٧

[2] ابن قيم الجوزية، محمد بن أبي بكر ،جلاء الأفهام في فضل الصلاة والسلام على خير الأنام )الرياض: دار ابن الجوزي، ١٤٢١هـ)، ج ١، ص ٢٢٠

[3] ابن قیم الجوزیہؒ (691ھ/1292ء تا 751ھ/1350ء) ان کا پورا نام محمد بن ابی بکر بن ایوب بن سعد الزرعی تھا اور آپ کا لقب ابن قیم الجوزیہ تھا۔ ابن قیم کی علمی خدمات میں تفسیر، حدیث، فقہ، عقائد، تزکیۂ نفس اور طب نبوی شامل ہیں۔ ( الذهبي، سير أعلام النبلاء: ج ٢٣، ص ٢٨٧

[4] ابن القيم، جلاء الأفهام في فضل الصلاة والسلام على خير الأنام :ج ١، ص ٥٢٧

دعا کی اور اس میں نبی کریم ﷺ پر درود نہ بھیجا، اس کی دعا آسمان و زمین کے درمیان معلق رہتی ہے۔ اسی طرح محدثین نے اس بات پر زور دیا ہے کہ دعا کو مقبول بنانے کے لیے نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجنا ایک لازمی اور برکت بھرا عمل ہے، جو دعا کی تاثیر کو کئی گنا بڑھا دیتا ہے اور انسان کو روحانی سکون اور قربِ الٰہی نصیب کرتا ہے۔

درود النبی ﷺ کی اہمیت کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ یہ دعا کی قبولیت کا آسان ترین راستہ ہے۔ دعا ایک طاقتور عمل ہے، لیکن اگر اس کے ساتھ درود النبی ﷺ شامل کر دیا جائے تو اس کی قبولیت کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔

حضرت عمر بن خطابؓ[1] سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "إِنَّ الدُّعَاءَ مَوْقُوفٌ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ لَا يَصْعَدُ مِنْهُ شَيْءٌ حَتَّى تُصَلِّيَ عَلَى نَبِيِّكَ ﷺ"[2]۔ "دعا آسمان اور زمین کے درمیان رکی رہتی ہے اور اس میں سے کچھ بھی اوپر نہیں جاتا، جب تک کہ نبی کریم ﷺ پر درود نہ بھیجا جائے"۔

یہ حدیث مبارکہ اس بات کی دلیل ہے کہ درود النبی ﷺ دعا کی قبولیت کے لیے ایک لازمی ذریعہ ہے۔ نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا نہ صرف برکت اور ثواب کا باعث ہے بلکہ یہ دعا کی قبولیت کا بھی ایک اہم ذریعہ ہے۔ اس حدیث کے مطابق، جب کوئی دعا کی جاتی ہے، تو وہ زمین و آسمان کے درمیان معلق رہتی ہے اور جب تک نبی کریم ﷺ پر درود نہ بھیجا جائے، وہ دعا اللہ تعالیٰ کے حضور نہیں پہنچتی۔ درود النبی ﷺ درحقیقت دعا کے لیے ایک ذریعہ اور وسیلہ ہے، جو دعا کو اللہ تعالیٰ کے حضور پیش کرنے میں مدد دیتا ہے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ[3] فرماتے ہیں: "الدُّعَاءُ لَا يُسْتَجَابُ حَتَّى يُصَلَّى عَلَى النَّبِيِّ ﷺ، فَإِنَّ الصَّلَاةَ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ شَفَاعَةٌ لِلدُّعَاءِ"[4]۔ "دعا تب تک قبول نہیں ہوتی جب تک نبی کریم ﷺ پر درود نہ بھیجا جائے، کیونکہ درود دعا کے لیے شفاعت کا درجہ رکھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ جب بھی دعا کرتے، تو اس کے آغاز اور اختتام میں درود النبی ﷺ کا اہتمام کرتے تاکہ ان کی دعا بارگاہِ الٰہی میں مقبول ہو جائے۔ درود النبی ﷺ محض دعا کے قبول ہونے کا ذریعہ نہیں، بلکہ یہ ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی رحمتیں نازل ہوتی ہیں۔ نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنے سے خود بندہ بھی اللہ کی رحمت کا مستحق بن جاتا ہے۔

---

[1] عمر بن خطاب بن نُفَیلؓ (583ء تا 644ء) آپ کا تعلق قبیلہ قریش کے بنو عدی سے تھا۔ آپ نے 6ھ میں اسلام قبول کیا۔ آپ کی بہادری، عدل، تدبر اور زہد کی مثالیں تاریخ میں سنہری حروف سے لکھی گئی ہیں۔ آپ نبی کریم ﷺ اور حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کے پہلو میں مدفون ہوئے۔( الذهبي، سير أعلام النبلاء، ج ٢، ص ٣٧٣

[2] الترمذي، سنن الترمذي، كتاب الوتر، باب: ما جاء في فضل الصلاة على النبي ﷺ، حديث رقم: ٤٨٦

تخريج: أخرجه الترمذي (٤٨٦)، وابن بشكوال في القُربة )٤ (واللفظ له، وإسحاق كما في المطالب العالية )٣٣٢١ (باختلاف يسير)- قال الشيخ الألباني: حسن

[3] عمر بن عبدالعزیزؒ (61ھ/681ء تا 101ھ/720ء) بنو امیہ کے آٹھویں خلیفہ اور خلفائے راشدین کے طرز پر خلافت قائم کرنے والے عادل حکمران تھے۔ (البخاري، محمد بن إسماعيل، التاريخ الكبير )حيدر آباد: دائرة المعارف العثمانية)، ج ٦، ص ١٧٤

[4] ابن عبد البر، يوسف بن عبد الله، التمهيد لما في الموطأ من المعاني والأسانيد )بيروت: دار الكتب العلمية، ١٩٩٥م)، ج ٤، ص ١

امام نووی[1] رحمہ اللہ فرماتے ہیں: "الصَّلَاةُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ سَبَبٌ فِي وُصُولِ الدُّعَاءِ إِلَى اللهِ، فَإِنَّ اللهَ تَعَالَى يُحِبُّ الصَّلَاةَ عَلَى نَبِيِّهِ، وَإِذَا دَعَا العَبْدُ مَعَ الصَّلَاةِ عَلَيْهِ ﷺ، اسْتَجَابَ اللهُ دُعَاءَهُ "[2]۔"درود دعا کو اللہ تعالیٰ تک پہنچانے کا ذریعہ ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنے کو پسند فرماتا ہے اور جب بندہ درود النبی ﷺ کے ساتھ دعا کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس دعا کو بھی قبول فرما لیتے ہیں"۔

محدثین اور فقہاء نے اس حدیث کی روشنی میں یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ دعا کے آداب میں سے ایک اہم ادب یہ ہے کہ دعا سے پہلے اور بعد میں نبی کریم ﷺ پر درود پڑھا جائے۔امام ابن قیم الجوزیہؒ لکھتے ہیں: "الصَّلَاةُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ أَعْظَمُ وَسِيلَةٍ لِقَبُولِ الدُّعَاءِ، فَمَنْ قَرَنَ دُعَاءَهُ بِالصَّلَاةِ عَلَيْهِ ﷺ لَمْ يُرَدَّ دُعَاؤُهُ، بَلْ يُقْبَلُ عِنْدَ اللهِ تَعَالَى"[3]۔"درود النبی ﷺ دعا کی قبولیت کا سب سے بڑا وسیلہ ہے، کیونکہ جب کوئی شخص درود کے ساتھ دعا کرتا ہے تو اس کی دعا رد نہیں کی جاتی، بلکہ اللہ کے ہاں شرفِ قبولیت پاتی ہے"۔

معلوم ہوتا ہے کہ جب ہم اللہ تعالیٰ سے کچھ طلب کریں، تو نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا نہایت ضروری ہے۔ درود النبی ﷺ دعا کی قبولیت کا ذریعہ ہے اور اسے اللہ تعالیٰ کے حضور پہنچاتا ہے۔

## درود النبی ﷺ نبی کریم ﷺ کی شفاعت کا ذریعہ ہے

درود النبی ﷺ کی اہمیت کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ یہ شفاعت رسول ﷺ کا ضامن ہے۔ہر مسلمان کی خواہش ہے کہ قیامت کے دن رسول اللہ ﷺ کی قربت حاصل ہو اور ان کی شفاعت نصیب ہو۔اس کا ایک مؤثر ذریعہ کثرت سے درود النبی ﷺ پڑھنا ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ[4] روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: " أَوْلَى النَّاسِ بِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ صَلَاةً"[5]۔"قیامت کے دن سب سے زیادہ میرے قریب وہ شخص ہو گا جو مجھ پر سب سے زیادہ درود بھیجتا ہو گا"۔

یہ حدیث مبارکہ نبی کریم ﷺ پر درود و سلام بھیجنے کی عظیم اہمیت کو بیان کرتی ہے اور اس میں ایک بہت بڑی خوشخبری دی گئی ہے کہ جو شخص نبی کریم ﷺ پر کثرت سے درود بھیجتا ہے، وہ قیامت کے دن آپ ﷺ کے قریب ہو گا۔ قیامت کا دن وہ دن ہو گا جب

---

[1] نوویؒ (631ھ/1233ء– 676ھ/1277ء) آپ کی کنیت ابو زکریا اور لقب "النووی" ہے۔ آپ فقہ شافعی کے ممتاز فقیہ، محدث اور زاہد عالم تھے، جنہیں حدیث و فقہ میں گہری بصیرت حاصل تھی۔ان کی مشہور تصانیف میں ریاض الصالحین شامل ہے۔( الذهبي، شمس الدين، سير أعلام النبلاء، ج ٢٣، ص ٣٦٧

[2] النووي، يحيى بن شرف، الأذكار )بيروت: دار ابن حزم، ٢٠٠٤م)، ص ٨٢

[3] ابن القيم، محمد بن أبي بكر، جلاء الأفهام في فضل الصلاة على خير الأنام )مكة المكرمة: دار عالم الفوائد، ٢٠١٠م)، ص ١٤٧

[4] عبداللہ بن مسعودؓ کی (594ء تا 652ء) کے آس پاس مکہ مکرمہ میں ہوئی۔ نبی کریم ﷺ کے قریبی صحابہ میں سے تھے، جنہیں قرآن، فقہ اور حدیث میں نمایاں مقام حاصل تھا۔آپ قبیلہ ہذیل سے تعلق رکھتے تھے اور ابتدائی اسلام قبول کرنے والوں میں شامل تھے۔(الذهبي، سير أعلام النبلاء: ج ١، ص ٤٦١

[5] الترمذي، سنن الترمذي، كتاب الوتر، باب ما جاء في فضل الصلاة علي النبي ﷺ، حديث رقم ٤٨٤

تخريج: تفرّد به المؤلف (تحفة الأشراف: ٩٣٤) (ضعيف)

ہر انسان اپنی نجات کا خواہاں ہو گا، اور سب سے بڑی سعادت نبی کریم ﷺ کی قربت اور شفاعت ہو گی۔ اس حدیث سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ جو لوگ دنیا میں نبی کریم ﷺ سے محبت کا عملی ثبوت دیتے ہوئے آپ ﷺ پر درود بھیجتے ہیں، وہ قیامت کے دن آپ ﷺ کے مقربین میں شامل ہوں گے۔ امام ابن حجر عسقلانیؒ[1] فرماتے ہیں: "هٰذَا الحَدِيثُ دَلِيلٌ عَلَى أَنَّ مَنْ يُكْثِرُ مِنَ الصَّلَاةِ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ يَكُونُ لَهُ قُرْبٌ خَاصٌّ مِنهُ يَوْمَ القِيَامَةِ، وَهٰذَا القُرْبُ يَكُونُ بِقَدْرِ كَثْرَةِ الصَّلَاةِ، فَكُلَّمَا زَادَ فِي الصَّلَاةِ عَلَيْهِ زَادَ فِي القُرْبِ مِنهُ"[2]۔ "یہ حدیث اس بات کی دلیل ہے کہ نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنے والے کو قیامت کے دن آپ ﷺ کی خصوصی قربت نصیب ہو گی، اور یہ قربت درود کی مقدار کے مطابق ہو گی۔ جتنا زیادہ درود، اتنی زیادہ قرب"۔ امام ابن قیم الجوزیہؒ نے درود النبی ﷺ کی فضیلت پر تفصیلی بحث کرتے ہوئے لکھا: "الصَّلَاةُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ سَبَبٌ فِي تَوْثِيقِ الْعَلَاقَةِ وَالْمَحَبَّةِ بَيْنَ الْعَبْدِ وَالنَّبِيِّ ﷺ، وَهٰذِهِ الْمَحَبَّةُ تُتَرْجَمُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَى قُرْبٍ حَقِيقِيٍّ مِنْهُ"[3]۔ "درود النبی ﷺ بندے اور نبی کریم ﷺ کے درمیان ایک مضبوط تعلق اور محبت کا ذریعہ ہے اور یہ محبت قیامت کے دن نبی کریم ﷺ کی قربت کی صورت میں ظاہر ہو گی"۔ قیامت کے دن ہر کوئی نبی کریم ﷺ کی شفاعت اور قربت کا طلبگار ہو گا، لیکن یہ سعادت انہی کو نصیب ہو گی جو دنیا میں نبی کریم ﷺ کی محبت میں درود بھیجنے کا التزام کرتے ہیں۔ شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ[4] فرماتے ہیں: "مَنْ أَكْثَرَ الصَّلَاةَ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ كَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي مَأْمَنٍ مِنَ الْحَسْرَةِ وَالنَّدَامَةِ، فَإِنَّ الْقُرْبَ مِنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ هُوَ أَعْظَمُ نِعْمَةٍ وَأَكْمَلُ فَوْزٍ"[5]۔ "درود النبی ﷺ پڑھنے والا قیامت کے دن حسرت و ندامت سے محفوظ رہے گا، کیونکہ نبی کریم ﷺ کی قربت ہی سب سے بڑی نعمت اور کامیابی ہے"۔ نبی کریم ﷺ پر کثرت سے درود بھیجنا قیامت کے دن آپ ﷺ کی قربت کا ذریعہ ہے۔ اس لیے ہر مسلمان کو چاہیے کہ وہ اپنی زندگی میں درود النبی ﷺ کو ایک معمول بنا لے تاکہ وہ قیامت کے دن نبی کریم ﷺ کے سب سے زیادہ قریب ہونے والوں میں شامل ہو سکے۔

## درود النبی ﷺ پریشانیوں کا حل ہے

درود النبی ﷺ کی اہمیت کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ اس عمل کے باعث پریشانیاں ختم ہو جاتی ہیں۔ انسان کی زندگی میں سب سے بڑی دو پریشانیاں ہوتی ہیں:

---

[1] ابن حجر عسقلانیؒ (773ھ/1372ء– 852ھ/1449ء) احمد بن علی بن محمد بن حجر العسقلانی الشافعی تھا۔ ابن حجر عسقلانی مشہور محدث تھے جنھوں نے بخاری کی شرح لکھی۔ (السخاوي، محمد بن عبد الرحمن، الجواهر والدرر في ترجمة شيخ الإسلام ابن حجر )بيروت: دار ابن حزم، ١٩٩٩م)، ج ٢، ص ٦٥٩

[2] ابن حجر، أحمد بن علي، فتح الباري شرح صحيح البخاري )بيروت: دار المعرفة، ١٩٥٩م)، ج ١١، ص ١٦٧

[3] ابن القيم، جلاء الأفهام في فضل الصلاة على خير الأنام: ص ٢٠٩

[4] عبدالحق محدث دہلویؒ (958ھ/1551ء– 1052ھ/1642ء) عبدالحق بن سیف الدین تھا، محدث، فقیہ اور مصنف تھے۔ انہوں نے مدینہ میں علم حاصل کیا اور حدیث کے فروغ میں نمایاں خدمات انجام دیں۔ (الحسني، عبد الحي، نزهة الخواطر )بيروت: دار ابن حزم، ١٩٩٩م)، ج ٦، ص ٥

[5] دہلوی، عبدالحق محدث، مدارج النبوت، مترجم، مفتی غلام معین الدین، (مکتبہ نبویہ (2005ء)، ج2، ص520

1. دنیاوی فکریں اور پریشانیاں یعنی روزمرہ کی مشکلات، معاشی تنگدستی، بیماری، غم ومصائب وغیرہ۔

2. گناہوں کی بخشش یعنی آخرت کی فکر کہ اللہ تعالیٰ ہمارے گناہوں کو معاف فرمادے اور ہمیں کامیابی عطا کرے۔

امام ابن قیم الجوزیہؒ فرماتے ہیں: "إِنَّ أَعْظَمَ فَوَائِدِ الصَّلَاةِ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهَا تُذْهِبُ الْهُمُومَ، وَتُطَمْئِنُ الْقُلُوبَ، وَتُصْلِحُ أَحْوَالَ الْعَبْدِ، فَبِهَا يَغْفِرُ اللهُ ذُنُوبَهُ، وَيَسْتَجِيبُ دُعَاءَهُ[1]۔ "درود النبی ﷺ کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ یہ غموں کو دور کرتا ہے، دل کو سکون بخشتا ہے اور بندے کے معاملات کو درست کر دیتا ہے۔ درود بھیجنے سے اللہ تعالیٰ بندے کی مغفرت فرما دیتا ہے اور اس کی دعاؤں کو شرفِ قبولیت عطا کرتا ہے"۔

یہاں یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ درودِ النبی ﷺ انسان کے فکروں اور پریشانیوں کا علاج ہے، امام نوویؒ فرماتے ہیں: "إِنَّ مَنْ أَكْثَرَ مِنَ الصَّلَاةِ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ دَخَلَ فِي دَائِرَةِ الرَّحْمَةِ الإِلٰهِيَّةِ، وَصَلُحَتْ أَحْوَالُهُ الدُّنْيَوِيَّةُ وَالدِّينِيَّةُ، وَزَالَتْ غُمُومُهُ وَهُمُومُهُ"[2]۔ "درود النبی ﷺ پڑھنے والا اللہ کی خاص رحمت کے دائرے میں آجاتا ہے، جس کی وجہ سے اس کے دنیاوی اور دینی معاملات سنور جاتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ اس کے تمام غم وپریشانیاں ختم کر دیتا ہے"۔ امام ابن حجر عسقلانی یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ درود النبی ﷺ نہ صرف دنیاوی فوائد کا باعث بنتا ہے بلکہ آخرت میں بھی نجات اور مغفرت کا ذریعہ ہے۔ آپ لکھتے ہیں: "مَنْ صَلَّى عَلَى النَّبِيِّ ﷺ اسْتَحَقَّ رَحْمَةَ اللهِ، وَغُفِرَتْ ذُنُوبُهُ، فَإِنَّ الصَّلَاةَ عَلَيْهِ ﷺ مِنْ أَفْضَلِ مَا يُقَرِّبُ الْعَبْدَ إِلَى رِضْوَانِ اللهِ وَمَحَبَّةِ رَسُولِهِ ﷺ"[3]۔

"درود النبی ﷺ پڑھنے والا اللہ تعالیٰ کی رحمت کا مستحق بن جاتا ہے اور اس کے گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں، کیونکہ درود النبی ﷺ اللہ کی رضا اور نبی کریم ﷺ کی محبت کا بہترین اظہار ہے"۔

یہاں سے ہمیں اس حقیقت کی طرف توجہ ملتی ہے کہ درود النبی ﷺ ایک ایسا بابرکت عمل ہے جو دنیاوی اور اخروی دونوں طرح کی کامیابیوں کا ذریعہ ہے۔ درود النبی ﷺ پڑھنے سے انسان کے غم دور ہوتے ہیں، اس کی دعائیں قبول ہوتی ہیں، گناہوں کی مغفرت ہوتی ہے اور قیامت کے دن نبی کریم ﷺ کی قربت نصیب ہوتی ہے۔ اس لیے ہر مسلمان کو چاہیے کہ وہ درود النبی ﷺ کو اپنی زندگی کا مستقل حصہ بنالے تاکہ وہ دنیاوآخرت میں کامیاب ہو سکے۔

## درود النبی ﷺ قیامت کے دن نبی کریم ﷺ کی شفاعت کا ذریعہ ہے

ہر مسلمان کی خواہش ہے کہ قیامت کے دن رسول اللہ ﷺ کی قربت حاصل ہو اور ان کی شفاعت نصیب ہو۔ اس کا ایک مؤثر ذریعہ کثرت سے درود النبی ﷺ پڑھنا ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "أَوْلَى النَّاسِ

[1] ابن قيم الجوزية، جلاء الأفهام في فضل الصلاة على خير الأنام: ص ٢٢٠

[2] النووي، شرح صحيح مسلم: ج ٤، ص ١٨٠

[3] ابن حجر، فتح الباري شرح صحيح البخاري، ج ١١، ص ١٦٨

بِي يَوْمَ القِيَامَةِ أَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ صَلَاةً"[1]۔"قیامت کے دن سب سے زیادہ میرے قریب وہ شخص ہوگا جو مجھ پر سب سے زیادہ درود بھیجتا ہوگا"۔

یہ حدیث درود النبی ﷺ پڑھنے کی اہمیت کو خوب بیان کرتی ہے جو قیامت کے دن نبی کریم ﷺ کی قربت حاصل کرنے سے متعلق ہے۔اس میں یہ واضح کیا گیا ہے کہ جو لوگ دنیا میں کثرت سے درود بھیجتے ہیں وہ آخرت میں نبی کریم ﷺ کے قریب ہونے کا شرف پائیں گے، جو ہر مؤمن کی سب سے بڑی خواہش ہونی چاہیے۔

**خلاصہ کلام**

درود النبی ﷺ پڑھنا انتہائی اہمیت کا حامل عمل ہے، جس کا شرعی حکم مختلف درجوں میں آتا ہے۔ایک مرتبہ درود النبی ﷺ پڑھنا ہر مسلمان پر زندگی میں کم از کم ایک بار فرض ہے، جبکہ نماز میں التحیات کے بعد درود النبی ﷺ پڑھنا واجب ہے۔ عمومی طور پر نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا سنت مؤکدہ اور زیادہ مقدار میں پڑھنا مستحب عمل ہے۔قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ اور اس کے فرشتے نبی کریم ﷺ پر درود بھیجتے ہیں اور ایمان والوں کو بھی اس کا حکم دیا گیا ہے، جو اس عمل کی غیر معمولی اہمیت کو ظاہر کرتا ہے۔ درود النبی ﷺ دعا کی قبولیت کا ذریعہ بنتا ہے، گناہوں کی معافی اور درجات کی بلندی کا سبب بنتا ہے۔ یہ برکت اور روحانی سکون عطا کرتا ہے اور دنیاوی پریشانیوں کے خاتمے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ جو شخص کثرت سے درود النبی ﷺ پڑھتا ہے، قیامت کے دن نبی کریم ﷺ کی شفاعت کا مستحق ہوگا۔ درود النبی ﷺ پڑھنے والے کے لیے فرشتے رحمت کی دعائیں کرتے ہیں اور یہ محبتِ رسول ﷺ میں اضافے کا ذریعہ بنتا ہے۔ان تمام اہمیتوں کے پیش نظر، ہر مسلمان کو چاہیے کہ وہ درود النبی ﷺ کی کثرت کو اپنی زندگی کا معمول بنالے تاکہ دنیا اور آخرت کی کامیابی حاصل کر سکے۔

---

[1] الترمذي، سنن الترمذي، أبواب الوتر، باب ما جاء في فضل الصلاة علي النبي ﷺ ،حديث رقم ٤٨٤
تخريج: تفرّد به المؤلف (تحفة الأشراف: ٩٣٤) (ضعيف)
قال الشيخ الألباني: ضعيف، التعليق الرغيب

# باب دوم

## درود النبی ﷺ سے متعلق قرآنی آیات کا ابن کثیر اور ابن عاشور کی تفاسیر کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ

### فصلِ اول

ابن کثیرؒ اور ابن عاشورؒ کے تفسیری مناہج

### فصل دوم

سورۃ الاحزاب کی آیت نمبر 56 میں درود النبی ﷺ کی تفسیری جہات

### فصل سوم

دیگر قرآنی آیات میں درود النبی ﷺ کی مختلف تفسیری جہات

# بابِ دوم: درود النبی ﷺ سے متعلق قرآنی آیات کا ابن کثیر اور ابن عاشور کی تفاسیر کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ

## فصلِ اول: ابن کثیرؒ اور ابن عاشورؒ کے تفسیری مناہج

### مبحث اول: علامہ ابن کثیر کا تفسیری منہج

**تعارف**

علامہ ابن کثیرؒ کا پورا نام عماد الدین اسماعیل بن عمر بن کثیر بن ضَوْء بن کثیر القرشی البصروی الدمشقی الشافعی ہے۔ وہ "ابن کثیر" کے لقب سے مشہور ہوئے۔ ان کا تعلق قریش کے ایک معروف خاندان سے تھا جس کی وجہ سے انہیں "القرشی" کہا گیا، جبکہ ان کے اجداد بصرہ میں سکونت پذیر تھے، اس نسبت سے "البصری" کہلائے اور بعد ازاں دمشق میں مستقل قیام کے باعث "الدمشقی" کے لقب سے معروف ہوئے۔ ان کا یہ مکمل تعارف خود علامہ ابن کثیرؒ نے اپنی کتاب البداية والنهاية میں ذکر کیا ہے۔

"**هُوَ الإِمَامُ العَلَّامَةُ عِمَادُ الدِّينِ إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُمَرَ بْنِ كَثِيرٍ، القُرَشِيُّ الدِّمَشْقِيُّ الشَّافِعِيُّ**"[1]۔

آپ کی ولادت 701ھ بمطابق 1302ء کو مجدل نامی مقام پر ہوئی جو کہ بصریٰ کے نواح میں واقع ایک قصبہ ہے۔ یہی مقام آپ کے خاندان کی ابتدائی قیام گاہ بھی تھا۔ ولادت کی تاریخ کی تصریح علامہ زرکلیؒ نے الاعلام میں یوں کی ہے: "**وُلِدَ سَنَةَ ٧٠١هـ فِي مَجْدَلٍ، قُرْبَ بُصْرَى الشَّامِ**"[2]۔

ابن کثیرؒ چار سال کے تھے جب ان کے والد شیخ عمر بن کثیر وفات پا گئے۔ اس کے بعد ان کی کفالت اور ابتدائی تعلیم کا فریضہ ان کے بڑے بھائی عبد الوہاب بن عمر نے سنبھالا۔ خود ابن کثیرؒ نے اپنی اس ابتدائی علمی زندگی کی جھلک البدایۃ والنہایۃ میں دی ہے: "**رَبَّانِي أَخِي عَبْدُ الْوَهَّابِ، وَكَانَ فَقِيهًا مُحَدِّثًا**"[3]۔ علامہ ابن کثیرؒ کی علمی تربیت کے سب سے بڑے مراکز دمشق کے مدارس و جامعات رہے۔ آپ نے یہاں کے جلیل القدر علماء سے کسبِ علم کیا، جن میں خاص طور پر ابن تیمیہؒ اور امام ذہبیؒ[4] شامل ہیں۔ ان اساتذہ کا ذکر طبقات الشافعیۃ

---

[1] ابن كثير، إسماعيل بن عمر، البداية والنهاية )بيروت: دار الفكر، ١٩٨٥م)، ج ١٤، ص ٢٣٤

[2] الزركلي، الأعلام : ج ١، ص ٣١٩

[3] ابن كثير، البداية والنهاية: ج ١٤، ص ٢٣٥

[4] ذہبی، شمس الدین ابو عبداللہ محمد بن احمد بن عثمان الذہبیؒ (673ھ– 748ھ/1274ء– 1348ء) محدث اور مؤرخ تھے۔ ان کی تصنیف سیر أعلام النبلاء اسلامی تاریخ کی ایک عظیم الشان تذکرہ نگاری ہے جس میں صحابہ، تابعین، فقہاء، محدثین، سلاطین، زہّاد، اور اہل علم کی تفصیلی سوانح، اسناد اور اقوال قرونِ اولیٰ سے لے کر اپنے زمانے تک بیان کیے گئے ہیں۔ ( الزركلي، الأعلام: ج ٦، ص ٣٢٦

میں بھی آیا ہے:"وأَخَذَ عَنْ جَمَاعَةٍ مِنَ الأَعْلَامِ، كَالْمِزِّيِّ، وَالذَّهَبِيِّ، وَابْنِ تَيْمِيَّةَ، وَبُرْهَانِ الدِّينِ الْفَزَارِيِّ"[1]-ابن کثیرؒ کی وفات 774ھ بمطابق 1373ء کو دمشق میں ہوئی۔ آپ کو باب الصغیر کے قبرستان میں دفن کیا گیا، جو شام کے ممتاز علماء کا مسکنِ آخرت ہے۔ ان کی وفات کے بارے میں حاجی خلیفہؒ[2] نے کشف الظنون میں مختصراً لکھا ہے:"تُوُفِّيَ سَنَةَ ٧٧٤هـ، وَكَانَ مِنْ أَعْيَانِ الْمُفَسِّرِينَ وَالْمُؤَرِّخِينَ"[3]-

## علمِ تفسیر میں بلند مقام

ابن کثیرؒ کی علمی عظمت کا مرکزی پہلواُن کی شہرۂ آفاق تفسیر "تفسیرُ القرآنِ العظیم" ہے۔اس تفسیر میں انہوں نے سلفِ صالحین کے منہج پر عمل کرتے ہوئے آیاتِ قرآنی کی تشریح احادیثِ نبویہ، آثارِ صحابہؓ وتابعینؒ، عربی لغت اور سیاق وسباق کے اصولوں کی روشنی میں نہایت جامع انداز میں کی ہے۔ یہ تفسیر اثری، محدثانہ اور روایتی طرزِ تفسیر کا نمائندہ نمونہ سمجھی جاتی ہے، جو آج بھی علمی ودینی حلقوں میں سند کی حیثیت رکھتی ہے۔ خود ابن کثیرؒ تفسیر کے منہج کے حوالے سے اپنی کتاب میں لکھتے ہیں:"فَإِنَّ أَصَحَّ الطُّرُقِ فِي ذَلِكَ أَنْ يُفَسَّرَ الْقُرْآنُ بِالْقُرْآنِ، فَمَا أُجْمِلَ فِي مَكَانٍ فَإِنَّهُ قَدْ فُسِّرَ فِي مَوْضِعٍ آخَرَ، وَمَا اُخْتُصِرَ فِي مَكَانٍ فَقَدْ بُسِطَ فِي مَوْضِعٍ آخَرَ، فَإِنْ أَعْيَاكَ ذَلِكَ فَعَلَيْكَ بِالسُّنَّةِ، فَإِنَّهَا شَارِحَةٌ لِلْقُرْآنِ"[4]-یہ منہج انہیں دیگر مفسرین سے ممتاز کرتا ہے اور قرآن وسنت کی روشنی میں کی جانے والی طرزِ تفسیر کا ایک مضبوط نمونہ سامنے لاتا ہے۔

## علمِ حدیث میں مہارت

ابن کثیرؒ حدیث کے بڑے ماہر تھے، ان کی شہرت صرف مفسر کی حیثیت سے نہیں بلکہ محدث کی حیثیت سے بھی ہے۔ ان کی مشہور حدیثی کتاب جامع المسانید والسنن اور اختصار علوم الحدیث اس کا ثبوت ہیں۔ خاص طور پر انہوں نے ابن صلاحؒ[5] کی علوم الحدیث کو اختصار اور ترتیب دے کر مفید قالب میں ڈھالا، جس کے آغاز میں لکھتے ہیں:"قَدْ رَأَيْتُ أَنْ أَخْتَصِرَ كِتَابَ "عُلُومِ الحَدِيثِ" لِلْحَافِظِ أَبِي عَمْرِو بْنِ الصَّلَاحِ، وَأُرَتِّبَ مَبَاحِثَهُ لِتَسْهُلَ فَائِدَتُهُ"[6]-

---

[1] السبكي، عبد الوهاب، طبقات الشافعية الكبرى )القاهرة: دار الحجر، ١٩٩٢م)، ج ١٠، ص ٣٨٤

[2] حاجی خلیفہ، مصطفٰی بن عبداللہ(1017ھ/1609ءتا 1067ھ/1657ء)وہ مؤرخ اور محدث تھے۔ان کی مشہور تصنیف کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون علوم اسلامیہ وعقلیہ کی کتب ومصنفین پر پہلی جامع عربی انسائیکلوپیڈیا ہے، جو ہزاروں کتب اور مصنفین کا تعارف موضوعاتی وحروفی ترتیب میں پیش کرتی ہے۔( الزركلي، الأعلام: ج ٧، ص ٢٢٥

[3] الحاجي خليفة، مصطفى بن عبد الله، كشف الظنون )بيروت: دار إحياء التراث العربي، ٢٠٠٨م)، ج ٢، ص ١٥٧٢

[4] ابن كثير، إسماعيل بن عمر، تفسير القرآن العظيم)بيروت: دار طيبة، ١٩٩٩م)، ج ١، ص ٥

[5] ابنِ صلاحؒ، عبدالرحمن بن عثمان الشہرزوری(577ھ(1181/ 643ھ(1245ء)ان کی سب سے مشہور اور شہرہ آفاق تصنیف "مقدمہ ابن صلاح" ہے۔ابنِ صلاح محدث، فقیہ اور محقق تھے۔( الذَّهَبِي، سير أعلام النبلاء: ج ٢٣، ص ١٤٠

[6] ابن كثير، إسماعيل بن عمر، اختصار علوم الحديث، )بيروت: دار الكتب العلمية، ٢٠٠٢م)، ص ٧

## علمِ تاریخ میں خدمات

ابن کثیرؒ کی تاریخی کتاب البدایۃ والنہایۃ اسلامی تاریخ پر ایک معتبر ماخذ سمجھی جاتی ہے۔ انہوں نے صرف واقعات کی ترتیب نہیں دی بلکہ اس کے ساتھ ساتھ ان کے اسباب، شخصیات کے اخلاق و کردار اور امت پر اثرات کو بھی بیان کیا ہے۔ اس میں ان کا انداز تحقیقی اور تنقیدی ہے، جیسا کہ وہ ایک مقام پر لکھتے ہیں: "وَقَدْ ذَكَرَ ابْنُ إِسْحَاقَ هٰذَا الْخَبَرَ وَهُوَ مِمَّا يَنْفَرِدُ بِهِ، وَفِيهِ نَكَارَةٌ، فَاللهُ أَعْلَمُ"[1]۔

ابن کثیرؒ کی تالیفات فقہ کے میدان میں محدود ہیں، تاہم ان کی تفسیر اور فتاویٰ میں فقہی بصیرت، خاص طور پر فقہِ شافعی کی جھلک نمایاں ہے۔ انہوں نے اختلافی مسائل میں دلائل کی بنیاد پر رائے دی، اور متقدمین کی آراء کو ترتیب سے پیش کیا۔ "وَقَدِ اخْتَلَفَ الْعُلَمَاءُ فِي هٰذَا، فَقَالَ الشَّافِعِيُّ كَذَا، وَقَالَ أَبُو حَنِيفَةَ كَذَا، وَقَالَ مَالِكٌ كَذَا، وَكُلٌّ احْتَجَّ بِدَلِيلِهِ"[2]۔

## علمی وراثت کا تسلسل

علامہ ابن کثیرؒ کی علمی شخصیت ایک مؤثر اور فعّال معلم کی حیثیت رکھتی ہے۔ ان کے دروس اور تصنیفات نے کئی ممتاز اہلِ علم کو علمی طور پر متاثر کیا۔ ان کے براہ راست تلامذہ میں کئی جید علما شامل ہیں جنہوں نے بعد ازاں مختلف علوم میں نمایاں خدمات سر انجام دیں۔ اس حوالے سے ابن حجرؒ لکھتے ہیں: "وَكَانَ لَهُ تَلَامِيذُ كِبَارٌ ٱسْتَفَادُوا مِنْهُ وَأَخَذُوا عِلْمَهُ، وَٱنْتَفَعَ ٱلنَّاسُ بِمُصَنَّفَاتِهِ أَزْمَانًا طَوِيلَةً"[3]۔ "اور ان کے بڑے بڑے شاگرد تھے جنہوں نے ان سے علم حاصل کیا اور فائدہ اُٹھایا اور لوگوں نے ان کی تصنیفات سے طویل عرصے تک علمی و فکری استفادہ کیا"۔

ابن کثیرؒ کی زندگی کا اختتام 26 شعبان 774ھ کو دمشق میں ہوا۔

## ابن کثیرؒ کا تفسیری منہج

ان کی وفات کے وقت دمشق علمی، سیاسی اور فکری سطح پر کئی تغیرات سے گزر رہا تھا۔ وہ اپنے وقت کے بڑے محدث، مفسر اور مؤرخ تھے جنہوں نے متعدد علمی میدانوں میں اپنی گہری چھاپ چھوڑی۔ "ان کی وفات پر اہلِ علم اور عوام دونوں نے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا۔ ان کی نماز جنازہ جامع اُموی دمشق میں ادا کی گئی اور انہیں باب الصغیر کے قبرستان میں سپردِ خاک کیا گیا"[4]۔ ان کے شاگردوں نے ان کے علمی ورثے کو محفوظ رکھا۔ خصوصاً ان کی تفسیر "تفسیر القرآن العظیم" کو بعد کے تمام مفسرین نے مستند ماخذ کے طور پر اختیار کیا۔ ابن تیمیہؒ اور ابن قیمؒ کی فکری روشنی میں، ابن کثیرؒ نے جس معتدل اور سلفی طرزِ تفسیر کو اختیار کیا، وہ تفسیر نگاری میں ایک نمایاں طرز بن گیا۔

---

[1] ابن کثیر، البداية والنهاية: ج ٤، ص ١١٦

[2] ابن کثیر، تفسير القرآن العظيم: ج ٢، ص ٢٣٤

[3] ابن حجر، أحمد بن علي، الدرر الكامنة في أعيان المئة الثامنة، تحقيق: محمد حامد الفقي، (القاهرة: دار الكتب العلمية، ١٩٩٣م)، ج ١، ص ٣٨١-

[4] ابن حجر، الدرر الكامنة في أعيان المئة الثامنة: ج ١، ص ٣٨٣

ان کے بعد تفسیر میں اہل حدیث مکتبہ فکر نے بالخصوص انہی کی تفسیر کو حجت مانا۔ ''تاریخ کے میدان میں ان کی کتاب "البدایہ والنہایہ" ایک موسوعہ کی حیثیت رکھتی ہے۔ ان کی اس تاریخی تصنیف میں انبیائے کرام علیہم السلام کے واقعات، سیرتِ نبوی ﷺ، خلفائے راشدین، بنو امیہ و بنو عباس کے حالات اور اہم واقعات شامل ہیں''[1]۔ ان کی وفات کے بعد سب سے زیادہ جو کتاب مشہور ہوئی وہ ان کی تفسیر ہے۔ مصری اور شامی علماء نے صدیوں تک مدارس میں اس تفسیر کو داخلِ درس رکھا۔ حتی کہ آج بھی عالمِ اسلام میں جتنی کثرت سے تفاسیر شائع ہوتی ہیں، ان میں "تفسیر ابن کثیر" سرفہرست ہے۔ ان کی تفسیر کی کئی شروحات اور خلاصے بعد میں مرتب ہوئے۔ ان کی تالیفات، فقہی مسالک کے ماوراء ہو کر قرآن و سنت کی طرف رجوع اور سلف کے اقوال پر اعتماد یہ سب ان کی علمی میراث کا جزو ہیں۔ انہوں نے علمِ رجال، اصولِ حدیث، اصولِ تفسیر اور علم الکلام پر جو اثرات چھوڑے وہ ناقابلِ فراموش ہیں۔ ان کی وفات کے بعد ان کے شاگردوں اور معتقدین نے ان کے علمی کارناموں کو محفوظ رکھنے میں جو کردار ادا کیا، وہ قابلِ قدر ہے۔ ان کی قبر آج بھی زائرینِ علم کے لیے باعثِ برکت مانی جاتی ہے۔ ابن کثیرؒ کی وفات ایک عظیم مفسر اور مورخ کی زندگی کا اختتام ضرور تھا، مگر ان کی علمی میراث آج تک زندہ ہے۔ ان کی کتابیں، ان کا معتدل منہج اور علمی توازن آج بھی امت کے لیے راہِ ہدایت ہیں۔

علامہ عماد الدین ابو الفداء اسماعیل بن عمر بن کثیر الدمشقیؒ 701-774ھ، علمِ تفسیر کے ممتاز ستون، علومِ دینیہ کے جلیل القدر فقیہ، محدث اور مورخ تھے۔ آپ نے فقہ، اصول، حدیث اور تفسیر میں اپنی گہری بصیرت کے ذریعے علمی دنیا میں نمایاں مقام حاصل کیا۔ آپ کا تعلق مشہور علمی خانوادے سے تھا اور آپ نے علامہ ابن تیمیہؒ م 728ھ، اور علامہ ابن قیمؒ م 751ھ۔ جیسے اساتذہ سے کسبِ فیض کیا۔ آپ کی مشہور تالیف تفسیر القرآن العظیم نہ صرف ماثور تفاسیر کی صفِ اوّل میں شمار ہوتی ہے بلکہ اسے اہلِ سنت کی معتبر تفاسیر میں خاص مقام حاصل ہے۔ ابن کثیرؒ نے اپنی تفسیر میں قرآن کی تفسیر کے لیے ایک جامع اور منضبط منہج اختیار کیا، جس میں وہ پہلے قرآن کو خود قرآن سے، پھر سنتِ نبوی ﷺ سے، اس کے بعد صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ کے اقوال سے اور آخر میں لغوی و اجتہادی اصولوں کی روشنی میں تفسیر کرتے ہیں۔ ان کا یہ منہج ان کے اس قول سے بخوبی واضح ہوتا ہے: ''فَإِنَّ أَصَحَّ الطُّرُقِ فِي ذَٰلِكَ أَنْ يُفَسَّرَ الْقُرْآنُ بِالْقُرْآنِ، فَمَا أُجْمِلَ فِي مَكَانٍ فَإِنَّهُ قَدْ فُسِّرَ فِي مَوْضِعٍ آخَرَ، وَمَا اخْتُصِرَ فِي مَكَانٍ فَقَدْ بُسِطَ فِي مَوْضِعٍ آخَرَ''[2]۔ ''قرآن کی تفسیر کے لیے سب سے زیادہ صحیح طریقہ یہ ہے کہ قرآن کی تفسیر خود قرآن سے کی جائے؛ کیونکہ جس جگہ کسی بات کو اجمال کے ساتھ بیان کیا گیا ہو، وہ کسی اور مقام پر وضاحت کے ساتھ بیان کر دی گئی ہوتی ہے اور جس جگہ کسی بات کو اختصار کے ساتھ ذکر کیا گیا ہو، وہ کسی دوسری جگہ تفصیل سے بیان ہوئی ہوتی ہے''۔

امام ابن کثیر نے اکثر مقامات پر صحیح احادیث کو ترجیح دی اور ضعیف روایات سے اجتناب کیا، البتہ بعض قصصی مقامات پر اسرائیلیات بھی نقل کیں، لیکن ساتھ وضاحت بھی فرمائی۔ ان کی تفسیر میں مسند احمد، صحیح بخاری، صحیح مسلم اور سنن اربعہ کے علاوہ ابن جریر

---

[1] ابن کثیر، البداية والنهاية: ج ٥، ص ٢٣٩

[2] ابن کثیر، تفسير القرآن العظيم: ج ١، ص ٥

الطبریؒ م 310ھ، ابن ابی حاتمؒ[1] 327ھ، عبد بن حمیدؒ[2] م 249ھ جیسے محدثین و مفسرین کے آثار سے استفادہ کیا گیا ہے[3]۔ ابن کثیرؒ کا اسلوب اعتدال، ترتیب اور روایت کے ساتھ روایت پر تنقید کو بھی سموئے ہوئے ہے وہ نہ صرف اقوال بیان کرتے ہیں بلکہ اکثر جگہ اس بات کی صراحت کرتے ہیں کہ کون سا قول زیادہ راجح ہے۔ مثال کے طور پر سورۃ الاحزاب کی آیت ﴿**إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ**﴾ پر تفسیر کرتے ہوئے وہ حدیثِ صحیح کی بنیاد پر درود و سلام کے معانی اور اس کے مختلف صیغوں کا تفصیلی ذکر کرتے ہیں اور اقوالِ صحابہ کو ترتیب وار ذکر کر کے راجح معنی کو واضح کرتے ہیں[4]۔ ان کی تفسیر کا ایک امتیاز یہ بھی ہے کہ وہ نصوص میں تطبیق اور سیاق و سباق کا لحاظ رکھتے ہیں، نیز وہ فقہی مسائل کو اہلِ حدیث کے موقف سے بیان کرتے ہیں، لیکن امام شافعیؒ م 204ھ کے پیروکار ہونے کے ناطے شوافع کے استدلالات کو بھی جگہ دیتے ہیں۔ ان کا اسلوب سادہ مگر عالمانہ ہے، وہ غیر ضروری جدل سے گریز کرتے ہیں اور صرف ان روایات کو جگہ دیتے ہیں جو علمی قدر و قیمت رکھتی ہیں۔ بلاغت اور لغت کے اصولوں سے کم لیکن کافی حد تک استفادہ کرتے ہیں، تاہم ان کی ترجیح ہمیشہ روایت ہی رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی تفسیر عوام و خواص دونوں میں یکساں مقبول ہے۔ انہوں نے بعض آیات کی تفسیر میں عقائد، احکام، اور سیرت النبی ﷺ کے حوالے سے بھی اہم مباحث چھیڑے ہیں، جن سے ان کی جامع نگاہ کا اندازہ ہوتا ہے۔

---

[1] ابن ابو حاتم، محمد بن حبان بن احمد الرّازی تھا (240ھ /854ء- 327ھ/938ء) محدث، مفسر اور جرح و تعدیل کے امام تھے۔ ( الذهبي، سير أعلام النبلاء، ج ١٦، ص ٩٤

[2] محمد عبد بن حمیدؒ (170ھ تا 249ھ حافظ الحدیث تھے۔ "مسند عبد بن حمید "ان کی مشہور تصنیف ہے۔ ( عبد بن حميد، مسند عبد بن حميد، )مكتبة النهضة العربية، ١٩٨٨م)، ج ١، ص ١١

[3] ابن کثیر، تفسير القرآن العظيم: ج ١، ص ١٢

[4] ابن کثیر، تفسير القرآن العظيم: ج ٦، ص ٣٩١

## مبحث دوم: شیخ طاہر بن عاشور کا تفسیری منہج

### تعارف

علامہ محمد الطاہر بن محمد بن محمد الطاہر بن عاشورؒ، جن کا تعلق شمالی افریقہ کے علمی خانوادے سے تھا، 1296ھ/1879ء میں تونس کے شہر منفلوری میں پیدا ہوئے۔ آپ ایک مشہور علمی، دینی اور قضائی خاندان میں پیدا ہوئے جس کی کئی پشتیں جامع زیتونہ کے فضلاء میں شامل تھیں۔ ان کے والد شیخ محمد بن عاشور بھی ایک ممتاز فقیہ اور مدرس تھے، جبکہ دادا محمد الطاہر بن عاشور کو زیتونہ میں بلند مقام حاصل تھا"[1]۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد سے حاصل کی۔ علامہ ابن عاشورؒ نے قرآن کریم کا حفظ کم عمری ہی میں مکمل کر لیا تھا۔ بعد ازاں انہوں نے جامع زیتونہ میں باقاعدہ علومِ اسلامیہ کی تحصیل شروع کی اور فقہ، تفسیر، اصول، بلاغت، منطق اور فلسفہ میں مہارت حاصل کی۔ ابن عاشورؒ کی تعلیم میں روایتی اور جدید دونوں عناصر نمایاں تھے۔ وہ زیتونہ کی قدیم نظام تعلیم کے ساتھ ساتھ جدید فلسفیانہ اور لسانی رجحانات سے بھی واقف تھے، جنھوں نے ان کی تفسیر "التحریر والتنویر" کے منہج کو متاثر کیا۔ انہوں نے صرف رسمی علوم پر اکتفا نہیں کیا بلکہ عربی زبان و ادب، منطق، کلام، اور فلسفہ کے مختلف دبستانوں کا گہرا مطالعہ کیا۔ یہی وہ تنوع تھا جو ان کے علمی مزاج اور تفسیری اسلوب کو دوسرے مفسرین سے ممتاز کرتا ہے[2]۔ ان کے تعلیمی سفر میں سب سے نمایاں مرحلہ جامع زیتونہ میں ان کا تدریسی عمل تھا، جہاں وہ کم عمری میں ہی مدرس مقرر ہو گئے۔ ان کی تدریس کا اسلوب دلائل، تجزیے اور اجتہادی بصیرت پر مبنی ہوتا تھا، جو طلبہ کو محض حفظ و نقل سے نکال کر غور و تدبر کی جانب مائل کرتا۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے زیتونہ کی علمی فضا کو اجتہاد و تجدید کی روح سے ہمکنار کیا۔

### علامہ ابن عاشورؒ کے علمی مناصب اور تدریسی خدمات

علامہ ابن عاشورؒ نے اپنی علمی زندگی میں نہ صرف تدریس، بلکہ انتظامی اور فقہی مناصب پر بھی نمایاں خدمات انجام دیں۔ ان کی علمی سیرت کا نمایاں پہلو جامع زیتونہ کی تدریسی اور انتظامی خدمات ہیں۔ آپ 1905ء میں جامع زیتونہ میں باقاعدہ مدرس مقرر ہوئے، جہاں آپ نے فقہ، اصول فقہ، تفسیر، بلاغت اور منطق جیسے مضامین میں درس دینا شروع کیا۔ ان کے دروس کی خاص بات یہ تھی کہ وہ محض نقلی علم پر انحصار نہیں کرتے تھے بلکہ تنقیدی و تجزیاتی اسلوب کو بھی اپناتے تھے"[3]۔ ابن عاشورؒ کو 1932ء میں حکومتِ تونس نے جامع زیتونہ کا شیخ الجامع مقرر کیا۔ اس حیثیت میں انہوں نے نصابِ تعلیم میں کئی اصلاحات نافذ کیں۔ وہ چاہتے تھے کہ قدیم اسلامی علوم کو جدید فکری رجحانات کے ساتھ ہم آہنگ کیا جائے تاکہ طلبہ صرف متون کے حافظ نہ بنیں بلکہ دین کے گہرے مفکر بھی بن سکیں۔ انہی اصلاحات کے تحت فقہ اور تفسیر میں تقابلی و موازناتی مطالعے (Comparative Study) کو شامل کیا گیا۔ وہ اپنے دور میں اس بات کے شدید

---

[1] ابن عاشور، طاهر بن عاشور، التحرير والتنوير، )تونس: دار سحنون)، ج ۱، ص ۱۱

[2] ابن عاشور، التحرير والتنوير: ج ۱، ص ۱۳

[3] أيضًا: ج ۱، ص ۱۵

داعی تھے کہ اجتہاد کی روح کو زندہ کیا جائے تاکہ دین کی تعبیر ہر زمانے کے تقاضوں کے مطابق کی جا سکے[1]۔ابن عاشورؒ کو 1951ء میں تیونس کا قاضی القضاۃ بھی مقرر کیا گیا۔اس منصب پر فائز ہو کر انہوں نے فقہی امور میں اجتہادی طریقِ کار کو اختیار کیا اور رائج فقہی رائے سے اختلاف کرتے ہوئے قرآن و سنت کے اصولی استنباط کو بنیاد بنایا۔ان کے فتاویٰ میں عدل، مصلحت اور فطری عقل کی جھلک نمایاں ہوتی تھی[2]۔تدریسی سطح پر بھی ابن عاشورؒ نے ایک انقلابی تبدیلی کی بنیاد رکھی۔انہوں نے طویل متون کو محدود اور جامع انداز میں پیش کرنے کا طریقہ رائج کیا، تاکہ طلبہ مفہوم کو سمجھیں، نہ کہ محض عبارت کو یاد رکھیں۔ان کی مجلسِ درس میں علمی مذاکرہ اور سوال و جواب کا ماحول غالب ہوتا تھا، جس نے علمی جمود کو توڑنے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ابن عاشورؒ کی علمی مناصب سے وابستگی نے انہیں صرف ایک مدرس ہی نہیں بلکہ ایک مصلح اور فقہی قائد بھی بنایا۔ان کی جامع زیتونہ اور عدلیہ میں خدمات اجتہاد، تجدید اور اصلاحِ دینی تعلیم کی نمایاں مثالیں ہیں۔

### ابن عاشورؒ کی تصنیفی خدمات اور تفسیر (التحریر والتنویر) کا منہج

علامہ محمد الطاہر بن عاشورؒ کی علمی شخصیت کی سب سے نمایاں علامت ان کی عظیم الشان تفسیر "**التحریر والتنویر**" ہے، جو صرف ایک مفسر کی کاوش نہیں بلکہ ایک مفسر، اصولی، ماہر لغت، بلاغی اور مصلح کی مشترکہ آواز ہے۔اس تفسیر کا مکمل نام ''**تحریر المعنی السدید وتنویر العقل الجدید من تفسیر الکتاب المجید**'' ہے، جس کی 30 جلدیں تونس کے دار سحنون سے شائع ہوئیں''[3]۔ابن عاشورؒ نے اس تفسیر میں تفسیر بالرای، لغوی تحلیل، بلاغت، سیاق و سباق اور مقاصد الشریعہ کو باہم مربوط انداز میں پیش کیا ہے۔وہ محض نقل پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ ہر آیت کی معنوی و نحوی جہات، اس کے لغوی اشتقاق اور شانِ نزول کو سامنے رکھ کر استنباط کرتے ہیں۔وہ کہتے ہیں: ''**إِنِّي لَا أُفَسِّرُ الْقُرْآنَ بِالتَّفْسِيرِ الْمَأْثُورِ فَحَسْبُ، بَلْ أَجْتَهِدُ فِي إِظْهَارِ الْمَعَانِي عَلَىٰ حَسَبِ مَقَاصِدِ الْقُرْآنِ وَمُقْتَضَيَاتِ الْبَلَاغَةِ الْعَرَبِيَّةِ**''[4]۔''میں صرف ماثور (روایتی) تفسیر پر اکتفا نہیں کرتا، بلکہ قرآن کے مقاصد اور عربی بلاغت کے تقاضوں کے مطابق معانی کو ظاہر کرنے کی کوشش بھی کرتا ہوں''۔

ان کی تفسیر کا سب سے نمایاں پہلو یہ ہے کہ وہ آیات کو صرف فقہی یا کلامی نقطۂ نظر سے نہیں دیکھتے بلکہ تمدنی، اخلاقی، سماجی اور سیاسی پہلوؤں کو بھی شامل کرتے ہیں، تاکہ قرآن کا پیغام ہر دور کے انسان کے لیے مؤثر بنے۔مثال کے طور پر سورۃ النساء کی آیت ﴿**الرِّجَالُ قَوَّامُونَ عَلَى النِّسَاءِ**﴾[5] (مرد عورتوں پر نگران ہیں) کی تفسیر میں ابن عاشور مرد و عورت کے تعلقات کو نہ صرف خاندانی نظام کی بنیاد کے طور پر دیکھتے ہیں بلکہ اس کے ساتھ انسانی فطرت، تمدن اور ذمہ داریوں کا گہرا تجزیہ بھی کرتے ہیں[6]۔ابن عاشورؒ کی تفسیر کا دوسرا اہم پہلو

---

[1] محمد بن الخوجة، أعلام الفكر الإسلامي في تونس، )بيروت: دار الغرب الإسلامي، ٢٠٠٣م)، ص ٢٢٩

[2] ابن عاشور، طاهر بن عاشور، مقاصد الشريعة الإسلامية(القاهرة: دار السلام، ٢٠٠١م)، ص ٤١

[3] ابن عاشور، التحرير والتنوير: ج ١، ص ٣

[4] أيضًا: ج ١، ص ٥

[5] النساء:34

[6] ابن عاشور، التحرير والتنوير، ج ٥، ص ٤١

بلاغت القرآن ہے۔ان کی نظر میں قرآن مجید صرف شرعی احکام یا قصص کا مجموعہ نہیں بلکہ ایک بلاغی معجزہ بھی ہے۔وہ ہر آیت کی ترکیب و نظم پر بحث کرتے ہیں اور یہ دکھاتے ہیں کہ " ٱلنَّظْمُ ٱلْقُرْآنِيُّ مَقْصُودٌ لِذَاتِهِ، لَا يُفْهَمُ ٱلْقُرْآنُ إِلَّا بِفَهْمِهِ"[1]۔ایک اور اہم جہت ان کی اجتہادی بصیرت ہے۔وہ فقہی مسائل میں محض روایتی رائے کو نہیں دہراتے بلکہ ہر مسئلے میں قرآن کے مقاصد، حکمت اور موجودہ حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک جامع تجزیہ پیش کرتے ہیں۔ مثلاً سود کی حرمت پر ان کا تجزیہ صرف ممانعت پر نہیں بلکہ معاشی و تمدنی تباہی کے پہلو سے بھی ہوتا ہے [2]۔دیکھا جائے تو ابن عاشورؒ کی تفسیر التحریر والتنویر صرف ایک تفسیری کاوش نہیں بلکہ ایک علمی مکتب ہے، جس میں قرآن کی جامع تعبیر، بلاغت، مقاصد، اور فکری عمق جمع ہو گئے ہیں۔یہ تفسیر جدید فکری دنیا میں قرآن کو مؤثر انداز میں پیش کرنے کی بہترین مثال ہے۔

## ابن عاشورؒ کی فقہی بصیرت اور اجتہادی منہج

علامہ محمد الطاہر بن عاشورؒ کی فقہی بصیرت ان کے اصولی تبحّر، اجتہادی فراست، اور قرآن کے عمیق فہم کا ثمرہ ہے۔ان کی تمام علمی کاوشیں قرآن کو عصرِ حاضر کے تناظر میں سمجھنے اور اس کے احکام کو دورِ جدید کی فکری پیچیدگیوں میں قابلِ فہم بنانے کی جہت سے عبارت ہیں۔ وہ محض تقلیدی منہج کے قائل نہیں بلکہ اجتہادِ مستقل کے داعی ہیں، چنانچہ وہ لکھتے ہیں:"لَا بُدَّ مِنْ تَجْدِيدِ ٱلنَّظَرِ فِي ٱلْفِقْهِ ٱلْإِسْلَامِيِّ، بِمَا يُوَاكِبُ مَقَاصِدَ ٱلشَّرِيعَةِ وَتَطَوُّرَاتِ ٱلزَّمَانِ"[3]۔"اسلامی فقہ پر نظرثانی ناگزیر ہے، تاکہ وہ شریعت کے مقاصد اور زمانے کی تبدیلیوں کے ساتھ ہم آہنگ ہو سکے"۔ابن عاشورؒ مالکی فقہ کے عالم اور قاضی بھی تھے، لیکن انہوں نے فقہی مسالک کی حدود میں مقید ہو کر قرآن فہمی کو محدود نہیں ہونے دیا، بلکہ اصولی تنقیحات اور مقاصدی اجتہاد کی روشنی میں ہر حکم کی علت، حکمت اور عصرِ حاضر میں اس کے نفاذ کے قابلِ عمل پہلو تلاش کیے۔ وہ سورۃ النساء کی آیت ﴿فَانكِحُوا مَا طَابَ لَكُم مِّنَ النِّسَاءِ﴾[4]۔ ترجمہ "دوسری عورتوں میں سے کسی سے نکاح کر لو جو تمہیں پسند آئیں") کی تفسیر کرتے ہوئے صرف رخصتِ تعددِ ازدواج کو نہیں بیان کرتے بلکہ اس کی علت، حدود اور معاشرتی مصالح کو سامنے رکھتے ہوئے اجتہادی گفتگو کرتے ہیں [5]۔ابن عاشورؒ نے فقہ کو محض احکام کے استخراج کا علم نہیں سمجھا بلکہ وہ فقہ کو "تدبّر فی مقاصد التشریع" کا ذریعہ مانتے ہیں۔ان کی کتاب (مقاصد الشريعة الإسلامية) اس موضوع پر نہایت جامع اور جدید اسلوب میں لکھی گئی منفرد تصنیف ہے، جس میں وہ واضح کرتے ہیں:"ٱلْفِقْهُ ٱلْحَقُّ هُوَ ٱلْفِقْهُ ٱلَّذِي يَرْبِطُ ٱلنَّصَّ بِٱلْمَقْصِدِ، وَٱلْحُكْمَ بِٱلْعِلَّةِ، وَٱلشَّرْعَ بِٱلْمَصْلَحَةِ"[6]۔"حقیقی فقہ وہی ہے جو نص کو مقصد سے، حکم کو علت سے اور شریعت کو مصلحت سے مربوط کرے"۔ان

---

[1] أيضًا: ج ١، ص ١٠

[2] ابن عاشور، التحرير والتنوير: ج ٣، ص ١٠٣

[3] ابن عاشور، طاهر بن عاشور، أصول النظام الاجتماعي في الإسلام(القاهرة: دار السلام، ١٩٧٩م)، ص ٢٢

[4] النساء:3

[5] ابن عاشور، التحرير والتنوير: ج ٥، ص ٦

[6] ابن عاشور، مقاصد الشريعة الإسلامية: ص ٤٣

کے نزدیک فقہ کا اصل ہدف معاشرے کی فلاح، عدل، توازن اور انسانی کرامت کا تحفظ ہے۔ وہ فقہ کو طلاق، بیع یا قصاص کی محدودات میں بند دیکھنے کی بجائے، ان کے مقاصد کو سامنے رکھتے ہوئے عصری اسالیب سے ہم آہنگ کرنے پر زور دیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی تفسیر میں اکثر فقہی آیات پر محض احکام کا بیان نہیں بلکہ ان کے اجتہادی امکانات پر بھی تفصیلی گفت و شنید کی گئی ہے۔ سورۃ البقرہ کی آیت ﴿**وَأَشْهِدُوا إِذَا تَبَايَعْتُمْ**﴾[1]۔"اور جب خرید و فروخت کرو تو گواہ بنالیا کرو" کی تفسیر میں وہ لکھتے ہیں کہ گواہی کی شرط اگرچہ شرعی تدبیر ہے، لیکن اس کے پیچھے اصل مصلحت، مالی تحفظ، معاشرتی اعتبار، اور نزاعات کے انسداد کا مقصد ہے۔ وہ فرماتے ہیں: "**ٱلْغَرَضُ مِنَ ٱلْإِشْهَادِ هُنَا تَنْظِيمُ ٱلتَّعَاقُدَاتِ، لَا ٱلتَّشَدُّدُ فِي ٱلشَّكْلِ**"[2]۔"یہاں گواہی طلب کرنے کا مقصد معاہدات کی تنظیم ہے، نہ کہ ظاہری شکل و صورت میں سختی کرنا"۔ یہی ان کی فقہی بصیرت کا خاصہ ہے کہ وہ ہر شرعی حکم کی روح کو سمجھنے اور اس کی عصری تعبیر کرنے پر زور دیتے ہیں، جبکہ وہ اس عمل کو سلفِ صالحین کی روش سے انحراف نہیں بلکہ اس کا تسلسل قرار دیتے ہیں۔ ابن عاشورؒ کی فقہی بصیرت صرف اصول فقہ یا فتاویٰ پر مبنی نہیں بلکہ وہ ایک عقلی، مقاصدی اور اجتہادی فکر کے حامل مفسر تھے۔ ان کے نزدیک فقہ شریعت کا محض ایک ظاہر نہیں بلکہ باطن بھی ہے جس میں مقاصد کی روشنی میں ہر زمانے کی رہنمائی پوشیدہ ہے۔

## ابن عاشورؒ کی تفسیر کا فنی و بلاغی اسلوب

علامہ ابن عاشورؒ کی تفسیر التحریر والتنویر محض ایک عام تفسیر نہیں بلکہ فصاحت و بلاغت، علومِ قرآن، اصولِ تفسیر، اور عربی ادب کے حسین امتزاج کا شاہکار ہے۔ اس تفسیر کی سب سے نمایاں خصوصیت اس کا ادبی اسلوب اور بلاغی تجزیہ ہے، جو نہ صرف قرآنی اعجاز کو مبرہن کرتا ہے بلکہ قاری کو اس کے ذوقِ فہم کو بھی نکھارتا ہے۔ ابن عاشورؒ خود فرماتے ہیں: "**أَرَدْتُ أَنْ أَجْعَلَ هَذَا ٱلتَّفْسِيرَ تَفْسِيرًا بَيَانِيًّا أَدَبِيًّا قَبْلَ أَنْ يَكُونَ فِقْهِيًّا أَوْ كَلَامِيًّا**"[3]۔"میں چاہتا تھا کہ یہ تفسیر فقہی یا کلامی بننے سے پہلے ادبی اور بیانی انداز کی ہو"۔ ان کی تفسیر میں قرآنی تعبیرات کے حسنِ ترتیب، الفاظ کے انتخاب، جملوں کے ساختی پہلو، اور ہر آیت کے سیاق و سباق کو فنی نقطۂ نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر، سورۃ التکویر کی ابتدائی آیات ﴿**إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ**﴾ **ترجمہ** ("جب سورج لپیٹ دیا جائے گا") سے ﴿**وَإِذَا الْجَحِيمُ سُعِّرَتْ**﴾[4] **ترجمہ** ("اور جب دوزخ بھڑکائی جائے گی۔") تک کی تفسیر میں وہ عربی اسلوبِ انشائیہ، صوتی تاثیر اور تکرار کی فنّی خصوصیات پر بحث کرتے ہوئے کہتے ہیں: "**تَرَاكُمُ ٱلصُّوَرِ ٱلْمَهُولَةِ فِي أُسْلُوبِ ٱلشَّرْطِ يُعَكِّسُ تَوَالِيَ ٱلْأَحْدَاثِ يَوْمَ ٱلْقِيَامَةِ، فَيَنْبَعِثُ ٱلرَّهْبَةُ فِي نَفْسِ ٱلسَّامِعِ**"[5]۔"قیامت کے دن کے واقعات کی دہشتناک تصویروں کا شرطیہ انداز میں بیان ہونا، ان کے پے در پے ہونے کو ظاہر

---

[1] البقرہ:282

[2] ابن عاشور، التحرير والتنوير: ج ٢، ص ٥٨٧

[3] أيضًا: ج ١، ص ٩

[4] التکویر:1-12

[5] ابن عاشور، التحرير والتنوير: ج ٣٠، ص ١٢٠

کرتا ہے اور سننے والے کے دل میں خوف پیدا کرتا ہے"۔ان کی نظر میں قرآن صرف وعظ و نصیحت نہیں بلکہ ادبِ عالیہ کا اعلیٰ نمونہ بھی ہے۔ اس لیے وہ آیات میں پائے جانے والے تشبیہات، استعارات، کنایات اور اسلوبِ التقدیم والتأخیر کو بھی گہرائی سے بیان کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر سورۃ القمر کی آیت ﴿وَكُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوهُ فِي الزُّبُرِ﴾[1]۔(اور وہ ہر چیز جو انہوں نے کی، وہ کتابوں میں موجود ہے۔) پر تبصرہ کرتے ہوئے وہ کہتے ہیں: "إِيثَارُ ٱلتَّقْدِيمِ لِضَمِيرِ ٱلْفَاعِلِ (فَعَلُوهُ) عَلَى ٱلظَّرْفِ (فِي ٱلزُّبُرِ) يُبَيِّنُ أَنَّ عَمَلَهُمْ هُوَ مَنَاطُ ٱلتَّوْثِيقِ وَٱلتَّسْجِيلِ، لَا مُجَرَّدُ وُجُودِهِمْ"[2]۔"فعلوہ' کو 'فی الزبر' پر مقدم کرنے سے یہ واضح ہوتا ہے کہ ان کا عمل ہی اصل میں ریکارڈ کا سبب ہے، نہ کہ صرف ان کا موجود ہونا"۔ابن عاشورؒ نے علمِ بلاغت کے تینوں شعبوں معانی، بیان، بدیع کو قرآنی فہم میں شامل کیا ہے۔ وہ صرف تفسیر نہیں کرتے، بلکہ قاری کو خود زبانِ قرآن کی ساخت اور معجزانہ قوت کا مشاہدہ کرواتے ہیں۔ نیز، ان کا اسلوب سادہ مگر پختہ، عالمانہ مگر شگفتہ، اور تفصیلی مگر تکلف سے پاک ہے۔ وہ لفظی تکرار سے گریز کرتے ہیں، لیکن معنوی گہرائی اور اسلوبی تنوع کو برقرار رکھتے ہیں، تاکہ قاری کی علمی و ذوقی سطح بلند ہو۔ابن عاشورؒ کی تفسیر التحریر والتنویر نہ صرف فکری گہرائی بلکہ لسانی، ادبی اور بلاغی ذوق کا مظہر ہے۔انہوں نے قرآن کے ادبی اعجاز کو فنی بنیادوں پر سمجھانے کی کوشش کی اور تفسیر کو جدید فکری تقاضوں کے ساتھ ہم آہنگ کیا۔

## خلاصہ کلام

محمد الطاہر بن عاشور 1296- 1393ھ۔ عرب دنیا کے ایک عظیم مفسر، فقیہ اور معلم تھے جن کی پیدائش تونس میں ہوئی۔ان کی علمی شخصیت توازن و اعتدال کا حسین نمونہ تھی اور وہ اپنی زندگی کا بیشتر حصہ تعلیم و تدریس کے مقدس فریضے کی انجام دہی میں صرف کرتے رہے۔ابن عاشور کی تفسیر "التحریر والتنویر "نہ صرف علمی اعتبار سے اہم ہے بلکہ اس کا اسلوب بھی نیا اور منفرد ہے۔انہوں نے قرآن کی تفصیل بیان کرتے وقت جدید علوم سے استفادہ کیا اور اس میں فلسفیانہ، لغوی اور سماجی پہلوؤں کو شامل کیا۔ان کی تفسیر کا بنیادی اصول یہ تھا کہ قرآن کا مفہوم ابدی ہے، لیکن اس کے معانی کو اس دور کے سائنسی، سماجی اور فکری پس منظر میں دیکھا جائے۔ابن عاشور کا تفسیر کا منہج عقل و فہم پر مبنی تھا، جہاں انہوں نے قرآن کی آیات کی لغوی و فنی تشریح کی اور مختلف آراء کا ذکر کر کے بہترین کو اختیار کیا۔انہوں نے "تفسیر بالماثور" اور "تفسیر بالرائے" کے مابین توازن قائم کیا تاکہ قرآن کے اصل مفہوم تک پہنچا جا سکے۔ان کی تفسیر میں آیات کے سیاق و سباق کا خاص خیال رکھا گیا، جو اس تفسیر کا نمایاں پہلو تھا۔ابن عاشور کا اسلوب سلیس اور سادہ تھا تاکہ عوام بھی اسے آسانی سے سمجھ سکیں۔ان کا مقصد یہ تھا کہ قرآن کی آیات کا مفہوم عوام تک پہنچایا جائے اور اس کے لیے انہوں نے عربی لغت اور بلاغت کے اصولوں کا استعمال کیا۔ابن عاشور نے اپنی تفسیر میں معاصر مسائل اور فکری تحریکات کو بھی شامل کیا۔وہ اپنے عہد کے سماجی، سیاسی اور علمی مسائل سے بخوبی آگاہ تھے اور ان مسائل کا تجزیہ کرتے ہوئے قرآن کی ہدایات کو ان کے حوالے سے بیان کیا۔انہوں نے قرآن کی تفسیر میں جدید فلسفہ اور علم کو شامل کیا اور انہیں اسلامی علوم کے ساتھ جوڑا، تاکہ قرآن کا پیغام نہ صرف مسلمانوں بلکہ پوری انسانیت کے لیے رہنمائی فراہم کرے۔اس

---

[1] القمر:52

[2] ابن عاشور، التحریر والتنویر: ج ۲۷، ص ۱۰۵-

تفسیر نے قرآن کے پیغامات اور معاصر مسائل کے حل کا ایک حسین امتزاج دیا جس سے ان کی تفسیر کی اہمیت اور مقبولیت میں اضافہ ہوا۔ابن عاشور کی تفسیر "التحریر والتنویر" آج بھی ایک اہم مصدر سمجھی جاتی ہے اور اس نے اسلامی دنیا کے ساتھ ساتھ مغربی دنیا میں بھی بہت اثر چھوڑا ہے۔ان کی تفسیر کی کامیابی کا راز اس میں نہ صرف علمی اعتبار بلکہ ان کے اسلوب اور فکری نقطہ نظر میں بھی ہے۔

# فصل دوم : سورۃ الاحزاب: آیت نمبر 56 میں درود النبی ﷺ کی تفسیری جہات

سورۃ الاحزاب میں نبی کریم ﷺ کی عظمت اور ان کے ازواجِ مطہرات کے ساتھ برتاؤ سے متعلق احکامات کو بیان کرنے کے بعد ایک لطیف اور نہایت گہرا روحانی نکتہ سامنے آتا ہے۔ارشاد باری تعالیٰ ہے: ''**إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا**''[1]۔ ''بیشک اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود بھیجتے ہیں۔اے ایمان والو! تم بھی ان پر درود بھیجو، اور خوب سلام بھیجا کرو''۔

درود و سلام کے یہ احکامات کوئی مجرد قانونی نکات نہیں تھے بلکہ نبی کریم ﷺ کے بلند مقام اور اللہ تعالیٰ کے ہاں ان کی خصوصی عزت کا عملی اظہار تھے، ساتھ ہی یہ بات بھی آشکار ہوتی ہے کہ حضور ﷺ کے ساتھ جڑے ہوئے افراد، خاص طور پر ان کی ازواجِ مطہرات، اس عزت و تکریم میں بڑی شان سے شریک ہیں۔اس پس منظر میں اللہ تعالیٰ نے درود بھیجنے کے حکم کو بیان فرمایا، جس میں امت کو سکھایا گیا کہ وہ نہ صرف حضور ﷺ پر بلکہ ان کے اہلِ بیت پر بھی درود بھیجیں۔اس تعلیم کے پیچھے مقصد یہ تھا کہ نبی کریم ﷺ کی عظمت کا ذکر، دعا اور تعظیم مسلمانوں کی زندگی کا مستقل اور نمایاں حصہ بن جائے۔اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں کا درود اس کی بہترین مثال کے طور پر پیش کیا گیا تاکہ مومنین سمجھیں کہ ان پر بھی لازم ہے کہ وہ اپنی عبادات میں نبی کریم ﷺ کا برابر ذکرِ خیر کرتے رہیں۔ابن عاشور کے مطابق یہاں اسمِ جلالہ سے عبارت کی ابتدا کی گئی تاکہ عظمت اور ہیبت کا پہلو خوب اجاگر ہو اور نبی کریم ﷺ پر صلاۃ کو باقی تمام صلوات پر ایک ممتاز اور ارفع مقام دیا جائے، کیونکہ آپ ﷺ کا مرتبہ اس شان کے لائق ہے۔آپؒ لکھتے ہیں: ''**وَهَذِه صَلَاة خَاصَّة هِيَ أرفع صَلَاة مِمَّا شَمله قَوْله هُوَ الَّذِي يُصَلِّي عَلَيْكُمْ وَمَلائِكَتُهُ لِأَنَّ عَظمَة مقَام النبيء يَقْتَضِي عَظَمَةَ الصَّلَاةِ عَلَيْهِ**''[2]۔ ''یہ ایک مخصوص درود ہے جو اس عمومی درود سے کہیں بلند مرتبہ رکھتا ہے جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے یہ فرما کر کیا ہے کہ: ''وہی ہے جو تم پر درود بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے بھی''۔اس امتیاز کی وجہ یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ کا اللہ کے ہاں جو عظیم مقام ہے، وہ تقاضا کرتا ہے کہ ان پر بھیجا جانے والا درود بھی عظمت اور بلندی میں سب سے اعلیٰ ہو۔

ابن عاشورؒ اس مقام پر بڑی فکری نزاکت کے ساتھ یہ نکتہ واضح کرتے ہیں کہ نبوی احکام صرف سماجی یا خانگی معاملات تک محدود نہیں بلکہ ایک عظیم تر روحانی سیاق میں رکھے گئے ہیں، جس کا مرکز خود نبی کریم ﷺ کی ذات اقدس ہے۔ان کے نزدیک نبی کی شخصیت ایک ایسا مرکزِ عظمت ہے کہ اس سے وابستہ ہر شے کو شرف اور برکت حاصل ہے۔درود کی تعلیم میں ازواجِ مطہرات کا ذکر اس بات کی دلیل ہے کہ نبوی قرب کی برکت ازواج پر بھی محیط ہے۔مزید برآں، اللہ اور ملائکہ کے درود کی مثال دے کر امت کو یہ پیغام دیا گیا کہ نبی کریم ﷺ کی تعظیم اور ان کے ذکر کی کثرت محض استحباب نہیں بلکہ ایک لازمی روحانی ضرورت ہے۔ابن عاشورؒ نے یہاں جس انداز میں نحوی نکات، بلاغی رموز اور معنوی گہرائیوں کو جمع کیا ہے، وہ ان کی تفسیر التحریر والتنویر کے تحقیقی امتیاز کا خوبصورت نمونہ ہے۔

---

[1] الاحزاب:56

[2] ابن عاشور، التحرير والتنوير: ج ٢٢، ص ٩٧

## مبحث اول: علامہ ابن عاشور اور حافظ ابن کثیر کے نزدیک درود النبی ﷺ کے مفاہیم

درود کے لغوی اور اصطلاحی مفہوم کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ ابن عاشور اور حافظ ابن کثیر نے درود کے معانی کو الگ الگ جہتوں سے بیان کیا ہے۔ ابن عاشور نے درود کو الفاظ اور دعاؤں کے ذریعے خیر و برکت کے نزول سے تعبیر کیا، جبکہ ابن کثیر نے درود کے مفہوم کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے نبی کریم ﷺ کی تعریف و تحسین کے ساتھ جوڑا اور ملائکہ و مومنین کی طرف سے دعا اور استغفار کا عنوان قرار دیا۔

صلاۃ کے معنی کی وضاحت کرتے ہوئے ابن کثیر لکھتے ہیں: "قَالَ الْبُخَارِيُّ[1]: قَالَ أَبُو الْعَالِيَةِ: صَلَاةُ اللَّهِ: ثَنَاؤُهُ عَلَيْهِ عِنْدَ الْمَلَائِكَةِ، وَصَلَاةُ الْمَلَائِكَةِ: الدُّعَاءُ"[2]۔ "امام بخاری نے روایت کیا ہے کہ ابوالعالیہ نے کہا: اللہ کی صلاۃ سے مراد یہ ہے کہ وہ نبی کریم ﷺ کی تعریف اور مدح اپنے فرشتوں کے سامنے کرتا ہے، اور فرشتوں کی صلاۃ سے مراد نبی ﷺ کے لیے دعا کرنا ہے"۔

دوسری طرف ابن عاشور صلاۃ کے معنی کو زیادہ عام گردانتے ہوئے رقمطراز ہیں: "وَالصَّلَاةُ: ذِكْرٌ بِخَيْرٍ، وَأَقْوَالٌ تَجْلِبُ الْخَيْرَ، فَلَا جَرَمَ كَانَ الدُّعَاءُ هُوَ أَشْهَرَ مُسَمَّيَاتِ الصَّلَاةِ، فَصَلَاةُ اللَّهِ: كَلَامُهُ الَّذِي يُقَدِّرُ بِهِ خَيْرًا لِرَسُولِهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَنَّ حَقِيقَةَ الدُّعَاءِ فِي جَانِبِ اللَّهِ مُعَطَّلٌ، لِأَنَّ اللَّهَ هُوَ الَّذِي يَدْعُوهُ النَّاسُ، وَصَلَاةُ الْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ: اسْتِغْفَارٌ وَدُعَاءٌ بِالرَّحَمَاتِ"[3]۔ "درود دراصل خیر کے ساتھ ذکر کرنے اور ایسی باتوں پر مشتمل ہوتا ہے جو بھلائی کا باعث بنتی ہیں۔ اسی لیے دعا کو صلاۃ کے معروف ترین معانی میں شمار کیا گیا ہے۔ پس اللہ کی صلاۃ کا مطلب ہے وہ کلام جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ اپنے رسول ﷺ کے لیے بھلائی مقدر فرماتا ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کے حق میں دعا کا تصور روا نہیں، اس لیے کہ اللہ خود وہ ہستی ہے جسے بندے پکارتے ہیں۔ جبکہ فرشتوں اور انسانوں کی صلاۃ سے مراد نبی ﷺ کے لیے مغفرت طلب کرنا اور ان پر رحمتوں کی دعا کرنا ہے۔

امام ترمذی[4] اور دیگر اہل علم کے نزدیک، اللہ کی صلاۃ سے مراد اللہ کی رحمت ہے اور فرشتوں کی صلاۃ سے مراد ان کی استغفار کی دعا ہے جو وہ نبی ﷺ کے لیے کرتے ہیں۔ ابن کثیر کے مطابق، اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو اپنے نبی ﷺ کے بلند مقام سے آگاہ کیا اور بتایا کہ نبی ﷺ کا مرتبہ ملائکہ کے ہاں بہت بلند ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے نبی کی مدح و ثنا اپنے ملائکہ کے سامنے کرتا ہے اور پھر اہلِ زمین کو

---

[1] بخاریؒ، محمد بن اسماعیل بن ابراہیم بن المغیرہ البخاری (194ھ/810ء–256ھ/870ء) اسلام کے عظیم محدث اور فقہاء میں سے ہیں، اپنی جامع اور مستند حدیث کی کتاب صحیح البخاری کی بدولت بے حد احترام حاصل ہے۔(محمد زکریا الانصاری، الحدیث وعلومہ، ترجمہ و توضیح: محمد مصطفی خان (لاہور: دارالقادری (2001ء)، ص45

[2] ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم: ج ٦، ص ٤٥٧

[3] ابن عاشور، التحریر والتنویر: ج ٢٢، ص ٩٨

[4] ترمذیؒ (209ھ–279ھ) اہلِ سنت کے جلیل القدر محدث تھے۔ آپ جامع الترمذی کے مصنف ہیں، جو صحاحِ ستہ میں سے ایک اہم کتاب ہے اور حدیث کی تدوین میں نمایاں مقام رکھتی ہے۔(الذہبي، سير أعلام النبلاء: ج ١٣، ص ٢٧٠

حکم دیتا ہے کہ وہ بھی نبی ﷺ پر درود و سلام بھیجیں تاکہ نبی ﷺ کی تعریف اور عزت کا اظہار تمام عالموں (عالمِ بالا اور عالمِ زیریں) سے ہو سکے[1]۔

سورۃ الاحزاب کی مذکورہ بالا آیت سے متعلق ابن عاشور یہ نکتہ بیان کرتے ہیں کہ پہلے کی عبارت میں اللہ تعالیٰ نے مؤمنوں کو اس بات سے منع کیا کہ وہ کسی بھی قسم سے رسول اللہ ﷺ کو ایذا پہنچائیں۔ یہاں تک کہ مؤمنوں کے لیے یہی نہیں کافی کہ وہ فقط رسول اللہ ﷺ کو ایذا نہ پہنچائیں بلکہ ان کے لیے اس سے بڑھ کر عظیم تر حکم ہے کہ وہ نبی ﷺ پر درود و سلام بھیجیں۔ اس عبارت میں **"یَا أَیُّهَا الَّذِینَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَیْهِ"** یہ جملہ نہ صرف ایک حکم ہے بلکہ ایک اہم نتیجہ بھی ہے جو مؤمنوں کی عقیدت اور رسول اللہ ص ﷺ کے ساتھ ان کے تعلق کی وضاحت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس جملہ کو ایک تکمیل کے طور پر پیش کیا ہے، جو اس سے پہلے کی تنبیہات کے بعد آیا ہے، جس میں مؤمنوں کو بتایا گیا تھا کہ ان کا نبی ﷺ کے ساتھ برتاؤ کا ایک حصہ صرف انہیں ایذا پہنچانے سے بچنا نہیں، بلکہ اس سے بھی بڑھ کر انہیں عزت و تکریم دینا ہے، جو کہ درود و سلام بھیجنے کی صورت میں مکمل ہوتا ہے''[2]۔

ابن کثیر نے ابن ماجہ[3] کے حوالے کے ساتھ روایت ذکر کی ہے کہ: ''**عَنْ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ أَنَّهُ قَالَ: "لَا صَلَاةَ لِمَنْ لَا وُضُوءَ لَهُ، وَلَا وُضُوءَ لِمَنْ لَمْ يَذْكُرِ اسْمَ اللَّهِ عَلَيْهِ، وَلَا صَلَاةَ لِمَنْ لَمْ يُصَلِّ عَلَى النَّبِيِّ، وَلَا صَلَاةَ لِمَنْ لَمْ يُحِبَّ الْأَنْصَارَ**''[4]۔ ''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جس کا وضو نہ ہو، اس کی نماز نہیں اور جس نے وضو کے وقت اللہ کا نام نہ لیا ہو، اس کا وضو بھی نہیں اور جس نے نبی ﷺ پر درود نہ بھیجا ہو، اس کی نماز نہیں اور جس نے انصار سے محبت نہ کی ہو، اس کی نماز نہیں''۔

ابن کثیر نے اس حدیث کے علاوہ مزید احادیث بھی ذکر کی ہیں جن میں درود و سلام کے بارے میں میں کئی اہم پہلوؤں کو بیان کیا ہے اور جن سے درود اور نماز کی اہمیت اور اس کے مختلف شرائط سامنے آتی ہیں۔ اس میں اس بات کو واضح کیا گیا ہے کہ کسی شخص کی نماز تب ہی صحیح ہو سکتی ہے جب وہ وضو کے ساتھ ہو اور وضو تب ہی مکمل ہو گا جب اللہ کا نام لیا جائے۔ اسی طرح درود بھی نماز کا لازمی حصہ ہے اور جو شخص نبی ﷺ پر درود نہ بھیجے اس کی نماز بھی مکمل نہیں ہو سکتی۔ اسی طرح محبّتِ انصار بھی ایک ضروری عنصر ہے جس سے اس شخص کا ایمان اور اس کی نماز کی حقیقت کا پتہ چلتا ہے۔ اس حدیث کے ذریعے امام احمد اور دیگر علماء نے یہ ثابت کیا کہ درود کے بغیر نماز کی تکمیل ممکن نہیں اور یہ نبی ﷺ کے ساتھ محبت اور تعلق کے اہمیت کی علامت ہے۔

ابن کثیر اسی آیت کے ضمن میں ایک دوسری حدیث میں ایک اور اہم بات کی طرف اشارہ کیا کہ ایک شخص کو درود بھیجنے کے عمل میں کمی بیشی کرنے کا اختیار ہے، لیکن یہ درود بھیجنا ضروری ہے اور اس کی اہمیت ہمیشہ قائم رہتی ہے۔

---

[1] ابن كثير، تفسير القرآن العظيم: ج ٦، ص ٤٥٧

[2] ابن عاشور، التحرير والتنوير: ج ٢٢، ص ٩٧

[3] ابنِ ماجہؒ، ابو عبد اللہ محمد بن یزید القزوینی ابنِ ماجہ (209–273ھ) قزوین کے نامور محدث تھے۔ آپ سنن ابن ماجہ کے مصنف ہیں، جو کتبِ ستہ میں شامل ہے۔ (الذهبي، سير أعلام النبلاء: ج ١٣، ص ٢٧٧

[4] ابن كثير، تفسير القرآن العظيم: ج ٦، ص ٤٦١

اس حدیث کی بنیاد پر، درود کے مختلف پہلوؤں پر توجہ مرکوز کرنا ضروری ہے۔ یہ اس بات کو واضح کرتا ہے کہ درود کا عمل نہ صرف عبادت کے طریقے کو بہتر بناتا ہے بلکہ انسان کو اللہ کے ساتھ ایک گہرا تعلق قائم کرنے کی اجازت بھی دیتا ہے۔ امام احمد اور ابن کثیر جیسے علماء نے اس حدیث کی تشریح کرتے ہوئے اسے نماز کے مکمل ہونے کے لیے ایک لازمی عنصر قرار دیا ہے [1]۔ ''وَجِيء فِي صَلَاةِ اللّٰهِ وَمَلَائِكَتِهِ بِالْمُضَارِعِ الدَّالِّ عَلَى التَّجْدِيدِ وَالتَّكْرِيرِ لِيَكُونَ أَمْرُ الْمُؤْمِنِينَ بِالصَّلَاةِ عَلَيْهِ وَالتَّسْلِيمِ عَقِبَ ذَلِكَ مُشِيرًا إِلَى تَكْرِيرِ ذَلِكَ مِنْهُمْ أُسْوَةً بِصَلَاةِ اللّٰهِ وَمَلَائِكَتِهِ''[2]۔ ''اور اللہ اور اس کے فرشتوں کی نماز (درود) میں مضارع کا استعمال اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ یہ عمل تازہ اور مسلسل ہے، تاکہ مومنوں کو ان پر درود بھیجنے اور سلام کرنے کا حکم دینے کے بعد یہ بات واضح ہو کہ ان سے بھی یہ عمل مسلسل اور بار بار ہونے کی توقع ہے، جیسے اللہ اور اس کے فرشتے مسلسل ان پر درود بھیجتے ہیں''۔

مختصر یہ کہ سورۃ الاحزاب کی یہ آیت مؤمنوں کو بتاتی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا ادب اور تکریم صرف ایذا سے بچنے تک محدود نہیں بلکہ اس سے بڑھ کر درود و سلام بھیجنا ان کا حق ہے، جو اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ نبی ﷺ کی عظمت کا اقرار ان کے ساتھ تعلق میں ضروری ہے۔ اگر درود و سلام کے فضائل کی طرف نگاہ کریں تو وہ شمار سے بھی زائد ہیں، تیسرے باب کی پہلی فصل میں درود و سلام کی فضیلت پر طویل بحث کی گئی ہے۔ یہاں صرف ان فضائل کو ذکر کیا جاتا ہے جو ابن عاشور اور ابن کثیر نے اپنی تفاسیر میں ذکر کیے ہیں:

ابن کثیر نے امام احمد کے حوالے سے روایت بیان کی کہ عبد الرحمن بن عوف [3] نے بیان کیا: "رسول اللہ ﷺ جب نکلے تو میں ان کے پیچھے پیچھے چل پڑا، وہ ایک کھجور کے درخت کے نیچے گئے اور سجدہ کیا۔ سجدہ اتنا طویل تھا کہ مجھے خوف ہونے لگا کہ شاید اللہ نے ان کی روح قبض کر لی ہو۔ میں قریب جا کر ان کا چہرہ دیکھا، تو آپ ﷺ نے سر اٹھایا اور فرمایا: کیا بات ہے عبد الرحمن؟' میں نے ان سے وہ بات ذکر کی، تو آپ ﷺ نے فرمایا: 'جبریل علیہ السلام نے کہا: کیا میں تمہیں خوشخبری نہ دوں؟ اللہ عزوجل فرماتا ہے:

''مَنْ صَلَّى عَلَيْكَ صَلَيْتُ عَلَيْهِ، وَمَنْ سَلَّمَ عَلَيْكَ سلمتُ عَلَيْهِ''[4]۔ ''جو تم پر درود بھیجے، میں اس پر درود بھیجوں گا، اور جو تمہیں سلام کرے، میں اس پر سلام بھیجوں گا''۔

اسی طرح آپ نے امام ترمذیؒ کی روایت نقل کی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''أَوْلَى النَّاسِ بِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ صَلَاةً''[5]۔ ''قیامت کے دن میرے سب سے زیادہ قریب وہ لوگ ہوں گے جو مجھ پر زیادہ سے زیادہ درود بھیجتے ہیں''۔

---

[1] ابن كثير، تفسير القرآن العظيم: ج ٦، ص ٤٦٣

[2] ابن عاشور، التحرير والتنوير: ج ٢٢، ص ٩٧

[3] عبد الرحمٰن بن عوفؓ (580ء – 654ء) آپؓ کا اصل نام عبد عمرو تھا۔ رسول اللہ ﷺ کے عظیم صحابہ میں سے تھے اور عشرہ مبشرہ (وہ دس صحابہ جنہیں دنیا میں جنت کی بشارت دی گئی) میں شامل ہیں۔ (محمد عبد اللہ، صحابہ کرام کے عروج و حالات (کراچی: ادارہ تحقیق و اشاعت، 1998)، ص120

[4] ابن كثير، إسماعيل بن عمر، تفسير القرآن العظيم: ج ٦، ص ٤٦٣

[5] أيضًا: ج ٦، ص ٤٦٣

حافظ ابن کثیر درود وسلام سے متعلق ایک طویل روایت بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ رات کے آخری پہر میں اٹھ کر لوگوں کو اللہ کا ذکر کرنے کی ترغیب دیتے اور کہتے: 'یاد رکھو، قیامت کے دن ایک زلزلہ آئے گا، اس کے بعد ایک اور زلزلہ، پھر موت آجائے گی۔ اس پر حضرت ابی بن کعب نے کہا: ''يَا رَسُولَ اللهِ، إِنِّي أُكْثِرُ الصَّلَاةَ عَلَيْكَ، فَكَمْ أَجْعَلُ لَكَ مِنْ صَلَاتِي؟ یارسول اللہ، میں آپ پر بہت درود بھیجتا ہوں، تو کتنی مقدار میں بھیجوں؟'' تو آپ ﷺ نے فرمایا: 'جتنا چاہو، اگر تم زیادہ بھیجنا چاہتے ہو تو وہ تمہارے لیے بہتر ہے۔ اس پر حضرت ابی نے کہا: آدھا؟' تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''مَا شِئْتَ، فَإِنْ زِدْتَ فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ''۔ ''جتنا چاہو، اگر تم زیادہ بھیجنا چاہتے ہو تو وہ تمہارے لیے بہتر ہے۔ پھر حضرت ابی نے پوچھا: 'تمام درود آپ پر بھیجوں؟' تو آپ ﷺ نے فرمایا: "إِذَنْ تُكْفَى هَمَّكَ، وَيُغْفَرُ لَكَ ذَنْبُكَ"[1]۔ ''اگر تم تمام درود بھیج دو گے، تو اللہ تمہارے غم دور کرے گا اور تمہارے گناہ معاف ہوں گے''۔

یہ بات بطور خلاصہ کے کہی جاسکتی ہے کہ سورۃ الاحزاب کی آیت میں اللہ تعالیٰ نے مؤمنوں کو نبی ﷺ پر درود وسلام بھیجنے کا حکم دیا ہے۔ اس حکم کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے مؤمنوں کے لیے نبی ﷺ کے ساتھ عقیدت اور تعلق کا ایک نیا معیار قائم کیا ہے۔ ابن عاشور کے مطابق، مؤمنوں کے لیے یہ حکم صرف نبی ﷺ کو ایذا سے بچانے کا نہیں بلکہ ان کے ساتھ عزت واحترام کا مظاہرہ کرنے کا بھی ہے، جو درود وسلام بھیجنے سے مکمل ہوتا ہے۔ یہ جملہ نہ صرف ایک حکم ہے بلکہ مؤمنوں کی عقیدت کا اظہار بھی کرتا ہے۔ درود وسلام بھیجنا نبی ﷺ کی عظمت کا اعتراف اور ان سے تعلق کی نوعیت کو واضح کرتا ہے۔ ابن کثیر نے مختلف احادیث میں درود وسلام کی اہمیت پر روشنی ڈالی ہے، جیسے کہ وہ حدیث جس میں نبی ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص نبی ﷺ پر درود بھیجے، اللہ تعالیٰ اس پر درود بھیجے گا اور جو سلام بھیجے، اللہ اُسے سلام بھیجے گا۔

ابن کثیر نے اس بات کو مزید وضاحت دی ہے کہ درود وسلام کا عمل ایک مسلسل عبادت ہے جو نبی ﷺ کے ساتھ تعلق کو مستحکم کرتا ہے اور قیامت کے دن نبی ﷺ کے قریب ہونے کا سبب بنتا ہے۔ درود وسلام نہ صرف نماز کی تکمیل کا حصہ ہے بلکہ یہ فرد کے ایمان کی علامت ہے۔ اس کے ذریعے انسان اپنی روحانی ترقی حاصل کرتا ہے اور نبی ﷺ کی رہنمائی طلب کرتا ہے۔ امام احمد اور دیگر علماء نے یہ ثابت کیا کہ درود کے بغیر نماز مکمل نہیں ہو سکتی، اور درود بھیجنے کا عمل مسلسل ہے۔ اس عمل سے انسان نہ صرف اللہ کے ساتھ تعلق مضبوط کرتا ہے بلکہ اپنی زندگی میں نبی ﷺ کی برکتوں کو شامل کرتا ہے۔ درود وسلام کا عمل مسلمانوں کے لیے ایک عبادت ہے جو ان کے ایمان کی پختگی اور نبی ﷺ سے محبت کا اظہاری ہے۔

---

[1] الترمذي، سنن الترمذي، كتاب صفة القيامة والرقائق والورع عن رسول الله ﷺ، باب منه ،حديث ٢٤٥٧

تخريج:

تفرّد به المؤلف (تحفة الأشراف: ٣٠)، وانظر مسند أحمد (١٣٥/٥) (حسن). قال الشيخ الألباني: حسن، السلسلة الصحيحة (٩٥٤)، فضل الصلاة على النبي ﷺ، حديث ١٣١٤

قال الشيخ زبير علي زئي: (٢٤٥٧) إسناده ضعيف، سفيان الثوري عنعن

## مبحث دوم: درود کے کلمات

ابن عاشور کے مطابق، سورۃ الاحزاب کی آیت میں "صَلُّوا عَلَيْهِ" کا حکم دراصل نبی ﷺ پر درود بھیجنے کے لیے ہے، جو کہ ایک عبادت ہے۔ تاہم، صحابہ کرام نے جب یہ آیت سنی تو ان کے ذہن میں ایک سوال پیدا ہوا: "نبی ﷺ پر درود بھیجنے کا طریقہ کیا ہے؟" چونکہ صحابہ نے پہلے ہی نبی ﷺ کو سلام بھیجنے کا طریقہ جانا تھا، جو کہ مسلمانوں کے درمیان ایک معمولی تعامل تھا، تو انہیں اس بات کا علم تھا کہ سلام کی مخصوص شکل "السلام علیکم" ہے۔ لیکن نبی ﷺ کی عظمت اور خاص مقام کو مدنظر رکھتے ہوئے، صحابہ نے نبی ﷺ پر درود بھیجنے کا صحیح طریقہ معلوم کرنا چاہا۔

نبی ﷺ نے ان کے سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا: ''قُولُوا: اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ، وَعَلَى أَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ، وَبَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ، وَعَلَى أَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ، كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ، إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ؛ هَذِهِ رِوَايَةُ مَالِكٍ فِي الْمُوَطَّإِ، عَنْ أَبِي حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ. وَرُوِيَ أَيْضًا عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ الْأَنْصَارِيِّ بِلَفْظِ: وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، (عَنْ أَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ فِي الْمَوْضِعَيْنِ، وَبِزِيَادَةٍ: فِي الْعَالَمِينَ قَبْلَ: إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ، وَالسَّلَامُ كَمَا قَدْ عَلِمْتُمْ''[1]۔ ''کہو: " اللَّهُمَّ صلِّ على محمد وَعَلٰى أَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَأَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ" یہ مالک کی روایت ہے جو ابو حمید ساعدی[2] سے مروی ہے۔ اور ابو مسعود انصاری سے بھی روایت آئی ہے، جس میں لفظ "وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ" (آلِ محمد) آیا ہے، یعنی ازواج اور ذریت کے علاوہ، اور ایک اضافی لفظ "فِي الْعَالَمِيْنَ" بھی آیا ہے، اس سے پہلے "إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ" کا جملہ آیا ہے۔ اور آخر میں، "وَالسَّلَامُ كَمَا قَدْ عَلِمْتُمْ" (جیسا کہ تم نے سیکھا ہے، سلام بھیجنا) شامل ہے۔

اس حدیث میں درود کی اہمیت اور اس کے صحیح طریقے کو بیان کیا گیا ہے، جس میں نبی ﷺ، ان کی ازواج اور ذریت پر درود بھیجنے کا حکم دیا گیا ہے۔ اس کے ذریعے ہمیں درود بھیجنے کی حقیقت اور اس کے روحانی فوائد کی سمجھ ملتی ہے، جیسے کہ اللہ کی رضا کا حصول اور نبی ﷺ سے محبت کا اظہار۔ اس حدیث میں نبی ﷺ نے صحابہ کرام کو درود بھیجنے کا صحیح طریقہ سکھایا، جو کہ ان کی اہلِ خانہ کے افراد کو بھی شامل کرتا ہے، اور یہ ہمیں بتاتا ہے کہ نبی ﷺ کی عظمت اور ان کے اہل خانہ کی تکریم بھی ضروری ہے۔ امام مالک[3] اور ابو مسعود انصاری[4]

---

[1] ابن عاشور، التحرير والتنوير: ج ٢٢، ص ٩٨

[2] ابو حمید ساعدیؓ، عبداللہ بن سعد بن مالک الساعدی الانصاری۔ مدینہ کے مشہور قبیلہ بنو ساعدہ سے تعلق رکھتے تھے۔ آپ نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ متعدد غزوات میں شرکت کی، جن میں غزوۂ احد، خندق، خیبر، اور تبوک خاص طور پر شامل ہیں۔ (طبری، تاریخ الرسل والملوک، ترجمہ عبدالحمید (لاہور: ادارہ مطالعات اسلامی، ۱۹۹۵ء)، ج 2، ص 324

[3] مالک بن انسؒ (93ھ–179ھ) مدینہ کے جلیل القدر محدث، فقیہ اور امام مذہب تھے، جنہیں "امام دار الهجرة" کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔ آپ الموطأ کے مصنف تھے اور مدینہ میں تدریس و فتویٰ کے مرکزی مقام پر فائز تھے۔ ( الذهبي، سير أعلام النبلاء، ج ٨، ص ٤٨

[4] ابو مسعود انصاریؓ، عُقبہ بن عمرو بن ثعلبہ الانصاری البدری (ت 660ء)، صحابِ رسول اور مدینہ کے مشہور قبیلہ بنو خزرج سے تعلق رکھتے تھے عقبہ ثانیہ میں اسلام قبول کیا۔ ( ابن الأثير، عزّ الدين، أسد الغابة في معرفة الصحابة، )بيروت: دار الكتب العلمية، ١٩٩٤م)، ج ٤، ص ٥٥

کی روایات سے یہ بات بھی ثابت ہوتی ہے کہ درود صرف نبی ﷺ تک محدود نہیں بلکہ ان گھر والوں/اہل بیت پر بھی درود بھیجا جانا چاہیے، جو کہ ان کے ساتھ تعلق اور احترام کو ظاہر کرتا ہے۔اس کے علاوہ، درود بھیجنے کا عمل انسان کی روحانیت کی ترقی کے لیے ضروری ہے، کیونکہ اس سے نبی ﷺ کی شفاعت اور اللہ کی برکتوں کا حصول ممکن ہوتا ہے۔درود کی اس حقیقت کو سمجھنا نہ صرف ایک عبادت ہے بلکہ اس سے گناہوں کی معافی، نیکیوں کا اضافہ اور درجات کی بلندی حاصل ہوتی ہے، جو دنیا و آخرت میں کامیابی کا باعث بنتی ہے۔

ابن کثیر نے درود کے کلمات سے متعلق بہت سی روایات کو ذکر کیا ہے"[1]۔یہ تمام روایات دراصل نبی ﷺ پر درود بھیجنے کے صحیح طریقے کو بیان کرتی ہیں، جس میں ان کے اہل، آلِ محمد اور ان کے خاندان پر بھی درود بھیجنے کا حکم دیا گیا ہے۔ان روایات میں یہ بھی واضح طور پر بیان کیا گیا ہے کہ درود میں نبی ﷺ کے اہل خانہ کی تکریم اور عزت بھی ضروری ہے، کیونکہ ان کی نبی ﷺ نسبت کی بنا پر اللہ کی رحمت اور برکات نبی ﷺ اور ان کے اہل خانہ تک پہنچتی ہیں۔ذیل میں ان پر مختصر کلام کیا جاتا ہے:

پہلی روایت میں، صحابہ کرام نے ﷺ سے یہ سوال کیا کہ ہم آپ پر درود کیسے بھیجیں؟ نبی ﷺ نے انہیں درود بھیجنے کا صحیح طریقہ سکھایا: " **اللَّهُمَّ صلِّ على محمد وعلى آل محمد**۔"اور اس میں حضرت ابراہیم اور ان کی آل پر درود بھیجنے کی مثال دی، تاکہ صحابہ کرام کو اس عمل کی اہمیت اور اس کے طریقہ کار کی وضاحت ملے۔

دوسری روایت میں، ابو مسعود انصاری اور بشیر بن سعد[2] کی موجودگی میں نبی ﷺ نے اسی طریقے کو دہرایا اور بتایا کہ یہ درود میں اللہ کی رضا کا ذریعہ بنے گا اور درود کے ذریعے اللہ کی رحمت کی بارش ہوگی۔

تیسری روایت میں، حضرت عبد اللہ بن مسعود نے ایک اہم بات بیان کی، کہ جب ہم نبی ﷺ پر درود بھیجیں تو اس میں خوبصورتی کا اہتمام کرنا چاہیے، کیونکہ وہ درود نبی ﷺ کی بارگاہ میں پیش کیا جائے گا اور یہ ہماری عبادت کا حصہ بنے گا۔اسی روایت میں درود کے الفاظ میں اس بات کا ذکر کیا گیا کہ اللہ تعالیٰ نبی ﷺ کو "مقام محمود" عطا فرمائے، جو قیامت کے دن نبی ﷺ کو ایک عظیم مقام پر فائز کرے گا، جو کسی اور کو ہرگز عطا نہیں کیا جائے گا اور یوں آپ کے برابر کسی ہستی کی کوئی شان نہیں ہوگی۔

دیکھا جائے تو ابن کثیر کی ذکر کردہ تمام ہی روایات میں نبی ﷺ کی عظمت اور ان کے خاندان کے ساتھ تعلق کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا ہے۔درود بھیجنے کا یہ عمل نہ صرف نبی ﷺ کی تکریم کا ذریعہ ہے بلکہ یہ عمل اہل ایمان کی روحانیت میں بھی اضافہ کرتا ہے۔اس میں نبی ﷺ کی ذات سے منسوب رحمت اور برکات کو پانے کی کوشش کی جاتی ہے، اور ساتھ ہی اللہ کے قریب جانے کا ایک وسیلہ بھی بنتا ہے۔ان روایات کا مجموعی پیغام یہ ہے کہ درود صرف نبی ﷺ تک محدود نہیں بلکہ ان کے اہل خانہ پر بھی درود بھیجا جائے تاکہ یہ عمل ایک مکمل عبادت اور اظہار محبت بن سکے۔یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ درود بھیجنے کا صحیح طریقہ وہی ہے جو نبی ﷺ نے صحابہ کرام کو سکھایا۔اس کے

---

[1] ابن کثیر، تفسير القرآن العظيم: ج ٦، ص ٤٥٩

[2] بشیر بن سعد، کنیت ابو النعمان، بیعتِ عقبہ ثانیہ میں اسلام قبول کیا۔انہوں نے غزوہ بدر کے بعد تمام غزوات میں شرکت کی اور بیعتِ سقیفہ میں قائدانہ کردار ادا کیا۔(ابن الأثير، أسد الغابة: ج ١، ص ٢٨٩

ذریعے نہ صرف ان کی محبت کا اظہار ہوتا ہے بلکہ یہ ایک عبادت کا دروازہ بھی کھولتا ہے جس سے اللہ کی رضا اور نبی ﷺ کی شفاعت کا حصول ممکن ہوتا ہے۔

قرآن مجید میں نبی کریم ﷺ پر صلاۃ کے ساتھ ساتھ سلام بھیجنے کا حکم آیا ہے اور اس بارے میں علامہ ابن عاشورؒ فرماتے ہیں:

"وَالتَّسْلِيمُ مَشْهُورٌ فِي أَنَّهُ التَّحِيَّةُ بِالسَّلَامِ، وَالسَّلَامُ فِيهِ بِمَعْنَى الْأَمَانِ وَالسَّلَامَةِ، وَجُعِلَ تَحِيَّةً فِي الْأَوَّلِينَ عِنْدَ اللِّقَاءِ مُبَادَأَةً بِالتَّأْمِينِ مِنَ الِاعْتِدَاءِ وَالثَّأْرِ وَنَحْوِ ذَلِكَ إِذْ كَانُوا إِذْ اتَّقَوْا أَحَدًا تَوَجَّسُوا خِيفَةً أَنْ يَكُونَ مُضْمِرًا شَرًّا لِمُلَاقِيهِ، فَكِلَاهُمَا يَدْفَعُ ذَلِكَ الْخَوْفَ بِالْإِخْبَارِ بِأَنَّهُ مُلْقٍ عَلَى مُلَاقِيهِ سَلَامَةً وَأَمْنًا. ثُمَّ شَاعَ ذَلِكَ حَتَّى صَارَ هَذَا اللَّفْظُ دَالًّا عَلَى الْكَرَامَةِ وَالتَّلَطُّفِ وَ مِنْ أَجْلِ هَذَا الْمَعْنَى أُبْقِيَتْ لَهُ صِيغَةُ التَّسْلِيمِ عَلَى الْأَحْيَاءِ وَهِيَ الصِّيغَةُ الَّتِي يَتَقَدَّمُ فِيهَا لَفَظُ التَّسْلِيمِ عَلَى الْمُتَعَلِّقِ بِهِ لِأَنَّ التَّسْلِيمَ عَلَى الْأَمْوَاتِ يَكُونُ بِتَقْدِيمِ الْمَجْرُورِ عَلَى لَفْظِ السَّلَامِ."[1]۔

"اور "تسلیم" مشہور ہے کہ یہ سلام کے ذریعے تحیہ کی صورت میں ہوتا ہے اور سلام کا معنی ہے امن اور سلامتی۔ اسے ابتدائی لوگوں میں ملاقات کے وقت ایک تحیہ کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا تاکہ یہ یقین دہانی ہو کہ ملاقات کرنے والا کسی قسم کی کوئی برائی یا انتقام کی نیت نہیں رکھتا۔

چونکہ پرانے زمانے میں لوگ جب ایک دوسرے سے ملاقات کرتے تھے تو ان میں سے بعض خوفزدہ ہوتے تھے کہ ملاقات کرنے والا ان کے لیے نقصان دہ ہو سکتا ہے، اس لیے ہر شخص سلام کر کے دوسرے کو یہ اطلاع دیتا تھا کہ وہ بغیر کسی ضرر یا برائی کے امن کی حالت میں ہے۔ پھر یہ عمل اتنا عام ہو گیا کہ یہ لفظ لوگوں کے درمیان عزت اور احترام کی علامت بن گیا۔ اسی لیے، اس معنی کے سبب "تسلیم" کی صورت کو زندوں کے لیے برقرار رکھا گیا ہے اور اس میں سلام کے الفاظ ان پر مقدم ہوتے ہیں جو اس سے مخاطب ہیں، جبکہ مردوں کے لیے سلام کا طریقہ مختلف ہوتا ہے، جس میں مجرور پہلے آتا ہے اور سلام کے لفظ کے بعد آتا ہے"۔ غور کیا جائے تو سلام کے الفاظ کے چناؤ میں بھی بہت احتیاط برتی گئی ہے۔ اس احتیاط کی ایک مثال ہمیں اس روایت میں ملتی ہے جہاں ایک شخص آکر رسول اللہ ﷺ کو مخصوص الفاظ میں سلام کرتا ہے، روایت یوں ہے: "وَقَدْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ لِلَّذِي سَلَّمَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: عَلَيْكَ السَّلَامُ يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَقَالَ لَهُ: إِنَّ عَلَيْكَ السَّلَامَ تَحِيَّةُ الْمَوْتَى، فَقُلْ: السَّلَامُ عَلَيْكَ"[2]۔

---

[1] ابن عاشور، التحرير والتنوير: ج ٢٢، ص ١٠١

[2] ابو داود، سنن أبي داود، أبواب السلام، باب كراهية أن يقول: عليك السلام، حديث رقم ٥٢٠٩.

تخريج: سنن الترمذي/ الاستئذان ٢٨ (٢٧٢١)، سنن النسائي/ اليوم والليلة (٣١٨)، تحفة الأشراف: ٢١٢٣، وقد أخرجه: مسند أحمد (٦٣/٥) (صحيح).قال الشيخ الألباني: صحيح. قال الشيخ زبير علي زئي: صحيح.

ﷺ لکھنے کی ترتیب کا آغاز

ابن کثیر کی "التاریخ الکامل" میں ذکر کردہ اشعار، جو عبداللہ بن مصعب بن ثابت[1] نے محمد النفس الزکیہ[2] کی رسائی کے لئے کہے تھے، اس بات کی عکاسی کرتے ہیں کہ نبی ﷺ کے ساتھ محبت اور عقیدت کا اظہار ابتدا سے ہی کیا جاتا تھا۔ اس کے بعد ہارون الرشید کے زمانے میں اس عمل کی باقاعدہ تنظیم اور تحریر میں تبدیلیاں آئیں، جیسے کہ ابن اثیر اور عیاض نے ذکر کیا ہے کہ نبی ﷺ پر درود و سلام کا ذکر کتابوں میں آنے لگا۔ اس بابت ابن عاشور یہ خلاصہ نکالتے ہیں کہ: ''**وَلَا شَكَّ أَنَّ إِتْبَاعَ اسْمَ النَّبِيءِ ﷺ بِالصَّلَاةِ عَلَيْهِ فِي كُتُبِ الْحَدِيثِ وَالتَّفْسِيرِ وَغَيْرِهَا كَانَ مَوْجُودًا فِي الْقَرْنِ الرَّابِعِ، وَقَدْ وَقَفْتُ عَلَى قِطْعَةٍ عَتِيقَةٍ مِنْ تَفْسِيرِ يَحْيَى بْنِ سَلَّامٍ الْبَصْرِيِّ مُؤَرَّخٍ نَسْخُهَا سَنَةَ ثَلَاثٍ وَثَمَانِينَ وَثَلَاثِمِائَةٍ فَإِذَا فِيهَا الصَّلَاةُ عَلَى النَّبِيءِ عَقِبَ ذِكْرِهِ اسْمَهُ. وَأَحْسَبُ أَنَّ الَّذِينَ سَنُّوا ذَلِكَ هُمْ أَهْلُ الْحَدِيثِ**''[3]۔ ''اور شک نہیں کہ نبی ﷺ کے اسم مبارک کے بعد درود و سلام بھیجنا حدیث کی کتابوں، تفسیر اور دیگر کتب میں چوتھی صدی ہجری میں موجود تھا۔ میں نے یحیی بن سلام البصری کی تفسیر کی ایک قدیم نسخہ پر تحقیق کی ہے جو 383ھ میں لکھی گئی تھی اور اس میں نبی ﷺ کا ذکر کرنے کے بعد درود و سلام بھیجنے کی روایت موجود تھی اور میرا خیال ہے کہ اس عمل کو سب سے پہلے محدثین نے رائج کیا تھا''۔

## درود کے احکام و مسائل

''**وَالْأَمْرُ بِالصَّلَاةِ عَلَيْهِ مَعْنَاهُ: إِيجَادُ الصَّلَاةِ، وَهِيَ الدُّعَاء، فَالْأَمْر يؤول إِلَى إِيجَادِ أَقْوَالٍ فِيهَا دُعَاءٌ وَهُوَ مُجْمَلٌ فِي الْكَيْفِيَّةِ**''[4]۔

سورۃ الاحزاب کی آیت 56 کے ضمن میں ابن عاشور نے "**الصلاة على النبي**" کے بارے میں تفصیل سے بیان کیا ہے کہ اس کا حکم دراصل ''**دعا**'' کا مفہوم رکھتا ہے۔ ان کے مطابق( **الصلاة** )کا معنی یہاں صرف ایک مخصوص عمل نہیں بلکہ ایک دعا کی شکل میں خدا سے رسول اللہ ﷺ کے لئے خیر و برکت کی طلب ہے۔ اس سے مراد وہ دعائیں ہیں جو ہم اللہ سے نبی کریم ﷺ کے لئے کرتے ہیں تاکہ ان کی روحانی اور دنیاوی کامیابی کی دعا کی جائے۔ ابن عاشور کے نزدیک، اس حکم کا مفہوم بہت وسیع ہے اور اس میں کوئی خاص طریقہ یا شکل بیان نہیں کی گئی۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ مسلمان اپنی محبت، عقیدت اور ایمان کے اظہار کے طور پر نبی ﷺ کے لئے دعائیں کریں جس میں دعا کی مختلف شکلیں اور الفاظ شامل ہو سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ، انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا ہے کہ درود اور دعاء دونوں کا تعلق ایک

---

[1] عبداللہ بن مصعب بن ثابت بن عبداللہ بن الزبیر بن العوام، (ت157ھ) کنیت ابو بکر، قریش کے معزز خاندان سے تعلق رکھتے تھے اور آپ کا نسب حضرت زبیر بن العوامؓ تک پہنچتا ہے۔ علم حدیث میں مہارت رکھتے تھے۔ (ابن سعد،الطبقات الکبری، )القاهرة:دار الكتب العلمية، ۱۹۹۰م)، ج ٥، ص ۲۸۰

[2] محمد النفس الزکیہ (93ھ تا145ھ) جن کا مکمل نام محمد بن عبداللہ بن حسن بن حسن بن علی بن ابی طالب ہے۔ آپ دورِ عباسیہ کے ابتدائی دور میں، خصوصاً خلافتِ منصور عباسی کے وقت سامنے آئے آپ شجاعت و بہادری میں مشہور تھے۔( الزركلي، الأعلام: ج ٦، ص ۲۲۰

[3] ابن عاشور، التحرير والتنوير: ج ۲۲، ص ۱۰۰

[4] أيضًا: ج ۲۲، ص ۹۷

دوسرے سے ہے اور اسی لیے نبی ﷺ پر درود و سلام بھی ایک طرح کی دعائیہ عبادت ہے جو کہ مسلمانوں کو اپنے نبی کے لئے مخصوص طور پر انجام دینی چاہیے۔

ابن کثیر کے مطابق شافعی مذہب میں اس بات کو بہت اہمیت دی گئی ہے کہ تشہد کے دوران نبی ﷺ پر درود بھیجنا فرض ہے، اور اس کے چھوڑنے سے نماز باطل ہو سکتی ہے۔ ابن کثیر کی یہ عبارت اس بات کو واضح کرتی ہے کہ امام شافعی کا موقف تھا کہ نماز کے آخری تشہد میں درود بھیجنا واجب ہے، اور اس کی ترک کرنے سے نماز کا صحت پذیر نہ ہونا اس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ درود بھیجنا نبی ﷺ کے ساتھ تعلق کا ایک ضروری حصہ ہے، اسی طرح، بعض حنبلی علماء نے بھی اس بات کی تائید کی کہ رسول اللہ ﷺ پر درود بھیجنا نماز کے ایک اہم رکن کے طور پر واجب ہے۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مختلف فقہاء نے اس اہم مسئلے پر اپنے طور پر مختلف تشریحات پیش کی ہیں، مگر ان سب کا مقصد نبی ﷺ کی عزت و احترام کو قائم رکھنا اور ان پر درود بھیجنا ہے تاکہ مسلمان اپنی عبادات میں مکمل طور پر ان کی پیروی کر سکیں"[1]۔

آپ نے امام شافعی کے اس فرضیت کے قول کے حق میں بہت سے دلائل دیے ہیں، مثال کے طور پر: **"رَغِمَ أَنف رِجُلٍ ذُكِرْتُ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ.وَهَذَا الْحَدِيثُ وَالَّذِي قَبْلَهُ دَلِيلٌ عَلَى وُجُوبِ الصَّلَاةِ عَلَيْهِ ﷺ كُلَّمَا ذُكِرَ، وَهُوَ مَذْهَبُ طَائِفَةٍ مِنَ الْعُلَمَاءِ [مِنْهُمُ الطَّحَاوِيُّ وَالْحَلِيمِيُّ]"**[2]۔ "یہ حدیث اور اس سے پہلے والی حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ جب بھی نبی ﷺ کا ذکر کیا جائے، ان پر درود بھیجنا واجب ہے اور یہ چند علماء کا مسلک ہے، جن میں الطحاوی[3] شامل ہیں"۔

ابن عاشور کے مطابق ہر مسلمان پر ایک مرتبہ اپنی زندگی میں نبی ﷺ پر درود بھیجنا فرض ہے۔ یہ حکم اس طرح دیا گیا ہے جیسے حج فرض ہے، یعنی یہ ایک فرض عبادت کے طور پر لازم ہے، لیکن اس کے بعد جو زیادہ درود پڑھنے کی بات کی گئی ہے، اس میں اختلافات ہیں۔ آپ لکھتے ہیں: **"اتَّفَقَ فُقَهَاءُ الْأُمَّةِ عَلَى أَنَّ وَاجِبًا عَلَى كُلِّ مُؤْمِنٍ أَنْ يُصَلِّي على النبيء ﷺ مَرَّةً فِي الْعُمُرِ، فَجَعَلُوا وَقْتَهَا الْعُمُرَ كَالْحَجِّ. وَقَدِ اخْتَلَفُوا فِيمَا زَادَ عَلَى ذَلِكَ فِي حُكْمِهِ وَمِقْدَارِهِ، وَلَا خِلَافَ فِي اسْتِحْبَابِ الْإِكْثَارِ مِنَ الصَّلَاةِ عَلَيْهِ وَخَاصَّةً عِنْدَ وُجُودِ أَسْبَابِهَا"**[4]۔ "فقہاء امت کا اس بات پر اجماع ہے کہ ہر مسلمان پر زندگی بھر میں ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا فرض ہے اور انہوں نے اس وقت کو عمر کے مثل قرار دیا ہے جیسے کہ حج فرض ہے۔ اس کے علاوہ، اس پر اختلاف ہے کہ اس فرضیت کے بعد درود بھیجنے کی مقدار اور اس کے حکم کے بارے میں کیا کہنا چاہیے۔ تاہم، اس بات پر تمام علماء کا اتفاق ہے کہ نبی ﷺ پر زیادہ درود بھیجنا مستحب ہے، خاص طور پر جب اس کے لیے اسباب موجود ہوں"۔

---

[1] ابن کثیر، تفسير القرآن العظيم، ج ٦، ص ٤٦٠-

[2] أيضًا: ج ٦، ص ٤٦٨

[3] طحاویؒ، احمد بن محمد بن سلامہ بن عبدالملک بن سلمہ ابو جعفر الطحاویؒ (۲۳۹ھ - ۳۲۱ھ)، ایک ممتاز محدث، فقیہ اور حنفی اصولی تھے، جن کی مشہور تصنیف العقیدۃ الطحاویۃ اہل السنّت والجماعت کے عقائد پر مشتمل ایک مختصر مگر جامع متن ہے۔ ( الزركلي، الأعلام: ج ١، ص ٢٠٤

[4] ابن عاشور، التحرير والتنوير: ج ٢٢، ص ٩٩

ابن عاشور نے اس حوالے سے امام شافعی اور امام اسحاق[1] وغیرہ کی اس بات کو بیان کیا ہے کہ جو شخص نبی ﷺ پر درود بھیجنے میں کوتاہی کرے، وہ جان بوجھ کر درود نہ پڑھے، تو اس کی نماز فاسد ہو گی، کیونکہ درود پڑھنا نماز کے اندر ضروری ہے۔ابن کثیر بھی ایسی ہی رائے رکھتے ہیں۔ عمومی حالات سے متعلق آپ لکھتے ہیں: ''وَذَهَبَ آخَرُونَ إِلَى أَنَّهُ تَجِبُ الصَّلَاةُ فِي الْمَجْلِسِ مَرَّةً وَاحِدَةً، ثُمَّ لَا تَجِبُ فِي بَقِيَّةِ ذَلِكَ الْمَجْلِسِ، بَلْ تُسْتَحَبُّ. ... وَمَا زَادَ عَلَى ذَلِكَ فَمَنْدُوبٌ مُرَغَّبٌ فِيهِ مِنْ سُنَنِ الْإِسْلَامِ، وَشِعَارِ أَهْلِهِ''[2]۔''اور بعض علماء کا کہنا ہے کہ مجلس میں نبی ﷺ پر درود بھیجنا صرف ایک مرتبہ واجب ہے، پھر اس مجلس میں مزید درود بھیجنا واجب نہیں، بلکہ مستحب ہے۔ یہ قول ترمذی نے بعض علماء سے نقل کیا ہے اور یہ اس حدیث سے بھی تقویت پاتا ہے جسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔ بعض علماء کا کہنا ہے کہ نبی ﷺ پر درود بھیجنا زندگی بھر میں صرف ایک مرتبہ واجب ہے، جیسا کہ آیت کے حکم کی پیروی کرتے ہوئے۔ اس کے بعد یہ مستحب ہے اور یہی وہ رائے ہے جسے قاضی عیاض نے ترجیح دی، باوجود اس کے کہ اجماع سے نبی ﷺ پر درود بھیجنا واجب قرار دیا گیا ہے۔

قاضی عیاضؒ نے اس رائے کو پیش کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ طبرانیؒ نے آیتِ درود کی تفسیر میں یہ موقف اختیار کیا ہے کہ اس آیت میں ندب (یعنی استحباب) کا حکم ہے، اور اس پر اجماع کا دعویٰ بھی کیا ہے۔ قاضی عیاضؒ کے مطابق، یہ رائے اس بات کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ: نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا صرف ایک مرتبہ واجب ہے، جیسے کہ نبی ﷺ کی نبوت کی گواہی دینا۔ اس کے بعد جو درود ہے، وہ اگرچہ مستحب ہے، ترغیب دی گئی سنت ہے اور اہلِ اسلام کا شعار بھی ہے، لیکن شرعی طور پر واجب نہیں۔ یہ بات فقہی اصولوں کے اعتبار سے اس اہم نکتے کو واضح کرتی ہے کہ درود شریف کا بار بار پڑھنا محبتِ رسول ﷺ، روحانی تربیت، اور دینی شعار کے طور پر بلند مقام رکھتا ہے، لیکن واجب صرف ایک بار ہے۔

ابن عاشور نے اس حوالے سے کچھ علماء نے یہ رائے بھی پیش کی ہے کہ درود صرف نماز کے اندر مخصوص مقامات پر پڑھنا ضروری ہے جیسے تشہد میں۔ امام شافعی نے یہ رائے اختیار کی تھی کہ درود پڑھنا نماز کے تشہد میں ضروری ہے، اور انہوں نے اس بات کو تسلیم نہیں کیا کہ نماز کے باہر درود پڑھنا فرض ہو۔ ان کے نزدیک نماز کے اندر اور باہر کے درود میں فرق ہے۔

اسی طرح امام شافعی کی رائے کو بعض دیگر فقہاء نے تنقید کا نشانہ بنایا ہے اور کہا ہے کہ ان کے اجتہاد میں اس بات کی کوئی مضبوط دلیل نہیں ہے۔ اس کے برعکس، دیگر اہلِ علم نے یہ کہا کہ نبی ﷺ پر درود بھیجنا مستحب ہے اور اس کا زیادہ سے زیادہ اہتمام کرنا چاہیے۔ اس اقتباس میں ابن مسعود کے تشہد کو بھی ذکر کیا گیا ہے، جس میں نبی ﷺ پر درود نہیں تھا۔ اس سے یہ سمجھا جا سکتا ہے کہ صحابہ کرام کے دور میں نماز کے اندر نبی ﷺ پر درود بھیجنے کا مخصوص طریقہ نہ تھا، اور یہ بعد میں مختلف فقہاء کے اجتہادات کی بنا پر واضح ہوا''[3]۔ اس بحث میں

---

[1] اسحاق بن راھویہؒ (161ھ تا 238ھ) جن کا مکمل نام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد الراھویہ تھا، وہ جلیل القدر محدث اور امام الحدیث تھے۔ ان کی مشہور تصنیف المسند ابتدائی مسانید حدیث میں سے ایک اہم کتاب ہے۔( الذهبي، سير أعلام النبلاء: ج ١١، ص ٣٥٩

[2] ابن کثیر، تفسير القرآن العظيم: ج ٦، ص ٤٦٩

[3] ابن عاشور، التحرير والتنوير: ج ٢٢، ص ٩٩

سب سے اہم بات یہ ہے کہ اس وقت بھی نماز میں درود کی اہمیت پر کوئی اختلاف نہیں تھا،البتہ اس کی نوعیت اور مواقع پر مختلف آراء تھیں۔ اس طرح، علماء کی مختلف آراء یہ ظاہر کرتی ہیں کہ دین اسلام میں اجتہاد کی گنجائش موجود ہے اور درود پر اجماع کے باوجود اس کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلات میں اختلاف ہو سکتا ہے۔

## غیر نبی پر درود (صلاۃ) بھیجنے کا حکم

اس سلسلے میں ابن عاشور بتاتے ہیں کہ سلف نے یہ پسند کیا ہے کہ درود یعنی "صلاۃ" صرف نبی ﷺ پر مخصوص کیا جائے۔امام مالک سے روایت ہے کہ ہمارے نبی کے علاوہ کسی دوسرے نبی کے لئے "صلی اللہ علیہ" جیسے الفاظ استعمال نہیں کیے جاتے، یعنی یہی سنت ہے۔اسی طرح ابن عباس سے بھی ایسی ہی روایت آئی ہے۔ عمر بن عبد العزیز سے بھی یہی قول نقل کیا گیا ہے کہ درود صرف تمام انبیاء پر مخصوص ہے [1]۔ جہاں تک غائب شخص پر سلام کا تعلق ہے، تو یہ صرف نبی ﷺ، تمام انبیاء اور فرشتوں پر مخصوص ہے اور ان کے علاوہ کسی دوسرے صالح بندے پر یہ سلام نہیں بھیجا جاتا، جیسا کہ قرآن میں انبیاء پر سلام آئے ہوئے ہیں۔

ابن کثیر کی رائے کے مطابق، غیر انبیاء پر ''صلاۃ'' پڑھنے کے بارے میں مختلف آراء ہیں۔ابن کثیر نے بیان کیا کہ اگر ''صلاۃ'' تابعین (مثلاً اہل بیت، ازواج، یا صحابہ کرام) کے بارے میں کی جائے جیسے کہ حدیث میں ''**اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وَأَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّاتِهِ**''۔(اللہ کی رحمت ہو محمد ﷺ اور ان کے اہل بیت اور اہل خانہ پر)، تو یہ عمل بالاتفاق جائز ہے۔تاہم، اگر کسی غیر نبی کے لئے انفرادی طور پر ''صلاۃ'' بھیجی جائے، تو اس پر اختلاف ہے۔ایک گروہ کا کہنا ہے کہ غیر انبیاء پر انفرادی طور پر "صلاۃ" پڑھنا جائز ہے، جبکہ عوامی رائے یہ ہے کہ ایسا کرنا جائز نہیں ہے، کیونکہ "صلاۃ" صرف انبیاء کا شعار ہے اور انہیں کے لیے مخصوص ہے۔

ابن کثیر نے اس بات پر زور دیا کہ ''صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ'' کہنا صرف نبی ﷺ یا دیگر انبیاء کے ساتھ مخصوص ہے، جیسے ''عز وجل'' کا لفظ اللہ کے لیے مخصوص ہے۔ایک اور رائے یہ بھی پائی جاتی ہے کہ غیر انبیاء پر "صلاۃ" بھیجنا مکروہ ہے، کیونکہ یہ اہل بدعت کا شعار بن چکا ہے اور ہمیں ان کی تقلید سے بچنا چاہیے۔ابن کثیر نے بتایا کہ یہ فعل اس وجہ سے مکروہ سمجھا جاتا ہے کہ اس میں " نہی "موجود ہے، جو کہ کسی مخصوص عمل کو ترک کرنے کی دلیل ہوتا ہے۔آخر میں، ابن کثیر نے سلام کے بارے میں بھی ذکر کیا کہ سلام کا مطلب بھی "صلاۃ" کی طرح صرف انبیاء کے لیے مخصوص ہے اور علیہ السلام یا "**علیهم السلام** " کہنا غیر انبیاء کے لیے نہیں کہا جاتا۔اس حوالے سے اُبو محمد الجوینی [2] نے بھی یہی بیان کیا کہ سلام انبیاء کے لیے مخصوص ہے اور باقی لوگوں کے لیے عمومی سلام کا استعمال کیا جائے'' [3]۔

---

[1] أيضًا: ج ٢٢، ص ١٠٣

[2] جوینی، ابو محمد الجوینی، عبد اللہ بن یوسفؒ (ت 468ھ) فقیہ، محدث، علمِ کلام، حدیث کے ماہر اور امام الحرمین جوینی کے والد گرامی تھے۔( الزركلي، الأعلام، ج ٤، ص ١٤٦

[3] ابن كثير، تفسير القرآن العظيم: ج ٦، ص ٤٧٨

یہی بات ابن عاشور بھی مانتے ہیں۔ آپ کے مطابق یہ جائز ہے کہ ان کے اہلِ بیت، صحابہ اور صالح ایمان والوں پر درود و سلام تبعا بھیجا جائے، لیکن ان پر یہ سلام علیحدہ سے نہیں، بلکہ ان کے سلام کو تابع بنا کر، نبی ﷺ کے ساتھ ہی بھیجا جائے۔ یہی وہ رائے ہے جس پر اہلِ سنت کا اتفاق ہے اور اس میں کسی طرح کا تحریمی مفہوم نہیں ہے، بلکہ یہ صرف ایک اصطلاح اور دینی مرتبوں کی تفریق ہے، جیسے کہ اہلِ سنت نے صحابہ اور ائمہ دین کے لئے رضائے الٰہی کو خاص رکھا ہے اور اسی طرح کلمۂ تعظیم جیسے 'تبارک' اور جل جلالہ کو صرف اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص کیا ہے، نہ کہ انبیاء اور رسل کے لئے"[1]۔

## صلاۃ اور سلام کو جمع کرنا

ابن کثیر کے مطابق امام نووی ؒ کی رہنمائی ہمیں بتاتی ہے کہ نبی ﷺ پر درود بھیجتے وقت دونوں عبادات، یعنی **صلاۃ** اور **سلام** کو یکجا کرنا چاہیے۔ یہ قرآن کی آیت سے مستنبط ہے، جو ہمیں نبی ﷺ پر درود و سلام بھیجنے کا صحیح طریقہ سکھاتی ہے۔ "امام نووی ؒ کا مقصد یہ ہے کہ کسی ایک عبادت کو دوسرے پر فوقیت نہیں دینی چاہیے، بلکہ دونوں کو مکمل طور پر ادا کیا جائے تاکہ نبی ﷺ کے ساتھ ہماری محبت اور احترام میں کمی نہ ہو"[2]۔ اسی بارے میں ابن عاشور لکھتے ہیں: "**وَالْآيَةُ تَضَمَّنَتِ الْأَمْرَ بِشَيْئَيْنِ: الصَّلَاةُ عَلَى النَّبِيءِ ﷺ وَالتَّسْلِيمُ عَلَيْهِ، وَلَمْ تَقْتَضِ جَمْعَهُمَا فِي كَلَامٍ وَاحِدٍ وَهُمَا مُفَرَّقَانِ فِي كَلِمَاتِ التَّشَهُّدِ ، فَالْمُسْلِمُ مُخَيَّرٌ بَيْنَ أَنْ يَقْرِنَ بَيْنَ الصَّلَاةِ وَالتَّسْلِيمِ بِأَنْ يَقُولَ: صَلَّى اللَّهُ عَلَى مُحَمَّدٍ وَالسَّلَامُ عَلَيْهِ، أَوْ أَنْ يَقُولَ: اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَالسَّلَامُ عَلَى مُحَمَّدٍ، فَيَأْتِي فِي جَانِبِ التَّصْلِيَةِ بِصِيغَةِ طَلَبِ ذَلِكَ مِنَ اللَّهِ، وَفِي جَانِبِ التَّسْلِيمِ بِصِيغَةِ إِنْشَاءِ السَّلَامِ بِمَنْزِلَةِ التَّحِيَّةِ لَهُ، وَبَيْنَ أَنْ يُفْرِدَ الصَّلَاةَ وَيُفْرِدَ التَّسْلِيمَ وَعَنِ النَّوَوِيِّ أَنَّهُ قَالَ بِكَرَاهَةِ إِفْرَادِ الصَّلَاةِ وَالتَّسْلِيمِ، وَأَمَّا أَنْ يُقَالَ: اللَّهُمَّ سَلِّمْ عَلَى مُحَمَّدٍ، فَلَيْسَ بِوَارِدٍ فِيهِ مُسْنَدٌ صَحِيحٌ وَلَا حَسَنٌ عَنِ النَّبِيءِ ﷺ وَلَمْ يَرِدْ عَنْهُ إِلَّا بِصِيغَةِ إِنْشَاءِ السَّلَامِ مِثْلَ مَا فِي التَّحِيَّةِ**"[3]۔

آیت میں دو باتوں کا حکم دیا گیا ہے: نبی ﷺ پر درود بھیجنا اور ان پر سلام بھیجنا۔ لیکن یہ دونوں باتیں ایک ہی عبارت میں جمع کرنے کا حکم نہیں دیتی۔ یہ دونوں عبارتیں تشہد میں الگ الگ آئی ہیں۔ اس لیے مسلمان شخص کو اختیار ہے کہ وہ درود اور سلام دونوں کو ساتھ ملا کر کہے: "**صَلَّى اللَّهُ عَلَى مُحَمَّدٍ وَالسَّلَامُ عَلَيْهِ**" یا: **اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَالسَّلَامُ عَلَى مُحَمَّدٍ**"۔

دوسری طرف، اگر وہ درود اور سلام کو علیحدہ علیحدہ کہے، تو یہ بھی جائز ہے، لیکن امام نووی ؒ نے درود اور سلام کو علیحدہ کرنے کو مکروہ قرار دیا ہے۔ جہاں تک "**اللَّهُمَّ سَلِّمْ عَلَى مُحَمَّدٍ**" کہنے کی بات ہے، تو اس میں کوئی صحیح یا حسن مسند حدیث نہیں آئی جو نبی ﷺ سے اس طرح آئی ہو۔ نبی ﷺ سے سلام کا ذکر ہمیشہ سلام کی تخلیق کے انداز میں آیا ہے، جیسے کہ تحیۃ یعنی السلام علیک میں ذکر ہوتا ہے۔

---

[1] ابن عاشور، التحرير والتنوير: ج ٢٢، ص ١٠٣

[2] ابن كثير، تفسير القرآن العظيم: ج ٦، ص ٤٧٩

[3] ابن عاشور، التحرير والتنوير: ج ٢٢، ص ١٠٢

## مبحث سوم: درود کے مواقع اور مقامات

''وَمِنْ أَسْبَابِ الصَّلَاةِ عَلَيْهِ أَنْ يُصَلِّيَ عَلَيْهِ مَنْ جَرَى ذِكْرُهُ عِنْدَهُ، وَكَذَلِكَ فِي افْتِتَاحِ الْكُتُبِ وَالرَّسَائِلِ، وَعِنْدَ الدُّعَاءِ، وَعِنْدَ سَمَاعِ الْآذَانِ، وَعِنْدَ انْتِهَاءِ الْمُؤَذِّنِ، وَعِنْدَ دُخُولِ الْمَسْجِدِ، وَفِي التَّشَهُّدِ الْأَخِيرِ.وَفِي التَّوْطِئَةِ لِلْأَمْرِ بِالصَّلَاةِ عَلَى النَّبِيءِ بِذِكْرِ الْفِعْلِ الْمُضَارِعِ فِي يُصَلُّونَ إِشَارَةٌ إِلَى التَّرْغِيبِ فِي الْإِكْثَارِ مِنَ الصَّلَاةِ عَلَى النَّبِيءِ ﷺ تَأَسِّيًا بِصَلَاةِ اللَّهِ وَمَلَائِكَتِهِ''[1]۔''اور صلاۃ و سلام کے اسباب میں سے ایک یہ ہے کہ وہ شخص جس کے سامنے نبی ﷺ کا ذکر ہو، ان پر درود بھیجے۔ اسی طرح کتابوں اور رسائل کے آغاز میں، دعا کے وقت، اذان سنتے وقت، موذن کے اذان مکمل کرنے کے بعد، مسجد میں داخل ہونے پر اور آخر التشہد میں بھی نبی ﷺ پر درود بھیجا جاتا ہے اور اس حکم کی تمہید میں 'یُصَلُّونَ' فعل مضارع کا ذکر اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ نبی ﷺ پر درود زیادہ پڑھنے کی ترغیب دی جا رہی ہے، تاکہ لوگ اللہ اور اس کے فرشتوں کی طرح نبی ﷺ پر کثرت سے درود بھیجیں''۔

''ابن عاشور اپنا نکتہ نظر بیان کرتے ہوئے بتاتے ہیں کہ ہمیں یہ نہیں ملا کہ صحابہ کرام ﷺ ہر بار جب نبی ﷺ کا ذکر کرتے تو درود بھیجتے اور نہ یہ کہ جب نبی ﷺ کا نام لکھتے تو اس کے ساتھ درود بھی لکھتے اور ہمیں یہ بھی معلوم نہیں کہ مسلمانوں میں پہلی مرتبہ نبی ﷺ پر درود لکھنے کی آغاز کب ہوا تھا۔ لیکن یہ معلوم ہوتا ہے کہ صحابہ کرام ﷺ نبی ﷺ کا ذکر کرتے وقت ویسے ہی نبی ﷺ کے کچھ خاص احوال مواقع پر پر درود بھیجتے''[2]۔

ابن عاشور کا یہ تبصرہ اس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ درود کی کثرت اور اس کا وقت ایک ترغیبی عمل ہے، جس کا مقصد نبی ﷺ کے ساتھ تعلق کو مزید مضبوط کرنا اور اللہ اور اس کے فرشتوں کی طرح نبی ﷺ پر درود بھیجنا ہے۔ آپ کی مندرجہ بالا عبارت کی روشنی میں ہم یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ درود ایک ایسی عبادت ہے جس کا کوئی محدود وقت یا مقام نہیں ہے، بلکہ ہر مسلمان کے لیے یہ ایک ایسی عبادت ہے جسے وہ ہر وقت اور ہر جگہ نبی ﷺ کی تعظیم اور محبت میں پڑھ سکتا ہے۔

ابن کثیر نے درود پڑھنے کے متعدد اوقات ذکر کیے ہیں، جن میں سے کچھ واجب ہیں اور کچھ مستحب۔ درود النبی ﷺ کا ایک اہم ترین پہلو یہ ہے کہ یہ عبادت اور دعاؤں کا ایک حصہ ہے جسے مختلف اوقات اور مواقع پر پڑھنے کی ترغیب دی گئی ہے۔ ابن کثیر نے درود کو صرف ان اوقات تک محدود نہیں رکھا، بلکہ مختلف عبادات، اعمال اور موقعوں پر اس کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے۔ یہ دراصل نبی ﷺ کی عزت وعظمت کو بڑھانے اور امت مسلمہ کو نبی ﷺ سے اپنے تعلق کو مستحکم کرنے کا ایک طریقہ ہے۔ یہ مواقع اور مقامات درج ذیل ہیں:[3]

1. نماز کے بعد: ابن کثیر نے اس بات کا ذکر کیا ہے کہ درود پڑھنا نماز کے بعد واجب ہے، جیسا کہ حدیث میں آیا ہے۔
2. اذان سننے کے بعد: ابن کثیر کے مطابق، اذان سننے کے بعد نبی ﷺ پر درود بھیجنا مستحب ہے۔

---

[1] أيضًا: ج ٢٢، ص ٩٩

[2] أيضًا: ج ٢٢، ص ٩٩

[3] ابن كثير، تفسير القرآن العظيم: ج ٦، ص ٤٦٧

3. مسجد میں داخل ہوتے اور مسجد سے باہر نکلتے وقت: مسجد میں داخل ہونے پر اور اس سے باہر نکلنے پر بھی درود پڑھنا مستحب ہے۔
4. نماز جنازہ میں: نمازِ جنازہ میں تکبیرات کے بعد سورۃ الفاتحہ، درود اور دعا پڑھنا سنت ہے۔
5. عید کی نماز: عید کی نماز میں بھی نبی ﷺ پر درود پڑھنا مستحب ہے۔
6. قنوت کے دوران دعا: قنوت کے دوران دعا کے آخر میں بھی درود پڑھنا مستحب ہے۔
7. جمعہ کے دن اور رات میں: جمعہ کے دن اور رات میں نبی ﷺ پر درود زیادہ سے زیادہ بھیجا جانا مستحب ہے۔
8. نبی ﷺ کی قبر کی زیارت کے وقت: نبی ﷺ کی قبر کی زیارت کے دوران بھی درود پڑھنا مستحب ہے۔
9. حالت احرام میں حج کے دوران: احرام کے بعد تلبیہ مکمل کرنے پر نبی ﷺ پر درود پڑھنا مستحب ہے۔
10. ذبح کے وقت: ذبح کرنے کے وقت بھی نبی ﷺ پر درود بھیجنا مستحب ہے۔
11. کانوں کی آواز سننے کے وقت: جب کسی کے کان میں آواز آئے، تب بھی درود بھیجنا مستحب ہے۔
12. لکھنے کے وقت: نبی ﷺ کا ذکر آنے پر لکھنے والے کو ہر بار درود بھیجنا چاہیے۔

ابن کثیر نے اس بات کا بھی ذکر کیا ہے کہ صحابہ کرام ﷺ کے دور میں جب بھی نبی ﷺ کا ذکر آتا، تو وہ درود بھیجتے تھے اور یہی عمل امت مسلمہ کے لیے بھی مستحب ہے، اس طرح ابن کثیر نے درود کے پڑھنے کے مواقع اور اس کی اہمیت کے درمیان ایک تعلق ثابت کیا ہے تاکہ مسلمان اپنی عبادات میں نبی ﷺ کی یاد کو ہمیشہ زندہ رکھیں۔

## فصل سوم: دیگر آیات قرآنی میں درود النبی ﷺ کی تفسیری جہات

### سورۃ البقرۃ: آیت نمبر 157

**''أُولَٰئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوَاتٌ مِّن رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُونَ''[1]۔** ''یہ وہ لوگ ہیں جن پر ان کے پروردگار کی طرف سے خصوصی عنایتیں ہیں، اور رحمت ہے اور یہی لوگ ہیں جو ہدایت پر ہیں''۔

### ''صَلَوَاتٌ'' کا مفہوم: تزکیہ اور مغفرت

ابن عاشور کے مطابق: **''وَالصَّلَوَاتُ هُنَا مَجَازٌ فِي التَّزْكِيَاتِ وَالْمَغْفِرَاتِ[2]''۔** ''یعنی یہاں ''صلوات '' کا معنی لغوی ''دعا'' یا ''رحمت'' نہیں بلکہ مجازی مفہوم تزکیہ (پاکیزگی عطا کرنا) اور مغفرت (گناہوں کی معافی) ہے۔

سورۃ الاحزاب میں ''یصلون'' کا مفہوم بھی تزکیہ، رفعتِ درجات اور اعزاز خداوندی ہے۔

ابن عاشور فرماتے ہیں کہ ''رَحْمَةٌ'' کا عطف ''صَلَوَاتٌ '' پر زیادہ تاکید اور عظمت شان بیان کرنے کے لئے کیا گیا: **وَلِذَلِكَ عُطِفَتْ عَلَيْهَا الرَّحْمَةُ الَّتِي هِيَ مِنْ مَعَانِي الصَّلَاةِ مَجَازًا''[3]۔** ''یعنی ''رحمت'' بذاتِ خود ''صلاۃ'' کا ایک جزوِ معنی ہے، مگر یہاں اسے عطف کر کے مزید تاکید، تشریف اور انعام کی زیادتی کی طرف اشارہ ہے''۔

ابنِ عاشور اپنی شہرۂ آفاق تفسیر التحریر والتنویر میں ''الصلاۃ'' کے مفہوم پر زبانِ عرب کے عرف اور فصیح استعمال کی روشنی میں جو گہری بصیرت پیش کرتے ہیں، وہ نہایت دقیق اور معیاری لسانی، نحوی اور دلالتی تحقیق پر مبنی ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ عربی زبان میں ''صلاۃ'' کی اصل حقیقت ایسی اقوال پر مشتمل ہوتی ہے جو کسی کے لیے خیر کی محبت اور بھلائی کی طلب کو ظاہر کریں۔ اس لیے اس کا سب سے مشہور معنی دعا ہے۔

**''وَحَقِيقَةُ الصَّلَاةِ فِي كَلَامِ الْعَرَبِ أَنَّهَا أَقْوَالٌ تُنْبِئُ عَنْ مَحَبَّةِ الْخَيْرِ لِأَحَدٍ، وَلِذَلِكَ كَانَأَشْهَرُ مَعَانِيهَا هُوَ الدُّعَاءَ وَقَدْ تَقَدَّمَ ذَلِكَ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى: وَيُقِيمُونَ الصَّلَاةَ[4] وَلِأَجْلِ ذَلِكَ كَانَ إِسْنَادُ هَذَا الْفِعْلِ لِمَنْ لَا يُطْلَبُ الْخَيْرُ إِلَّا مِنْهُ مُتَعَيِّنًا لِلْمَجَازِ فِي لَازِمِ الْمَعْنَى وَهُوَ حُصُولُ الْخَيْرِ، فَكَانَتِ الصَّلَاةُ إِذَا أُسْنِدَتْ إِلَى اللَّهِ أَوْ أُضِيفَتْ إِلَيْهِ دَالَّةً عَلَى الرَّحْمَةِ وَإِيصَالِ مَا بِهِ النَّفْعُ مِنْ رَحْمَةٍ أَوْ مَغْفِرَةٍ أَوْ تَزْكِيَةٍ''[5]۔** ''کلام عرب میں ''صلاۃ'' کی حقیقت یہ ہے کہ یہ ایسے اقوال ہیں جو کسی کے لیے خیر کی محبت کو ظاہر کرتے ہیں، اور اسی لیے اس کا سب سے مشہور معنی دعا ہے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں گزر چکا ہے ''اور وہ

---

[1] البقرۃ:157

[2] ابن عاشور، التحرير والتنوير: ج ٢، ص ٥٨

[3] أيضًا: ج ٢، ص ٥٨

[4] البقرۃ:3

[5] ابن عاشور، التحرير والتنوير: ج ٢، ص ٥٨

نماز قائم کرتے ہیں"۔اسی وجہ سے جب یہ فعل (یعنی "صلاۃ") ایسے ذات کی طرف منسوب ہو جس سے صرف خیر ہی طلب کیا جاسکتا ہو، تو اس میں مجازی معنی لازم آتا ہے، اور وہ ہے خیر کا حاصل ہونا۔ چنانچہ جب "صلاۃ" اللہ کی طرف منسوب ہو، یا اس کی طرف نسبت دی جائے، تو اس سے مراد ہوتی ہے رحمت اور وہ چیز پہنچانا جس سے نفع حاصل ہو، جیسے رحمت، مغفرت یا تزکیہ"۔

یہاں "الصلاۃ" کو محض مخصوص عبادت یا رکوع و سجود تک محدود نہیں کیا گیا بلکہ اس کی لغوی اصل کی طرف رجوع کیا گیا ہے۔اس کی وضاحت ابن عاشور سورۃ البقرۃ کی آیت نمبر 3 کے ضمن میں کرتے ہیں، یعنی نماز کا قیام، جو دراصل مخصوص افعال و اقوال پر مشتمل عبادت ہے، اس کی بنیاد دعا اور خیر کی تمنا پر قائم ہے۔

ابن عاشور مزید بیان کرتے ہیں کہ چونکہ "خیر" صرف اللہ تعالیٰ ہی سے حاصل ہوتا ہے اور اسی سے طلب کیا جاتا ہے، لہٰذا جب لفظ "صلاۃ" اللہ تعالیٰ کے لیے مستعمل ہوتا ہے، تو اس کے حقیقی معنی (دعا) میں مجاز کا پہلو آ جاتا ہے، اور وہ مجاز اس "لازمِ معنی" کی طرف منتقل ہو جاتا ہے، یعنی خیر کے حصول کی طرف، جو کہ دعا کا منطقی نتیجہ ہے۔اس لیے جب قرآن میں اللہ کی طرف "صلاۃ" کی نسبت کی جاتی ہے، تو اس سے مراد اللہ کی طرف سے رحمت نازل کرنا، مغفرت عطا فرمانا یا تزکیہ یعنی روحانی ترقی عطا کرنا ہوتا ہے۔یوں "صلاۃ" کا مفہوم محض دعا تک محدود نہیں بلکہ وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت، عفو اور ترفیعِ درجات جیسے افعال پر دلالت کرتا ہے۔گویا بندوں کی طرف سے "صلاۃ" دعا ہے اور اللہ کی طرف سے اس کا جواب فضل و کرم اور رحمت کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے، اور یہی دلالت قرآنی سیاق و سباق اور عربی زبان کی دلالت کے عین مطابق ہے۔

## سورۃ التوبۃ: آیت نمبر 103

"خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ إِنَّ صَلَاتَكَ سَكَنٌ لَهُمْ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ[1]"۔

"(اے پیغمبر) ان لوگوں کے اعمال میں سے صدقہ وصول کر لو جس کے ذریعے تم انھیں پاک کر دو گے اور ان کے لیے باعث برکت بنو گے اور ان کے لیے دعا کرو۔یقیناً تمہاری دعا ان کے لیے سراپا تسکین ہے اور اللہ ہر بات سنتا اور سب کچھ جانتا ہے"۔

قرآن کریم میں جب "صلاۃ" کا لفظ اللہ اور بندے یا رسول اللہ ﷺ کے درمیان استعمال ہوتا ہے تو اس کا مفہوم رحمت، دعا یا برکت کی صورت میں متعین کیا جاتا ہے۔علامہ محمد الطاہر بن عاشور رحمۃ اللہ علیہ (م 1393ھ) نے اپنی تفسیر التحریر والتنویر میں نہایت گہرائی کے ساتھ سورہ توبہ کی آیت 103 کی تفسیر کرتے ہوئے اس قرآنی اسلوب کی وضاحت فرمائی ہے۔اس مقام پر نبی اکرم ص ﷺ کے ذریعہ صدقہ دینے والوں کے لیے دعا کرنے کی شرعی بنیاد، صلاۃ کے لغوی اور عرفی مفہوم اور اس دعا کے قلبی اثرات کو علمی دقتِ نظر سے واضح کیا ہے۔

---

[1] التوبۃ: 103

اس آیت کی تفسیر میں علامہ ابن عاشور رحمۃاللہ علیہ صلاۃ کے حقیقی معنی، نبی اکرم ﷺ کی سنت اور اس دعا کے روحانی اثرات کو نہایت سلیقہ مند انداز میں بیان کرتے ہیں۔

ابنِ عاشور رحمۃاللہ علیہ "**وَصَلِّ عَلَيۡهِمۡ**" کی تفسیر کرتے ہوئے بیان فرماتے ہیں کہ یہاں صلاۃ سے مراد دعا ہے۔ یہ بات وہ اصولی طور پر اس قرآنی سیاق سے اخذ کرتے ہیں کہ صلاۃ جب بندے کے لیے اللہ تعالیٰ یا اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے آتی ہے تو اس کا مفہوم دعا یا رحمت ہوتا ہے۔ اسی مفہوم کی طرف وہ پہلے آیت "**وَصَلَوٰتِ الرَّسُولِ**" (التوبہ: 99) کے تحت بھی اشارہ کر چکے ہیں۔ اس آیت کے نزول کے بعد نبی اکرم ﷺ کا معمول بن گیا تھا کہ جب کوئی صحابی صدقہ لے کر حاضر ہوتا تو آپ دعا فرماتے: "**اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى آلِ فُلَانٍ**۔ یعنی "اے اللہ! فلاں کے گھرانے پر اپنی رحمتیں نازل فرما"۔

یہ عمل خود نبی ﷺ کی دعا کے انداز میں صلاۃ کے معنی کی ایک عملی تطبیق تھی۔ ابن عاشور نہایت باریک بینی سے یہ نکتہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ اپنی دعا میں صلاۃ کے مفہوم (یعنی دعا) اور اس کے لفظ (یعنی صلِّ) دونوں کو جمع کرتے تھے۔ آپ اللہ تعالیٰ سے سوال کرتے کہ وہ متصدق پر صلاۃ بھیجے، یعنی اس پر رحمت فرمائے۔ یوں اللہ تعالیٰ کی طرف سے صلاۃ کا مطلب رحمت ہے، جب کہ نبی اکرم ﷺ کی طرف سے صلاۃ کا مطلب دعا کرنا ہے۔

ابن کثیر رحمۃاللہ علیہ اس آیت کے ابتدائی حصے "**وَصَلِّ عَلَيْهِمْ**" کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ اس سے مراد "**اُدۡعُ لَهُمۡ**" یعنی ان کے لیے دعا کرنا اور "**استغفار لهُمْ**" یعنی ان کے لیے مغفرت طلب کرنا ہے[1]۔ اس کی تائید صحیح مسلم کی ایک مرفوع حدیث سے کی گئی ہے: **عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي أَوْفَى: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ إِذَا أُتِيَ بِصَدَقَةِ قَوْمٍ صَلَّى عَلَيْهِمْ، فَأَتَاهُ أَبِي بِصَدَقَتِهِ فَقَالَ: اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى آلِ أَبِي أَوْفَى**[2]۔ "عبداللہ بن ابی اوفی سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب کسی قوم کی طرف سے صدقہ لایا جاتا، تو آپ ان کے لیے درود (دعا) فرماتے۔ پس میرے والد جب اپنا صدقہ لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے، تو آپ ﷺ نے فرمایا": اے اللہ! آلِ ابی اوفی پر رحمت نازل فرما"۔

اس حدیث سے یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ نبی کریم ﷺ صدقہ دینے والے کے لیے صرف زبانی شکریہ پر اکتفا نہیں فرماتے تھے، بلکہ ان کے لیے مخصوص اور بابرکت دعا بھی فرمایا کرتے، جیسا کہ بعض روایات میں آپ نے فرمایا: "**اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى آلِ فُلَانٍ**"۔ یہ طرزِ عمل دراصل قرآن مجید کی سورۃ التوبہ کی آیت 103 میں مذکور اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد: "**وصَلِّ عَلَيْهِمْ**" کی عملی تعبیر ہے، جس میں صدقہ وصول کرنے کے بعد دینے والے کے لیے دعا کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی ﷺ کے نزدیک صدقہ لینا ایک محض مالی لین دین نہیں، بلکہ ایک روحانی تعلق اور اخلاقی قدر دانی کا ذریعہ بھی تھا اور دعا کے ذریعے صدقہ دینے والے کو قلبی سکون، روحانی برکت اور اللہ کی رضا نصیب ہوتی تھی۔ یہ نبوی سنت آج کے معاشرتی و دینی نظم میں بھی ایک بہترین رہنما اصول فراہم کرتی ہے۔

---

[1] ابن كثير، تفسير القرآن العظيم: ج ٤، ص ٢٠٧-

[2] مسلم بن حجاج، صحيح مسلم، كتاب الزكاة، باب الدعاء لمن أتى بصدقته ،حديث ٢٤٩٢

## انفرادی واجتماعی دعا کی پہلو

ابن کثیر نے مزید ایک واقعہ ذکر کیا جس میں ایک عورت نے نبی کریم ﷺ سے گزارش کی کہ میرے اور میرے شوہر کے لیے دعا کریں، تو آپ ﷺ نے فرمایا: "صَلَّى اللَّهُ عَلَيْكِ، وَعَلَى زَوْجِكِ[1]"۔"اللہ تم پر اپنی رحمت فرمائے اور تمہارے شوہر پر بھی"۔

یہ روایت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ "صلاۃ" سے مراد محض رسمی ذکر یا تعظیمی کلمہ نہیں، بلکہ باقاعدہ دعا و طلبِ رحمت ہے۔ اسی ضمن میں ابن کثیرؒ نے "صَلَاتَكَ" کی قراءت میں اختلاف کا ذکر کیا، کہ بعض نے "صَلَوَاتِكَ" بصیغہ جمع پڑھا، جبکہ دیگر نے "صَلَاتَكَ" بصیغہ واحد۔ دونوں قراءات دلالت کرتی ہیں کہ نبی ﷺ کی طرف سے کی گئی دعا خواہ فرداً ہو یا مجموعۃً مومن کے لیے باعثِ فضل و برکت ہے[2]۔

علامہ ابن عاشور جملہ "إِنَّ صَلَاتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ"(بے شک آپ کی صلاۃ ان کے لیے سکون ہے) کی شرح میں نہایت لطیف پہلو واضح کرتے ہیں کہ یہاں "سکون" کا اطلاق دعا پر بطور مجاز مرسل کیا گیا ہے[3]۔ یعنی نبی ﷺ کی دعا متصدقین کے لیے راحت و طمانینہ اور قلبی اطمینان کا باعث بن جاتی تھی وہ اس دعا کو ان کے لیے خیر کا ذریعہ قرار دیتے ہیں۔ اس تعبیر میں یہ لطافت موجود ہے کہ دعا اگرچہ ایک معنوی عمل ہے، لیکن اس کے اثرات قلبی سکون اور باطنی اطمینان کی صورت میں ظاہر ہوتے ہیں، لہٰذا مجازاً دعا کو سکون سے تعبیر کیا گیا۔

یہاں علامہ ابن عاشور کی گہرائی قابل رشک ہے کہ انہوں نے محض الفاظ کی لغوی بحث پر اکتفا نہیں کیا بلکہ قرآنی معانی کے بین السطور پیغام کو بھی اجاگر کیا ہے، اور بتایا ہے کہ نبی کی دعا متصدقین کی روحانی کیفیت کو بہتر بناتی ہے اور ان کی باطنی بے چینی کو زائل کر کے انہیں اطمینان عطا کرتی ہے۔

"إِنَّ صَلَاتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ" کی تفسیر میں ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ نے دو صحابۂ کرام کے اقوال نقل کیے ہیں[4]۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ: رَحْمَةٌ لَهُمْ "یعنی نبی ﷺ کی دعا ان کے لیے اللہ کی طرف سے رحمت ہے۔ قتادہ رحمۃ اللہ علیہ: وَقَارٌ "یعنی ان کے لیے وقار، سکون اور طمانینت کا ذریعہ ہے۔ گویا نبی ﷺ کی دعا صدقہ دینے والے کے لیے نہ صرف روحانی رحمت کا ذریعہ ہے بلکہ اس سے معاشرتی اعتبار سے وقار اور اعتماد بھی حاصل ہوتا ہے، جو کہ زکاۃ دینے والوں کے قلبی اطمینان اور معاشرتی عزت کی علامت ہے۔ یہ تفسیر قرآنی اسلوب میں دعائے نبی ﷺ کے گہرے سماجی اور روحانی اثرات کو ظاہر کرتی ہے۔

---

[1] أبو داود، سليمان بن الأشعث (٢٧٥هـ)، سنن أبي داود، كتاب تفريع أبواب الوتر،(بيروت: دار الرسالة العالمية، ٢٠٠٩م)، باب الصلاة على غير النبي ﷺ، حديث ١٥٣٣

تخريج: تفرد به أبو داود (تحفة الأشراف: ٣١١٨)، وقد أخرجه: سنن الترمذي/ الشمائل (١٧٩)، سنن النسائي/ اليوم والليلة (٤٢٣) (صحيح).قال الشيخ الألباني: صحيح. قال الشيخ زبير علي زئي: إسناده صحيح

[2] ابن کثیر، تفسير القرآن العظيم: ج٤، ص٢٠٧

[3] ابن عاشور، التحرير والتنوير: ج١١، ص٢٣

[4] ابن کثیر، تفسير القرآن العظيم: ج٤، ص٢٠٧

## صلوات الرسول کی وضاحت

"وَ صَلَوَاتِ الرَّسُولِ دَعَوَاتِهِ. وَأَصْلُ الصَّلَاةِ الدُّعَاءُ. وَجُمِعَتْ هُنَا لِأَنَّ كُلَّ إِنْفَاقٍ يُقَدِّمُونَهُ إِلَى الرَّسُولِ ﷺ يَدْعُو لَهُمْ بِسَبَبِهِ دَعْوَةً، فَبِتَكَرُّرِ الْإِنْفَاقِ تَتَكَرَّرُ الصَّلَاةُ. وَكَانَ النَّبِيءُ ﷺ يُصَلِّي عَلَى كُلِّ مَنْ يَأْتِيهِ بِصَدَقَتِهِ وَإِنْفَاقِهِ امْتِثَالًا لِمَا أَمَرَهُ اللَّهُ بِقَوْلِهِ: خُذْ مِنْ أَمْوالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ"[1]۔ "اور رسول کی صلوات سے مراد ان کی دعائیں ہیں اور "صلوٰۃ" کی اصل دعا ہے۔ یہاں (جمع کا صیغہ) اس لیے استعمال ہوا ہے کیونکہ ہر وہ صدقہ جو لوگ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں پیش کرتے، آپ ﷺ اس کے بدلے ان کے لیے ایک دعا فرماتے، تو جب انفاق بار بار ہوتا، تو صلاۃ (یعنی دعا) بھی بار بار ہوتی اور نبی ﷺ ہر اس شخص کے لیے صلاۃ (دعا) فرماتے جو آپ کے پاس صدقہ اور انفاق لے کر آتا، اس حکم کی تعمیل میں جو اللہ تعالیٰ نے فرمایا ان کے مالوں سے صدقہ لے، تاکہ تُو انہیں پاک کرے اور ان کا تزکیہ کرے اور ان کے لئے دعا کر"۔

یہاں دراصل رسول اللہ ﷺ کی دعاؤں اور ان کے پیروکاروں کے درمیان تعلق کی اہمیت کو اجاگر کیا جا رہا ہے۔ ابن عاشور یہ وضاحت کرتے ہیں کہ "صَلَوَاتِ الرَّسُولِ" کا تکرار انفاق کے تکرار کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔ یعنی جب انسان کسی صدقہ یا انفاق کے ذریعے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں پیش آتا ہے، تو یہ اس کے لیے دعاؤں کی ایک مسلسل سلسلے کا سبب بنتا ہے۔ نبی ﷺ کا ہر صدقہ یا انفاق پر دعا کرنا اللہ کے حکم کے مطابق تھا، جسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "**خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ**"[2]۔ "ان کے مالوں سے صدقہ لے، تاکہ تُو انہیں پاک کرے اور ان کا تزکیہ کرے اور ان کے لئے دعا کر"۔

اس آیت میں اللہ نے نبی ﷺ کو حکم دیا کہ وہ صدقہ دینے والوں کے لیے دعا کریں تاکہ ان کی پاکیزگی اور تزکیہ ہو سکے۔ ابن عاشور نے اس میں ایک مخصوص حدیث کو بھی ذکر کیا ہے جس میں ابن ابی اوفی نے ذکر کیا کہ جب ان کے صدقہ کے بارے میں رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: "اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى آلِ أَبِي أَوْفَى"۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ نبی ﷺ نے صدقہ دینے والے کی پوری خاندان کے لیے دعاء کی تھی، اور اس عمل کے ذریعے دعا کا یہ عمل مسلسل جاری رہا۔ اس تفصیل میں ابن عاشور کا مقصد یہ ہے کہ انفاق کی حیثیت صرف مالی امداد دینے تک محدود نہیں ہے، بلکہ یہ ایک روحانی عمل بھی ہے جو نبی ﷺ کی دعاؤں سے ہمکنار ہوتا ہے۔ اس کے ذریعے افراد نہ صرف دنیاوی فوائد حاصل کرتے ہیں بلکہ روحانی صفائی اور اللہ کی رضا بھی پاتے ہیں۔ یہ مفہوم قرآن کے صریح حکم "**وَصَلِّ عَلَيْهِمْ**" سے تقویت پاتا ہے، جو یہ ظاہر کرتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی دعا از خود ایک مطلوب و مقصود قربِ الٰہی ہے اور امت کے افراد انفاق کے ذریعے اسے حاصل کرنے کے متمنی ہیں۔

---

[1] ابن عاشور، التحریر والتنویر: ج١١، ص١٥

[2] التوبۃ:103

## سورۃالاحزاب: آیت 43

''هُوَ الَّذِي يُصَلِّي عَلَيْكُمْ وَمَلَائِكَتُهُ لِيُخْرِجَكُم مِّنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِينَ رَحِيمًا''[1]۔

"وہی ہے جو خود بھی تم پر رحمت بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے بھی، تاکہ وہ تمہیں اندھیروں سے نکال کر روشنی میں لے آئے، اور وہ مومنوں پر بہت مہربان ہے۔"

علامہ ابن عاشور رحمۃ اللہ علیہ بیان فرماتے ہیں: ''وَالصَّلَاةُ: الدُّعَاءُ وَالذِّكْرُ بِخَيْرٍ، وَهِيَ مِنَ اللَّهِ الثَّنَاءُ. وَأَمَرَهُ بِتَوْجِيهِ رَحْمَتِهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، أَيِ اُذْكُرُوهُ لِيَذْكُرَكُمْ [2]۔''الصلاۃ" لغوی اعتبار سے دعا اور ذکرِ خیر کے معنی میں آتی ہے، لیکن اللہ تعالیٰ کے لیے جب "صلاۃ" کا لفظ استعمال ہو تو اس سے مراد ثنائے حسن یعنی اپنے بندے کی تعریف اور عظمت کا اعلان ہوتا ہے، خصوصاً فرشتوں کے سامنے۔ یہی مفہوم حدیثِ قدسی فَإِنْ ذَكَرَنِي فِي نَفْسِهِ. میں بھی مراد ہے۔ بندوں کے ذکر کرنے پر اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنا، صلاۃ کی سب سے بلند ترین شکل ہے۔ صلاۃ کا یہ مفہوم آیت: فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ میں بھی مراد لیا گیا ہے، یعنی جب بندہ اپنے رب کو یاد کرتا ہے تو رب کریم بھی اپنے بندے کو یاد فرماتا ہے۔

ابن کثیر رحمہ اللہ صلاۃ کے مفہوم کی وضاحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ: صلاۃ من اللہ "کا مطلب اللہ کا فرشتوں کے سامنے بندے کی ثناء کرنا ہے، جیسا کہ ابو العالیہ رحمہ اللہ سے بخاری نے نقل کیا ہے۔ دوسری رائے یہ ہے کہ اللہ کی صلاۃ سے مراد اللہ کی رحمت ہے[3]، جیسا کہ قرآن میں فرمایا گیا: ''أُولَئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوَاتٌ مِّن رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ[4]''۔

ابن کثیر فرماتے ہیں کہ دونوں آراء میں کوئی تعارض نہیں ہے بلکہ دونوں مراد لی جاسکتی ہیں، اور یہی تطبیق زیادہ جامع ومانع ہے۔

### ذکر کی ترغیب: اللہ کا ذکر اور بندے کے لئے جواب

ابن کثیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ آیت هُوَ الَّذِي يُصَلِّي عَلَيْكُمْ دراصل ایک تحریک اور ترغیب ہے بندوں کے لیے کہ جس اللہ تعالیٰ نے تمہیں یاد کیا ہے، تم بھی اُسے یاد کرو[5]۔ جیسے قرآن میں فرمایا: ''فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ[6]''۔

---

[1] الاحزاب 43
[2] ابن عاشور، التحرير والتنوير: ج٢٢، ص٩٩
[3] ابن كثير، تفسير القرآن العظيم: ج٦، ص٤٣٦
[4] البقرۃ: 157
[5] ابن كثير، تفسير القرآن العظيم: ج٦، ص٤٣٦
[6] البقرۃ: 152

مجھے یاد کرو، میں تمہیں یاد کروں گا،اور میرا شکر ادا کرو اور ناشکری نہ کرو۔اسی مفہوم کو نبی ﷺ کی حدیث مبارکہ میں یوں بیان کیا گیا:''يَقُولُ اللَّهُ: مَنْ ذَكَرَنِي فِي نَفْسِهِ ذَكَرْتُهُ فِي نَفْسِي، وَمَنْ ذَكَرَنِي فِي مَلَإٍ ذَكَرْتُهُ فِي مَلَإٍ خَيْرٍ مِنْهُمْ''[1]۔''یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے بندوں پر صلاۃ کا بیان دراصل اُنہیں ذکر و شکر پر ابھارنے کی ایک حکیمانہ دعوت ہے''۔

ابن عاشور رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ فرشتوں کی طرف صلاۃ کی نسبت کا مطلب ہے: "ان کا مؤمنین کے حق میں دعا کرنا"۔ چونکہ اللہ تعالیٰ ان کی دعا کو شرفِ قبولیت عطا فرماتا ہے، لہٰذا یہ دعا بندوں پر رحمت اور برکت کا باعث بنتی ہے۔ ''وَصَلَاةُ الْمَلَائِكَةِ: دُعَاؤُهُمْ لِلْمُؤْمِنِينَ فَيَكُونُ دُعَاؤُهُمْ مُسْتَجَابًا عِنْدَ اللَّهِ فَيَزِيدُ الذَّاكِرِينَ عَلَى مَا أَعْطَاهُمْ بِصَلَاتِهِ تَعَالَى عَلَيْهِمْ''[2]۔

اس سے معلوم ہوا کہ اللہ کی صلاۃ، ملائکہ کی صلاۃ اور اہل ایمان کی صلاۃ تین مختلف حیثیتوں میں آتی ہیں، لیکن ان سب کا تعلق "ذکر" اور "رحمت" سے ہے۔چونکہ آیت میں **إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ** کا عطف ہے، تو دونوں فاعل ایک ہی فعل یعنی "**يُصَلِّي**" سے متعلق ہیں، مگر ہر ایک کی صلاۃ کا مفہوم اس کے شایانِ شان ہے۔اس لطیف ترکیب سے آیت ایک جامع حقیقت کی طرف رہنمائی کرتی ہے: اللہ تعالیٰ کی طرف سے ثناء، فرشتوں کی طرف سے دعا اور نتیجتاً اہل ایمان پر رحمت۔

## درود النبی ﷺ ایک مسلسل عمل

''وَاجْتِلَابُ يُصَلِّي بِصِيغَةِ الْمُضَارِعِ لِإِفَادَةِ تَكَرُّرِ الصَّلَاةِ وَتَجَدُّدِهَا كُلَّمَا تَجَدَّدَ الذِّكْرُ وَالتَّسْبِيحُ، أَوْ إِفَادَةِ تَجَدُّدِهَا بِحَسَبِ أَسْبَابٍ أُخْرَى مِنْ أَعْمَالِ الْمُؤْمِنِينَ وَمُلَاحَظَةِ إِيمَانِهِمْ''[3]۔''یہاں 'يُصَلِّي' کو مضارع صیغہ میں لانا اس لیے ہے تاکہ صلاۃ کے بار بار ہونے اور اس کے تجدید پذیر ہونے کا فائدہ حاصل ہو، جب بھی ذکر اور تسبیح کا تجدید ہو یا اس لیے کہ یہ صلاۃ اُن دوسرے اسباب کے مطابق بھی تجدید ہوتی رہے جو مؤمنین کے اعمال اور ان کے ایمان کی نگرانی سے متعلق ہوں''۔

ابن عاشور رحمۃ اللہ علیہ نہایت باریک نکتہ بیان کرتے ہیں کہ "يُصَلُّونَ" کو مضارع (حال) کے صیغے میں لانے کا مقصد اس بات کو اجاگر کرنا ہے کہ اللہ اور اس کے فرشتے مسلسل، مکرر اور تجدید کے ساتھ یہ عمل انجام دے رہے ہیں۔یہ صلاۃ ہر اس وقت تجدید پاتی ہے جب نبی اکرم ﷺ کا ذکر کیا جاتا ہے یا جب مؤمنین نیک اعمال کرتے ہیں، جن سے اللہ اور اس کے فرشتے خوش ہوتے ہیں۔اس میں ایک عرفانی پہلو بھی ہے کہ نبی اکرم ﷺ کی ذاتِ اقدس پر ہر لمحہ نئی صلاۃ نازل ہوتی ہے جو زمان و مکان سے ماوراء ہے اور یہ درود، اللہ تعالیٰ کے لطفِ خاص کی علامت ہے۔

---

[1] ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم: ج٦، ص٤٣٦

[2] ابن عاشور، التحرير والتنوير: ج٢٢، ص٩٩

[3] ابن عاشور، التحرير والتنوير: ج٢٢، ص٩٩

ابن عاشور کی رائے ہے کہ آیت اس حقیقت کی شاہد ہے کہ ملائکہ مؤمنین کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہیں اور چونکہ دعا بذات خود شفاعت کی ایک قسم ہے، لہٰذا یہ استغفار اور دعا اللہ کے اذن سے ہی ہوتی ہے [1] ، جیسا کہ دوسری جگہ قرآن میں ہے: "**مَا مِنْ شَفِيعٍ إِلَّا مِنْ بَعْدِ إِذْنِهِ**"[2]۔ "کوئی بھی سفارش کرنے والا نہیں مگر اس کی اجازت کے بعد"۔

ممکن ہے کہ یہ تفصیل مسلمانوں کو اجمالی معرفت کے ذریعے نہ بلکہ کسی سابقہ تعلیم کے ذریعے حاصل ہو، جیسے کہ قرآن کی دیگر آیات نے پہلے ہی واضح کر دیا ہے یہی تفصیل اس حقیقت کو واضح کرتی ہے کہ ملائکہ کی طرف سے صلوٰۃ (یعنی دعا) اللہ تعالیٰ کے حکم سے مومنین پر نازل ہوتی ہے اور یہ مفہوم پہلے سے ان کے علم میں ہے۔ مثلاً سورہ شوریٰ میں ارشاد ہے: "**وَالْمَلَائِكَةُ يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُونَ لِمَنْ فِي الْأَرْضِ**"[3]۔ "اور فرشتے اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں اور زمین والوں کے لیے استغفار کرتے ہیں"۔

## سورۃ الفتح: آیت نمبر 9

"**لِتُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَتُعَزِّرُوهُ وَتُوَقِّرُوهُ وَتُسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَأَصِيلًا**"[4]۔ "تاکہ (اے لوگو) تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ، اور اس کی مدد کرو، اور اس کی تعظیم کرو، اور صبح و شام اللہ کی تسبیح کر رہے ہیں"۔

### تعزیر، توقیر اور تسبیح: ایمانی اعمال کی ثلاثی جہات

علامہ محمد الطاہر بن عاشور رحمۃ اللہ علیہ (1393ھ) نے سورۃ الفتح کی اس آیت کی تفسیر میں بیان فرمایا ہے کہ "التعزیر" لغوی طور پر نصرت، حمایت اور دفاع کے معانی میں آتا ہے، اور اس آیت میں اس کا مطلب یہ ہے کہ اہلِ ایمان اللہ اور اُس کے رسول ﷺ کے دین کی مدد کریں، جیسا کہ ارشادِ ربانی ہے: "**إِنْ تَنْصُرُوا اللَّهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ أَقْدَامَكُمْ**"[5]۔ "اگر تم اللہ کی مدد کروگے تو وہ تمہاری مدد کرے گا اور تمہیں ثابت قدم رکھے گا"۔

اسی طرح "التوقیر" سے مراد تعظیم و احترام ہے، جو رسول اللہ ﷺ کی شان کے مطابق عظمتِ قلبی، حسنِ ادب، اور اخلاقی فروتنی کا مظہر ہے۔ جبکہ "التسبیح" کے بارے میں علامہ ابن عاشور نے فرمایا کہ یہ اللہ تعالیٰ کو ہر قسم کے عیب اور کمی سے پاک قرار دینے کا نام ہے، اور اس میں زبان، دل اور عمل تینوں شریک ہوتے ہیں۔ اس طرح یہ تینوں افعال، ایمان کے عقیدہ، اخلاق اور عبادت کی تین جہات کو محیط ہیں، جو ایک مومن کی مکمل دینی شخصیت کی تشکیل کرتے ہیں۔

---

[1] ابن عاشور، التحریر والتنویر: ج۲۲، ص۹۹
[2] یونس: 3
[3] الشوریٰ: 5
[4] الفتح: 9
[5] محمد: 7

"وَالتَّعْزِيزُ: النَّصْرُ وَالتَّأْيِيدُ، وَتَعْزِيزُهُمُ اللَّهَ كَقَوْلِهِ: إِنْ تَنْصُرُوا اللَّهَ .وَالتَّوْقِيرُ: التَّعْظِيمُ. وَالتَّسْبِيحُ: الْكَلَامُ الَّذِي يَدُلُّ عَلَى تَنْزِيهِ اللَّهِ تَعَالَى عَنْ كُلِّ النَّقَائِصِ"[1]۔"اور 'تعزیز' کا مطلب ہے مدد اور تائید، اور اللہ کا ان (صحابہ) کی تعزیز کرنا اس قول کی طرح ہے' :اگر تم اللہ کی مدد کروگے۔ 'توقیر' کا مطلب ہے تعظیم کرنا۔ اور 'تسبیح' اس کلام کو کہتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کو ہر قسم کی کمی اور نقص سے پاک قرار دینے پر دلالت کرے"۔

"تعزروہ" کے بارے میں ابن کثیر حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اور دیگر مفسرین قول نقل کرتے ہیں کہ اس سے مراد نبی کریم ﷺ کی عظمت و نصرت ہے، یعنی آپ کی ہر حال میں مدد اور دینِ اسلام کے غلبہ کے لیے کوشاں رہنا۔ جبکہ " **تُوَقِّرُوهُ** " کا معنی توقیر، یعنی نبی ﷺ کا دل سے احترام، عظمت و شان کا اعتراف اور آپ کی حرمت کا تحفظ کرنا ہے"[2]۔

## نحوی تحلیل اور درود النبی ﷺ پر استدلال

ابن عاشور رحمۃ اللہ علیہ نے اس آیت میں وارد ہونے والی ضمائر (تعزروہ، توقروہ، تسبحوہ) پر بھی گہری نحوی اور تفسیری توجہ دی ہے۔ آپ لکھتے ہیں:"وَضَمَائِرُ الْغَيْبَةِ الْمَنْصُوبَةُ الثَّلَاثَةُ عَائِدَةٌ إِلَى اسْمِ الْجَلَالَةِ"[3]۔"یہ تینوں ضمائر واحد مذکر غائب کے صیغے میں ہیں اور "اسم الجلالہ "یعنی "اللہؐ" کی طرف راجع ہیں، حالانکہ سیاق میں "اللہؐ" اور "رسول" دونوں مذکور ہیں"۔

نحوی قاعدہ کے مطابق اگر دو اسماء میں سے کسی ایک کی طرف ضمیر لوٹتی ہو اور وہ واحد آئے تو وہ دلالت کرتا ہے کہ مرجع صرف ایک ہے، نہ کہ دونوں۔ اس کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ "وَتُسَبِّحُوهُ" کے فعل میں بھی وہی ضمیر ہے، اور چونکہ "تسبیح" اللہ تعالیٰ کے لیے مخصوص عمل ہے، اس لیے یہ قرینہ بن گیا کہ تینوں ضمائر کا مرجع صرف "اللہؐ" ہے۔"ابن عاشور نے اس مقام پر حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی ایک روایت ذکر کی ہے جس میں "تعزروہ" اور "توقروہ" کی ضمیر کو رسول اللہ ﷺ کی طرف راجع قرار دیا گیا ہے۔ یہ اس حقیقت کی طرف اشارہ ہے کہ رسول ﷺ کی تعظیم، اللہ تعالیٰ کی تعظیم ہی کا ایک مظہر ہے اور ایمان بالرسول، ایمان باللہ ہی کی توسیع ہے"[4]۔"ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ یہاں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے لیے اپنے اور اپنے رسول ﷺ پر ایمان لانے کو بنیادی مقصد کے طور پر بیان کیا ہے اور اس ایمان کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی تعزیر (یعنی مدد و نصرت) اور توقیر (یعنی ادب و احترام، تعظیم اور اجلال) کا بھی حکم دیا ہے"[5]۔

---

[1] ابن عاشور، التحرير والتنوير: ج٢٦، ص١٥٦

[2] ابن كثير، تفسير القرآن العظيم: ج٧، ص٣٢٩

[3] ابن عاشور، التحرير والتنوير: ج٢٦، ص١٥٦

[4] أيضًا: ج٢٦، ص١٥٦

[5] ابن كثير، تفسير القرآن العظيم: ج٧، ص٣٢٩

# باب سوم

# درود النبی ﷺ کے کلمات، فضائل، اثرات اور معاصر تقاضے

## فصل اول

## درود النبی ﷺ کے کلمات اور فضائل

## فصل دوم

## درود النبی ﷺ کی عصری معنویت

# باب سوم: درود النبی ﷺ کے کلمات، فضائل، اثرات اور معاصر تقاضے

## فصل اول: درود النبی ﷺ کے کلمات اور فضائل

### مبحث اول: درود کی کیفیت اور مسنون کلمات

مختلف احادیث میں درود النبی ﷺ کے مختلف الفاظ اور طریقے ذکر کیے گئے ہیں، جو مختلف صحابہ کرام نے نبی کریم ﷺ سے براہ راست سیکھے اور ان کے مطابق اپنانا شروع کیا۔ صحابہ کرام نے نبی ﷺ سے مختلف طریقوں میں درود کو سیکھا اور ان الفاظ کے مختلف پہلو اور معانی کو سمجھا، جس سے درود النبی ﷺ کی نوعیت اور اس کے اثرات میں تنوع ظاہر ہوتا ہے۔

''عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيهِ طَلْحَةَ، قَالَ: قُلْتُ لِلنَّبِيِّ ﷺ: هَذَا التَّشَهُّدُ قَدْ عَرَفْنَاهُ، فَكَيْفَ الصَّلاةُ عَلَيْكَ؟ فَقَالَ لِي: قُلِ: اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى محمدٍ كَمَا صليت وباركت عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَآلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حميدٌ مجيدٌ، وَبَارِكْ عَلَى محمدٍ وَعَلَى آلِ محمدٍ، كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ، إِنَّكَ حميدٌ مجيدٌ''[1]۔ ''موسیٰ بن طلحہ [2] نے اپنے والد طلحہؓ سے نقل کیا: میں نے نبی کریم ﷺ سے عرض کیا: ہمیں تشہد تو معلوم ہے، لیکن آپ پر درود کیسے بھیجا جائے؟'' تو نبی ﷺ نے فرمایا: ''تم یوں کہو: اے اللہ! محمد ﷺ پر درود بھیج، جیسے تو نے ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل پر درود بھیجا۔ بے شک تو تعریف کے لائق، بزرگی والا ہے اور محمد ﷺ اور ان کی آل پر برکت نازل فرما، جیسے تو نے ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل پر برکتیں نازل فرمائیں۔ بے شک تو تعریف کے لائق، بزرگی والا ہے''۔

#### حضرت ابراہیم علیہ السلام کا تذکرہ

اس میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ذکر کیا گیا ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ذکر ایک عظیم نبی کے طور پر کیا گیا ہے جو اللہ کے حکم پر زندگی گزارنے والے اور ہدایت کے پیغام کو دنیا تک پہنچانے والے تھے۔ "صلیت" کے لفظ کا استعمال حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شان میں اللہ کی رحمت کی دعا کے لیے کیا جا رہا ہے، جیسے اللہ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اپنی خاص رحمتیں نازل کیں، اسی طرح نبی ﷺ پر بھی رحمتیں نازل ہوں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی مثال نبی ﷺ کی عظمت کو بڑھانے کے لیے دی گئی ہے۔ اس میں یہ پیغام بھی ہے کہ جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اللہ کی طرف سے برکتیں ملیں، اسی طرح نبی ﷺ کی ذات پر اللہ کی برکات اور رحمتوں کی دعائیں کی جا رہی ہیں۔

---

[1] سنن النسائي، كتاب السهو، باب كيف الصلاة على النبي ﷺ، حديث ١٢٨٧

تخريج: فرد به النسائي (تحفة الأشراف: ٩٩٩٨) (صحيح).قال الشيخ الألباني: صحيح الإسناد. قال الشيخ زبير علي زئي: صحيح.

[2] موسیٰ بن طلحہ بن عبید اللہؒ 40ھ/660ء تا 103ھ 721ء)۔ جلیل القدر صحابی حضرت طلحہ بن عبید اللہؓ کے صاحبزادے تھے، جو عشرہ مبشرہ میں شامل تھے۔

(الذهبي، سير أعلام النبلاء: ج٤، ص٣٦٤

## ''آلِ محمد ﷺ'' کا مفہوم

اہلِ بیت کا مفہوم اسلامی تعلیمات میں نہایت اہم اور وسیع معانی کا حامل ہے۔ اس کا فہم صرف لغوی اعتبار سے نہیں، بلکہ قرآنی سیاق، احادیثِ نبویہ اور اقوالِ سلف کی روشنی میں متعین کیا جاتا ہے۔ ذیل میں ہم اس کے لغوی، قرآنی، حدیثی اور تفسیری پہلوؤں کا جامع جائزہ پیش کرتے ہیں:

لغوی معنی: "اَہل" اور "بَیت" دو الفاظ پر مشتمل ترکیب ہے:

اَہل: عربی زبان میں "اَہل" کا مطلب ہے کسی چیز کے ساتھ خصوصی تعلق رکھنے والے افراد، جیسے: اہلِ علم، اہلِ لغت، اہلِ قریش وغیرہ۔

بَیت: "بیت" کے معنی ہیں "گھر"۔ لہٰذا "اَہلِ بیت" کا لغوی مطلب ہے: "گھر والے" یا "گھر کے افراد"[1]۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے: ''**إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا**''[2]۔ ''اللہ یہی چاہتا ہے کہ اے اہلِ بیت! تم سے ہر قسم کی گندگی کو دور کر دے اور تمہیں خوب پاک وصاف رکھے''۔

اس آیت کے سیاق میں ازواجِ مطہرات کا ذکر ہے، مگر "اہل البیت" کے الفاظ میں ضمائر کا صیغہ مذکر ہے، جو صرف ازواج کے لیے خاص نہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں مراد صرف ازواجِ مطہرات نہیں بلکہ کوئی اور مخصوص گروہ بھی شامل ہے۔

حدیثِ کساء: حضرت عائشہ[3] رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں: ''**خَرَجَ رَسُولُ اللهِ ﷺ غَدَاةً وَعَلَيْهِ مِرْطٌ مُرَحَّلٌ مِنْ شَعَرٍ أَسْوَدَ، فَجَاءَ الْحَسَنُ فَأَدْخَلَهُ، ثُمَّ جَاءَ الْحُسَيْنُ فَأَدْخَلَهُ، ثُمَّ جَاءَتْ فَاطِمَةُ فَأَدْخَلَهَا، ثُمَّ جَاءَ عَلِيٌّ فَأَدْخَلَهُ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ**''[4]۔ ''نبی کریم ﷺ ایک دن صبح کے وقت باہر تشریف لائے، آپ ﷺ کے اوپر سیاہ اون کی چادر تھی۔ پھر حضرت حسن[5] رضی اللہ عنہ آئے، تو آپ ﷺ نے انہیں چادر میں داخل فرما لیا۔ پھر حضرت حسین رضی اللہ عنہ آئے، تو آپ ﷺ نے انہیں بھی چادر میں داخل کر لیا۔ پھر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا آئیں، تو آپ ﷺ نے ان کو بھی چادر میں شامل فرما لیا۔ پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ آئے، تو آپ ﷺ نے انہیں بھی چادر میں داخل کیا۔ پھر نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "اے اللہ! یہی میرے اہلِ بیت ہیں، پس تو ان سے ہر قسم کی گندگی کو دور فرما دے اور ان کو خوب پاک وصاف رکھ''۔

---

[1] ابن منظور، محمد بن مکرم، لسان العرب: ج١٤، ص٢٥

[2] الاحزاب:33

[3] عائشہ صدیقہؓ (58ھ / 613ء یا 614ء تا 678ء) رسول اللہ ﷺ کی زوجۂ مطہرہ، ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی اور امتِ مسلمہ کی جلیل القدر عالمہ و محدثہ تھیں اور تقریباً 2210 احادیث کی راویہ ہیں۔ (الزركلي، الأعلام، ج٣، ص٢٨٥

[4] مسلم، صحيح مسلم، كتاب فضائل الصحابة، باب فضائل أهل بيت النبي ﷺ، حديث: ٢٤٢٤

[5] حسن بن علی رضی اللہ عنہما (3ھ تا 50ھ) نواسہ رسول ﷺ اور حضرت علیؓ و فاطمہؓ کے بڑے بیٹے تھے۔ وہ علم، حلم، اور صلح کے پیکر تھے۔ ( الذهبي، سير أعلام النبلاء، ج٣، ص٢٤٦

امام ابن کثیر (774ھ) کے مطابق: ''**والمقصود أن هؤلاء الأربعة [علي، فاطمة، حسن، حسين] داخلون في هذه الآية، وأما نساء النبي فإنهن سبب في نزول هذه الآية أيضًا، لأن السياق معهن، وليس في الحديث نفي عنهن**''[1]۔

یعنی: ''یہ چاروں (علی، فاطمہ[2]، حسن، حسین[3]) اس آیت میں شامل ہیں اور نبی ﷺ کی بیویاں بھی سیاق کے اعتبار سے اس آیت کا سبب ہیں، لیکن حدیث میں انہیں خارج نہیں کیا گیا''۔

امام فخر الدین رازیؒ (606ھ) فرماتے ہیں: ''**فَأَهْلُ الْبَيْتِ فِي هَذِهِ الْآيَةِ مَخْصُوصُونَ بِمَنْ اجْتَمَعَ فِيهِمْ شَرَفُ النُّبُوَّةِ وَالنَّسَبِ وَالطَّهَارَةِ**''۔ "اہلِ بیت اس آیت میں وہ افراد ہیں جن میں نبوت، نسب اور طہارت کا شرف یکجا ہو۔

یہ قول امام رازیؒ کے نزدیک اہلِ بیت کے مفہوم کو محدود نہیں کرتا بلکہ اس کی جامع صفات کو بیان کرتا ہے، یعنی وہ ہستیاں جو نبی کریم ﷺ سے قریبی نسبی تعلق رکھتی ہیں، ان کی روحانی و اخلاقی طہارت مسلم ہے اور جو شانِ نبوت سے وابستہ ہیں۔ اس عبارت میں "آل محمد" کا ذکر اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ صرف نبی ﷺ پر درود بھیجنا کافی نہیں ہے، بلکہ نبی ﷺ کے اہل بیت کے لیے بھی اللہ کی رحمت و برکات کی دعا کی جارہی ہے اہل بیت کا ذکر دراصل نبی ﷺ کے خاندان کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے، جو اللہ کی نظر میں انتہائی محترم اور جلیل القدر ہیں۔ صحابہ کرام کے ذریعے اس لفظ کا استعمال یہ ظاہر کرتا ہے کہ نبی ﷺ کے خاندان کو اس کے خاص مقام اور عزت کی وجہ سے اللہ کی برکات اور رحمتوں کی ضرورت ہے۔

''**عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ عُقْبَةَ بْنِ عَمْرٍو، أَنَّ رَجُلا أَتَى رَسُولَ اللَّهِ ﷺ فَجَلَسَ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ السَّلامُ عَلَيْكَ قَدْ عَرَفْنَاهُ، فَالصَّلاةُ عَلَيْكَ فَأَخْبِرْنَاهَا، فَصَمَتَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ حَتَّى وَدِدْنَا أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ سَأَلَ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: إِذَا صَلَّيْتُمْ عَلَيَّ فَقُولُوا: اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى محمدٍ النَّبِيِّ الأُمِّيِّ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَآلِ إِبْرَاهِيمَ، وَبَارِكْ عَلَى محمدٍ النَّبِيِّ الأُمِّيِّ، كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَآلِ إِبْرَاهِيمَ، إِنَّكَ حميدٌ مجيدٌ)**''[4]۔ ''ابو مسعود عقبہ بن عامرؓ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ ﷺ کے سامنے بیٹھ کر عرض کیا: "اے اللہ کے رسول! ہم آپ کو سلام کہہ چکے ہیں، لیکن آپ پر درود کیسے بھیجا جائے؟" یہ سن کر نبی کریم ﷺ کچھ دیر خاموش ہو گئے۔ ہم نے تمنا کی کہ کاش اس شخص نے یہ سوال نہ کیا ہوتا۔ پھر نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "جب تم مجھ پر درود بھیجو تو یوں کہا کرو: اے اللہ! محمد ﷺ پر درود بھیج، جیسے تُو نے ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل پر درود بھیجا اور محمد ﷺ اور ان کی آل پر برکتیں نازل فرما، جیسے تُو نے ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل پر

---

[1] ابن كثير، تفسير القرآن العظيم: ج٦، ص٤١١

[2] فاطمہ الزہرہ رضی اللہ عنہا (606ء تا 632ء) فاطمہ بنتِ محمد بن عبداللہ، سیدہ فاطمہؓ، نبی کریم ﷺ کی سب سے چھوٹی اور محبوب بیٹی تھیں۔ وہ حضرت علیؓ کی زوجہ اور حسن و حسینؓ کی والدہ تھیں۔ (الذهبي، سير أعلام النبلاء: ج٢، ص١١٩

[3] حسین بن علی رضی اللہ عنہما (626ء تا 680ء) نبی کریم ﷺ کے نواسے، حضرت علی اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہما کے چھوٹے صاحبزادے تھے۔ آپ کی پیدائش 5 شعبان 4 ہجری (مطابق 626 عیسوی) کو مدینہ منورہ میں ہوئی۔ ( الذهبي، سير أعلام النبلاء: ج٣، ص٢٨٥

[4] النسائی، سنن النسائي، كتاب السهو، باب كيف الصلاة على النبي ﷺ، حديث ١٢٨٧

تخريج: فرد به النسائي (تحفة الأشراف: ٩٩٩٨) (صحيح). قال الشيخ الألباني: صحيح الإسناد. قال الشيخ زبير علي زئي: صحيح.

برکتیں نازل فرمائیں۔بے شک تو تعریف کے لائق، بزرگی والا ہے"۔

## "محمد النبی الأمی ﷺ" لفظ امی کی وضاحت

اس عبارت میں "النبي الامي" کا مفہوم بہت اہم ہے۔ "النبي" کا مطلب ہے "نبی"، یعنی اللہ کے منتخب پیغمبر جو انسانوں کی ہدایت کے لیے بھیجے گئے ہوں۔ "الأمي" کا لفظ خاص طور پر نبی کریم ﷺ کی صفت کو بیان کرتا ہے، جو عرب میں "اُمی" کہلاتے ہیں، جس کا مطلب ہے کہ نبی ﷺ نے کوئی کتابی تعلیم حاصل نہیں کی تھی۔ یہ صفت نبی ﷺ کی بے مثال صداقت اور عظمت کو ظاہر کرتی ہے کہ آپ ﷺ کو اللہ کی طرف سے براہ راست علم دیا گیا، نہ کہ دنیاوی تعلیمات سے۔ یہ خصوصیت نبی ﷺ کی مکمل توجہ اور اللہ کی طرف سے بے شمار علم کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ان الفاظ کے ذریعے نبی ﷺ کے مقام کی وضاحت کی جارہی ہے کہ آپ ﷺ کسی عالم یا استاد سے تعلیم یافتہ نہیں تھے، بلکہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو وحی کے ذریعے مکمل علم عطا کیا۔اس کی فضیلت و خصوصیت یہ ہے کہ نبی ﷺ کی باتیں اور تعلیمات ہر قسم کی غلط فہمی سے پاک ہیں کیونکہ وہ اللہ کی طرف سے ہیں۔

"عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبُو حُمَيْدٍ السَّاعِدِيُّ، أَنَّهُمْ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ كَيْفَ الصَّلاةُ عَلَيْكَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ:(قُولُوا: اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى محمدٍ النَّبِيِّ وَأَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ، وَبَارِكْ عَلَى محمدٍ وَأَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ، كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ، إِنَّكَ حميدٌ مجيدٌ"[1]۔"عمرو بن سلیم بیان کرتے ہیں کہ ابو حمید الساعدی رضی اللہ عنہ نے کہا: "ہم نے نبی کریم ﷺ سے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہم آپ پر کس طرح درود بھیجیں؟تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا:اے اللہ! محمد ﷺ اور آلِ محمد پر رحمت نازل فرما، جیسے تونے ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل پر رحمت نازل فرمائی،اور محمد ﷺ اور آلِ محمد پر برکت نازل فرما، جیسے تونے ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر برکتیں نازل فرمائیں۔بے شک تو تعریف کے لائق، بزرگی والا ہے"۔

یہ سوال اس بات کی علامت ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم درود بھیجنے کے آداب، الفاظ اور طریقہ کار کو جاننے کے لیے براہِ راست نبی کریم ﷺ کی طرف رجوع کرتے تھے،اس کے جواب میں نبی کریم ﷺ نے انہیں وہ درود سکھایا جو بعد میں "درودِ ابراہیمی" کے نام سے معروف ہوا۔

## "ذُرِّيَّتِهِ" کا مفہوم

"ذُرِّيَّتِهِ" سے مراد نبی ﷺ کی نسل یعنی آپ کی اولاد ہے۔ یہ لفظ نبی ﷺ کے نسلوں تک پھیلنے والی برکات اور ان کی ہدایت کو ظاہر کرتا ہے۔اس سے مراد صرف نبی ﷺ کی موجودہ اولاد نہیں، بلکہ وہ تمام نسلیں ہیں جو نبی ﷺ کے ذریعے روحانی طور پر ہدایت پائیں۔ "ذُرِّيَّتِهِ" میں ایک روحانی پہلو بھی ہے، جس میں نبی ﷺ کی اولاد کی اہمیت اور اس کی تقدس کا اظہار کیا گیا ہے۔اس کے ذریعے مسلمانوں کی عقیدت اور نبی ﷺ کی اولاد سے تعلق کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا ہے، کہ وہ ذریت اللہ کے منتخب رسول سے جڑ کر ہدایت کا ذریعہ بنی ہے۔

---

[1] البخاری، صحیح البخاري، كتاب الأنبياء، باب قول الله تعالى: {واتخذ الله إبراهيم خليلا}، حديث ٣٣٦٩

## "انك حمیدٌ مجیدٌ" کا مفہوم

اس میں اللہ کی صفات "حمیدٌ" اور "مجیدٌ" کا ذکر کیا گیا ہے۔ "حمیدٌ" کا مطلب ہے وہ جو تعریف کے لائق ہو، اور "مجیدٌ" کا مطلب ہے وہ جو عظمت کا مالک ہو۔ اس کے ذریعے اللہ کی بے شمار صفات اور نبی ﷺ کے لیے اللہ کی عظمت کی درخواست کی جا رہی ہے۔ یہ الفاظ اللہ کی لامحدود عظمت اور نبی ﷺ کے لیے خصوصی دعا کی اہمیت کو ظاہر کرتے ہیں۔ اللہ کی صفات کو درود النبی ﷺ میں شامل کر کے، اللہ کی رحمت کو نبی ﷺ پر مزید بڑھانے کی دعا کی جا رہی ہے۔

ان تمام الفاظ کا مجموعی طور پر استعمال نبی ﷺ کی عظمت، ان کے اہل بیت کی برکات، اور اللہ کی رحمت کے اظہار کا ذریعہ ہے۔ ہر لفظ ایک خاص معنی رکھتا ہے، جو نبی ﷺ کی ذات، ان کے خاندان اور ان کی نسل کی اہمیت اور فضیلت کو واضح کرتا ہے۔ ان الفاظ کے ذریعے درود النبی ﷺ کی مختلف صورتوں میں نبی ﷺ کے لیے اللہ کی رحمتوں اور برکات کی دعا کی جا رہی ہے، جو نہ صرف نبی ﷺ کے لیے بلکہ ان کے اہل بیت اور نسل کے لیے بھی کی جاتی ہے۔

یہ احادیث اس بات کی عکاسی کرتی ہیں کہ صحابہ کرام نے نبی کریم ﷺ کی تعلیمات سے استفادہ کرتے ہوئے درود النبی ﷺ کو مختلف الفاظ میں بیان کیا، جو ہر صحابی کے ذاتی تجربات اور نبی ﷺ کے ساتھ تعلق کی نوعیت کو ظاہر کرتے ہیں۔ درود النبی ﷺ کے الفاظ میں جو مختلف جملے اور تشریحات استعمال کی گئی ہیں، ان میں ہر لفظ ایک خاص معانی رکھتا ہے، جو دراصل نبی ﷺ کے مقام و مرتبے کو بیان کرنے کا ذریعہ بنتا ہے۔

صحابہ کرام نے نبی ﷺ سے سیکھے گئے درود النبی ﷺ کے مختلف طریقوں کو اپنانا شروع کیا اور ان میں ہر صحابی کے بیان کردہ الفاظ میں خصوصی معنویت اور دلی تعلقات کی جھلک دکھائی دیتی ہے۔ جب نبی ﷺ سے درود النبی ﷺ کے مختلف طریقوں کے بارے میں سوالات کیے گئے، تو آپ ﷺ نے ان سوالات کے جواب میں مختلف لفظی تشریحات کے ساتھ درود بھیجنے کے طریقے سکھائے، جنہیں بعد ازاں صحابہ کرام نے اپنی عبادات اور دعاؤں کا حصہ بنایا۔

یہ احادیث اس بات کی وضاحت کرتی ہیں کہ درود النبی ﷺ نہ صرف ایک عبادت ہے، بلکہ یہ ایک جامع دعا بھی ہے، جس میں نبی کریم ﷺ کے لیے محبت، عقیدت اور ان کی عظمت کا اظہار ہوتا ہے۔ صحابہ کرام نے نبی ﷺ کی تعلیمات کو سیکھا اور اپنے طریقے سے ان الفاظ کو نبی ﷺ کی خدمت میں پیش کیا، جن میں اللہ کی طرف سے ان کی عزت و عظمت کی درخواست کی گئی تھی۔

بعض صحابہ کرام سے مروی روایات میں درود النبی ﷺ کے بیان میں "اللهم صلِّ علی محمدٍ" جیسے سادہ اور عمومی الفاظ استعمال کیے گئے ہیں، جبکہ کچھ نے "اللهم صلِّ علی محمدٍ وعلی آلِ محمدٍ" جیسے الفاظ کے ذریعے نبی ﷺ کے اہل بیت کی برکتوں کے لیے دعا کی۔ اس طرح بعض صحابہ کرام نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی مثال دے کر درود النبی ﷺ کے الفاظ میں ایک خاص تشبیہ پیش کی، جس سے نبی ﷺ کی شان کا اقرار کیا گیا اور اس میں روحانیت کی ایک بلند سطح پر پہنچنے کی کوشش کی گئی۔ اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ درود النبی ﷺ کے ایک ایک لفظ میں ایک گہری اور مخصوص دعا مضمر ہے، جو نبی ﷺ کے مقام و مرتبے کو تسلیم کرنے کا ذریعہ بنتی ہے۔

## مبحث دوم: درود النبی ﷺ کے فضائل

قرآنِ کریم میں درودِ نبی ﷺ کے فضائل اجمالاً اور تفصیلاً متعدد مقامات پر بیان ہوئے ہیں۔ درود پڑھنے کے فضائل میں سب سے بلند فضیلت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اُس کے فرشتے خود نبی کریم ﷺ پر درود بھیجتے ہیں اور مومنوں کو بھی اس عمل کا حکم دیتے ہیں۔ ذیل میں درودِ نبی ﷺ کے فضائل کی آیات واحادیث کو جدید عناوین کے ضمن میں ذکر کیا جاتا ہے۔

### درود، اللہ تعالیٰ کا محبوب عمل ہے

''إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا''[1]۔ "بیشک اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود بھیجتے ہیں۔ اے ایمان والو! تم بھی ان پر درود بھیجو اور خوب سلام بھیجا کرو"۔

یہ آیت، درود کی مشروعیت، محبوبیت اور عظمت کا سب سے بڑا قرآنی اعلان ہے۔ یہ اعلان اس بات کا بین ثبوت ہے کہ نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا نہ صرف ایک مستحب عمل ہے، بلکہ قرآنِ مجید کی روشنی میں پسندیدہ، محبوب اور بابرکت عبادت بھی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا خود نبی ﷺ پر درود بھیجنا، فرشتوں کا درود بھیجنا اور پھر مومنوں کو حکم دینا، یہ سب مل کر درود شریف کی شرعی حیثیت اور دینی عظمت کو نمایاں کرتے ہیں۔

امام ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: ''هٰذِهِ الآيَةُ فِيهَا فَضْلٌ عَظِيمٌ لِرَسُولِ اللهِ ﷺ، إِذْ جَعَلَ اللهُ صَلَاتَهُ وَصَلَاةَ المَلَائِكَةِ عَلَيهِ مُقَدِّمَةً لِأَمْرِ المُمْتَحَنِينَ بِذَلِكَ''[2]۔

دیکھا جائے تو درود النبی ﷺ کی اللہ تعالیٰ، اس کے فرشتوں اور مومنوں کے ہاں محبوبیت کی اس سے بڑھ کر کیا دلیل ہو سکتی ہے کہ قرآن حکیم، جو کہ کتاب اختصار وایجاز ہے، اس کی متعدد آیات میں درود النبی ﷺ سے متعلق ارشادات باری تعالیٰ موجود ہیں۔

### درود، اجرِ عظیم کا ذریعہ ہے

''مَنْ يُطِعِ اللَّهَ وَالرَّسُولَ فَأُولَٰئِكَ مَعَ الَّذِينَ أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيِّينَ وَالصِّدِّيقِينَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِينَ ۚ وَحَسُنَ أُولَٰئِكَ رَفِيقًا''[3]۔ ''اور جو لوگ اللہ اور رسول کی اطاعت کریں گے تو وہ ان کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ نے انعام فرمایا ہے، یعنی انبیاء، صدیقین، شہداء اور صالحین اور وہ کتنے اچھے ساتھی ہیں''۔

درود النبی ﷺ، اطاعتِ رسول ﷺ کا مظہر اور اعلیٰ مقام کا ذریعہ ہے۔

---

[1] الاحزاب: 56

[2] ابن كثير، تفسير القرآن العظيم، ج٦، ص٤٠٨

[3] النساء: 69

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ (606ھ) اس آیتِ کریمہ کی تفسیر میں لکھتے ہیں: ''**الْمُرَادُ بِالطَّاعَةِ الْكَامِلَةِ: الصَّلَاةُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ، لِأَنَّهَا مِنْ تَمَامِ الْمَحَبَّةِ وَالْأَدَبِ**''[1]۔

اطاعت اور اجر کے مابین تعلق ڈھکا چھپا نہیں، اطاعت محبت کی اولیں شرط اور پہلا زینہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن حکیم میں اطاعت رسول کو محبت رسول کی لازمی صفت قرار دے کر اطاعت پر اجر عظیم کے وعدے ارشاد فرمائے گئے ہیں۔

### درود، قلبی سکون اور روحانی طہارت کا ذریعہ ہے

''أَلَا بِذِكْرِ اللَّهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ''[2]۔ ''یاد رکھو کہ صرف اللہ کا ذکر ہی وہ چیز ہے جس سے دلوں کو اطمینان نصیب ہوتا ہے''۔ درود النبی ﷺ ذکر اللہ کی اعلیٰ ترین اور بلند ترین اقسام میں سے ہے، کیونکہ نبی کریم ﷺ کا ذکر در اصل خود اللہ تعالیٰ کے ذکر کا ذریعہ ہے۔ امام قرطبیؒ رحمۃ اللہ علیہ (671ھ) فرماتے ہیں: ''**وَالصَّلَاةُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ مِنْ أَجَلِّ الذِّكْرِ، وَفِيهَا طُمَأْنِينَةُ الْقَلْبِ**''[3]۔

### درود، اللہ کی رحمت کے نزول کا ذریعہ ہے

''**وَرَحْمَتِي وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ فَسَأَكْتُبُهَا لِلَّذِينَ. يُؤْمِنُونَ بِهِ وَعَزَّرُوهُ وَنَصَرُوهُ وَاتَّبَعُوا النُّورَ الَّذِي أُنزِلَ مَعَهُ**''[4]۔ ''اور جہاں تک میری رحمت کا تعلق ہے وہ ہر چیز پر چھائی ہوئی ہے، چنانچہ میں یہ رحمت (مکمل طور پر) ان لوگوں کے لیے لکھوں گا جو تقوی اختیار کریں اور زکوۃ ادا کریں اور جو ہماری آیتوں پر ایمان رکھیں۔ چنانچہ جو لوگ اس (نبی) پر ایمان لائیں گے اس کی تعظیم کریں گے اس کی مدد کریں گے، اور اس کے ساتھ جو نور اتارا گیا ہے اس کے پیچھے چلیں گے تو وہی لوگ فلاح پانے والے ہوں گے''۔

### درود: تعظیمِ رسول ﷺ کا اعلیٰ ترین اظہار

امام طبری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''**التعزير المذكور يشمل الصلاة عليه ﷺ، فهي علامة تعظيمه**''[5]۔

نبی کریم ﷺ نے درود النبی ﷺ کو عبادت، مغفرت، قربِ الٰہی، شفاعت اور دعاؤں کی قبولیت کا عظیم ذریعہ قرار دیا ہے۔ متعدد صحیح احادیث درود کے بے شمار فضائل کو واضح کرتی ہیں، جو اس عظیم عمل کی روحانی قدر و قیمت کو اُجاگر کرتی ہیں۔

---

[1] الرازي، التفسير الكبير: ج١٠، ص١٣٠

[2] الرعد:28

[3] القرطبي، الجامع لأحكام القرآن: ج٩، ص٢٨٥

[4] الاعراف:156،157

[5] الطبري، جامع البيان عن تأويل آي القرآن: ج١٣، ص٥٠٢

## درود، نبی کریم ﷺ کی شفاعت کا مستحق بننے کا ذریعہ ہے

عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ رضي الله عنه، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ:"أَوْلَى النَّاسِ بِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ صَلَاةً"[1]۔

"قیامت کے دن میرے سب سے زیادہ قریب وہ شخص ہوگا جو مجھ پر سب سے زیادہ درود بھیجنے والا ہوگا"۔

## درود، مغفرت اور درجات کی بلندی کا ذریعہ ہے

"عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه، أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ:مَنْ صَلَّى عَلَيَّ وَاحِدَةً صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ عَشْرًا[2]"۔"جو شخص مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے، اللہ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے"۔

## درود، دعاؤں کی قبولیت کا سبب ہے

"عَنْ عُمَرَ رضي الله عنه، قَالَ: إِنَّ الدُّعَاءَ مَوْقُوفٌ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالأَرْضِ، لاَ يَصْعَدُ مِنْهُ شَيْءٌ، حَتَّى تُصَلِّيَ عَلَى نَبِيِّكَ ﷺ"[3]۔"دعا آسمان و زمین کے درمیان معلق رہتی ہے، اس وقت تک بلند نہیں کی جاتی جب تک نبی ﷺ پر درود نہ پڑھا جائے"۔

اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ دعا کی قبولیت کے لیے نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا ایک لازمی اور مؤثر ذریعہ ہے۔ جب کوئی شخص دعا کرتا ہے لیکن اس میں درود شامل نہیں کرتا تو وہ دعا گویا آسمان و زمین کے درمیان معلق رہتی ہے، یعنی بارگاہِ الٰہی تک نہیں پہنچتی۔ اس سے یہ سبق ملتا ہے کہ درود دعا کا محض حصہ نہیں بلکہ اس کا دروازہ اور راستہ ہے۔ درود دراصل اللہ تعالیٰ کے محبوب بندے ﷺ کے ساتھ تعلقِ وفا کا عملی اظہار ہے اور جب بندہ اپنے کلام میں اللہ کے محبوب کو شامل کرتا ہے تو اللہ بھی اس دعا کو شرفِ قبولیت بخشتا ہے۔

## درود، غفلت و بخل سے نجات کا ذریعہ ہے

"قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ:رَغِمَ أَنْفُ رَجُلٍ ذُكِرْتُ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ[4]"۔"اس شخص کی ناک خاک آلود ہو، جس کے سامنے میرا ذکر کیا گیا اور اس نے مجھ پر درود نہ بھیجا"۔

---

[1] الترمذي، سنن الترمذي: ج١، ص٣٢٥

[2] مسلم، صحيح مسلم: ج١، ص٣٠٦

[3] الترمذي، سنن الترمذي، كتاب الوتر، باب: ما جاء في فضل الصلاة على النبي ﷺ، حديث رقم: ٤٨٦

تخريج:

أخرجه الترمذي (٤٨٦)، وابن بشكوال في القُربة )٤ (واللفظ له، وإسحاق كما في المطالب العالية )٣٣٢١ (باختلاف يسير)- قال الشيخ الألباني: حسن

[4] الترمذي، سنن الترمذي ، كتاب الدعوات عن رسول الله ﷺ، باب قول رسول الله ﷺ: "رغم أنف رجل"، حديث رقم ٣٥٤٥

تخريج: تفرد به المؤلف، والجملة الأخيرة عند مسلم في البر والصلة 3 (2551) (تحفة الأشراف: 12977)، ومسند أحمد (254/2)(حسن صحيح)قال الشيخ الألباني: حسن صحيح، المشكاة (927)، التعليق الرغيب (283/2)، فضل الصلاة على النبي ﷺ

### درود، رسول اللہ ﷺ تک براہِ راست پہنچایا جاتا ہے

''عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه، قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: لاَ تَجْعَلُوا قَبْرِي عِيدًا، وَصَلُّوا عَلَيَّ، فَإِنَّ صَلاَتَكُمْ تَبْلُغُنِي حَيْثُ كُنْتُمْ[1]''۔''میری قبر کو عید (مخصوص دن) نہ بناؤ اور مجھ پر درود بھیجو، کیونکہ تمہارا درود مجھ تک جہاں بھی ہو پہنچتا ہے''۔

### درود، دنیا و آخرت میں برکت اور فلاح کا سبب ہے

قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: إِنَّ أَوْلَى النَّاسِ بِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ صَلاَةً[2]۔

یہ حدیثِ مبارکہ نہ صرف شفاعتِ کبریٰ کے تصور کو اجاگر کرتی ہے بلکہ اس کے ساتھ ساتھ دنیا و آخرت میں قربتِ رسول ﷺ کا ایک یقینی اور مجرب ذریعہ بھی واضح کرتی ہے۔ نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا محض ایک ثواب کا عمل نہیں بلکہ یہ ایک ہمہ جہت روحانی و ایمانی تعلق کی علامت ہے، جو بندے کو اس کے محبوب نبی ﷺ سے جوڑتا ہے اور اُسے قربِ الٰہی کی منازل کی طرف لے جاتا ہے۔

## مبحث سوم: سلف صالحین کا درودِ نبوی ﷺ پڑھنے کا معمول

صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم، تابعین رحمہم اللہ اور جلیل القدر ائمۂ دین نے نہ صرف اس عمل کو زبانی و تحریری طور پر عبادت، نجات اور بلند درجات کا ذریعہ قرار دیا بلکہ خود بھی اس پر مداومت و ہمیشگی اختیار کی۔ ان عظیم ہستیوں کے اقوال، افکار اور عملی معمولات اس بات کے غماز ہیں کہ درودِ نبوی ﷺ ان کے لیے صرف لسانی ذکر نہ تھا بلکہ ایک زندہ روحانی تجربہ تھا، جس کے ذریعے وہ سکونِ قلب، نورِ بصیرت اور تعلقِ مصطفوی ﷺ کو مضبوط کرتے تھے۔ ان کے بیانات سے یہ حقیقت آشکار ہوتی ہے کہ درود شریف نہ صرف قیامت کے دن نبی اکرم ﷺ کی شفاعت کا وسیلہ ہے، بلکہ دنیاوی زندگی میں بھی رحمت، برکت اور قربِ نبوی ﷺ کے حصول کا پختہ ذریعہ ہے۔ اس پہلو سے دیکھا جائے تو درودِ شریف صرف ایک مستحب عمل نہیں بلکہ ایمان، معرفت اور اتباعِ نبوی ﷺ کے خالص جذبے کا اظہار بھی ہے، جسے سلفِ صالحین نے اپنی زندگیوں کا حصہ بنایا اور اُمت کو بھی اس کی ترغیب دی۔

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''قُلتُ: يَا رَسُولَ اللهِ! إِنِّي أُكْثِرُ الصَّلَاةَ عَلَيْكَ، فَكَمْ أَجْعَلُ لَكَ مِنْ صَلَاتِي؟ قَالَ: مَا شِئْتَ. قُلْتُ: أَجْعَلُ لَكَ صَلَاتِي كُلَّهَا؟ قَالَ: إِذًا تُكْفَى هَمَّكَ، وَيُغْفَرْ لَكَ ذَنْبُكَ[3]''۔''میں نے عرض کیا:

---

[1] أبو داود، سنن أبي داود: ج ٢، ص ٢١٨، كتاب المناسك، باب زيارة القبور، حديث ٢٠٢٤
تخريج: تفرد به أبو داود (تحفة الأشراف: ١٣٠٣٢)، وقد أخرجه: مسند أحمد (٣٦٧/٢) (صحيح).
قال الشيخ الألباني: صحيح. قال الشيخ زبير علي زئي: إسناده حسن. مشكاة المصابيح (٩٢٦).

[2] الترمذی، سنن الترمذي، أبواب الوتر، باب ما جاء في فضل الصلاة على النبي ﷺ، حديث رقم ٤٨٤
تخريج:
تفرد به المؤلف (تحفة الأشراف: ٩٣٤) (ضعيف)- قال الشيخ الألباني: ضعيف، التعليق الرغيب.

[3] الترمذي، سنن الترمذي، كتاب صفة القيامة والرقائق والورع عن رسول الله ﷺ، باب منه ،حديث ٢٤٥٧
تخريج: تفرّد به المؤلف (تحفة الأشراف: ٣٠)، وانظر مسند أحمد (١٣٥/٥) (حسن)

یارسول اللہ! میں آپ پر بہت درود بھیجتا ہوں، کتنا حصہ آپ پر درود کے لیے مقرر کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جتنا چاہو۔ میں نے کہا: میں سارا وقت آپ پر درود ہی بھیجتا رہوں گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: پھر تمہارے سارے غم کافی ہو جائیں گے اور تمہارے گناہ بخش دیے جائیں گے"۔

## درود، اللہ اور ملائکہ کی سنت ہے

قاضی عیاض لکھتے ہیں: "فَفِي هَذَا تَشْرِيفٌ لَهُ ﷺ وَتَكْرِيمٌ، وَتَنْوِيهٌ بِفَضْلِهِ، وَتَنْبِيهٌ لِلْمُؤْمِنِينَ عَلَى وُجُوبِ تَعْظِيمِهِ وَإِكْرَامِهِ، وَالْقِيَامِ بِحُقُوقِهِ، وَفَرْضُ الصَّلَاةِ عَلَيْهِ ﷺ"[1]۔

آیتِ درود میں نبی کریم ﷺ کے لیے شرف، عظمت اور فضیلت کا اعلان ہے اور اہلِ ایمان کے لیے تنبیہ ہے کہ وہ نبی ﷺ کی تعظیم، توقیر اور حقوق کی ادائیگی کریں اور ان پر درود بھیجنا فرض جانیں۔

## درود شفاعت کا ذریعہ ہے

قاضی عیاض[2] رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: "مَنْ صَلَّى عَلَيَّ وَاحِدَةً، صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ عَشْرًا." فِي هَذَا الْحَدِيثِ وَغَيْرِهِ بَيَانٌ لِفَضْلِ الصَّلَاةِ عَلَيْهِ ﷺ، وَأَنَّهَا سَبَبٌ لِمُضَاعَفَةِ الْأَجْرِ، وَحُصُولِ الشَّفَاعَةِ، وَمَغْفِرَةِ الذُّنُوبِ"[3]۔

نبی کریم ﷺ پر درود پڑھنے کے عظیم اجر، شفاعت کے حصول اور گناہوں کی مغفرت کا وعدہ ہے۔ نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا نہ صرف ایک عبادت ہے، بلکہ یہ عبادت ایسے انعامات اور برکتوں کا ذریعہ بنتی ہے جو بندے کو دنیا و آخرت میں فائدہ پہنچاتی ہے۔ اجر عظیم، شفاعتِ نبوی اور گناہوں کی مغفرت، تینوں ایسی نعمتیں ہیں جن کا حصول ہر مؤمن کی خواہش ہے۔

## درود قربِ الٰہی اور فرشتوں کی دعاؤں کا باعث ہے

"إِنَّ الْمَلَائِكَةَ تُصَلِّي عَلَى مَنْ يُصَلِّي عَلَى النَّبِيِّ ﷺ، وَتَسْتَغْفِرُ لَهُ، وَيُذْكَرُ فِي الْمَلَإِ الْأَعْلَى"[4]۔ "بیشک فرشتے اس شخص کے لیے دعائیں کرتے ہیں جو نبی کریم ﷺ پر درود پڑھتا ہے، اس کے لیے استغفار کرتے ہیں اور اس کا ذکر آسمانوں میں کیا جاتا ہے"۔

---

[1] قاضي عياض، عياض بن موسى، الشفاء بتعريف حقوق المصطفى ﷺ، (بيروت: دار الفكر، ١٩٨٦م، ج ١، ص ٢١

[2] عیاض بن موسیٰ (471ھ/ 1083ء تا 544ھ/1149ء)۔ علم حدیث، نحو، لغت، تاریخ، ادب میں ماہر اور فقیہ فقہ مالکی تھے۔ آپ کی سب سے مشہور تصنیف "الشفا بتعریف حقوق المصطفیٰ" ہے۔( زركلي، الأعلام: ج٤، ص٢٥٩

[3] القاضي عياض، الشفا: ج١، ص٤٧

[4] أيضًا: ج١، ص٤٩

## درود، نفاق کی نفی اور ایمان کی علامت ہے

''تَرْكُ الصَّلَاةِ عَلَيْهِ ﷺ عَلَامَةٌ عَلَى الْجَفَاءِ وَقَسْوَةِ الْقَلْبِ، وَهِيَ مِنْ عَلَامَاتِ أَهْلِ النِّفَاقِ''[1]۔''نبی کریم ﷺ پر درود چھوڑنا سخت دلی، بے رخی اور نفاق کی علامت ہے''۔

## مبحث چہارم: سلفِ صالحین کے اقوال و آثار کی روشنی میں درود النبی ﷺ کے فضائل

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا فرمان ہے: ''كُلُّ دُعَاءٍ مَحْجُوبٌ حَتَّى يُصَلَّى عَلَى النَّبِيِّ''[2]۔''ہر دعا اس وقت تک آسمان وزمین کے درمیان معلق رہتی ہے جب تک نبی کریم ﷺ پر درود نہ بھیجا جائے''۔

حضرت عمر بن عبد العزیز کا فرمان ہے: ''إِنَّ الدُّعَاءَ لَا يُسْتَجَابُ إِلَّا بِصَلَاةٍ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ''[3]۔''دعا اس وقت تک قبول نہیں ہوتی جب تک نبی کریم ﷺ پر درود نہ بھیجا جائے''۔

امام شافعی کا فرمان ہے: ''أُحِبُّ الصَّلَاةَ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ فِي كُلِّ حَالٍ، وَأُوجِبُهَا فِي التَّشَهُّدِ الْأَخِيرِ''[4]۔''میں ہر حالت میں نبی کریم ﷺ پر درود کو پسند کرتا ہوں اور آخری تشہد میں اسے واجب سمجھتا ہوں''۔

ابن القیم الجوزیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ''الصَّلَاةُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ فِيهَا أَرْبَعُونَ فَائِدَةً عَلَى الْأَقَلِّ، مِنْهَا: غُفْرَانُ الذُّنُوبِ، وَرَفْعُ الدَّرَجَاتِ، وَقَبُولُ الدُّعَاءِ، وَشَفَاعَةُ النَّبِيِّ ﷺ''[5]۔''نبی ﷺ پر درود کے کم از کم چالیس فوائد ہیں، جن میں مغفرت، درجات کی بلندی، دعاؤں کی قبولیت اور نبی ﷺ کی شفاعت شامل ہیں''۔

امام ابو جعفر الطحاوی کا فرمان ہے: ''وَنَرَى الصَّلَاةَ عَلَيْهِ ﷺ مِنْ أَعْظَمِ عَلَامَاتِ الْمَحَبَّةِ وَالْإِيمَانِ بِهِ''[6]۔''اور ہم سمجھتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا محبت اور ایمان کی سب سے بڑی علامتوں میں سے ہے''۔

ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان ہے: ''الصَّلَاةُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ مِنْ أَعْظَمِ الْقُرُبَاتِ، وَأَشْرَفِ الطَّاعَاتِ، بِهَا تَحِلُّ الْبَرَكَاتُ، وَتُغْفَرُ الزَّلَّاتُ، وَتُسْتَنْزَلُ الرَّحْمَاتُ، وَتُفْتَحُ أَبْوَابُ السَّمَاوَاتِ، وَتَعْلُو الدَّرَجَاتُ، وَيُسْتَجَابُ الدُّعَاءُ، وَتَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ،

---

[1] أيضًا: ج١، ص٤٥

[2] القرطبي، الجامع لأحكام القرآن: ج١٤، ص٢٢٩

[3] ابن القيّم، جلاء الأفهام: ص٢٦

[4] الشافعي، محمد بن إدريس، الأم (بيروت: دار المعرفة، ١٩٧٣م)، ج١، ص١٢٠

[5] ابن القيّم، جلاء الأفهام: ص١٧٨

[6] الطحاوي، أحمد بن محمد، العقيدة الطحاوية (الرياض: دار السلام، ٢٠٠٥م)، ص٤٣

**وَيَكْثُرُ بِهَا الْخَيْرُ وَالسُّرُورُ**"[1]۔"نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا سب سے عظیم قربتوں اور بلند ترین عبادتوں میں سے ہے۔اس کے ذریعے برکتیں نازل ہوتی ہیں، گناہ معاف کیے جاتے ہیں، اللہ کی رحمتیں اترتی ہیں، آسمانوں کے دروازے کھلتے ہیں، درجات بلند ہوتے ہیں، دعائیں قبول ہوتی ہیں، دل مطمئن ہوتے ہیں اور خیر و سرور کی فراوانی ہوتی ہے"۔

محمد بن عبد الباقی الزرقانی المالکی رحمہ اللہ کا فرمان:"**الصَّلَاةُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ جَالِبَةٌ لِكُلِّ خَيْرٍ، دَافِعَةٌ لِكُلِّ شَرٍّ، تَحْفَظُ الْعَبْدَ فِي دُنْيَاهُ وَأُخْرَاهُ، وَتَكْفِيهِ هُمُومَهُ، وَتَشْرَحُ صَدْرَهُ، وَتُطَهِّرُ قَلْبَهُ**"[2]۔"نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا ہر خیر کو لے کر آتا ہے، ہر شر کو دفع کرتا ہے، بندے کو دنیا و آخرت میں محفوظ رکھتا ہے، اس کے غموں کو دور کرتا ہے، سینے کو کشادہ کرتا ہے اور دل کو پاک کرتا ہے"۔

ذیل میں وہ فضائل دیے جا رہے ہیں جو قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے "الشفا "میں مختلف مقامات پر درود النبی ﷺ کے ضمن میں بیان کیے[3]:

1. درود، اللہ کی طرف سے رحمت ہے اور بندے کی طرف سے دعا۔
2. درود کی وجہ سے فرشتے درود پڑھنے والے کے لیے استغفار کرتے ہیں۔
3. درود نبی کریم ﷺ سے روحانی قرب کا سبب ہے۔
4. درود پڑھنے والے کا ذکر آسمانوں میں کیا جاتا ہے۔
5. درود قیامت میں نبی ﷺ کی شفاعت کے حصول کا ذریعہ ہے۔
6. درود غموں، فکر اور مصائب کا کفارہ بنتا ہے۔
7. درود کی وجہ سے نیکیاں بڑھتی ہیں اور درجات بلند ہوتے ہیں۔
8. درود منافقت کے خلاف علامت ہے، سچے ایمان کی دلیل ہے۔
9. درود ایمان میں اضافہ کرتا ہے اور محبتِ رسول ﷺ کو مضبوط کرتا ہے۔
10. درود دل کو زندہ کرتا اور روح کو منور کرتا ہے۔
11. درود زبان کو پاکیزگی اور ذکر کا ذائقہ عطا کرتا ہے۔
12. درود افضل اذکار میں سے ہے جس کا ثواب جاری رہتا ہے۔
13. درود نبی ﷺ کی رضا اور خوشنودی کا ذریعہ ہے۔
14. درود پڑھنے والے کے لیے جنت کے راستے کھلتے ہیں۔

---

[1] ملا علي القاري، علي بن سلطان، مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، تحقيق: جمال عيتاني (بيروت: دار الفكر، ١٤٢٢هـ / ٢٠٠١م)، ج٣، ص٩٤

[2] الزرقاني، محمد بن عبد الباقي، شرح الزرقاني على المواهب اللدنية بالمنح المحمدية (بيروت: دار الكتب العلمية، ١٩٩٦م)، ج٧، ص٣٧٩

[3] القاضي عياض، الشفاء بتعريف حقوق المصطفى ﷺ: ج١، ص٣٥

15. درود سے قبر کی وحشت میں راحت حاصل ہوتی ہے۔
16. درود برکت ورحمت کی بارش کا سبب ہے۔
17. درود سے دعا قبول ہوتی ہے، کیونکہ درود کے بغیر دعا معلق رہتی ہے۔
18. درود سے بندہ اللہ تعالیٰ کی محبت کے قریب ہوتا ہے۔
19. درود امت کے لیے فتنوں سے تحفظ کا حصار ہے۔
20. درود شفاعتِ کبریٰ کا اہم دروازہ ہے۔

## جامع تبصرہ

درودِ النبی ﷺ کی فضیلت ایک ایسی عظیم الشان نعمت ہے جو ایمان، محبت، مغفرت، رفعتِ درجات، قبولیتِ دعا اور قربِ نبوی ﷺ جیسے بے شمار روحانی فیوضات کی کنجی ہے۔ قرآنِ مجید نے نبی کریم ﷺ پر درود کو اہلِ ایمان کے لیے نہ صرف واجب قرار دیا بلکہ اس کا آغاز اللہ تعالیٰ اور ملائکہ کی جانب سے خود فرمایا، جس سے درود کی عظمت و رفعت کا مقام واضح ہوتا ہے۔ درود ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعے بندہ اللہ تعالیٰ کی خاص رحمتوں کا مستحق بنتا ہے۔ اس کے دس گناہ معاف ہوتے ہیں، دس درجات بلند کیے جاتے ہیں اور دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔ یہ عمل قیامت کے دن نبی ﷺ کی شفاعت کا باعث اور پل صراط پر نور کا ذریعہ بنے گا۔ فرشتے درود پڑھنے والے کے لیے مسلسل دعائیں کرتے رہتے ہیں، حتیٰ کہ بندہ درود کے حصار میں آ جاتا ہے۔ درود غم و اندوہ، فتنہ و آزمائش اور پریشانیوں سے نجات کا مؤثر وسیلہ ہے، جیسا کہ صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم نے عملاً اس کا مشاہدہ کیا۔ نبی کریم ﷺ پر درود، محض ایک دعا یا ذکر نہیں بلکہ محبتِ رسول ﷺ کا عملی اظہار ہے، جو دل کی طہارت، زبان کی حلاوت اور روح کی لطافت کا باعث بنتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سلفِ صالحین رحمہم اللہ، صحابۂ کرام، تابعین، ائمہ اربعہ اور علمائے کرام اس عظیم عمل پر غیر معمولی اہتمام کیا کرتے تھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "دعا اُس وقت تک آسمان تک نہیں پہنچتی جب تک اُس سے پہلے درود نہ پڑھا جائے۔" حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے درود کو قبولیتِ دعا کی شرط قرار دیا۔ امام شافعی رحمہ اللہ ہر حال میں درود کو محبوب سمجھتے اور آخری تشہد میں واجب قرار دیتے تھے۔ امام مالک رحمہ اللہ نبی کریم ﷺ کی حدیث بیان کرنے سے قبل وضو کرتے، خوشبو لگاتے اور مکمل ادب و احترام کا اہتمام کرتے تھے۔ حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کے واقعے سے یہ حقیقت آشکار ہوتی ہے کہ جو شخص درود شریف کو کثرت سے پڑھتا ہے، اللہ تعالیٰ اُس کے تمام غم دور فرما دیتا ہے اور اُس کے گناہوں کو معاف کر دیتا ہے۔ امام ابن القیم رحمہ اللہ نے درود شریف کے کم از کم چالیس (40) فوائد شمار کیے ہیں، جن میں دل کی صفائی، نیکیوں میں اضافہ، رزق میں کشادگی اور روحانی طاقت کا حصول شامل ہے۔ الغرض، درود النبی ﷺ ایک ایسا انمول خزانہ ہے جو زندگی کی تنگیوں میں کشادگی، دلوں کی تاریکی میں روشنی اور ایمان کی حرارت میں اضافہ کا ذریعہ ہے۔ اس خزانے کی حفاظت، اس پر مداومت اور اس کی کثرت، ہر مؤمن کے لیے سب سے بڑی سعادت اور نجات کا سبب ہے۔

# فصل دوم: درودالنبی ﷺ کی عصری معنویت

عصرِ حاضر فکری الجھن، روحانی خلاء، اور سماجی انتشار کا دور ہے۔ انسان مادّی ترقی کی دوڑ میں بے سکونی، ذہنی دباؤ اور باطنی سرد مہری کا شکار ہو چکا ہے۔ ایسے تناظر میں درودِ النبی ﷺ ایک محض لفظی تکرار نہیں، بلکہ ایک ایسا الہامی عمل ہے جو نہ صرف دل و دماغ کو منور کرتا ہے بلکہ فرد اور معاشرے کو سیرتِ محمدی ﷺ سے جوڑ کر زندگی کو مقصد، وقار اور سکون عطا کرتا ہے۔ زیرِ نظر فصل میں درودِ النبی ﷺ کی عصری معنویت کو متنوع زاویوں سے اجاگر کیا گیا ہے، جن میں یہ بات سامنے آتی ہے کہ یہ عمل موجودہ دور کے روحانی اضطراب اور ذہنی دباؤ کا مجرب علاج بن سکتا ہے، اور مغربی مادیت و افکار کے سیلاب میں ایک معنوی قلعہ فراہم کرتا ہے۔ مزید یہ کہ یہ درود امتِ مسلمہ اور نبی کریم ﷺ کے درمیان رشتۂ روحانیت کی تجدید کا ذریعہ بھی ہے۔

یہی درودِ النبی ﷺ جب معاشرتی سطح پر رائج ہو تو اخلاقی بگاڑ کا مؤثر علاج بن جاتا ہے اور دعوتِ دین میں نرمی، محبت اور حکمت پر مبنی انداز کو فروغ دیتا ہے۔ اس فصل کی مباحث میں یہ پہلو بھی شامل ہے کہ تعلیمی اداروں میں درودِ النبی ﷺ کے فروغ کے عملی طریقے کس طرح طلبہ میں سیرتِ رسول ﷺ سے وابستگی پیدا کرتے ہیں اور نوجوان نسل میں یہ عمل کس طرح تشخص، ایقان اور روحانی شعور پیدا کرتا ہے۔ علاوہ ازیں، درودالنبی ﷺ کا عالمی امن میں کردار اور اس کی جدید ذرائع ابلاغ کے ذریعے اشاعت پر بھی تفصیلی گفتگو کی گئی ہے۔ اس فصل کے آخر میں یہ بات واضح کی گئی ہے کہ درودِ النبی ﷺ کے ذریعے امت کی فکری و عملی تجدید کا وہ راستہ کھلتا ہے جس سے ایک بیدار، مہذب اور عاشقِ رسول ﷺ امت کا خواب شرمندۂ تعبیر ہو سکتا ہے۔

## مبحث اوّل: سماجی و اخلاقی نظام کی بحالی اور بہتری میں درودالنبی ﷺ کا کردار

درود، محض ایک زبانی ذکر نہیں بلکہ فکری بیداری، روحانی تطہیر اور اخلاقی انقلاب کی بنیاد ہے۔ یہ ایسا جامع پیکرِ دعا و محبت ہے جو فردِ واحد کے دل سے لے کر ایک پوری قوم کے مزاج تک، سب کو اعلیٰ انسانی اوصاف اور نبوی صفات کی طرف متوجہ کرتا ہے۔

### درودالنبی ﷺ کے اخلاقی اثرات

اگرچہ ''إِنَّ اللهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ'' کی آیت پہلے بیان ہو چکی ہے مگر درود کی اخلاقی روح کو ہم سورۃ القلم کے اس انداز سے بھی سمجھ سکتے ہیں، جہاں نبی کریم ﷺ کی ذات کو 'علیٰ خلق عظیم' (بلند ترین اخلاق کے درجہ پر فائز) قرار دیا گیا ہے۔ نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا محض زبانی ذکر نہیں، بلکہ اس میں اُس اخلاقِ نبوی کی پیروی کا عہد بھی شامل ہے، جو فرد کی زندگی میں نرمی، حلم، برداشت، اخلاص اور عدل جیسی اعلیٰ صفات پیدا کرتا ہے۔ درود گویا نبی ﷺ کے ساتھ ایک عملی تعلق کی تجدید ہے، جو انسان کو اخلاقی بلندیوں تک لے جانے کا ذریعہ بنتا ہے: ''**وَإِنَّكَ لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ**''[1]۔ "اور یقیناً تم اخلاق کے اعلیٰ درجے پر ہو۔"

جو لوگ درودِ النبی ﷺ کا کثرت سے ورد کرتے ہیں، وہ سیرتِ طیبہ کے خُلقِ عظیم کو اپنانے کی سعی کرتے ہیں۔ چنانچہ درودِ النبی ﷺ ان کے دل کو رسول اللہ ﷺ کے اخلاق کا آئینہ بنا دیتا ہے۔

---

[1] القلم، 68:4

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: ''مَنْ صَلَّى عَلَيَّ وَاحِدَةً، صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ عَشْرًا، وَحُطَّتْ عَنْهُ عَشْرُ خَطِيئَاتٍ، وَرُفِعَتْ لَهُ عَشْرُ دَرَجَاتٍ''[1]۔ ''جو شخص مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے، اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے، اس کے دس گناہ معاف فرماتا ہے، اور اسے دس درجے بلندی عطا کرتا ہے''۔

اس حدیث سے واضح ہے کہ درود فرد کی اخلاقی تطہیر، اجتماعی درجات اور روحانی عروج کا وسیلہ ہے۔ سماجی اصلاح کے زاویے سے اگر ہم جائزہ لیں تو واضح نظر آتا ہے کہ درود کی کثرت قلب و زبان کی صفائی کرتی ہے۔ تکبر، بغض، حسد اور غیبت جیسی اخلاقی بیماریوں سے نجات دیتی ہے۔ اخوت و بھائی چارے کو فروغ دیتی ہے۔ انسان کو معاف کرنا، در گزر کرنا، ایثار کرنا سکھاتی ہے اور وہ اوصاف جو رسول اللہ ﷺ کی شخصیت کے نمایاں پہلو تھے، ان سے انسان کو متصف کرتی ہے۔

امام ابو حامد الغزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''الصَّلَاةُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ تُخَلِّقُ الْعَبْدَ بِأَخْلَاقِهِ ﷺ، فَمَنْ لَازَمَهَا، لَازَمَهُ الْحَيَاءُ، وَالرَّأْفَةُ، وَالصِّدْقُ، وَالْأَمَانَةُ''[2]۔ ''درود بندے کو نبی ﷺ کے اخلاق سے مزیّن کر دیتا ہے جو اس کا التزام کرتا ہے، وہ حیاء، شفقت، صدق اور امانت جیسے اوصاف کا حامل ہو جاتا ہے''۔

علامہ شاطبیؒ رحمۃ اللہ علیہ (790ھ) فرماتے ہیں: ''وَلَا يَزَالُ الْعَبْدُ فِي سُلَّمِ الْأَخْلَاقِ حَتَّى يَكُونَ دُرُودُهُ مِفْتَاحًا لِكُلِّ خَصْلَةٍ حَمِيدَةٍ''[3]۔ ''بندہ اخلاق کی سیڑھیوں پر چڑھتا رہتا ہے، یہاں تک کہ اس کا درود ہر نیکی کی کنجی بن جاتا ہے''۔

## اسلامی معاشرت اپنانے میں معاونت

درود کو پڑھنے اور مسلسل پڑھنے سے انسان میں درج ذیل اوصاف پیدا ہو جاتے ہیں:

1. صلہ رحمی: درود پڑھنے والا نرم دل ہوتا ہے، رشتہ داروں سے جڑنے والا۔
2. حسنِ سلوک: نبی ﷺ کے ذکر سے زبان پاکیزہ، لہجہ نرم اور گفتگو میں نرمی آجاتی ہے۔
3. اصلاحِ ذات و معاشرہ: درود، نبی کریم ﷺ کی سیرت کو یاد دلا کر بندے کو اصلاحِ احوال پر آمادہ کرتا ہے۔
4. خدمتِ خلق کا جذبہ: رسول اللہ ﷺ کی اُمت سے محبت، بندے کو لوگوں کی خدمت پر آمادہ کرتی ہے۔

[1] النسائي، سنن النسائي، كتاب السهو، باب الفضل في الصلاة على النبي ﷺ، حديث ١٢٩٨

تخريج:

تفرد به النسائي، مسند أحمد ١٠٢/٣، ٢٦١، (تحفة الأشراف: ٢٤٤) (صحيح). قال الشيخ الألباني: صحيح. قال الشيخ زبير علي زئي: إسناده صحيح

[2] الغزالي، محمد بن محمد، إحياء علوم الدين (جدّة: دار المنهاج، ٢٠١١م)، ج١، ص٤١٩

[3] الشاطبي، الموافقات (دار ابن عفان، ٢٠٠٤م)، ج٢، ص١٩٩

## مبحث دوم: امت اور نبی اُمت ﷺ کے مابین بہترین تعلق کا سبب

دورِ حاضر میں مسلمان بظاہر رسول اللہ ﷺ سے محبت کا دعویٰ کرتے ہیں، لیکن اس محبت میں روحانی تعلق کی گرمی، طبعی قربت کی تازگی اور اطاعتِ کاملہ کی روحانی لذت ناپید ہو چکی ہے۔ درود النبی ﷺ دراصل اسی تعلق کو زندہ کرنے کا نوری وسیلہ ہے، جو بندے کو اس کے نبی ﷺ سے جوڑ کر نہ صرف قلبی سکون عطا کرتا ہے بلکہ ایمانی تشخص کو بھی مستحکم کرتا ہے: ''مَا مِنْ أَحَدٍ يُسَلِّمُ عَلَيَّ إِلَّا رَدَّ اللَّهُ عَلَيَّ رُوحِي حَتَّى أَرُدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ''[1]۔ ''جب کوئی شخص مجھ پر سلام بھیجتا ہے، تو اللہ تعالیٰ میری روح کو لوٹا دیتا ہے یہاں تک کہ میں خود اُس کے سلام کا جواب دیتا ہوں''۔

یہ حدیث درود شریف کے روحانی اثرات کی گہرائی کو ظاہر کرتی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی کریم ﷺ کا تعلق اپنی اُمّت سے محض تاریخی یا زمانی نہیں، بلکہ روحانی، دائمی اور زندہ تعلق ہے۔ جب کوئی مسلمان سچے دل سے نبی کریم ﷺ پر درود بھیجتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس عمل کو اتنی اہمیت دیتا ہے کہ نبی اکرم ﷺ کی روح مبارک کو لوٹا دیا جاتا ہے، تاکہ وہ اس سلام کا خود جواب دیں۔ یہ تصور نہ صرف درود کے روحانی اثرات کی گواہی دیتا ہے بلکہ اُمّت اور نبی ﷺ کے درمیان مسلسل روحانی تعلق کی دلیل بھی ہے۔ اس سے اُمّتی کے دل میں نبی ﷺ کی قربت اور محبت مزید راسخ ہو جاتی ہے، اور وہ خود کو نبی کریم ﷺ کی روحانی نگاہ میں محسوس کرتا ہے۔ یہی درود شریف کا وہ اثر ہے جو انسان کو نفاق سے دور کرتا، ایمان میں پختگی لاتا اور اللہ تعالیٰ کے قرب کا ذریعہ بنتا ہے۔

امام ابن القیم رحمۃ اللہ علیہ (751ھ) لکھتے ہیں: ''وَمَا أَقْرَبَ هَذَا الْعَبْدَ مِنْ نَبِيِّهِ ﷺ حِينَ يَكُونُ لَهُ وِرْدٌ مِنَ الصَّلَاةِ عَلَيْهِ فِي كُلِّ حِينٍ، فَإِنَّهَا صِلَةٌ رُوحِيَّةٌ لَا تَنْقَطِعُ''[2]۔ ''جو بندہ ہر وقت درود کا معمول بنا لیتا ہے، وہ نبی کریم ﷺ سے ایسا قریب ہو جاتا ہے جیسے کوئی روحانی تعلق جو کبھی ٹوٹتا ہی نہیں''۔

شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ (561ھ) فرماتے ہیں: '' الصَّلَاةُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ تَسْقِي قَلْبَ الْمُحِبِّ حَتَّى لَا يَظْمَأَ فِي الْبَرْزَخِ، وَتَصِلُ حَبْلَ الْوِلَايَةِ بَيْنَ الْعَبْدِ وَالنَّبِيِّ ﷺ''[3]۔ درود عاشق کے دل کو ایسا سیراب کرتا ہے کہ برزخ میں بھی پیاس نہیں رہتی، اور بندے اور نبی ﷺ کے درمیان ولایت کا رشتہ استوار کرتا ہے۔

یہ اقوال اس حقیقت کو نمایاں کرتے ہیں کہ درود شریف محض ایک عبادت نہیں، بلکہ ایک جامع روحانی نظام اور نبی کریم ﷺ سے تعلق کا زندہ وسیلہ ہے۔ یہ انسان کو اندر سے زندہ کرتا ہے، اس کی روحانی ترقی کا ذریعہ بنتا ہے اور اسے نبی کریم ﷺ کے قرب کا مستحق بناتا ہے اور قیامت میں شفاعت کی امید بھی دلاتا ہے۔ ان تمام اقوال سے یہی نتیجہ نکلتا ہے کہ درود شریف کو جو مقام اور اثرات دینِ اسلام

---

[1] أبو داود، سنن أبي داود: ج ٢، ص ٢١٨، كتاب المناسك، باب زيارة القبور، حديث رقم ٢٠٤١.
تخريج: تفرد به أبو داود (تحفة الأشراف: ١٤٨٣٩)، وقد أخرجه: مسند أحمد (٢/٥٢٧) (حسن).
قال الشيخ الألباني: حسن. قال الشيخ زبير علي زئي: حسن. مشكاة المصابيح (٩٢٥)

[2] ابن القيّم، جلاء الأفهام: ص١٤٣

[3] الجيلاني، عبد القادر، الفتح الرباني (بيروت: دار الكتب العلمية، ٢٠١١م)، ص٧٧

میں حاصل ہیں، وہ کسی اور وظیفے کو حاصل نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ سلف صالحین، ائمہ دین اور اولیاء اللہ نے اسے زندگی کا لازمی حصہ بنایا اور اپنی اُمت کو بھی اس پر مداومت (یعنی پابندی) کی تلقین فرمائی۔

### قرآنِ کریم کا لطیف اِشارہ

سورۃ الاحزاب (آیت 56) کی روشنی میں درود النبی ﷺ کے قرآنی تصور کو واضح کیا جا چکا، اب ہم سورۃ النساء (آیت 64) کی طرف رجوع کرتے ہیں: ''وَلَوْ أَنَّهُمْ إِذ ظَّلَمُوا أَنفُسَهُمْ جَاءُوكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللَّهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُولُ لَوَجَدُوا اللَّهَ تَوَّابًا رَّحِيمًا''[1]۔ ''اور جب ان لوگوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا تھا، اگر یہ اس وقت تمہارے پاس آکر اللہ سے مغفرت مانگتے اور رسول بھی ان کے لیے مغفرت کی دعا کرتے تو یہ اللہ کو بہت معاف کرنے والا، بڑا مہربان پاتے''۔

یہ آیت اس حقیقت کو نمایاں کرتی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی طرف رجوع محض ایک تاریخی حوالہ نہیں بلکہ ایک زندہ اور دائمی حقیقت ہے، اور درود شریف اسی تعلقِ نبوی کی مسلسل تجدید اور روحانی وابستگی کا مظہر ہے۔

### عصرِ حاضر میں علیحدگی پسندی اور معاشرتی تنہائی (Social Seclusion) کا علاج

ڈیجیٹل دنیا نے امت کو مسخ شدہ رشتوں، جعلی تعلقات اور فکری تنہائی کی طرف دھکیل دیا ہے۔ درود واحد ذکر ہے جو حقیقی تعلق کو بحال کرتا ہے اور بندے کو نبی ﷺ کے قرب کا احساس دلاتا ہے اور اس میں روحانی ربط کا حقیقی شعور پیدا کرتا ہے۔

## مبحث سوم: جدید دور کی پریشانیوں اور مسائل کا بہترین حل

جدید دور کا انسان ایک ایسے تضاد میں جکڑا ہوا ہے جس میں اس کے پاس ہر ظاہری سہولت ہے، مگر اس کا باطن تشنہ، دل مضطرب اور روح نالاں ہے۔ ماڈرن ازم اور سیکولر سوچ نے انسان کو روحانی مرکز سے کاٹ کر محض مادی اشیاء کا پرستار بنا دیا ہے۔ ایسے میں درودِ نبی ﷺ نہ صرف ایمان کی تازگی کا ذریعہ بنتا ہے بلکہ روح کی تسکین بھی مہیا کرتا ہے۔

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: **''قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي أُكْثِرُ الصَّلَاةَ عَلَيْكَ، فَكَمْ أَجْعَلُ لَكَ مِنْ صَلَاتِي؟ قَالَ: مَا شِئْتَ. قَالَ: إِذًا تُكْفَى هَمَّكَ، وَيُغْفَرُ لَكَ ذَنْبُكَ''**[2]۔ ''میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں آپ پر بکثرت درود بھیجتا ہوں، آپ کے لیے اپنی دعا میں کتنا وقت مقرر کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جتنا تم چاہو۔ پھر فرمایا: اگر تم ایسا کرو گے تو تمہارے غم دور کر دیے جائیں گے اور تمہارے گناہ بخش دیے جائیں گے''۔

---

[1] النساء: 64

[2] الترمذي، سنن الترمذي، كتاب صفة القيامة والرقائق والورع عن رسول الله ﷺ، باب منه، حديث ٢٤٥٧

تخريج:

تفرّد به المؤلف (تحفة الأشراف: ٣٠)، وانظر مسند أحمد (١٣٥/٥) (حسن).

درود شریف ایک زندہ روحانی رابطہ ہے، جو نبی کریم ﷺ سے محبت، تعلق اور امت کی بھلائی کا آئینہ دار ہے۔ یہی وہ ذکر ہے جو غموں کو ختم کرتا، گناہوں کو مٹاتا اور انسان کو اُس اصل سے جوڑتا ہے جس کی طرف وہ فطرتاً مائل ہے۔

امام عبد الرحمٰن بن الجوزی رحمۃ اللہ علیہ (597ھ) فرماتے ہیں: ''ذِكْرُ النَّبِيِّ ﷺ يُفَتِّتُ هُمُومَ الْقُلُوبِ، وَيَكْسِرُ قَسْوَتَهَا، وَيَجْلِبُ لَهَا أَنْوَارَ السُّرُورِ''[1]۔ ''نبی ﷺ کا ذکر دلوں کے غموں کو پگھلا دیتا ہے، ان کی سختی کو توڑ دیتا ہے اور ان میں خوشی کی روشنی لے آتا ہے''۔

## جدید نفسیاتی تناظر

دور جدید میں Spiritual Neuroscience کے میدان میں ہونے والی تحقیق بتاتی ہے کہ روحانی اذکار، خاص طور پر "محبت پر مبنی تکرار" (Loving Repetition)، دماغ میں سیر وٹونن اور آکسیٹوسن جیسے ہارمونز کی افزائش کا ذریعہ بنتی ہے، جو اعصابی سکون اور دل کی خوشی پیدا کرتے ہیں۔ درود چونکہ نبی ﷺ کی محبت کا اظہار ہے، اس لیے یہ روحانی ذکر جدید نفسیاتی اصولوں کے عین مطابق "AntiDepressant" کے طور پر کام کرتا ہے، مگر بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کے۔ معاصر اہل علم کی تحریرات سے بھی یہی تاثر ملتا ہے۔ ڈاکٹر یوسف قرضاوی رحمۃ اللہ علیہ (2022ء) فرماتے ہیں: ''الصَّلَاةُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ دَوَاءٌ لِكُلِّ قَلَقٍ نَفْسِيٍّ، وَغِذَاءٌ لِلرُّوحِ، وَتَذْكِيرٌ بِالْأَخْلَاقِ الْمُحَمَّدِيَّةِ فِي عَصْرٍ طَغَتْ فِيهِ الْمَادِّيَّاتُ''[2]۔ ''نبی ﷺ پر درود ہر قسم کی نفسیاتی بے چینی کی دوا ہے، روح کی غذا ہے اور اس دور میں جہاں مادہ پرستی چھا چکی ہے، وہ سیرتِ محمدی ﷺ کی یاددہانی ہے''۔

## مبحث چہارم: مادیت کے خلاف مؤثر حربہ

مغربی تہذیب نے آج کے انسان کو خالق سے بے نیاز اور رسول سے بے خبر کر کے محض دنیاوی مفاد اور مادہ پرستی کا پجاری بنا دیا ہے۔ سائنس، ٹیکنالوجی، فیشن اور لذت پسندی نے روحانی قدروں کو پامال کر دیا ہے۔ ایسے میں درودِ نبی ﷺ ایک ایسا نورانی سہارا ہے جو امت کو اپنے مرکز سے جوڑ کر حقیقی شعورِ نبوت زندہ کرتا ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: ''أَولَى النَّاسِ بِي يَومَ القِيَامَةِ أَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ صَلَاةً''[3]۔ ''قیامت کے دن میرے سب سے زیادہ قریب وہ لوگ ہوں گے جو دنیا میں مجھ پر سب سے زیادہ درود پڑھنے والے ہوں گے''۔

یہ حدیث مغربی ثقافتی یلغار کے دور میں نبی کریم ﷺ سے تعلق کو قائم رکھنے کا ایک واضح اور مؤثر نسخہ عطا کرتی ہے۔ درود شریف کے ذریعے ہم ایسے رحمۃ للعالمین ﷺ کے ساتھ اپنا رشتہ جوڑتے ہیں جو نفرت، بددعا یا ردِّ عمل کا نہیں بلکہ رحمت، صبر اور ہدایت کی

---

[1] ابن الجوزي، عبد الرحمن بن علي، صفة الصفوة (بيروت: دار ابن حزم، ٢٠٠٥م)، ج١، ص١٤٦

[2] القرضاوي، الدكتور يوسف، الإيمان والحياة (القاهرة: دار الشروق، ٢٠٠٧م)، ص٨٤

[3] الترمذي، سنن الترمذي، أبواب الوتر، باب ما جاء في فضل الصلاة على النبي صلى الله عليه وسلم، حديث رقم ٤٨٤.
تخريج: تفرّد به المؤلف (تحفة الأشراف: ٩٣٤) (ضعيف)

دعا کا پیغام دیتے ہیں۔ مغربی تہذیب نے جہاں انسان کو مادّیت، خود غرضی اور روحانی خلا میں دھکیل دیا ہے، وہیں درود شریف ایمان، سیرتِ محمدی ﷺ اور روحانی شعور کی تجدید کا ذریعہ بنتا ہے۔ یہ تعلق نہ صرف ہمارے دل کو روشن کرتا ہے بلکہ ہمیں مغربی فکری یلغار کے مقابل ایک روحانی پناہ اور قلبی اطمینان عطا کرتا ہے۔

امام احمد بن محمد القسطلانی[1] رحمۃ اللہ علیہ (وفات: 923ھ) فرماتے ہیں: "مَنْ أَكْثَرَ مِنَ الصَّلَاةِ عَلَيْهِ ﷺ اسْتَمَدَّ مِنْ نُورِهِ، وَنَجَا مِنْ ظُلُمَاتِ الْفِتَنِ، وَحَصَّنَ نَفْسَهُ مِنْ غَزْوِ الْفِكْرِ الضَّالِّ"[2]۔ "جو شخص نبی کریم ﷺ پر کثرت سے درود بھیجتا ہے، وہ آپ ﷺ کے نور سے فیضیاب ہوتا ہے، فتنوں کی تاریکی سے نجات پاتا ہے اور گمراہ فکری حملوں سے اپنی حفاظت کرتا ہے"۔

درود شریف کوئی صرف زبانی عمل نہیں بلکہ یہ ایک زندہ روحانی رابطہ ہے، جو نبی کریم ﷺ کے ساتھ تعلق کو تازہ کرتا ہے۔ یہ دل کو سکون دیتا ہے، شعور کو بیدار کرتا ہے اور انسان کو اس کی روحانی اصل سے جوڑتا ہے۔ امام قسطلانیؒ کا بیان اس حقیقت کو واضح کرتا ہے کہ درود محض وظیفہ نہیں بلکہ ایمان اور فہمِ دین کی حفاظت کا ایک ہتھیار ہے۔ یہ اقتباس واضح کرتا ہے کہ درود، فکری یلغار کے مقابلے میں ایک روحانی ڈھال ہے۔

## عصرِ حاضر کا نفسیاتی چیلنج

دیکھا جائے تو اخلاقی انحراف، تشخص کا بحران اور اقداری خلا جیسے چیلنجز (Moral Dislocation، Identity Crisis اور Value Vacuum) مغربی تہذیب کے وہ نتائج ہیں، جنہوں نے نوجوان نسل کو فکری بے راہ روی میں مبتلا کر دیا ہے۔ ان حالات میں درود، تعلق بالرسول ﷺ کو تازہ کرتا ہے، شخصی بگاڑ کو شخصی تزکیہ میں بدلنے کا ذریعہ بنتا ہے۔ جدید مفکرین کا تجزیہ بھی ہمیں اسی حقیقت کی طرف متوجہ کرتا ہے۔ شیخ ابوالحسن علی ندوی رحمۃ اللہ علیہ کے مطابق: "درود، مغرب زدگی کے مقابل فکری آزادی کا پہلا قدم ہے۔ امت اگر درود کی شعوری کثرت پر عمل کرے تو مغرب کی فکری غلامی سے نجات ممکن ہے، کیونکہ درود محض ذکر نہیں، بلکہ نبوی نظام سے روحانی وابستگی کا اقرار ہے"[3]۔

## درود النبی ﷺ اور تہذیبی مزاحمت

جب کوئی معاشرہ درودِ نبی ﷺ کو شعوری شعار بناتا ہے تو وہ نہ صرف مغربی ثقافت کی اندھی تقلید سے بچ جاتا ہے، بلکہ اس میں روحانی خودی جنم لیتی ہے، جو کہ فرد اور معاشرے کو اپنی دینی پہچان پر اعتماد عطا کرتی ہے۔ اس شعور کے نتیجے میں امتِ مسلمہ کو فکری استقامت حاصل ہوتی ہے، یعنی وہ اپنی فکر و تہذیب میں پختہ، نظریاتی طور پر واضح اور روحانی طور پر مربوط ہو جاتی ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ

---

[1] قسطلانی، احمد بن محمد القسطلانی (851ھ/1448ء تا 923ھ/1517ء) آپ کی سب سے مشہور اور مقبول کتاب "المواہب اللدنیۃ بالمنح المحمدیۃ"۔ آپ کا شمار محدثین میں ہوتا ہے۔ (السخاوي، محمد بن عبد الرحمن، الضوء اللامع لأهل القرن التاسع (بيروت: دار مكتبة الحياة، ۱۹۹۱م)، ج۲، ص۱۰۳

[2] القسطلاني، أحمد بن محمد، المواهب اللدنية (بيروت: دار الكتب العلمية، ۲۰۰۳م)، ج۱، ص۳۵

[3] الندوي، سيد أبو الحسن علي، ماذا خسر العالم بانحطاط المسلمين (دمشق: دار القلم، ۱۹۹۶م)، ص۲۱۰

درود صرف ایک فرد کا عمل نہیں بلکہ جب یہ اجتماعی شعار بن جائے تو پورے معاشرے کی روحانی فضا بدل جاتی ہے، اس میں نبوی نسبت کا نور سرایت کرتا ہے، جو کہ مغربی تہذیب کی ظاہری چمک دمک سے مرعوب ہونے کی کیفیت کا ازالہ کرتا ہے۔

## مبحث پنجم: دعوت و تبلیغ کے لئے معاون ہتھیار

دعوتِ دین کی راہ میں زبان کی نرمی، دل کی پاکیزگی، اور جذبۂ شفقت وہ عناصر ہیں جو پیغام کو دلوں میں اتارتے ہیں۔ درودِ نبی ﷺ دراصل محبت، ادب اور خیر خواہی کے جذبات کو پروان چڑھاتا ہے۔ یہی صفات نبی کریم ﷺ کی دعوتی زندگی کا محور تھیں اور یہی صفات درود پڑھنے والے داعی کے اندر پیدا ہوتی ہیں۔

دعوت کی اصل روح قرآن حکیم کی درج ذیل آیت میں بیان کی گئی ہے: "**ادْعُ إِلَىٰ سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ**"[1]۔ "اپنے رب کی راہ کی طرف حکمت اور عمدہ نصیحت کے ساتھ بلاؤ"۔

درود دل میں حکمت پیدا کرتا ہے، زبان میں موعظتِ حسنہ کے لحن کو بیدار کرتا ہے اور رسول اللہ ﷺ کی ذات کی یاد دعوت کو نفرت نہیں بلکہ محبت سے مزین کرتی ہے۔ درود پڑھنے والا داعی، رحم و شفقت کا پیکر بن جاتا ہے، جو تبلیغ میں شدت نہیں، نرمی اور محبت لاتا ہے۔ "**إِنَّ الرَّاحِمِينَ يَرْحَمُهُمُ الرَّحْمَنُ، ارْحَمُوا مَنْ فِي الْأَرْضِ يَرْحَمْكُمْ مَنْ فِي السَّمَاءِ**"[2]۔ رحم کرنے والوں پر رحمٰن (اللہ) رحم کرتا ہے، تم زمین والوں پر رحم کرو، آسمان والا تم پر رحم کرے گا"۔

یہ حدیث نبی کریم ﷺ کی شفقت و رحمت پر مبنی دعوتی حکمت کا عکاس ہے۔ اس میں واضح پیغام ہے کہ جو شخص دوسروں پر رحم کرتا ہے، وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کا مستحق بن جاتا ہے۔ گویا انسانوں کے ساتھ حسنِ سلوک اور نرمی، ربِّ کریم کی رحمت کو متوجہ کرنے کا ذریعہ ہے۔ یہی وہ خُلقِ عظیم ہے جو درودِ شریف پڑھنے والے کے اندر بھی پیدا ہوتا ہے۔ وہ دوسروں کے لیے نرم دل، شفقت شعار اور خیر خواہ بن جاتا ہے۔

### دعوتی حکمتِ عملی میں درودُ النبی ﷺ کا کردار

قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ (544ھ) فرماتے ہیں: "**وَمَا تَعَلَّقَتِ الْقُلُوبُ بِمَحَبَّةِ أَحَدٍ كَحُبِّهِمْ لِنَبِيِّهِمْ ﷺ، وَمِنْ سِرِّ ذَٰلِكَ كَثْرَةُ الصَّلَاةِ عَلَيْهِ**"[3]۔ "یعنی کسی کی محبت میں دل اس قدر نہیں جُڑے، جتنا نبی کریم ﷺ کی محبت میں، اور اس محبت کا راز کثرتِ درود ہے۔"

---

[1] النحل:125

[2] النسائی، سنن الترمذي، كتاب البر والصلة عن رسول الله ﷺ، باب ما جاء في رحمة الناس، حديث رقم ١٩٢٤
تخریج:
سنن أبي داود/ الأدب ٦٦ (٤٩٤١)، تحفة الأشراف: ٨٩٦٦ (صحيح)

[3] القاضي عياض، الشفاء بتعريف حقوق المصطفى ﷺ: ج٢، ص٤١

یہ جملہ دراصل اس حقیقت کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ دلوں میں سب سے گہرا اور پائدار تعلق نبی اکرم ﷺ سے محبت کا ہونا چاہیے، اور اس تعلق کو مضبوط اور زندہ رکھنے کا مؤثر ترین ذریعہ درود شریف کی کثرت ہے۔ درود وہ روحانی رابطہ ہے جو محبت کو صرف جذباتی وابستگی نہیں رہنے دیتا، بلکہ ایمان کا حصہ بنا دیتا ہے۔

درودِ النبی ﷺ کے فوری فوائد پر غور کیا جائے تو ایک سے بڑھ کر ایک منفعت نمایاں ہوتی ہے۔ درود، دراصل دعوت کا ایک روحانی اسلحہ ہے، جو داعی کے قلب میں محبتِ رسول ﷺ کو راسخ کرتا ہے۔ یہی محبت داعی کو نرم گو، بردبار اور متواضع بناتی ہے۔ درود دلوں میں اثر پیدا کرتا ہے اور جب درود پڑھنے والا رسول اللہ ﷺ کے اخلاقِ حسنہ کو اپناتا ہے تو اُس کی دعوت دلوں کو چھو جاتی ہے۔ درود، انسان کو سنت کے مطابق زندگی گزارنے کی طرف مائل کرتا ہے اور سنت کی پیروی خود دعوت کا ایک خاموش مگر پائیدار طریقہ بن جاتی ہے بالآخر داعی کا کردار اُس کی زبان سے زیادہ مؤثر بن جاتا ہے۔

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ (606ھ) نے اس نکتے کو نہایت خوبصورت انداز میں یوں تعبیر فرمایا: ''وَالصَّلَاةُ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ دَعْوَةٌ لِلنَّاسِ إِلَى مَوَدَّتِهِ، فَتَقَعَ الْهِدَايَةُ فِي قُلُوبِهِمْ بِبَرَكَةِ هَذَا الذِّكْرِ''[1]۔ ''درود لوگوں کو نبی ﷺ سے محبت کی دعوت دیتا ہے، پس دلوں میں اس ذکر کی برکت سے ہدایت آتی ہے''۔

اگر میدانِ دعوت میں درود کے عملی مظاہر دیکھے جائیں تو جا بجا نمایاں ہوتے ہیں۔ مثلاً: تبلیغی جماعتوں میں درود کو نرمی، عاجزی اور محبت کا مرکزی ذکر اور دعوت کا اصل ہتھیار سمجھا جاتا ہے اسی طرح دعوتی کانفرنسز میں درودِ پاک پر مشتمل آغاز سننے والوں کے دلوں کو نرم کرتا ہے اور قبولِ حق کی آمادگی پیدا کرتا ہے۔

سوشل میڈیا پر دعوتی پیغام کی اثر انگیزی اور قبولیت کے تناظر میں درودِ شریف کو ابتدائی اظہار کے طور پر شامل کرنا، اس پیغام کی روحانی کشش اور عوامی مقبولیت کو نمایاں طور پر بڑھاتا ہے۔

ان تمام مظاہر سے یہ حقیقت واضح ہوتی ہے کہ درودِ پاک نہ صرف محبتِ رسول ﷺ کو پروان چڑھاتا ہے بلکہ دلوں کو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے پیغام کے لیے کھولنے کا مؤثر ترین ذریعہ بھی ہے۔

## مبحث ششم: تعلیمی و تربیتی نظام کی بہتری کا ضامن

تعلیم صرف معلومات کی منتقلی کا نام نہیں، بلکہ کردار سازی، روحانی بالیدگی اور فکری تعمیر بھی اس کا بنیادی مقصد ہے۔ عصرِ حاضر میں جب تعلیمی ادارے مادی ترقی کی دوڑ میں روحانیت سے خالی ہوتے جا رہے ہیں، وہاں درودِ النبی ﷺ کو تعلیمی نظام کا حصہ بنانا روحانی تطہیر اور محبتِ رسول ﷺ کی آبیاری کا مؤثر ذریعہ بن سکتا ہے۔ ''وَإِنَّكَ لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ''[2]۔ ''اور بے شک آپ عظیم اخلاق پر فائز ہیں''۔

---

[1] الرازي، دار إحياء التراث العربي: ج٢٥، ص١٤٢

[2] القلم: 4

یہ آیت تعلیم و تربیت کے مرکزی ہدف کی طرف اشارہ کرتی ہے، اور وہ ہدف ہے: خلقِ محمدی ﷺ کی پیروی۔ درود شریف انسان کو اسی خلقِ عظیم سے جوڑتا ہے، جو دراصل تعلیم کا اصل مقصد ہے۔

اگر تعلیمی اداروں میں درود شریف پڑھنے کا شعور دیا جائے، تو طلبہ کے دلوں میں نبی کریم ﷺ سے روحانی تعلق اور احساسِ رسالت پیدا ہوتا ہے۔ درود کا عملی نفاذ تعلیمی اداروں میں درج ذیل طریقوں سے ممکن ہے:

## اوّل: درودِ نبوی ﷺ کو نصابی ساخت میں شامل کرنے کی علمی و تربیتی حکمت

تعلیمی نصاب کا بنیادی مقصد صرف فکری تربیت نہیں، بلکہ قلبی و روحانی ارتقا بھی ہونا چاہیے۔ درودِ پاک کو نصاب کا حصہ بنانے سے طلبہ کو نبی کریم ﷺ سے جذباتی وابستگی اور سیرتِ طیبہ سے عملی ربط نصیب ہوتا ہے۔ اس ممکنہ صورتیں درج ذیل ہو سکتی ہیں:

1. اردو، اسلامیات، اور اخلاقیات جیسے مضامین میں درود کے فضائل، احادیث اور سیرتِ نبوی کے واقعات کے ساتھ درود کی عملی تربیت دی جائے۔
2. روزانہ کی درسی سرگرمیوں کا آغاز ایک مسنون درود سے کیا جائے تاکہ درود ایک معمول اور روحانی فضا کا جزو بن جائے۔
3. نصابِ تعلیم میں درودِ شریف کے منتخب و مستند صیغوں (مثلاً درودِ ابراہیمی یا "صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ") کو مختصر دعاؤں کے ساتھ شامل کیا جائے، تاکہ طلبہ میں نبی کریم ﷺ سے روحانی تعلق، عقیدت اور اخلاقی تربیت کا شعور پروان چڑھے۔

## دوم: ہم نصابی سرگرمیاں

تعلیمی اداروں میں درودِ شریف کی روح کو اجاگر کرنے اور طلبہ میں نبی کریم ﷺ سے محبت پیدا کرنے کے لیے ہم نصابی سرگرمیوں کا کردار نہایت اہم ہے۔ ان سرگرمیوں میں درج ذیل اقدامات شامل کیے جا سکتے ہیں:

1. ہفتہ وار یا ماہانہ "مجالسِ درود" کا انعقاد، جن میں طلبہ اجتماعی طور پر درود پڑھیں۔
2. نعت خوانی، تقریری مقابلے اور مضمون نویسی کے ایسے موضوعات کا انتخاب جن میں سیرتِ طیبہ ﷺ اور درودِ پاک کا تعلق اجاگر ہو۔
3. اسکول اسمبلی میں روزانہ درود پڑھنے کی روایت کا آغاز، تاکہ دن کی ابتدا محبتِ رسول ﷺ سے ہو۔
4. درودِ پاک سے مزین پوسٹرز، بینرز اور سلوگنز کے ذریعے تعلیمی ماحول کو روحانیت سے ہم آہنگ بنانا۔

یہ سرگرمیاں نہ صرف طلبہ کے قلوب میں محبتِ نبوی ﷺ پیدا کرتی ہیں بلکہ ان کی اخلاقی و روحانی تربیت کا مؤثر ذریعہ بھی ثابت ہوتی ہیں۔

## سوم: اساتذہ کی تربیت

اساتذہ کسی بھی تعلیمی نظام کی روح اور تربیتی عمل کے مؤثر ترین ذریعہ ہوتے ہیں۔ اگر اساتذہ کے دلوں میں نبی کریم ﷺ کی سیرت اور درودِ شریف کی تاثیر راسخ ہو جائے، تو وہ محض علم نہیں بلکہ نور بھی منتقل کرتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے درج ذیل اقدامات کیے جا سکتے ہیں:

1. تربیتی ورکشاپس اور سیمینارز کا انعقاد، جن میں اساتذہ کو درود شریف کے روحانی، تعلیمی اور دعوتی پہلوؤں سے آگاہ کیا جائے۔
2. اساتذہ کو نبی اکرم ﷺ کے اخلاقِ حسنہ اور طرزِ تدریس سے روشناس کرایا جائے تاکہ وہ تعلیم کو کردار سازی کا ذریعہ بنا سکیں۔
3. تدریس کے دوران درود شریف کے ذکر کو اپنانے کی ترغیب دی جائے تاکہ طلبہ کے دل محبتِ رسول ﷺ سے لبریز ہوں۔
4. اساتذہ کے لیے خصوصی مطالعہ جات یا کورسز متعارف کروائے جائیں، جن میں سیرتِ طیبہ ﷺ درود کے فضائل اور ان کے عملی تقاضے شامل ہوں۔

یہی تربیت یافتہ اساتذہ درحقیقت ایسے تعلیمی ماحول کی ضمانت ہوتے ہیں جو محض علم ہی نہیں بلکہ دلوں کی روحانی تطہیر اور اخلاقی بالیدگی کا بھی سبب بنتے ہیں۔

''سید ابوالحسن علی ندوی رحمہ اللہ (متوفی 1420ھ) فرماتے ہیں: "اگر تعلیمی اداروں میں محبتِ رسول ﷺ کی فضا قائم نہ ہو تو وہ علم دل کو خشک کر دیتا ہے، اور درود ہی وہ چشمہ ہے جو اس علم کو جِلا بخشتا ہے''[1]۔

دیکھا جائے تو مذکورہ بالا تجاویز نئی نہیں ہیں بلکہ پہلے سے ہی ان تجاویز پر اجمالی طور پر عمل درآمد دنیا کے مختلف حصوں میں دکھائی دیتا ہے۔ مثلا: ملائشیا و انڈونیشیا میں اسکول اسمبلیوں میں درودِ نبی ﷺ کی اجتماعی تلاوت رائج ہے، اسی طرح ترکی کی بعض جامعات میں ہفتہ وار ''محفلِ درود'' ایک مستقل نصابی سرگرمی کے طور پر جاری ہے اور ہمارے ملک پاکستان میں بھی بعض مدارس اور خانقاہوں میں ''درود حفظ پروگرام'' جیسے معمولات عرصے سے چل رہے ہیں، جن میں طلبہ کو مختلف درود و اذکار سکھائے جاتے ہیں۔

## مبحث ہفتم: درودِ پاک ﷺ کے پیغام کی ترویج کے جدید ذرائع

درودِ نبی ﷺ کی تعلیم اور اس کے روحانی اثرات کا دائرۂ کار، انفرادی اذکار سے آگے بڑھ کر اب ادارہ جاتی اور عالمی سطح پر بھی متحرک کیا جا سکتا ہے۔ موجودہ ڈیجیٹل دنیا میں، جہاں خیالات، جذبات اور نظریات لمحوں میں کروڑوں افراد تک پہنچ جاتے ہیں، وہیں درود کو بھی ایک روحانی پیغام اور عقیدتِ رسالت ﷺ کے مؤثر وسیلے کے طور پر عام کیا جا سکتا ہے۔ یہ اشاعت محض ایک عملِ ثواب نہیں، بلکہ ایک فکری اور تمدنی تحریک بن سکتی ہے، جو امتِ مسلمہ کو محبتِ رسول ﷺ کے رشتے میں جوڑنے کا ذریعہ ہے۔

### جدید ذرائع ابلاغ میں درودِ نبی ﷺ کا فروغ

ڈیجیٹل انقلاب نے آج ہر فرد کو ایک مخاطب اور مبلغ بنا دیا ہے۔ موبائل ایپلی کیشنز، سوشل میڈیا، یوٹیوب چینلز، پوڈکاسٹس، بلاگز اور ویب سائٹس کے ذریعے نہ صرف درودِ پاک کی تعلیم بلکہ اس کی فضیلت، حکمت اور روحانی آثار بھی عالمی سطح پر مؤثر انداز میں نشر کیے جا سکتے ہیں۔ مثلاً:

1. مخصوص درود پر مشتمل موبائل ایپس، جو روزانہ یاد دہانی اور تسبیح شمار کرنے کی سہولت فراہم کرتی ہیں۔
2. یوٹیوب پر مختصر کلپس یا دستاویزی ویڈیوز جن میں درود کی برکات، تاریخی واقعات، اور علما کے اقوال شامل ہوں۔

---

[1] ندوی، ابوالحسن علی، نقوشِ رسالت (لکھنو: دار العروۃ (1988ء)، ص 34

3. سوشل میڈیا پر ہفتہ وار "درود مہم" یا ہیش ٹیگ کمپینز (DuroodChallenge#)۔

4. پوڈکاسٹس جن میں درود سے جُڑے تجربات، صوفیانہ اقوال، اور علمی گفتگو پیش کی جائے۔

5. ویب سائٹس اور بلاگز پر تحقیقی مضامین، سوالات و جوابات، اور بچوں کے لیے آسان زبان میں مواد فراہم کیا جاسکتا ہے۔

## درودِ پاک ﷺ کی ترویج میں دینی و تعلیمی اداروں کی عملی حکمتِ عملی

دینی مدارس، اسکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں کو درودِ پاک کی ترویج کا مرکز بنایا جاسکتا ہے۔ اس طرح ایک ادارہ جاتی نظم کے تحت درودِ نبی ﷺ کے اثر انگیز عمل کو فروغ دیا جاسکتا ہے۔ یہ ادارہ جاتی نظم، درود کو صرف ایک انفرادی عمل کے دائرے سے نکال کر ایک فکری، روحانی اور تمدنی تحریک میں بدلنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اس سلسلے میں درج ذیل اقدامات قابلِ عمل دکھائی دیتے ہیں:

1. درود کونسلز کا قیام: جو ہر ہفتے درود کی مجالس منعقد کریں اور علمی و روحانی تربیت کا باقاعدہ اہتمام کریں۔

2. نصاب میں شمولیت: درود کی اقسام، فضائل اور سیرتِ طیبہ سے اس کے تعلق پر مبنی مستقل اسباق شامل کیے جائیں۔

3. درود کانفرنسز: قومی اور بین الاقوامی سطح پر درودِ پاک کے موضوع پر تحقیق، اجتماعی تلاوت اور روحانی مشاہدات پر مبنی سیمینارز منعقد کیے جائیں۔

4. اجتماعی درود کا نظم: اسکول اسمبلیز، جمعہ اجتماعات، روحانی اعتکاف اور دیگر مواقع پر اجتماعی درود کی ترتیب دی جائے۔

5. کتب و رسائل کی اشاعت: معیاری کتب، پمفلٹس اور میگزینز شائع کیے جائیں جن میں درود شریف کے علمی، فقہی، روحانی اور سیرتِ رسول ﷺ سے متعلق پہلوؤں کو اجاگر کیا جائے۔

درودِ نبی ﷺ کی انفرادی تسبیح و عبادت سے آگے بڑھ کر، ادارہ جاتی سطح پر اس کی ترویج ایک ہمہ جہت روحانی، فکری اور تمدنی تحریک کی بنیاد رکھ سکتی ہے۔ دینی مدارس، اسکولز، کالجز اور جامعات میں درودِ پاک کو باقاعدہ تعلیمی و تربیتی نظام کا حصہ بنا کر نئی نسل کے دلوں میں عشقِ رسول ﷺ کی چنگاری روشن کی جاسکتی ہے۔

ڈیجیٹل ذرائع ابلاغ اور ادارہ جاتی نظم جب یکجا ہو جائیں تو درود کا پیغام محض ثواب کا عمل نہیں رہتا، بلکہ یہ امت کو جوڑنے، روحانی بیداری پیدا کرنے اور فکری زوال کا مقابلہ کرنے کا مؤثر ذریعہ بن جاتا ہے۔

یہ حکمتِ عملی امتِ مسلمہ کو ایک ایسے تعلقِ رسالت ﷺ سے جوڑ سکتی ہے جو قلب و ذہن دونوں کو منور کر دے اور فرد سے لے کر معاشرہ تک روحانی استحکام، فکری یکجہتی اور محبتِ رسول ﷺ پر مبنی ایک زندہ دینی و تہذیبی شعور کا ذریعہ بنے۔

## مبحث ہشتم: امنِ عالم کے فروغ میں کردار

درودِ نبی ﷺ تمام دنیا کے مسلمانوں کو محبت کی ایک مالا میں پرو دیتا ہے اور رنگ و نسل کے امتیازات کو مٹا دیتا ہے۔ عصرِ حاضر کی دنیا ایک بار پھر مذہبی، ثقافتی اور معاشی تصادم کی شدت سے گزر رہی ہے۔ بین الاقوامی تناؤ، مذہبی منافرت، نسل پرستی اور اسلاموفوبیا جیسے رجحانات نے عالمی سطح پر انسانیت کو بے یقینی، خوف اور بیزاری کی فضا میں دھکیل دیا ہے۔ ایسے پُرآشوب حالات میں اسلام کا جوہر، جو امن و سلامتی کی اساس پر قائم ہے، اپنا سب سے حسین مظہر ذاتِ نبی کریم ﷺ اور اُن پر درود و سلام کی تعلیمات میں پیش کرتا ہے۔ درودِ

پاک نہ صرف ایک فرد کی روحانی تطہیر کا ذریعہ ہے، بلکہ ایک بین الاقوامی روحانی پیغام اور سفارت بھی ہے، جو دلوں کو جوڑنے، تہذیبوں کو قریب لانے اور نفرت کے اندھیروں کو مٹانے میں غیر معمولی اثر رکھتا ہے۔

**"وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِينَ"**[1]۔ "اور ہم نے آپ (ﷺ) کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر ہی بھیجا ہے"۔

یہ رحمت، نبی کریم ﷺ کی ذاتِ اقدس سے تعلق اور محبت کے ذریعے انسانوں تک منتقل ہوتی ہے، اور درود شریف اسی تعلق کا عملی اور روحانی اظہار ہے۔ جب مسلمان کثرت سے درود پڑھتے ہیں، تو وہ دراصل رسولِ رحمت ﷺ کی سیرت، اخلاق اور دعوتِ ہدایت کو دنیا بھر میں عام کرتے ہیں، اور یوں عالمی سطح پر ایک نورانی، روحانی اور پرامن فضا قائم ہوتی ہے۔

اس ضمن میں، درودِ پاک کو بین المذاہب مکالمے (Interfaith Dialogue) اور تہذیبی ہم آہنگی کے عالمی پلیٹ فارمز پر ایک روحانی سفیر کے طور پر پیش کیا جا سکتا ہے۔ نبی کریم ﷺ کی سیرتِ رحمت، صلح حدیبیہ، فتح مکہ، اور واقعۂ طائف جیسے واقعات ایسے اعلیٰ اخلاق اور عظمتِ کردار کی روشن مثالیں ہیں، جو آج بھی عالمی امن کے منشور کی بنیاد فراہم کر سکتی ہیں۔ جب مسلمان درود شریف کے ذریعے ان صفات کو یاد کرتے اور اپنی عملی زندگی میں اپناتے ہیں، تو وہ نہ صرف باطنی تطہیر حاصل کرتے ہیں بلکہ اپنے کردار و عمل سے امن، رواداری اور محبت کا عملی نمونہ بھی پیش کرتے ہیں۔ آج جبکہ دنیا میں مذہب کو اکثر تشدد اور انتہا پسندی سے جوڑ کر پیش کیا جا رہا ہے، ایسے میں درودِ پاک کی تعلیم و ترویج بین الاقوامی سطح پر ایک مؤثر پیغامِ امن بن سکتی ہے، جو اسلامی تعلیمات کی اصل روح کو نمایاں کرے۔ اگر اقوامِ متحدہ، بین المذاہب عالمی کانفرنسوں، اور یوتھ فورمز جیسے پلیٹ فارمز پر درودِ شریف کی روحانیت، رحمت، اور انسان دوستی کے پہلوؤں کو اجاگر کیا جائے، تو اس سے نہ صرف بین المذاہب ہم آہنگی فروغ پائے گی بلکہ اسلام کے خلاف پھیلائے گئے تعصبات اور غلط فہمیوں میں بھی خاطر خواہ کمی آ سکتی ہے۔ اس سلسلے میں امام محمد زاہد الکوثری رحمہ اللہ علیہ (وفات: 1371ھ) فرماتے ہیں: " **إِنَّ فِي الصَّلَاةِ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ نُورَ السِّيرَةِ النَّبَوِيَّةِ الْكَامِنَ، الَّذِي يُطَهِّرُ قَلْبَ الْإِنْسَانِ، وَيَرْفَعُ رَايَةَ السَّلَامِ فِي خِيَامِ الدُّنْيَا**"[2]۔

"درود میں سیرتِ نبوی ﷺ کا وہ نورِ پنہاں ہے جو قلبِ انسانی کو جِلا بخشتا ہے اور دنیا کے خیمہ گاہوں میں امن و آشتی کا پرچم بلند کرتا ہے"۔

اسی طرح سیرتِ طیبہ پر مبنی وہ اجتماعات جن میں درودِ شریف کو مرکزی محور بنایا جائے، مختلف اقوام، مذاہب اور تہذیبوں کے درمیان محبت، ہم آہنگی اور باہمی احترام کی فضا کو فروغ دینے کا مؤثر ذریعہ بن سکتے ہیں۔ اگر درودِ شریف کو "روحانی سفارت کاری" (Spiritual Diplomacy) کا عنوان دیا جائے تو یہ علمی، فکری اور بین الثقافتی حلقوں میں ایک نیا باب کھول سکتا ہے۔ درودِ پاک کے اثرات صرف مذہبی یا روحانی دائرہ تک محدود نہیں رہتے بلکہ یہ انسان کی داخلی شخصیت کو جِلا بخشتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں دلوں میں نرمی، زبان میں شائستگی، رویّوں میں برداشت اور بین الانسانی تعلقات میں وسعت پیدا ہوتی ہے۔ درود سے معمور دل وہی ہوتا ہے جو نبی کریم ﷺ کی محبت میں سرشار ہو اور یہی محبت اسے انسانیت کی خدمت اور خیر خواہی کے جذبے سے سرشار کر دیتی ہے۔

---

[1] الانبیاء:107

[2] الكوثري، محمد زاهد، مقالات الكوثري (القاهرة: المكتبة التقدمية، ١٩٥٢م)، ص١٢١

## مبحث نہم: درودُالنبی ﷺ کے ذریعے فکری و عملی تجدید

درودُالنبی ﷺ نہ صرف ایک عظیم عبادت ہے بلکہ امتِ مسلمہ کے لیے فکری و عملی تجدید کا مؤثر ذریعہ بھی ہے، جو روحانیت، ایمان اور اجتماعی شعور کو مستحکم کرتا ہے۔ یہ وہ روحانی وسیلہ ہے جس کے ذریعے مسلمان اپنی ایمانی کیفیت کو تازہ کرتے ہیں اور نبی کریم ﷺ سے اپنے روحانی تعلق کو مضبوط بناتے ہیں۔ عصرِ حاضر میں، جب ایک طرف مادی ترقی اپنے عروج پر ہے اور دوسری جانب امت مسلمہ فکری انتشار اور روحانی خلاء کا شکار ہے، ایسے وقت میں درود شریف کی ترویج اور اس کی معنوی اہمیت کو اجاگر کرنا وقت کی اہم ترین ضرورت بن چکا ہے۔

### درودُالنبی ﷺ سے فکری تجدید

صدیوں سے امتِ مسلمہ محبتِ رسول ﷺ کی شمع اپنے دلوں میں روشن کرتی آئی ہے، لیکن جدید دور میں، جہاں دنیا کی فکری اور ثقافتی تبدیلیاں گہرے اثرات مرتب کر رہی ہیں، وہاں درود شریف امت کے عقیدے کو ایک نئی جہت عطا کرنے میں کلیدی کردار ادا کر سکتا ہے۔ موجودہ فکری بحران میں، درود کی روحانی طاقت اور محبتِ رسالت کا پیغام امت کو ایک بار پھر استحکام فراہم کر سکتا ہے۔ آج کے مسلمان کو اس امر کی ضرورت ہے کہ وہ درود کو صرف اپنی انفرادی عبادات تک محدود نہ رکھے بلکہ اسے اپنے نظریات اور معاشرتی طرزِ فکر کا حصہ بنائے۔

درود محض زبانی ذکر نہیں بلکہ ایک فکری تحریک ہے جو دل و دماغ کو سیرتِ نبوی ﷺ کے نور سے منور کرتی ہے۔ جب انسان نبی کریم ﷺ پر درود پڑھتا ہے تو درحقیقت وہ خود کو اُس فکری نظام سے جوڑتا ہے جو عدل، رحمت، علم، رواداری اور اخوت پر قائم ہے۔ یہ تجدید صرف روحانی نہیں بلکہ فکری بھی ہے، کیونکہ درود انسان کو اُس مرکزِ ہدایت کی طرف متوجہ کرتا ہے جو ہر زمانے کے لیے راہنما ہے۔ عصرِ حاضر کے فکری انتشار، ذہنی الجھنوں اور اخلاقی زوال کے مقابلے میں درود ایک ایسی روشنی ہے جو فکر کو جِلا دیتی ہے، ذہن کو مقصدیت عطا کرتی ہے اور قلب کو یقین اور ثبات سے بھر دیتی ہے۔ درود دراصل فکرِ محمدی ﷺ کی طرف واپسی کا اعلامیہ ہے اور یہی رجوع امت کی فکری نجات کا واحد راستہ ہے۔

### عملی تجدید میں درودِ النبی ﷺ کا کردار

درودِ پاک صرف ایک روحانی ذکر ہی نہیں بلکہ ایک ایسا محرکِ عمل ہے جو فرد کی شخصیت سازی، اخلاقی تطہیر اور سماجی رویوں میں بہتری کا ذریعہ بن سکتا ہے۔ نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا دراصل اُن سے وابستگی کا اعلان ہے، اور یہ وابستگی صرف جذباتی سطح پر محدود نہیں رہتی بلکہ عملی زندگی میں بھی اپنا اثر دکھاتی ہے۔ جب کوئی مؤمن نبی کریم ﷺ پر درود پڑھتا ہے تو وہ خود بخود اُن کی سیرت، اخلاق، عدل، حلم اور تواضع کو اپنانے کی طرف مائل ہوتا ہے۔ یہی وہ مرحلہ ہے جہاں درود، عمل کی تجدید کا ذریعہ بن جاتا ہے۔ اس کی چند نمایاں جہات درج ذیل ہیں:

1. کردار سازی: درود شریف دل کی نرمی، زبان کی شائستگی اور عمل کی پاکیزگی پیدا کرتا ہے، جو ایک باعمل مسلمان کے اوصاف ہیں۔

2. سنتِ نبوی کی پیروی: درود پڑھنے والا نبی کریم ﷺ کی سنت کو زندہ کرنے کی کوشش کرتا ہے، چاہے وہ معاملاتِ زندگی ہوں یا عبادات۔

3. خدمتِ خلق: محبتِ رسول ﷺ کا اظہار درود کے ذریعے ہو یا عمل کے ذریعے، یہ فرد کو انسانیت کی خدمت پر آمادہ کرتا ہے۔

4. اجتماعی اصلاح: درود کا پیغام اتحاد، رواداری، اور خیر خواہی کی ایسی فضا قائم کرتا ہے جو معاشرتی سطح پر امن اور اخلاقی بہتری لاتی ہے۔

5. عزم و حوصلہ: فکری اور عملی زوال کے دور میں درود ایک ایسا روحانی سہارا ہے جو مایوسی کے اندھیروں میں امید کی روشنی بن کر ابھرتا ہے۔

پس، درود النبی ﷺ محض ایک ورد نہیں بلکہ ایک تحریکِ عمل ہے، جو امتِ مسلمہ کو فکری، روحانی اور عملی سطح پر نئی توانائی عطا کر سکتی ہے۔ یہ تجدید دراصل اسوۂ حسنہ کی جانب واپسی ہے، جو ہر دور کے لیے نجات کا ذریعہ ہے۔

### امتِ مسلمہ کا مستقبل

درود کا دائرۂ عمل اور اس کی ترویج دراصل امتِ مسلمہ کے مستقبل کی فکر کا ایک اہم حصہ ہے۔ جب امت روحانی اور فکری طور پر ایک دوسرے سے جڑتی ہے، تو اس کے اثرات مسلمانوں کی اجتماعی زندگی میں نمایاں طور پر ظاہر ہوتے ہیں۔ یہ امت کو ایسی فکری تجدید فراہم کرتا ہے جو اُسے اپنے نبی ﷺ کے ساتھ ایک مضبوط روحانی رشتہ میں جوڑنے کی راہ دکھاتی ہے رود کی اجتماعی ترویج اور جدید مواصلاتی ذرائع کی بدولت ہم اپنی روحانیت اور اسلامی فکر کو نہ صرف زندہ رکھ سکتے ہیں بلکہ اسے دنیا کے سامنے مؤثر انداز میں پیش بھی کر سکتے ہیں۔

علامہ اقبالؒ بھی اس امر پر متفق تھے کہ امتِ مسلمہ کے تمام مسائل کا حل محبتِ رسول ﷺ کو زندہ کیے بغیر ممکن نہیں[1]۔ درود کی ترویج اور اس کی اہمیت کو اجاگر کرنا، امتِ مسلمہ کی بقا، وحدت، اور عالمی سطح پر اس کے مقام کو مستحکم کرنے کے لیے ایک فکری و عملی تجدید کے طور پر کام دے سکتا ہے۔ اس کی روحانی تاثیر اور اجتماعی قوت، امت کو محبتِ رسول ﷺ کی طرف گامزن کر کے اسے ایک مضبوط اور متحرک وحدت میں تبدیل کر سکتی ہے۔ درود، صرف ایک عبادت ہی نہیں بلکہ امتِ مسلمہ کے روحانی، فکری اور عملی مستقبل کا ضامن بھی ہے۔

## مبحث دہم: شخصیت کی تشکیل کا بنیادی عنصر

شخصیت کی تشکیل کسی بھی قوم کی فکری، روحانی اور تہذیبی ترقی میں بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ ایک متوازن، باکردار اور روشن فکر شخصیت نہ صرف اپنی انفرادی زندگی کو نکھارتی ہے بلکہ اجتماعی معاشرے میں بھی مثبت تبدیلی کا ذریعہ بنتی ہے۔ اسلامی نقطۂ نظر سے دیکھا جائے تو درود النبی ﷺ کا ذکر، شخصیت کی تعمیر و تزکیہ میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ درود، انسان کے باطن کو جلا بخشتا ہے، اس کے اخلاق کو

---

[1] محمد بدیع الزمان، پیامِ اقبال (لاہور: کتاب فاؤنڈیشن (1995ء)، ص 88

نبی کریم ﷺ کے اخلاق کے سانچے میں ڈھالتا ہے اور اس کی فکر کو خیر و رحمت کی طرف موڑتا ہے۔ جو شخص مستقل درود کا اہتمام کرتا ہے، وہ آہستہ آہستہ جھوٹ، غیبت، کینہ، حسد اور نفس پرستی جیسے منفی رجحانات سے دور ہو جاتا ہے۔

اگر امتِ مسلمہ اپنی نئی نسل کی تربیت میں درود کے تربیتی پہلو کو شامل کرے، تو نہ صرف ان کی شخصیت اسلامی اقدار سے مزین ہو گی بلکہ وہ معاشرے کے اندر تبدیلی کے نقیب بنیں گے۔ یوں کہا جا سکتا ہے کہ درود النبی ﷺ شخصیت سازی کا وہ بنیادی عنصر ہے جو انسان کو دنیا و آخرت دونوں کی کامیابی کی طرف رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

درود، درحقیقت، محض ایک دینی شعار یا وظیفہ نہیں بلکہ قلبی تعلق، ایمانی وابستگی اور روحانی ہم آہنگی کا مظہر ہے۔ جب کوئی نوجوان دن میں بار بار رسول اللہ ﷺ پر درود بھیجتا ہے تو اُس کا شعور مسلسل آپ ﷺ کی عظمت، رسالت اور رہنمائی کی طرف متوجہ رہتا ہے۔ یہ مسلسل یاد دہانی اُسے بے راہ روی، ذہنی پراگندگی اور اخلاقی انحطاط سے محفوظ رکھتی ہے۔ نبی کریم ﷺ کی محبت جب دل میں راسخ ہو جاتی ہے تو یہ محبت اُسے دنیاوی، مغربی آئیڈیلز کی ظاہری چمک دمک سے بے نیاز کر دیتی ہے۔

"**قُلْ إِن كُنتُمْ تُحِبُّونَ ٱللَّهَ فَٱتَّبِعُونِى يُحْبِبْكُمُ ٱللَّهُ**"[1]۔ ''اے پیغمبر! لوگوں سے) کہہ دو کہ اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری اتباع کرو، اللہ تم سے محبت کرے گا''۔

یہ آیت واضح کرتی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی اتباع ہی محبتِ الٰہی کا حقیقی معیار ہے، اور یہ اتباع اُس وقت تک ممکن نہیں جب تک دل میں نبی کریم ﷺ سے گہرا تعلق نہ ہو۔ درود شریف اسی تعلق کی پہلی سیڑھی اور قلبی وابستگی کا نقطۂ آغاز ہے۔

علامہ محمد اقبالؒ (1938ء) نے نوجوان کو 'شاہین' کا استعارہ دیا، ایک ایسا کردار جس کی پہچان بلند ہمتی، خودداری اور عشقِ رسول ﷺ ہے۔ ان کے کلام میں درودِ نبی ﷺ کا تذکرہ اسی تعلقِ رسالت کی گہرائی اور ایمانی وابستگی کو نمایاں کرتا ہے، جو نوجوان کی شخصیت سازی میں بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔

کی محمدؐ سے وفا تُو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا، لوح و قلم تیرے ہیں

---

[1] آل عمران: 31

# نتائجِ تحقیق

1. درود النبی ﷺ پر قدیم و جدید کتب کی موجودگی کے باوجود، قرآنی آیات کی روشنی میں مخصوص تفاسیر کے تحت اس موضوع پر ایک مربوط اور تجزیاتی مطالعہ کا فقدان تھا۔ یہ تحقیق اس خلا کو پورا کرنے میں پیش رفت ہے۔
2. صلاۃ اور سلام دونوں الفاظ اپنی نسبت کے مطابق مختلف معانی رکھتے ہیں، جن میں اللہ کی طرف سے رحمت، فرشتوں کی طرف سے دعا، اور مومنین کی طرف سے تعظیم و اطاعت کا مفہوم شامل ہے۔
3. ابن کثیر (774ھ) اور ابن عاشور (1393ھ) کی تفاسیر کا تقابلی مطالعہ واضح کرتا ہے کہ دونوں مفسرین درود کی تفسیر میں مختلف علمی مناہج اختیار کرتے ہیں، مگر دونوں کا مرکزِ توجہ نبی کریم ﷺ کی تعظیم اور آیتِ درود کی عظمت کا بیان ہے۔
4. ابن کثیر زیادہ تر آثارِ سلف اور روایات پر انحصار کرتے ہیں جبکہ ابن عاشور فلسفیانہ اور استنباطی انداز میں روحانی اثرات و حکمتوں کو بھی شامل کرتے ہیں۔ یہ تقابل قرآن فہمی کی علمی جہات کو وسعت دیتا ہے۔
5. درود النبی ﷺ کا قرآن مجید میں واضح حکم آیا ہے اور احادیثِ نبویہ ﷺ کی روشنی میں نہ پڑھنے پر وعیدیں آئی ہیں، جن میں "بخیل" اور "ہلاک ہونے والا" جیسے الفاظ استعمال کیے گئے ہیں، جس سے ایک بار درود پڑھنے کی فرضیت ثابت ہوتی ہے۔
6. فقہی مذاہب میں بھی درود النبی ﷺ کی حیثیت کو مختلف درجہ بندیوں میں بیان کیا گیا ہے، تاہم سب اس کے فضائل پر متفق ہیں۔
7. درود النبی ﷺ کی فقہی جہات، جیسے نماز میں درود کی حیثیت، نبی کریم ﷺ کا ذکر سننے پر درود کا وجوب، اور اجتماعی طور پر درود کی تلقین، یہ سب موضوعات قابلِ توجہ اور اجتہادی پہلو رکھتے ہیں۔
8. مقالہ میں بیان کردہ آیاتِ درود (یعنی سورۃ البقرۃ: 157، سورۃ التوبہ: 103 اور سورۃ الاحزاب: 56،43) کا انتخاب تحقیقی لحاظ سے نہایت موزوں اور مربوط ہے اور دونوں تفاسیر کے تقابلی مطالعے کے باعث موضوع خوب نکھر کر سامنے آیا ہے۔
9. درود النبی ﷺ کے کلمات، صیغے اور صلاۃ و سلام کے مخصوص الفاظ قرآن، حدیث اور سلف کی تعلیمات میں بڑی وضاحت سے موجود ہیں، اس میں ادب، ترتیب اور الفاظ کی مخصوصیت کو ملحوظ رکھنا لازم ہے، جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے صحابہ کو خود سکھایا۔
10. درود النبی ﷺ کے روحانی، اجتماعی اور انفرادی فوائد نہ صرف روایتی تعلیمات کا حصہ ہیں بلکہ عصر حاضر کی تعلیمی، تربیتی، نفسیاتی اور اخلاقی زبوں حالی کے مقابل ایک مثبت اور موثر روحانی ضابطہ بھی پیش کرتے ہیں۔

## سفارشات

1. درود النبی ﷺ کے احادیث مبارکہ میں وارد کلمات کے علاوہ کلمات کا ایک بڑا ذخیرہ ہے جو ایک خاص معنویت رکھتا ہے۔ مختلف مصنفین کے حوالے سے ان کلمات کی معنویت پر مزید تحقیقی کام کی ضرورت ہے۔
2. قرآن حکیم میں سلام سے متعلق آیات پر بھی مقالہ ہذا کی نوعیت کا کام ممکن ہے۔
3. دیگر مفسرین کی تفاسیر کی روشنی میں درود النبی ﷺ سے متعلق آیات کا تفسیری مطالعہ مزید تحقیق کا موضوع بن سکتا ہے۔
4. صوفیاء کرام کے ہاں مروجہ مجالس درود النبی ﷺ کی نوعیت اور کی شرعی حیثیت کا تحقیقی مطالعہ ممکن ہے۔
5. درود النبی ﷺ سے متعلق قدیم وجدید کتابوں کے مناہج کی وضاحت اور ان کا موضوعاتی اشاریہ بنانا بھی تحقیقی نوعیت کا کام ہے۔

# فہارس

## قرآنی آیات

| نمبر شمار | آیات | سورة |
|---|---|---|
| .1 | أُولَٰئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ | البقره:5 |
| .2 | أُولَٰئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوَاتٌ مِّن رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُونَ | البقرة: 157 |
| .3 | فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ | البقرة :152 |
| .4 | فَانكِحُوا مَا طَابَ لَكُم مِّنَ النِّسَاءِ | البقره:282 |
| .5 | وَيُقِيمُونَ الصَّلَاةَ | البقرة: 3 |
| .6 | قُلْ إِن كُنتُمْ تُحِبُّونَ اللَّهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللَّهُ | آل عمران:31 |
| .7 | يُطِعِ اللَّهَ وَالرَّسُولَ فَأُولَٰئِكَ مَعَ الَّذِينَ أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَيْهِم مِّنَ النَّبِيِّينَ ـــ | النساء: 69 |
| .8 | الرِّجَالُ قَوَّامُونَ عَلَى النِّسَاءِ | النساء: 34 |
| .9 | وَلَوْ أَنَّهُمْ إِذ ظَّلَمُوا أَنفُسَهُمْ جَاءُوكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللَّهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُولُ ـــ | النساء:64 |
| .10 | وَأَشْهِدُوا إِذَا تَبَايَعْتُمْ | النساء:3 |
| .11 | وَرَحْمَتِي وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ فَسَأَكْتُبُهَا لِلَّذِينَ. يُؤْمِنُونَ بِهِ وَعَزَّرُوهُ وَنَصَرُوهُ ـــ | الاعراف: 156، 157 |
| .12 | أُولَٰئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوَاتٌ مِّن رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ | التوبة: 103 |
| .13 | خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِم بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ إِنَّ صَلَاتَكَ ـــ | التوبة: 103 |
| .14 | مَا مِن شَفِيعٍ إِلَّا مِن بَعْدِ إِذْنِهِ | يونس: 3 |
| .15 | قِيلَ يَا نُوحُ اهْبِطْ بِسَلَامٍ مِّنَّا وَبَرَكَاتٍ عَلَيْكَ | هود: 48 |
| .16 | أَلَا بِذِكْرِ اللَّهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ | الرعد: 28 |
| .17 | ادْعُ إِلَىٰ سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ | النحل:125 |
| .18 | وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِينَ | الانبياء:107 |
| .19 | فَإِذَا دَخَلْتُم بُيُوتًا فَسَلِّمُوا عَلَىٰ أَنفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِندِ اللَّهِ مُبَارَكَةً طَيِّبَةً | النور: 61 |
| .20 | هُوَ الَّذِي يُصَلِّي عَلَيْكُمْ وَمَلَائِكَتُهُ لِيُخْرِجَكُم مِّنَ الظُّلُمَاتِ ـــ | الاحزاب 43 |
| .21 | إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا | الاحزاب: 56 |

| | | |
|---|---|---|
| .22 | يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا | الاحزاب: 33 |
| .23 | سَلَامٌ عَلَىٰ نُوحٍ فِي الْعَالَمِينَ | الصافات: 79 |
| .24 | وَالْمَلَائِكَةُ يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُونَ لِمَن فِي الْأَرْضِ | الشوری : 5 |
| .25 | فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلَامٌ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ | الزخرف :89 |
| .26 | تَنصُرُوا اللَّهَ يَنصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ أَقْدَامَكُمْ | محمد: 7 |
| .27 | وَتُسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَأَصِيلًا | الفتح: 9 |
| .28 | لِّتُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَتُعَزِّرُوهُ وَتُوَقِّرُوهُ وَتُسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَأَصِيلًا | الفتح: 9 |
| .29 | وَكُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوهُ فِي الزُّبُرِ | القمر:52 |
| .30 | هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوسُ السَّلَامُ | الحشر:23 |
| .31 | إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ | التکویر:1 |
| .32 | يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرَىٰ | الاعلی:12 |
| .1 | وَإِنَّكَ لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ | القلم:4 |

## فہرست احادیث

| نمبر شمار | احادیث | کتاب |
|---|---|---|
| .1 | أَنَّهُمْ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ كَيْفَ الصَّلاةُ عَلَيْكَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ:(قُولُوا: اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى محمدٍ ---- | صحيح البخاري |
| .2 | كَانَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ إِذَا أُتِيَ بِصَدَقَةِ قَوْمٍ صَلَّى عَلَيْهِمْ، فَأَتَاهُ أَبِي بِصَدَقَتِهِ --- | صحيح مسلم |
| .3 | مَن صَلَّى عَلَيَّ صَلَاةً صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ بِهَا عَشْرًا | صحيح مسلم |
| .4 | خَرَجَ رَسُولُ اللهِ ﷺ غَدَاةً وَعَلَيْهِ مِرْطٌ مُرَحَّلٌ مِنْ شَعَرٍ --- | صحيح مسلم |
| .5 | أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ:مَنْ صَلَّى عَلَيَّ وَاحِدَةً صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ عَشْرًا | صحيح مسلم |
| .6 | صَلَّى اللَّهُ عَلَيْكِ، وَعَلَى زَوْجِكِ--- | سنن أبي داود |
| .7 | مَا مِنْ أَحَدٍ يُسَلِّمُ عَلَيَّ إِلَّا رَدَّ اللَّهُ عَلَيَّ رُوحِي حَتَّى أَرُدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ | سنن أبي داود |
| .8 | وَقَدْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ لِلَّذِي سلم عَلَيْهِ فَقَالَ: عَلَيْكَ السَّلَامُ يَا رَسُولَ اللَّهِ ---- | سنن أبي داود |
| .9 | قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: لاَ تَجْعَلُوا قَبْرِي عِيدًا، وَصَلُّوا عَلَيَّ، فَإِنَّ صَلاَتَكُمْ ---- | سنن أبي داود |
| .10 | مَنْ صَلَّى عَلَيَّ وَاحِدَةً، صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ عَشْرًا، وَحُطَّتْ عَنْهُ عَشْرُ خَطِيئَاتٍ ---- | سنن النسائي |
| .11 | أَنَّ رَجُلا أَتَى رَسُولَ اللَّهِ ﷺ فَجَلَسَ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: ---- | سنن النسائي |

| | | |
|---|---|---|
| 12. | قَالَ: قُلْتُ لِلنَّبِيِّ ﷺ: هَذَا التَّشَهُّدُ قَدْ عَرَفْنَاهُ، فَكَيْفَ الصَّلاةُ عَلَيْكَ ---- | سنن النسائي |
| 13. | مَن صَلَّى عَلَيَّ صَلَاةً وَاحِدَةً، صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ عَشْرَ صَلَوَاتٍ، وَحُطَّتْ عَنْهُ عَشْرُ ---- | سنن النسائي |
| 14. | إِنَّ الرَّاحِمِينَ يَرْحَمُهُمُ الرَّحْمَنُ، ارْحَمُوا مَنْ فِي الْأَرْضِ يَرْحَمْكُمْ مَنْ فِي السَّمَاءِ | سنن الترمذي |
| 15. | أَوْلَى النَّاسِ بِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ صَلَاةً | سنن الترمذي |
| 16. | البَخِيلُ مَن ذُكِرْتُ عِندَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ | سنن الترمذي |
| 17. | رَغِمَ أَنْفُ رَجُلٍ ذُكِرْتُ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ | سنن الترمذي |
| 18. | أَتَانِي أَبُو سَلَمَةَ يَوْمًا مِنْ عِنْدِ رَسُولِ اللهِ ﷺ فَقَالَ:لَقَدْ سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ ---- | سنن الترمذي |
| 19. | قُلتُ: يا رسولَ اللهِ! إني أُكثِرُ الصلاةَ عليك، فكم أجعلُ لكَ من صلاتي--- | سنن الترمذي |
| 20. | إِنَّ الدُّعَاءَ مَوْقُوفٌ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ لَا يَصْعَدُ مِنْهُ شَيْءٌ حَتَّى تُصَلِّيَ عَلَى نَبِيِّكَ | مشكاة المصابيح |

## فہرست اعلام

| نام | تعارف | صفحہ |
|---|---|---|
| ابن ابو حاتم | ابن ابو حاتم، محمد بن حبان بن احمد الرّازی تھا(240ھ /854ء- 327ھ/938ء) محدث، مفسر اور جرح و تعدیل کے امام تھے۔ | 59 |
| ابن تیمیہ | ابن تیمیہؒ(661ھ(1263ء/728ھ(1328ء) تقی الدین احمد بن عبد الحلیم بن عبد السلام بن تیمیہ'' تھا۔ اسلامی تاریخ کے ممتاز عالم، مجتہد، مفسر، محدث اور فلسفہ و تصوف کے ناقد تھے۔ | 46 |
| ابن جُزَی | ابن جُزَی، جن کا پورا نام محمد بن احمد بن جُزَی الکلبی الغرناطي تھا(693ھ/1294ء تا741ھ1340ء)وہ ایک جلیل القدر مفسر،فقیہ،اور قاضی تھے۔اور اندلس کے مالکی اشعری عالم اور عرب نسب کے ہور شاعر تھے۔ | 37 |
| ابنِ جوزی | ابنِ جوزی، عبدالرحمن بن علی بن محمد بن علی الجوزی(510–597ھ) بغداد کے مشہور حنبلی عالم، واعظ، محدث اور مؤرخ تھے۔ان کی 300 سے زائد تصانیف ہیں۔ | 34 |
| ابن حجر | ابن حجر عسقلانیؒ(773ھ/1372ء– 852ھ/1449ء)احمد بن علی بن محمد بن حجر العسقلانی الشافعی تھا۔ ابن حجر عسقلانی مشہور محدث تھے جنھوں نے بخاری کی شرح لکھی۔ | 49 |
| ابنِ صلاح | ابنِ صلاحؒ، عبدالرحمن بن عثمان الشہرزوری(577ھ(1181ء/643ھ(1245ء)ان کی سب سے مشہور اور شہرہ آفاق تصنیف "مقدمہ ابن صلاح" ہے۔ابنِ صلاح محدث،فقیہ اور محقق تھے۔ | 55 |
| ابنِ عبد الہادی | ابنِ عبد الہادی، شمس الدین محمد بن احمد بن عبد الہادی المقدسی الحنبلیؒ (705ھ/ 1305ء - 744ھ/1343ء)۔ان کی پیدائش دمشق میں ہوئی۔علوم حدیث میں مہارت رکھتے تھے۔ | 57 |
| ابنِ فضل اللہ | ابنِ فضل اللہ عمری، شہاب الدین احمد بن یحیی(700ھ/1301ء– 749ھ/1349ء)۔آپ دمشق میں | 57 |

| | | |
|---|---|---|
| عمری | پیدا ہوئے۔ ان کی سب سے مشہور تصنیف "مسالک الابصار في ممالک الامصار" ہے، جو جغرافیہ، سیاسیات اور سوانح کا عظیم الشان دائرۃ المعارف ہے۔ | |
| ابن قیم الجوزیہ | ابن قیم الجوزیہؒ (691ھ/1292ء تا 751ھ/1350ء) ان کا پورا نام محمد بن ابی بکر بن ایوب بن سعد الزرعی تھا اور آپ کا لقب ابن قیم الجوزیہ تھا۔ ابن قیم کی علمی خدمات میں تفسیر، حدیث، فقہ، عقائد، تزکیۂ نفس اور طب نبوی شامل ہیں۔ | 46 |
| ابنِ ماجہ | ابنِ ماجہؒ، ابو عبداللہ محمد بن یزید القزوینی ابنِ ماجہ (209–273ھ) قزوین کے نامور محدث تھے۔ آپ سنن ابن ماجہ کے مصنف ہیں، جو کتبِ ستہ میں شامل ہے۔ | 69 |
| ابنِ ملقن | ابنِ ملقن، ابو حفص، عمر بن علی بن احمد الانصاری الزبیدی (723ھ/1323ء تا 804ھ/1401ء) میں اندلس یا قاہرہ میں پیدا ہوئے۔ محدث، فقیہ اور مورخ تھے۔ حدیث کے معتبر شارحین میں آپ کا شمار ہوتا ہے۔ | 29 |
| ابنِ منظور | ابنِ منظور (محمد بن مکرّم بن علی بن منظور الافریقی المصری) (630ھ–711ھ/1232ء–1311ء) عربی زبان کے عظیم لغوی، ادیب، مورخ اور محدث تھے۔ ان کی تصنیف لسان العرب عربی زبان کا سب سے جامع اور معتبر لغت ہے، جس میں انہوں نے متعدد لغات کو یکجا کر کے ایک مستند اور مربوط لغت مرتب کی۔ یہ کتاب قرآنی، ادبی اور لغوی مطالعات کے لیے ایک بنیادی ماخذ ہے۔ | 24 |
| ابنِ ناصر الدین | ابنِ ناصر الدین، محمد بن عبد اللہ بنؒ (777ھ/1375ء– 842ھ/1438ء)۔ ابن ناصر الدین کے نام سے مشہور ہوئے۔ محدث اور محقق تھے۔ | 57 |
| ابو حمید ساعدی | ابو حمید ساعدیؓ، عبد اللہ بن سعد بن مالک الساعدی الانصاری۔ مدینہ کے مشہور قبیلہ بنو ساعدہ سے تعلق رکھتے تھے۔ آپ نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ متعدد غزوات میں شرکت کی، جن میں غزوۂ احد، خندق، خیبر، اور تبوک خاص طور پر شامل ہیں۔ | 72 |
| ابو مسعود انصاری | ابو مسعود انصاریؓ، عُقْبَہ بن عمرو بن ثعلبہ الانصاری البدری (ت660ء)، صحابِ رسول اور مدینہ کے مشہور قبیلہ بنو خزرج سے تعلق رکھتے تھے عقبہ ثانیہ میں اسلام قبول کیا۔ | 73 |
| ابو ہریرہ | ابو ہریرہ (عبد الرحمٰن بن صخر (602ء تا 679ء)۔ ایک روایت میں یہ بھی آتا ہے کہ اسلام لانے سے پہلے ان کا نام عبد الشمس تھا اور کنیت ابو الاسود تھی، لیکن اسلام لانے کے بعد رسول اللہ ﷺ نے ان کا نام تبدیل کر کے عبد اللہ رکھ دیا اور کنیت ابو ہریرہ رلک دی۔ | 42 |
| احمد بن حنبل | احمد بن حنبل رحمہ اللہ ان کا پورا نام احمد بن محمد بن حنبل بن ہلال الشیبانی ہے، اور وہ 164ھ تا 241ھ /780ء تا 855ء)۔ بغداد کے محدث، فقیہ، اور صاحب المسند تھے۔ | 44 |
| اسحاق بن | اسحاق بن راہویہؒ (161ھ تا 238ھ) جن کا مکمل نام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد الراہویہ تھا، وہ جلیل القدر | 77 |

| | | |
|---|---|---|
| راہویہ | محدث اور امام الحدیث تھے۔ان کی مشہور تصنیف المسند ابتدائی مسانید حدیث میں سے ایک اہم کتاب ہے۔ | |
| آلوسی | آلوسی، شہاب الدین سید محمود بن عبداللہ الحسینی آلوسی بغدادی(1802ء1217ھ تا1854ء1270ھ) مفسر، فقیہ، متکلم اور عراقی عالم تھے۔ان کی تفسیر روح المعانی ادبی و عقلی تفاسیر میں اہم مقام رکھتی ہے۔ | 41 |
| بخاری | بخاریؒ، محمد بن اسماعیل بن ابراہیم بن المغیرہ البخاری(194ھ/810ء–256ھ/870ء)اسلام کے عظیم محدث اور فقہاء میں سے ہیں،اپنی جامع اور مستند حدیث کی کتاب صحیح البخاری کی بدولت بے حد احترام حاصل ہے۔ | 68 |
| بشیر بن سعد | بشیر بن سعد، کنیت ابوالنعمان، بیعتِ عقبہ ثانیہ میں اسلام قبول کیا۔انہوں نے غزوہ بدر کے بعد تمام غزوات میں شرکت کی اور بیعتِ سقیفہ میں قائدانہ کردار ادا کیا۔ | 73 |
| بغوی | بغوی، حسین بن مسعود بن محمد الفراء البغوی الشافعی رحمہ اللہ،(433ھ/1041ء تا 516ھ/ 1122ء)۔ ان کی تفسیر معالم التنزیل اہلِ علم میں معتبر شمار کی جاتی ہے۔ | 30 |
| بیضاوی | بیضاوی، عبداللہ بن عمر، کنیت ابوسعید، اور لقب ناصر الدین البیضاوی، تقریباً630ھ میں بیضاء(فارس، ایران) میں پیدا ہوئے اور تقریباً685ھ میں تبریز میں وفات پائے۔ وہ مفسر، متکلم اور فقیہ شافعی تھے۔ان کی مشہور تصنیف انوار التنزیل واسرار التأویل ایک مختصر مگر جامع تفسیر ہے جو کلامی، نحوی اور بلاغی نکات سے مزین ہے۔ | 33 |
| ترمذی | ترمذیؒ(209ھ–279ھ)اہلِ سنت کے جلیل القدر محدث تھے۔آپ جامع الترمذی کے مصنف ہیں، جو صحاحِ ستہ میں سے ایک اہم کتاب ہے اور حدیث کی تدوین میں نمایاں مقام رکھتی ہے۔ | 69 |
| تستری | تستری، سھل بن عبداللہ، کنیت ابو محمد اور لقب التستری(200ھ تا283ھ)زاہد، عارف، صوفی اور مفسر قرآن تھے۔اوائل صوفیہ میں شمار ہوتے ہیں اور رمزی و اشاری تفسیر کے بانیوں میں شامل ہیں۔ان کی تفسیر تفسیر التستري تصوف کے نکات اور ایمانی معانی پر مشتمل تفسیر ہے۔ | 29 |
| جرجانی | جرجانی (علی بن محمد بن علی الحسینی الجرجانی)(740ھ–816ھ) متکلم، منطقی، اور فلسفی تھے۔ان کی مشہور تصنیف کتاب التعریفات علومِ عقلیہ و نقلیہ کی جامع اصطلاحات پر مشتمل ہے، جو فلسفہ، منطق، کلام، تصوف، فقہ و اصول کی تعریفات کا مرتب خزانہ ہے۔ | 24 |
| جوینی | جوینی، ابو محمد الجوینی، عبداللہ بن یوسفؒ(ت468ھ)فقیہ، محدث، علمِ کلام، حدیث کے ماہر اور امام الحرمین جوینی کے والد گرامی تھے۔ | 78 |
| حاجی خلیفہ | حاجی خلیفہ، مصطفی بن عبداللہ(1017ھ/1609ء تا1067ھ/1657ء)وہ مؤرخ اور محدث تھے۔ان کی مشہور تصنیف کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون علوم اسلامیہ و عقلیہ کی کتب و مصنفین پر پہلی جامع عربی انسائیکلوپیڈیا ہے، جو ہزاروں کتب اور مصنفین کا تعارف موضوعاتی و حروفی ترتیب میں پیش کرتی ہے۔ | 54 |

| | | |
|---|---|---|
| حافظ مزی | حافظ مزی، یوسف بن عبد الرحمان (654ھ (1256ء تا 742ھ (1341ء) آپ کی پیدائش شام میں ہوئی اور آپ اپنے زمانے کے نقاد اور مؤرخ تھے۔ امام المزیؒ کی سب سے مشہور تصنیف "تہذیب الکمال" ہے۔ | 53 |
| حسن بن علی | حسن بن علی رضی اللہ عنہما (3ھ تا 50ھ) نواسہ رسول ﷺ اور حضرت علیؓ و فاطمہؓ کے بڑے بیٹے تھے۔ وہ علم، حلم، اور صلح کے پیکر تھے۔ | 100 |
| حسین بن علی | حسین بن علی رضی اللہ عنہما (626ء تا 680ء) نبی کریم ﷺ کے نواسے، حضرت علی اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہما کے چھوٹے صاحبزادے تھے۔ آپ کی پیدائش 5 شعبان 4 ہجری (مطابق 626 عیسوی) کو مدینہ منورہ میں ہوئی۔ | 101 |
| دہلوی | عبد الحق محدث دہلویؒ (958ھ/1551ء – 1052ھ/1642ء) عبد الحق بن سیف الدین تھا، محدث، مترجم، فقیہ اور مصنف تھے۔ انہوں نے مدینہ میں علم حاصل کیا اور حدیث کے فروغ میں نمایاں خدمات انجام دیں۔ | 50 |
| ذہبی | ذہبی، شمس الدین ابو عبداللہ محمد بن احمد بن عثمان لذہبیؒ (673ھ – 748ھ/1274ء – 1348ء) محدث اور مؤرخ تھے۔ ان کی تصنیف سیر أعلام النبلاء اسلامی تاریخ کی ایک عظیم الشان تذکرہ نگاری ہے جس میں صحابہ، تابعین، فقہاء، محدثین، سلاطین، زہّاد، اور اہل علم کی تفصیلی سوانح، اسناد اور اقوال قرونِ اولیٰ سے لے کر اپنے زمانے تک بیان کیے گئے ہیں۔ | 53 |
| راغب اصفہانی | راغب اصفہانی، حسین بن محمد بن المفضل (430ھ/1038ء تا 502ھ/1108ء) وہ قرآن کے الفاظ و معانی کے لغوی ماہر اور المفردات فی غریب القرآن کے مؤلف تھے۔ انہیں علم لغت اور اخلاقیات پر عبور حاصل تھا۔ | 23 |
| سخاوی | سخاوی، ابو الحسن علی بن محمد بن عبد اللہ بن علی، الشافعی، المعروف السخاوی، (831ھ/1427ء 902ھ/1497ء) جلیل القدر محدث اور مورخ تھے۔ | 29 |
| سمرقندی | سمرقندی، ابو اللیث نصر بن محمد (302ھ/910ء–375ھ/983ء) مفسر، فقیہ، محدث، واعظ اور صوفی بزرگ تھے۔ لقب امام الھدی تھا | 26 |
| سمعانی | سمعانی، منصور بن محمد بن عبد الجبار بن احمد تمیمی، سمعانی، مروزی، حنفی المسلک تھے (426ھ تا 489ھ) بعد میں شافعی مسلک اختیار کر لیا تھا۔ | 32 |
| شافعی | شافعیؒ، محمد بن ادریس بن عباس بن عثمان بن شافع ہے (150ھ 767ء تا 204ھ 820ء)۔ اصول فقہ کے بانی، محدث اور فقیہ تھے۔ ان کی معروف تصانیف میں الرسالہ اور الام شامل ہیں۔ | 43 |
| طبری | محمد بن جریر طبری (224ھ/839ء- 310ھ/923ء) عظیم مفسر، مورخ، فقیہ اور محدث تھے۔ | 25 |

| | | |
|---|---|---|
| طحاوی | طحاویؒ، احمد بن محمد بن سلامہ بن عبدالملک بن سلَمہ ابو جعفر الطحاویؒ (۲۳۹ھ - ۳۲۱ھ)، ایک ممتاز محدث، فقیہ اور حنفی اصولی تھے، جن کی مشہور تصنیف العقیدۃ الطحاویۃ اہل السنّت و الجماعت کے عقائد پر مشتمل ایک مختصر مگر جامع متن ہے۔ | 76 |
| عائشہ صدیقہ | عائشہ صدیقہؓ (58ھ/613ء یا 614ء تا 678ء) رسول اللہ ﷺ کی زوجۂ مطہرہ، ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی اور امتِ مسلمہ کی جلیل القدر عالمہ و محدثہ تھیں اور تقریباً 2210 احادیث کی راویہ ہیں۔ | 100 |
| عبدالرحمٰن بن عوف | عبدالرحمٰن بن عوفؓ (580ء – 654ء) آپؓ کا اصل نام عبد عمرو تھا۔ رسول اللہ ﷺ کے عظیم صحابہ میں سے تھے اور عشرہ مبشرہ (وہ دس صحابہ جنہیں دنیا میں جنت کی بشارت دی گئی) میں شامل ہیں۔ | 70 |
| عبداللہ بن مصعب | عبد اللہ بن مصعب بن ثابت بن عبد اللہ بن الزبیر بن العوام، (ت 157ھ) کنیت ابو بکر، قریش کے معزز خاندان سے تعلق رکھتے تھے اور آپ کا نسب حضرت زبیر بن العوامؓ تک پہنچتا ہے۔ علمِ حدیث میں مہارت رکھتے تھے۔ | 75 |
| عبداللہ بن عمرو | عبداللہ بن عمروؓ (616ء تا 684ء) قریش کے معزز خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ عبداللہ بن عمروؓ، مشہور صحابی اور صحافتی روایت کے بانیوں میں شمار ہوتے ہیں۔ یہ حضرت عمرو بن العاصؓ کے صاحبزادے تھے اور نبی کریم ﷺ سے احادیث لکھنے کی اجازت حاصل کرنے والے قلیل صحابہ میں شامل تھے۔ | 44 |
| عبداللہ بن مسعود | عبداللہ بن مسعودؓ کی (594ء تا 652ء) پیدائش مکہ مکرمہ میں ہوئی۔ نبی کریم ﷺ کے قریبی صحابہ میں سے تھے، جنہیں قرآن، فقہ اور حدیث میں نمایاں مقام حاصل تھا۔ آپ قبیلہ ہذیل سے تعلق رکھتے تھے اور ابتدائی اسلام قبول کرنے والوں میں شامل تھے۔ | 48 |
| عمر بن عبدالعزیز | عمر بن عبدالعزیزؒ (61ھ/681ء تا 101ھ/720ء) بنو امیہ کے آٹھویں خلیفہ اور خلفائے راشدین کے طرز پر خلافت قائم کرنے والے عادل حکمران تھے۔ | 47 |
| عمر بن خطاب بن نُفَیل | عمر بن خطاب بن نُفَیلؓ (583ء تا 644ء) آپ کا تعلق قبیلہ قریش کے بنو عدی سے تھا۔ آپ نے 6ھ میں اسلام قبول کیا۔ آپ کی بہادری، عدل، تدبر اور زہد کی مثالیں تاریخ میں سنہری حروف سے لکھی گئی ہیں۔ آپ نبی کریم ﷺ اور حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کے پہلو میں مدفون ہوئے۔ | 47 |
| عیاض بن موسی | عیاض بن موسی (471ھ/1083ء تا 544ھ/1149ء)۔ علم حدیث، نحو، لغت، تاریخ، ادب میں ماہر اور فقیہ فقہ مالکی تھے۔ آپ کی سب سے مشہور تصنیف "الشفا بتعریف حقوق المصطفیٰ" ہے۔ | 108 |
| فاطمہ الزہرہ | فاطمہ الزہرہ رضی اللہ عنہا (606ء تا 632ء) فاطمہ بنتِ محمد بن عبداللہ، سیدہ فاطمہؓ، نبی کریم ﷺ کی سب سے چھوٹی اور محبوب بیٹی تھیں۔ وہ حضرت علیؓ کی زوجہ اور حسن و حسینؓ کی والدہ تھیں۔ | 101 |
| قرطبیؒ | قرطبیؒ، ابو عبد اللہ محمد بن احمد بن محمد بن ابی بکر القرطبیؒ (610ھ – 671ھ) آپ کی تفسیر الجامع لأحکام | 26 |

| | | |
|---|---|---|
| | القرآن فقہی وادبی اعتبار سے معروف ہے۔ | |
| قسطلانی | قسطلانی، احمد بن محمد القسطلانی(851ھ/1448ء تا 923ھ/1517ء)آپ کی سب سے مشہور اور مقبول کتاب "المواهب اللدنية بالمنح المحمدية"۔آپ کا شمار محدثین میں ہوتا ہے۔ | 117 |
| مالک بن انس | مالک بن انسؒ(93ھ–179ھ) مدینہ کے جلیل القدر محدث، فقیہ اور امامِ مذہب تھے، جنہیں "امام دار الہجرۃ" کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔آپ الموطأ کے مصنف تھے اور مدینہ میں تدریس وفتویٰ کے مرکزی مقام پر فائز تھے۔ | 73 |
| ماوردی | ماوردی، علی بن محمد کنیت(972ء تا 1058ء)ابو الحسن اور نسبت ماوردی ہے۔آپ بصرہ میں درس وتدریس کیا کرتے تھے۔ | 37 |
| مجاہد | مجاہد، مجاہد بن جبر(22ھ/642ء تا 104ھ/723ء)۔کنیت ابو الحجاج حضرت ابن عباسؓ، ابنِ عمرؓ اور حضرت علیؓ سے احادیث روایت کرتے ہیں۔آپ کے تفسیری اقوال زیادہ مستند ہوتے ہیں۔ | 25 |
| محمد النفس الزکیہ | محمد النفس الزکیہ(93ھ تا 145ھ) جن کا مکمل نام محمد بن عبد اللہ بن حسن بن حسن بن علی بن ابی طالب ہے۔آپ دورِ عباسیہ کے ابتدائی دور میں، خصوصاً خلافتِ منصور عباسی کے وقت سامنے آئےآپ شجاعت و بہادری میں مشہور تھے۔ | 75 |
| محمد عبد بن حمید | محمد عبد بن حمیدؒ(170ھ تا 249ھ حافظ الحدیث تھے۔"مسند عبد بن حمید "ان کی مشہور تصنیف ہے۔ | 59 |
| مقاتل بن سلیمان | مقاتل بن سلیمان(80ھ/699ء –وفات 150ھ/767ء) قاتل سلیمان کا پورا نام ابو الحسن مقاتل بن سلیمان بن بشیر ہے بلخ میں پیدا ہوئے کبار مفسرین میں انکا شمار ہوتا تھا ان کی تفسیر 'تفسیرِ مقاتل' کے نام سے مشہور ہے۔ | 26 |
| موسیٰ بن طلحہ | موسیٰ بن طلحہ بن عبید اللہؒ 40ھ/660ء تا 103ھ 721ء)۔جلیل القدر صحابی حضرت طلحہ بن عبید اللہؓ کے صاحبزادے تھے، جو عشرہ مبشرہ میں شامل تھے۔ | 99 |
| نسفی | نسفی، جن کا پورا نام عبد اللہ بن احمد بن محمود نسفی(661 ہجری/1263 تا 710ھ/1310ء)متکلم اور مفسر تھے۔ | 32 |
| نووی | نوویؒ(631ھ/1233ء– 676ھ/1277ء)آپ کی کنیت ابو زکریا اور لقب "النووی" ہے۔آپ فقہ شافعی کے ممتاز فقیہ، محدث اور زاہد عالم تھے، جنہیں حدیث وفقہ میں گہری بصیرت حاصل تھی۔ان کی مشہور تصانیف میں ریاض الصالحین ہے۔ | 48 |
| واحدی | واحدی(علی بن احمد واحدی نیشاپوری 1003ء(393ھ)1075ء(468ھ) علمِ تفسیر، اسبابِ نزول اور | 25 |

| | | |
|---|---|---|
| | عربی زبان کے مایہ ناز عالم تھے۔انھوں نے اپنی مشہور تصنیف "الوجیز فی التفسیر "میں قرآن کی تفسیر کو آسان اور مختصر انداز میں پیش کیا۔ | |
| 26 | یحییٰ بن سلام بن ابو ثعلبہ التیمی البصری القیروانی (124ھ تا200ھ) فقیہ، مفسر اور حدیث اور گرامر کے ماہر تھے انہوں نے الحسن بن دینار اور قرہ بن خالد سے تعلیم حاصل کی، جو کہ حسن بصری کے شاگرد تھے۔ | یحییٰ بن سلام |

# فہرستِ مصادر و مراجع


1. ابن تيمية، مجموع الفتاوى، دار الوفاء، 1987
2. ابن حجر عسقلانى، فتح الباري شرح صحيح البخاري ، دار المعرفة، 1959
3. ابن حجر الهيثمي، الدر المنضود فى ال صلاة والسلام على صاحب المقام المحمودﷺ، مصر، 909ھ 1504ء
4. ابن عادل، عمر بن علي، اللباب في علوم الكتاب، بيروت: دار الكتب العلمية، 1419ھ
5. ابن عطية، عبد الحق بن غالب، المحرر الوجيز في تفسير الكتاب العزيز، بيروت: دار الكتب العلمية، 1422ھ
6. ابن فارس، أحمد بن فارس بن زكريا،معجم مقاييس اللغة- بيروت: دار الفكر، 1399ھ/1979ء
7. ابن قيم الجوزية، جلاء الأفهام في فضل الصلاة على خير الأنام، دار عالم الفوائد، 1996ء
8. ابن كثير، البداية والنهاية، بيروت: دار الفكر، 1985ء
9. ابن ماجه، محمد بن يزيد، سنن ابن ماجه، رياض: دارالسلام، 2007ء
10. ابن منظور، محمد بن مكرم، لسان العرب، بيروت: دار صادر، الطبعة الثالثة، 1414ھ
11. ابو حيان، محمد بن يوسف، البحر المحيط- بيروت: دار الفكر، 1420ھ
12. ابو داود، سليمان بن الاشعث، سنن ابى داود، رياض: دارالسلام، 2008ء
13. ابوحاتم محمد بن حبان البستى، صحيح ابن حبان ، بيروت: مؤسسة الرسالة، 1993ء
14. الأخفش، الحسن المجاشعي، معاني القرآن، قاهرة: مكتبة الخانجي، 1411ھ
15. الإيجي، محمد بن عبد الرحمن،جامع البيان في تفسير القرآن،بيروت: دار الكتب العلمية، 1424ھ
16. البخارى، محمد بن اسماعيل الجامع الصحيح المعروف بصحيح البخارى، رياض: دارالسلام، 1997ء
17. بغوى، الحسين بن مسعود، معالم التنزيل في تفسير القرآن، رياض: دار طيبة، 1417ھ
18. بيضاوي، عبد الله بن عمر ،انوار التنزيل واسرار التأويل، بيروت: دار إحياء التراث العربي، 1418ھ
19. ترمذى، محمد بن عيسىٰ، جامع الترمذى، رياض: دارالسلام، 2007ء
20. تستري، سهل بن عبد الله، تفسير التستري، بيروت: دار الكتب العلمية، 1423ھ
21. ثعلبي، احمد بن ابراهيم، الكشف والبيان عن تفسير القرآن: جده: دار التفسير، 1436ھ
22. جرجاني، علي بن محمد بن علي الزين الشريف، كتاب التعريفات: بيروت: دار الكتب العلمية، 1403ھ
23. حاجي خليفة، كشف الظنون، بيروت: دار إحياء التراث العربي، 2008ء
24. خير الدين الزركلي، الأعلام ، بيروت: دار العلم للملايين، 2002ء
25. ڈاکٹر فیض احمد چشتی، فضائل درود و سلام قرآن وحدیث کی روشنی میں،، سہ ماہی الدعوۃ، شمارہ 23، اپریل 2024ء
26. راغب اصفهانى، حسين بن محم، المفردات في غريب القرآن، بيروت: الطبعة الأولى، 1412ھ
27. سخاوي، علي بن محمد، تفسير القرآن العظيم، دار النشر للجامعات، 1430ھ
28. سمرقندي، نصر بن محمد، بحر العلوم، بيروت: دار الكتب العلمية

29.سمعاني، منصور بن محمد، تفسير القرآن ، تفسير السمعاني، رياض: دار الوطن، 1418ھ

30.شاہد خان، ''نبی کریم ﷺ پر صلاۃ اور سلام سے متعلق سورۃ الاحزاب کی آیت نمبر 56 کا تفسیری و تجزیاتی مطالعہ''، مقالہ ایم فل، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، 2019ء

31.طبري، محمد بن جرير، جامع البيان عن تأويل آي القرآن، مكة المكرمة: دار التربية والتراث

32.عبد الجليل، تنبيه الأنام في بيان علو مقام نبينا عليه السلام، تيونس، 960ھ- 1553ء

33.عبد الرحمان جامی، بحر الاخبار، ایران، 898ھ- 1492ء

34.عبد اللطيف بن موسى، الكبريت الأحمر في الصلاة على من أُنزل عليه إنا أعطيناك الكوثر، يمن، 900ھ -1495ء

35.عبد الوهاب السبکی، طبقات الشافعية الكبرى، قاهرة: دارالحجر، 1992ء

36.عبد الحقّ المحدّث الدهلوي، مدارج النبوة، مكتبة نبوية، 2005ء

37.فیروزالدین، فیروزاللغات اردو جامع، لاہور: فیروز سنز پرائیویٹ لمیٹڈ، 2010ء

38.قاضی اسماعيل بن اسحاق، فضل الصلاة على النبیﷺ"، المكتبة الإسلامية، 2014ء

39.قرطبي، محمد بن أحمد، الجامع لأحكام القرآن، قاهرة: دار الكتب المصرية، 1384ھ

40.كرمانی، محمود بن حمزه، لباب التفاسير، رياض: جامعة الإمام محمد بن سعود الإسلامية

41.مجاهد بن جبر التابعي، تفسير مجاهد، مصر: دار الفكر الإسلامي الحديثة، الطبعة الأولى، 1410ھ/1989ء

42.محمد اسماعیل، قرآن وحدیث کی روشنی میں درود وسلام کے فضائل واحکام اورانکے اثرات،، یونیورسٹی آف بلوچستان

43.محمد بن سليمان الجزولی،"دلائل الخيرات"، دار الفكر، 1998ء

44.محمد بن عبدالرحمن السخاوی،"القول البديع فی الصلاة على الحبيب الشفيع"، دار الكتب العلمية، 1986ء

45.مسلم، ابن الحجاج، الجامع الصحيح المعروف بصحيح مسلم، بيروت: دار العربية

46.مقاتل بن سليمان، تفسير مقاتل بن سليمان، بيروت: دار إحياء التراث، 1423ھ

47.مولوی عبداللہ گل احمد دیوان "جمعہ کے دن عصر کے بعد پڑھا جانے والا درود النبی ﷺ ، ثبوت و تحقیق،"، ماہنامہ "بینات"، مئی 2016ء

48.النسائی، احمد بن شعيب، السنن الصغرى المعروف بالسنن النسائی، رياض: دارالسلام، 2007ء

49.النسفي، عمر بن محمد، التيسير في التفسير، استنبول: دار اللباب، 1440ھ

50.نووی، يحيى بن كثير، رياض الصالحين ، دار ابن حزم، 2002ء

51.نووی، يحيى بن كثير، شرح صحيح مسلم ، دار إحياء التراث العربي، 1987ء

52.واحدی نيشاپوری، علی بن احمد،الوجيز في تفسير الكتاب العزيز، دمشق/بيروت: دار القلم، الدار الشامية، 1415ھ

53. يوسف بن اسماعيل النبَهاني، سعادة الدارين فی الصلاة على سيد الكونين، دار الكتب العلمية، 2004ء

Rizwan Haider

ORIGINALITY REPORT

| 3% | 2% | 0% | 1% |
|---|---|---|---|
| SIMILARITY INDEX | INTERNET SOURCES | PUBLICATIONS | STUDENT PAPERS |

PRIMARY SOURCES

| | | |
|---|---|---|
| 1 | Submitted to Higher Education Commission Pakistan<br>Student Paper | 1% |
| 2 | quranenc.com<br>Internet Source | <1% |
| 3 | www.motasem.net<br>Internet Source | <1% |
| 4 | wahabi-books.amuslim.org<br>Internet Source | <1% |
| 5 | haqforum.com<br>Internet Source | <1% |
| 6 | quranpedia.net<br>Internet Source | <1% |
| 7 | faizahmadchishti.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 8 | alirshad.net<br>Internet Source | <1% |
| 9 | raahedaleel.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 10 | reader.islamhouse.com<br>Internet Source | <1% |

| | | |
|---|---|---|
| 11 | ar.wikisource.org<br>Internet Source | <1 % |
| 12 | www.dawatedeen.com<br>Internet Source | <1 % |
| 13 | d1.islamhouse.com<br>Internet Source | <1 % |
| 14 | islamhouse.com<br>Internet Source | <1 % |
| 15 | forum.ahmadimuslim.de<br>Internet Source | <1 % |
| 16 | www.misbahmagazine.com<br>Internet Source | <1 % |
| 17 | alhassanain.org<br>Internet Source | <1 % |
| 18 | binteashraf.wordpress.com<br>Internet Source | <1 % |
| 19 | urdureadingbooks.blogspot.com<br>Internet Source | <1 % |
| 20 | Andrew C. Miller, Abbas M. Khan, Karim Hebishi, Alberto A. Castro Bigalli, Amir Vahedian-Azimi. "Ethical Issues Confronting Muslim Patients in Perioperative and Critical Care Environments", Anesthesiology Clinics, 2020<br>Publication | <1 % |
| 21 | ebooks.rahnuma.org<br>Internet Source | <1 % |
| | ia802901.us.archive.org | |

| | | |
|---|---|---|
| 22 | Internet Source | <1 % |
| 23 | www.islamland.com<br>Internet Source | <1 % |
| 24 | www.tohed.com<br>Internet Source | <1 % |

| | | | |
|---|---|---|---|
| Exclude quotes | On | Exclude matches | Off |
| Exclude bibliography | On | | |